

اسرارِ عجیبہ

سرفراز

روحانی و عملیاتی کتب کا مجموعہ

فری عملیات بُک

Free Amliyaat Books

سرفراز شاہ

(جملہ حقوق محفوظ)

اسرارِ عجیبہ

مصنف و مؤلف
ڈاکٹر محمد منشور عالم صدیقی

ISBN: 978-969-9571-02-2

قیمت:-/150 روپے

مکتبہ آئینہ قسمت
کاشانۂ زنجانی، D-125، گلبرگ 2 حضرت سید میراں حسین زنجانی روڈ نزد مین مارکیٹ لاہور

علم و عرفان پبلشرز
الحمد مارکیٹ 40 اردو بازار لاہور 042-37231806

نمبر شمار	مضامین	نمبر صفحہ
1	فراخی رزق۔	5
2	خرچ کیا ہوا روپیہ واپس آئے۔	5
3	مطلوب حاجت فوراً پوری کرے۔	6
4	عمل طلموسس۔	7
5	طلموسس کے سر کے خواص۔	7
6	آتش و آب پر چلنا۔	8
7	بارش برسانا۔	8
8	جنوں و حیوانوں کی گفتگو سننا۔	9
9	مشاہدہ جنات و شیاطین۔	10
10	مشاہدہ روحانیات۔	10
11	نظارہ ملائکہ۔	10
12	مستقبل کے حالات معلوم کرنا۔	11
13	دور کی آواز سننا۔	11
14	زیر زمین پانی دیکھنا۔	11
15	زیر زمین دفینہ دیکھنا۔	12
16	لوگوں میں الفت پیدا کرنا۔	16
17	تسخیر خلق۔	16
18	تسخیر الحسن۔	16
19	حُب۔	17
20	عداوت	28
21	گھر میں تفرقہ ڈالنا۔	29
22	دشمن بیمار ہو۔	30
23	دشمن کو پاگل کرنا۔	30
24	دشمن کو بخار چڑھانا۔	31
25	دشمن کا پیشاب بند کرنا۔	31
26	دشمن کے شکم میں دیوچہ پیدا کرنا۔	32
27	دشمن کے گھر میں پتھر گرانا۔	32
28	خانہ خرابی دشمن۔	33
29	بربادی۔	33
30	دشمن ہلاک ہو۔	33
31	آباد دکان و گھر برباد ہو۔	34
32	دکان باندھنا۔	34
33	گوالے کا دودھ پھاڑنا۔	34
34	تنبولی کے پان خراب کرنا۔	35
35	شراب خراب کرنا۔	35
36	عقد النوم۔	35
37	مرد کی شہوت بستہ کرنا۔	36
38	عورت کی شہوت بستہ کرنا۔	37
39	بے شرم عورت کو شرم دار بنانا۔	37
40	رشتہ لڑکیوں اور لڑکوں کو ملے۔	37
41	مقدمہ میں فتح حاصل ہو۔	38
42	شیر کا شکار کرنا۔	38
43	پرندے پکڑنے کی ترکیب۔	39
44	مچھلیوں کا شکار کرنا۔	39
45	ناف ٹھکانے پر آئے۔	40
46	بچے سے بات معلوم کرنا۔	40
47	بھوک نہیں لگے۔	41
48	بچھو کا زہر اتارنا۔	41
49	انسان کی شکل تبدیل کرنا۔	41
50	تسخیر حیوانات۔	42

نمبر شمار	مضامین	صفحہ نمبر
51	قفل کھولنا۔	43
52	گھر میں سانپ نہ آئے۔	43
53	چھپکلی بھگانا۔	43
54	گھر میں چوہے نہ آئیں۔	43
55	کھٹمل بھگانا۔	44
56	مکھی بھگانا۔	44
57	پروانے شمع کے پاس نہ آئیں۔	44
58	پانی میں ڈوبے نہیں۔	45
59	اندھیری رات میں دیکھے۔	45
60	دستر خوان پر تمام لوگ ہنسیں۔	45
61	کھانا کھائے مگر پیٹ نہ بھرے۔	45
62	جو شخص عامل کو دیکھے قے کرے۔	46
63	ہاتھ کی چیز کوئی نہ دیکھ سکے۔	46
64	پانی کا گھڑا خالی ہو اور پھر بھرے۔	46
65	درخت کے سب پتے جھڑ جائیں۔	47
66	مچھلی پیدا کرنا۔	47
67	دو چراغ آپس میں لڑیں۔	47
68	بجھا ہوا چراغ بغیر آگ کے جلے۔	48
69	چھلنی سے پانی نہ گرے۔	48
70	دھوپ میں جوار بھنے۔	48
71	آم کا پیڑ ایک گھڑی میں اُگے۔	48
72	ہاتھ پر آگ اثر نہ کرے۔	49
73	بچھو پیدا کرنا۔	49
74	شراب کا نشہ ختم کرنا۔	49
75	چار ڈنڈے آپس میں لڑیں۔	50

نمبر شمار	مضامین	صفحہ نمبر
76	ڈھول پھوٹے۔	50
77	انسان کو زمین سے چپکا دینا۔	50
78	تسخیر گربہ کا حیرت انگیز عمل۔	51
79	بخور دافع البلیات۔	51
80	بخور بھوت و ڈاکنی۔	52
81	بخور بھوت پریت۔	53
82	بھوت پریت اتارنا۔	53
83	دافع السحر۔	53
84	تعویذ آسیب زدہ مریض کا۔	54
85	ڈراؤنے خواب آنا بند ہوں۔	54
86	گنٹھا یرقان۔	54
87	امساک۔	55
88	سفید بال سیاہ ہوں۔	55
89	دانت کے کیڑے جھڑیں۔	56
90	عقل و فہم بڑھے۔	57
91	تسہیل ولادت۔	57
92	ملیریا بخار دفع ہو۔	58
93	چوتھیا بخار دفع ہو۔	58
94	ایک دن میں بخار دفع ہو۔	58
95	دانت سکھ سے نکلیں۔	58
96	مقتول کی روح کو معمول بنانا۔	59

فراخی رزق

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کی غربت و افلاس دفع ہو تو اس کو چاہئے کہ اس حیرت انگیز طلسم کو تیار کرے اور دنیا میں خوش و خرم زندگی بسر کرے اس طلسم کو میں نے ایک عربی باشندہ سے حاصل کیا ہے جن کے پاس آج تک یہ طلسم موجود ہے یہ صاحب جو کہ میرے دوست بھی ہیں انتہائی آسودہ حال ہیں گو کہ اس طلسم کو تیار کرنے میں چند ماہ لگ جاتے ہیں لیکن اس کا تیار کرنا ناممکن نہیں ہے۔

عامل کو چاہئے کہ ایک عدد گربہ سیاہ مادہ کو اپنے گھر میں لا کر رکھے اور اس کو خوراک پانی وغیرہ عامل خود اپنے ہاتھ سے روزانہ دیتا رہے اور اس کو ایسے پنجرے میں بند کرے کہ جس کے اندر زمین پر چاولوں کے چھلکے بچھے ہوں چنانچہ جب یہ حاملہ ہو اور بچے جننے کے دن قریب ہوں تو برابر نگاہ رکھے جب یہ بچے دے گی تو آنول چاولوں کے چھلکے میں لپٹ جائے گی اور گربہ باوجود کوشش کے آنول کو ہرگز نہ کھا سکے گی اب عامل کو چاہئے کہ آنول کو خوب اچھی طرح پانی سے دھولے پھر اس کو دھوپ میں خشک کرتے وقت عامل اس پر نگاہ رکھے کہ کہیں یہ غائب نہ ہو جائے جب یہ بالکل خشک ہو جائے تو حفاظت سے رکھے پھر جب اتوار کے دن پکھ پختر ہو تو اس دن آنول کو لوبان کی دھونی ساعت شمس میں دیکر چاندی کے تعویذ میں رکھ کر بند کر کے اپنے پاس رکھے یا گلے میں تعویذ کی شکل میں لٹکا لے اس تعویذ کے گلے میں ڈالنے کے بعد عامل کے رزق و کاروبار میں ترقی ہونا شروع ہو جائے گی اور عامل جس کاروبار کو کرے گا اس میں کسی بھی صورت میں نقصان نہ ہو گا چند دن کے بعد عامل کے پاس زر کثیر جمع ہو جائے گا۔ اس طلسی تعویذ کے اور بھی کئی حیرت انگیز فوائد ہیں جس کو میں آگے چل کر تحریر کروں گا۔

خرچ کیا ہوا روپیہ واپس آئے

ماہ برسات میں جب دو بڑے نر و مادہ مینڈک جفتی کرتے ہوں تو ان کو ہلاک کر کے اپنے پاس بحفاظت رکھے اب دونوں کے منہ میں ایک ایک عدد پرانے زمانے کا چاندی کا سکہ رکھے لیکن یہ کام بروز اتوار کرے اب دونوں نر و مادہ کو کسی چوراہے پر شب کو بارہ بجے

علیحدہ علیحدہ فاصلے پر زمین میں دفن کرے اور اس وقت دو عدد مٹی کے چراغ ان پر جلا کر گھر واپس آجائے دوسرے دن پھر ان مینڈکوں کو جہاں دفن کیا تھا دو عدد چراغ شب کو بارہ بجے روشن کر آئیں چراغ میں روغن تلخ ڈال کر جلانا چاہئے۔ جب روزانہ اس پر چراغ جلاتے ہوئے چالیس یوم گزر جائیں تو آپ ان کو چالیسویں دن زمین کھود کر نکال لیں اب آپ دیکھیں گے کہ ایک مینڈک کے منہ میں دونوں سکے موجود ہوں گے جبکہ دوسرے کے منہ میں کوئی سکہ نہ ہوگا یہ اس بات کی نشانی ہے کہ آپ کا عمل کامیاب ہو گیا وہ سکہ جو کہ دوسرے مینڈک کے منہ میں آگیا ہے وہ مسافر کہلاتا ہے جبکہ دوسرا سکہ جو کہ پہلے سے منہ میں موجود تھا مجاور کہلاتا ہے آپ مجاور سکے کو اپنے پاس رکھیں اور مسافر کو خرچ کیا کریں تو مسافر سکہ مجاور کے پاس آجائے۔ آپ کو چاہئے کہ سکے کی شناخت کے لئے آپ دو علیحدہ علیحدہ سن کے سکے خریدیں تاکہ آپ کو مجاور و مسافر سکے کی شناخت رہے۔ اگر آپ نے غلطی سے کبھی مجاور سکہ خرچ کر دیا تو مسافر سکہ بھی مجاور کے پاس چلا جائے گا اور آپ کو کف افسوس ملنا پڑے گا۔ یہ عمل نہایت صحیح ہے جس کا دل چاہئے اس کی آزمائش کرے۔

مطلوب حاجت فوراً پوری کرے

گدھ جانور کو ہلاک کر کے اس کا دایاں بازو جڑ سے کاٹ لیں مگر یہ خیال رہے کہ اس کی ہڈی ٹوٹنے نہ پائے اور یہ کام نوچندی اتوار کو کریں پھر اس بازو کو کسی برتن میں ڈال کر پانی اور نمک ڈال کر اتنا پکائیں کہ اس کا گوشت ہڈیوں سے علیحدہ ہو جائے پھر اس میں سے دو عدد لمبی لمبی ہڈیاں نکال لیں لیکن پکتے وقت عامل کو اس کی بدبو سے بچنا چاہئے اب آپ نے جو ہڈیاں دو عدد نکالیں ہیں ان کو صاف گرم پانی میں ڈال دیں تاکہ ایک دن میں یہ تہہ نشین ہو جائیں ایک دن بعد ان ہڈیوں کو پانی سے نکال لیں اور کپڑے سے خشک کر کے حفاظت سے اپنے پاس رکھیں جب کسی سے کوئی حاجت ہو تو ان ہڈیوں کو مطلوب کے مونڈھوں کے درمیان لگائیں اور اپنی حاجت بیان کریں مطلوب فوراً حاجت پوری کرے گا اس عمل میں کسی قسم کا شک نہیں ہے۔

عمل طلسموس کے عجیب و غریب اعمال

لوبیا حسب ضرورت لے کر اس کو گدھے کے خون میں تر کر کے گدھے کی لید میں دفن کر دیں اور روزانہ بول خر سے اس کو تر کرتے رہیں تین ماہ بعد اس جگہ سرخ رنگ کے سانپ پیدا ہوں گے جو بہت زہریلے ہوں گے ان کو پکڑ کر ایک چوڑے منہ والے شیشے کے برتن میں بند کر دیں تاکہ یہ عامل کو شیشے کے برتن میں واضح طور پر صاف نظر آتے رہیں اور ان کی حرکات و سکنات واضح طور پر سامنے رہیں اور برتن کے اوپری حصے میں باریک باریک چند سوراخ کر دیں تاکہ ہوا کا گزر ہوتا رہے اب ایک ہفتہ تک ان سانپوں کو گدھے کا خون بطور خوراک دیں ایک ہفتہ بعد برتن کا منہ خوب مضبوطی سے بند کر دیں تقریباً تین ہفتہ میں یہ ایک دوسرے کو کھا جائیں گے حتیٰ کہ صرف ایک باقی رہ جائے گا جس کے کئی رنگ ہوں گے اسے قدیم یونانی عالم طلسمات طلسموس کہتے تھے اس کے سر پر تاج ہوگا اور کندھوں پر دو بازو ہوں گے جس سے یہ بخوبی اڑ سکے گا چنانچہ اس کو برتن میں اتنے دن بند رکھیں کہ اس کی حرکت و طاقت کم ہو جائے بعدہ روغن بنفشہ و روغن بادام شیریں کو روئی میں تر کر کے اپنے دونوں نتھنوں کو بند کر لیں تاکہ ناک میں بو نہ آئے اب ایک جوڑی موٹے چمڑے کا دستانہ اپنے دونوں ہاتھوں میں پہن لیں اور شیشے کے برتن سے نکال کر اس جانور کو مٹی کے برتن میں الٹ دو اور فوراً اس کے گلے پر ایک تیز دھار والی فولادی چھری رکھ کر زور سے دبا دو تاکہ اس کا سر تن سے جدا ہو جائے چنانچہ اس کے خون کو خشک کر کے نقرہ یا نحاس پر بوقت چرخ ایک رتی طرح کریں تو اعلیٰ درجہ کا طلا بن جائے گا۔

طلسموس کے سر کے خواص بہت ہیں ملاحظہ فرمائیں۔

(1) بارش کے وقت اس سر کو آسمان کی طرف اٹھائے تو بارش بند ہو جائے گی۔

(2) لشکر کا سردار یہ سر اپنے پاس رکھے تو ہر جگہ فتح پائے گا۔

(3) جس شخص کے پاس یہ سر ہو گا تمام غرباء و امراء عامل کے مطیع ہوں گے اور اگر کسی سے

کوئی ضرورت ہو تو ظاہر کرے فوراً پوری کرے گا۔

آتش و آب پر چلنا لوگوں کی نظروں سے روپوش ہونا

برگ کاہو کو اونٹ کے خون میں باریک پیس کر اونٹ ہی کے خون میں اچھی طرح جرب کر کے رانگ کے برتن میں ڈال کر منہ برتن کا اچھی طرح بند کر دیں پھر اس کو زبل اسپ میں دفن کر دیں اور ہر ہفتہ لید اسپ تبدیل کرتے رہیں چالیس دن میں اس میں ایک حیوان سانپ کی شکل کا پیدا ہو گا جس کا سر اونٹ سے مشابہ ہو گا آنکھیں سیاہ ہوں گی اور دو چھوٹے بازو ہوں گے چنانچہ اس جانور کو جب وہ آنکھ کھولے تو تھوڑا سا خون اونٹ اس پر ڈال دو آٹھ پہر میں اس جانور کو چوتھائی رطل کھلانا چاہیے۔ تین روز تک اس کو خون کھلانے کے بعد چوتھے روز اس کو اونٹ کا پھیپھڑا کھلانا چاہیے جس کو یہ فوراً نگل جائے گا چار روز تک اس کو بطور خوراک اونٹ کا پھیپھڑا ہی کھلانا چاہیے۔ سات روز بعد یہ جانور پھول کر گول ہو جائے گا چنانچہ سات روز بعد اس کو اونٹ کا پیشاب پلانا چاہیے جس سے اس کی حرکت کمزور ہو جائے گی پیشاب پلانے کے بعد تین گھڑی تک برتن کا منہ بند رکھیں بعد ازیں ایک نہایت تیز فولادی چھری برتن کے اندر لے جا کر اس کی گردن کاٹ دو تاکہ خون نکل کر برتن میں جمع ہو جائے اس خون کے عجیب و غریب فوائد ہیں۔ جو شخص اس خون کو اپنے پیر کے تلوں پر لگا کر پانی پر چلے تو ہرگز نہ ڈوبے گا بلکہ تلوں پر پانی تک نہ لگے گا۔ اگر آگ پر چلے تو آگ سے نہ جلے بلکہ آگ بجھ جائے گی۔ اگر سفر کرے تو زمین کے تناوے کھچ جائیں گے اور بہت جلد منزل مقصود پر پہنچ جائے گا اگر اسی خون کو چہرے پر لگائے تو لوگوں کی نظروں سے پوشیدہ ہو جائے گا اور کوئی شخص عالم کو نہ دیکھ سکے گا اگر سر پر مل کر آسمان تلے ننگے سر کھڑا ہو تو فی الفور بارش ہو۔

بارش برسانا

ایک عدد گرگٹ کو پکڑ کر ذبح کریں اور اس کا خون خشک کریں پھر ایک شتر گربہ سیاہ کو پکڑ کر باندھ دیں اور کتے کے گوشت پر گرگٹ کا خون ڈال کر اس گربہ کو کھلائیں بعد ازاں وہ گرگٹ جو ذبح کیا تھا اس کو پانی میں خوب پکا کر اس کا شوربا گربہ کو کھلائیں اور

تھوڑا سا پانی اس کو پلا دیں اب اس کو تین دن تک بھوکا پیاسا رکھیں چوتھے دن اس کو سراج القطرب بوٹی کا پانی نچوڑ کر بقدر تین اوقیہ پلائیں اس کے بعد پانی میں تین اوقیہ پرانی شراب ملا کر پلائیں آٹھ پہر بعد گربہ کو ذبح کریں لیکن ایک قطرہ بھی خون ضائع نہ ہو پھر اس کو وہیں پڑا رہنے دیں تاکہ خشک ہو جائے پھر اس کی ہڈی اور گوشت کوٹ کر پرانی شراب میں ملائیں اور اس میں اس کا خون تر کریں پھر خشک کر کے بالوں کو چھلنی میں چھانو جس قدر گربہ کا بال ہو اسی قدر مردہ سگ کا بال اس میں ملالیں اور اس کی جلی ہوئی ہڈی اس میں ملالیں اور پیس کر بحفاظت اپنے پاس رکھیں جب بارش کرنا ہو تو درخت برلوق کی لکڑی کا کوئلہ سلگا کر ان پر مذکورہ سفوف ڈالو جب دھواں اوپر جائے گا تو قدرت الٰہی سے بارش ہونا شروع ہو جائے گی جب بند کرنا ہو تو سفوف جلانا بند کر دیں بارش بند ہو جائے گی۔

جنوں و حیوانوں کی گفتگو سننا' حشرات الارض مسخر کرنا' سفر دور دراز جلد طے کرنا

مسور کے دانے کبوتر کے خون میں تر کر کے تانبے یا کانسی کے برتن میں رکھ کر برتن کا منہ بند کر کے زبل اسپ میں دفن کر دیں تھوڑے عرصے بعد اس میں ایک جانور پیدا ہوگا جس کا چہرہ انسان سے مشابہ ہوگا اور باقی بدن مرغ کا ہوگا اس کے دو بازو ہوں گے یہ جانور سات دن سے زیادہ زندہ نہیں رہے گا بلکہ اسی عرصہ میں مرجائے گا اسے مومیائی اور شراب میں آلودہ کر کے روئی میں لپیٹ کر اپنے پاس رکھیں خواص حسب ذیل ہیں۔

(1) سفر دور دراز تھوڑے عرصے میں باآسانی طے ہوگا۔

(2) جو درندہ مثلاً شیر' چیتا اور ہاتھی وغیرہ سامنے آئے گا مطیع ہوگا اور کوئی گزند نہ پہنچ سکے گی۔

(3) اگر اس جانور کے مرنے سے پہلے اس کا پیٹ چاک کر کے اندر کے پانی کو شیشے میں محفوظ رکھیں پھر کسی لکڑی کا سرا تر کر کے کانوں میں رکھیں تو جنوں اور حیوانوں کی گفتگو سمجھ

سکتے ہیں۔

مشاہدہ جنات و شیاطین

بھیڑیے کی آنکھ ' ہد ہد کی آنکھ ' ابابیل کے تین بچوں کی آنکھیں ' ہرن کی آنکھ ' سیاہ بکرے کا پتہ ' سیاہ بلے کی آنکھ اور پتہ ان تمام اشیاء کو حاصل کر کے ایسے مکان میں خشک کریں جہاں مرغ کی آواز نہ پہنچتی ہو جب یہ چیزیں خشک ہو جائیں تو ان سب کو باریک پیس لیں اور عسل ایسا حاصل کریں جس کو آگ پر گرم نہ کیا گیا ہو ' لے کر تمام سفوف کو ملا لو یہ معجون کی شکل اختیار کر لے گا چنانچہ اس معجون کو شیشے یا بن قلعی کئے ہوئے تانبے کے برتن میں ڈال کر اس کا کاجل حاصل کریں پھر بیری کی لکڑی کی سرچو بنوالیں اور اسی سے یہ کاجل آنکھوں میں لگالیں تو ہر شخص کو ایک جن دکھائی دے گا۔ اگر مجنون لگائے تو اس کو شیاطین بھی دکھائی دیں گے اس کاجل کا نام " کحل اعظم " ہے۔

مشاہدہ روحانیات

تخم انگول لیکر اس کا تیل کولھو سے نکلوائیں پھر تگر کو خوب باریک سرمہ کی طرح کر لیں اور اس میں حسب ضرورت روغن انگول ملایں جب روحانیات کا نظارہ کرنا ہو تو کسی ویران جنگل یا پہاڑ پر جا کر اس طلسمی معجون کو آنکھ میں لگائیں لیکن عامل کو چاہئے کہ پہلے اپنا حصار کر لے تاکہ بلاؤں سے امن میں رہے۔ چنانچہ عامل کو ایسا محسوس ہو گا گویا اس کی آنکھوں پر سے حجاب کا پردہ اٹھ گیا ہے اور اپنے ارد گرد عجیب و غریب مخفی مخلوق کا مشاہدہ کرے گا جب اس طلسم کو باطل کرنا ہو تو آنکھوں کو خوب اچھی طرح روئی یا کپڑے سے صاف کر لیں۔ اگر ہولی یا دیوالی کی رات کو آنکھ میں لگائیں تو اہل ہنود کے دیوی دیوتا کا بھی نظارہ ہو جائے گا۔ کمزور دل حضرات سے گزارش ہے کہ وہ اس کاجل کو نہ استعمال کریں کیونکہ نقصان کا احتمال ہے۔

نظارہ ملائکہ

ایک عدد چیل حاصل کریں اور اس کو گھی ملا ہوا کافور کھلائیں اور اس کی بیٹ حاصل

کریں۔ اس بیٹ کو روئی میں رکھ کر چمیلی کے تیل میں پکھ پچھتر میں کاجل بنائیں اور اس کاجل کو ہتھیلی پر بوقت پکھ پچھتر لگائیں تو آسمان پر فرشتوں کا دیدار ہوگا۔ اگر اس کاجل کو آنکھ میں لگا کر آسمان کی طرف نگاہ کریں تو بھی فرشتے نظر آئیں گے۔ کاجل میں معمولی مقدار روغن چمیلی ضرور ملالیں پھر استعمال کریں۔

مستقبل کے حالات معلوم کرنا

تخم انکوں حسب ضرورت لے کر اس کا تیل کولھو سے نکلوائیں اب کوری روئی کپاس کی لے کر اس کا فلیتہ بنائیں اور مٹی کے چراغ میں اس فلیتہ کو ڈال کر اس میں روغن انکوں ڈال دیں اور فلیتہ کو روشن کردیں اوپر کوئی مٹی کا آبخورا رکھیں تاکہ فلیتہ کا دھواں آبخورے میں جا کر لگا کرے لیکن دیوالی کی رات کو کاجل بنائیں جب کاجل تیار ہو جائے تو اس کو بحفاظت رکھ لیں اور جس دن پکھ پچھتر ہو تو کاجل کو آنکھ میں لگا کر اندھیرے میں دیکھے تمام حالات بخوبی نظر آئیں گے۔

دور کی آواز سننا

• یہ عمل مجھے آزمانے کا موقع نہیں ملا لیکن جن صاحب کا یہ عمل ہے۔ اپنے وقت کے نہایت زبردست عامل تھے۔ اگر آپ حضرات اس عمل کو آزمائیں تو نتیجے سے ہمیں آگاہ کیجئے تاکہ آئندہ اشاعت میں اس کی وضاحت کر دوں۔

گدھ کی بیٹ، ما لکنگنی اور پوست لیموں ان سب کو یکجان کرلیں اور پاتال جنتر سے اس کا روغن کشید کریں اور نیچے تانبے کا برتن رکھیں تاکہ روغن نیچے برتن میں گرے اس روغن کے دو قطرے لے کر ایک قطرہ دائیں کان میں اور دوسرا بائیں کان میں ڈالیں تو بارہ مربع میل کی آواز سنائی دے گی۔

زیر زمین پانی دیکھنا

ہزاروں سال قبل ماہرین طلسمات اس طلسمی بوٹی سے واقف تھے جس کو عرف عام میں پاتال تومڑی اور دوسری کو پاتال مد کہتے ہیں آج بھی میرے پاس ایک پاتال تومڑی

موجود ہے اگر آپ حضرات میں سے کسی شخص کو اس حیرت انگیز بوٹی کا مشاہدہ مطلوب ہو تو وہ مصنف کتاب سے بالمشافہ ملاقات کر کے بوٹی دیکھ سکتا ہے۔ پاتال تومڑی ایک ایسی بوٹی ہے جو کہ زیر زمین تقریباً پچیس سے پچاس فٹ کی گہرائی میں ملتی ہے سطح زمین پر اس کی کوئی نشانی موجود نہیں ہوتی۔ ہندوستان میں کنویں یا ٹیوب ویل کی کھدائی کے دوران یہ بوٹی وہاں سے اکثر دستیاب ہو جاتی ہے۔ لوگ اس کو بحفاظت اپنے پاس رکھ لیتے ہیں۔ اس بوٹی میں ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ سالہا سال یہ خراب نہیں ہوتی۔ اہل ہنود کے سادھو جوگی اس کے افعال و خواص سے بخوبی واقف ہیں۔ آریہ سماج کا بانی سوامی دیانند بھی اس کے طلسمی اثرات سے بخوبی آشنا تھا اور اس نے اپنے شاگردوں کو بھی اس کے افعال و خواص سے آگاہ کیا تھا۔ اس بوٹی کی زمین کے اندر بیلیں چلتی ہیں۔ جس پر پتے وغیرہ قطعی نہیں ہوتے بلکہ تھوڑے تھوڑے فاصلے پر ہلیلہ سیاہ کی شکل کا پھل لگا ہوتا ہے لیکن یہ پھل ہلیلہ سیاہ سے قدرے چھوٹا ہوتا ہے۔ اندر سے توڑنے پر قدرے سفیدی مائل نکلتا ہے اور تخم اس کے اندر نہیں پایا جاتا بلکہ یہ خود ہی تخم ہے اور یہی تخم زیر زمین پانی دیکھنے کے لئے ایک بے بہا خزانہ ہے۔

اگر آپ قبل از وقت یہ معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ سطح آب کتنے فاصلے پر ہے تو کچھ پچھتر کے وقت پاتال تومڑی کو کسی پتھر پر آب کی مدد سے گھس کر دونوں آنکھوں میں لگا کر زمین کی طرف نگاہ کریں مثل آئینہ کے آپ کو پانی صاف نظر آئے گا اور یہ بھی اندازہ ہو جائے گا کہ سطح زمین سے اس کا کتنا فاصلہ ہے۔ عموماً ہندوستانی باشندے کنویں یا ٹیوب ویل کی کھدائی سے قبل اس عمل کو کرتے ہیں۔

زیر زمین دفینہ دیکھنا

زاغ سیاہ کی زبان اور ہدہد کا دل دونوں کو خشک کر کے باریک پیس لیں اور اس کو کسی نابالغ یا پاپل آدمی یا عورت کی آنکھ میں لگا کر اس کو ایک عدد سفید چادر اوڑھا کر مشتبہ جگہ پر دکھائیں واضح طور پر زیر زمین دفینہ نظر آئے گا۔ اگر ان دونوں چیزوں کا کاجل بنا کر آنکھ میں لگائیں تو بھی مقصود بر آئے۔

زیر زمین دفینہ دیکھنا

گربہ سیاہ کا پتہ نکال کر اس کو خشک کریں پھر سفید مرغ کی چربی کو خشک پتہ میں ملا کر کوری روئی میں تر کریں اور چراغ میں بتی کو روشن کر کے کاجل حاصل کریں۔ اگر اس کاجل کو نابالغ لڑکے یا لڑکی کی آنکھوں میں لگا کر اس پر ایک سفید چادر اوڑھا کر جائے دفینہ پر دکھائیں تو تمام حالات بخوبی عیاں ہو جائیں گے۔ بالکل بے خطا عمل ہے۔

زیر زمین دفینہ دیکھنا

کڑکناتھ مرغی کو ذبح کر کے اس کی چربی نکالیں اور اس چربی کو کپاس کی روئی میں لگائیں اور مٹی کے کورے چراغ میں روئی کا فلیتہ روشن کر کے کاجل حاصل کریں زیر زمین دفینہ دیکھنے کے لئے بے خطا کاجل ہے ترکیب استعمال مندرجہ بالا طریقہ پر ہے۔

زیر زمین دفینہ دیکھنا

زاغ سیاہ پہاڑی کی زبان اور گوشت دونوں بروز اتوار حاصل کریں ان دونوں چیزوں کو کوری روئی میں لپیٹ کر بکری کے گھی میں کورے مٹی کے چراغ میں فلیتہ روشن کریں اور کاجل حاصل کریں اور آنکھوں میں لگا کر دیکھیں تو دفینہ صاف نظر آئے گا نیز اگر اس پر کوئی سانپ یا ارواح کا عمل دخل ہوگا تو وہ بھی نظر آئے گا۔ لیکن یہ کاجل معصوم لڑکے یا لڑکی کو لگائیں اگر پایل آدمی یا عورت جوان کو لگا کر دکھائیں تو واضح نظر آئے گا۔

زیر زمین دفینہ دیکھنا

چاند کی پہلی تاریخ جب کبھی شنبہ کو پڑے تو اس دن مالکنگنی کا روغن کشید کریں اور اس روغن کو اسی دن مٹی کے کورے چراغ میں ڈال کر نادن بن کی روئی کا فلیتہ اس چراغ میں روشن کر کے کاجل حاصل کریں اس کو آنکھ میں لگا کر مشاہدہ کریں تو مطلب حل ہوگا۔

زیر زمین دفینہ دیکھنا

کینچلی مار سیاہ، کانچ سفید، سنگ مقناطیس اصلی ان تینوں اجزاء کو ہم وزن لے کر خوب باریک کھرل کریں کہ مثل سرمہ ہو جائے بعدہ اس میں قدرے روغن چمیلی شامل کریں اور خوب اچھی طرح ملایں اب اس کو اپنے انگوٹھے کے ناخن پر لگا کر اپنے مقصد کا دھیان رکھیں چند لمحوں بعد مثل آئینہ تمام حال معلوم ہو جائے گا۔

زیر زمین دفینہ دیکھنا

آج میں اس کتاب میں جو کاجل بنانے کا عمل پیش کر رہا ہوں یہ میرا آزمودہ مجرب ہے جو حضرات اس کاجل کو بنائیں گے انشاء اللہ ہرگز خطا نہ کریں گے۔ آپ حضرات سے التماس ہے کہ اس طلسمی کاجل کو ضرور بنائیں۔

ایک عدد مار سیاہ کو ہلاک کر کے اس کی دونوں آنکھوں کو نکال کر بارہ مہینے کھلنے والے کپاس کی روئی جتنی بھی آنکھوں کے کچلنے کے بعد تر ہو جائے لیکر چمیلی کے روغن میں بتی بنا کر مٹی کے کورے چراغ میں روشن کریں اور اوپر بچے کی کھوپڑی جو کہ کچے مسان کی ہو لے کر رکھیں یہ کام رات کو کریں اور فلیتہ روشن کر دیں۔ جب تمام فلیتہ جل جائے تو کھوپڑی سے کاجل کو کھرچ لیں۔ اب اس میں قدرے روغن چمیلی ملائیں اب داہنے ہاتھ کی ہتھیلی پر گولائی سے کاجل لگائیں اور دوسری طرف قدرے روغن لگائیں اور پانچوں ناخنوں پر بھی تھوڑا تھوڑا روغن چمیلی لگائیں اب داہنے ہاتھ کی بیچ کی انگلی پیشانی پر رکھیں اور ہتھیلی کے کاجل پر نگاہ کریں اور ایک عدد سفید چادر اوڑھا کر اندھیرا کر دیں دو مربع میل کے علاقے میں جہاں جہاں دفینہ موجود ہو گا واضح طور پر صاف نظر آئے گا۔

زیر زمین دفینہ دیکھنا

اس سے قبل میں نے گزشتہ اوراق میں جتنے بھی اعمال قلم بند کئے ان سب اعمال کے مجرب ہونے میں کوئی شبہ نہیں ہے لیکن ان سب میں یہ خاصیت ہے کہ عامل خود مشاہدہ نہیں کر سکتا بلکہ معصوم لڑکے یا لڑکی یا پھر پاگل شخص کا محتاج ہو کر رہ جاتا ہے لہذا مصنف

کتاب نے سوچا کہ ایسا طلسمی عمل تحریر کروں جس میں نابالغ لڑکے یا لڑکی وغیرہ کی قید قطعی نہ ہو خاص بات یہ ہے کہ ایک مرتبہ میں اس کو خود بنا چکا ہوں اور انتہائی بے خطا عمل ہے یہ عمل کتابی نہیں بلکہ صدہا سال پرانا راز ہے ہندوستان کی سیاحت کے دوران ایک ہندو سادھو نے مجھے یہ عمل دیا تھا گو کہ یہ عمل محنت طلب ضرور ہے لیکن ناممکن نہیں جو حضرات اس کی طلسمی طاقت کا مشاہدہ کرنا چاہتے ہیں ان کو چاہئے کہ محنت کریں اور اس طلسمی کاجل کی قوۃ مقناطیسی مشاہدہ کریں میرا دعویٰ ہے کہ اتنا زبردست اور بے خطا عمل کسی کتاب میں آپ کو ہرگز نہ مل سکے گا اشاعت فن کی خاطر میں نے بخل و امساک کو بالائے طاق رکھ دیا ہے اب انصاف کرنا آپ کا کام ہے۔

اس کاجل کا جزِ اعظم شاہ دیمک ہے۔ لہٰذا آپ کوئی بہت پرانا خشک درخت تلاش کریں یا کسی جنگل یا کھیت میں ایسی جگہ تلاش کریں جہاں عرصہ دراز سے دیمکوں نے اپنا بسیرا کر رکھا ہو اگر آپ زمین کے اندر کھدائی شروع کریں گے تو تقریباً گیارہ سے تیرہ فٹ کے نیچے شاہ دیمک آپ کو ملے گی اور تقریباً تین انچ لمبی اور دو انچ اس کا قطر ہوگا رنگ اس کا بالکل سفید ہوگا اگر آپ کسی درخت کے اندر سے شاہ دیمک کو حاصل کریں گے تو یہ قدرے چھوٹی ہوگی میں نے ایک مرتبہ بہت پرانے درخت سے ایک عدد شاہ دیمک حاصل کیا تھا اور بار دیگر زمین کے اندر سے کھدائی کروا کر نکالا تھا زمین کی کھدائی کے دوران کروڑوں کی تعداد میں دیمکوں کو میں نے مزدوروں سے پھکوایا پھر گیارہ فٹ کے فاصلہ پر کوئی دیمک نظر نہ آئی لیکن دو سوراخ زمین میں نظر آئے لہٰذا اب میں نے بڑی احتیاط سے خود کھودنا شروع کیا تو تقریباً دو فٹ بعد دو سوراخ کی جگہ صرف ایک سوراخ نظر آیا اس ایک سوراخ کو جب میں نے کھودا تو چند انچ کے فاصلے پر شاہ دیمک بیٹھی ہوئی نظر آئی لہٰذا میں نے بحفاظت اس کو رکھ لیا اور اس کا طلسمی کاجل تیار کیا۔

عامل کو چاہئے کہ بروز منگل شاہ دیمک کو حاصل کرے بارہ ماہ کھلنے والے کپاس کی روئی میں شاہ دیمک کو لپیٹ کر کچل دے تاکہ روئی تر ہو جائے اب ایک عدد مٹی کے کورے چراغ میں چمیلی کا تیل ڈال دے اور روئی کا فلیتہ اس چراغ میں ڈال دے اور روشن کریں اوپر کوئی کوزہ بھی رکھے تاکہ کاجل اس کوزے میں جا کر لگے جس جگہ آپ کاجل بنائیں وہاں پر کوئی دوسرا شخص موجود نہ ہو اور نہ ہی وہاں ہوا کا گزر ہو۔ کاجل کو

بروز منگل بنانا چاہئے۔ جب تمام کاجل تیار ہو جائے اور تمام فلیتہ جل کر بجھ جائے تو او کے کوزہ پر سے کاجل بحفاظت کھرچ لیں اور قدرے روغن چنبیلی ملا کر رکھ لیں اب جس جگہ دفینہ کا شبہ ہو تو بروز منگل دودھ اور چاول کی کھیر بنائیں اور کھیر کھا کر صبح کو کاجل لگا کر مشتبہ جگہ پر دیکھیں دفینہ صاف نظر آئے گا۔

لوگوں میں الفت پیدا کرنا

اگر کسی مجلس میں لوگ آپس میں جھگڑا کر رہے ہوں تو ایک ٹکڑا صابع الصفر کا چپکے سے جلادیں تاکہ کسی کو اس کی خبر نہ ہو اور ان لوگوں کے دماغ میں خوشبو پہنچے تو آئندہ وہ لوگ آپس میں نہ جھگڑیں گے بلکہ ایک دوسرے سے محبت کریں گے۔

تسخیر خلق

برگ سوسن کو باریک پیس کر شہد ملا کر کانچ کے برتن میں منہ بند کر کے رکھ دیں اور پھر اس کو جو کے ڈھیر میں دفن کر دیں اب اس کو چالیس یوم بعد نکالیں تو اس میں سفید رنگ کے کرم ہوں گے جن کا سر سیاہ ہو گا جو کوئی ان کرموں کو خشک کر کے اپنے پاس رکھے گا محبوب خلائق ہو گا۔ نہایت سہل عمل ہے لہٰذا دعوت عام و خاص ہے کہ اس کی ضرور آزمائش کریں انشاء اللہ خطا نہ ہو گا۔

تسخیر الحسن

آج میں حب کا ایک عمل پیش کر رہا ہوں جو کہ نادر و نایاب ہے یہ عمل اہل ہنود کے سادھو جوگی اور رشی منی کے اسرار سے ہے اور یہ لوگ شاذونادر اس عمل کو کسی کو سکھاتے ہیں مجھے یہ عمل میرے استاد مرحوم حاجی خلیل الدین قریشی نے تعلیم دیا تھا اور وہ بذات خود اس عمل کے عامل تھے ان کو یہ عمل ان کے پیر و مرشد حضرت قلندر شاہ صاحب نے اپنی نگرانی میں کرایا تھا خاص بات یہ ہے کہ یہ عمل ہرگز ہرگز کسی بھی صورت میں خطا نہیں کرتا نیز عمل انتہائی آسان ترین ہے ہر شخص اس عمل کو کر سکتا ہے میں اس عمل کی زیادہ تعریف نہیں کرنا چاہتا بلکہ صرف اتنا عرض کروں گا کہ اگر یہ عمل خطا کر جائے تو

مصنف و مؤلف کتاب آپ کو منہ مانگا انعام دے گا اور کتاب کی قیمت واپس آپ کو دیگا۔ یہی ایک عمل لاکھوں روپے میں سستا ہے۔ اس عمل کو جو شخص کرنا چاہتا ہے اس کو چاہئے کہ وہ مجھ سے عمل کی اجازت لے پھر عمل کرے تاکہ ناکامی کا منہ نہ دیکھنا پڑے۔

ہندوؤں کی ہولی جس دن ہو اس دن ہولی کو دعوت دیکر ایک عدد لکڑی وہاں سے اٹھا لائے اور اس لکڑی کو ہست نچھتر میں دھوبی کی بھٹی میں جلادے اور پیس کر حفاظت سے رکھ لے اور اس میں معمولی مقدار میں روغن چنبیلی ملادے تاکہ کاجل کی طرح بن جائے اب جس مرد یا عورت کو قابو کرنا ہو اس کاجل میں سے تھوڑا سا لے کر اس کے کپڑے پر لگا دیں وہ مرد یا عورت آپ کے پیچھے ساتھ چلا آئے اور جہاں بھی آپ جائیں گے مطلوب آپ کے ساتھ ساتھ آئے گا۔

واضح کرتا چلوں کہ یہ عمل اتنا زبردست ہے کہ جس وقت عامل جلتی ہوئی ہولی کی ایک چھوٹی سی لکڑی کو اٹھا لیتا ہے اسی لمحہ منوں جلتی ہوئی آتش نمرود سرد ہو جائے گی اور دوبارہ ہرگز نہ جلے گی۔

حب

نوچندی اتوار یا نوچندی بدھ کو ایک عدد زندہ چھچھوندر پکڑ کر کسی مٹی کی کوری ہانڈی میں بند کریں اور ہانڈی میں ہوا کے گزر کے لئے چند سوراخ کر دیں اب اس کو تین دن تک خشک دلیہ میں سیندور ملا کر کھلا دیں اور اس کی تین دن کی بیٹ علیحدہ حفاظت سے رکھ لیں اب اس کو دلیہ میں مہندی ملا کر تین دن تک کھلا دیں اور ان تینوں دن کی بھی بیٹ علیحدہ حفاظت سے رکھ لیں اب اس کا تجربہ اس طرح کریں کہ دو عدد پتھر لے لیں اور ان کو تھوڑے تھوڑے فاصلے پر رکھیں اب بائیں ہاتھ میں مہندی والی بیٹ لیکر پانی میں ملا کر ایک پتھر پر لگائیں پھر ہاتھ دھو کر سیدھے ہاتھ میں سیندور والی بیٹ لیکر پانی میں ملا کر دوسرے پتھر پر لگائیں دونوں پتھر آپس میں مل جائیں گے اب ہنومان کی پوجا کا سامان لیکر کسی بھی ہنومان کے مندر میں چلے جائیں اور پوجاری سے کہیں کہ ہنومان کی پوجا کردے اور دونوں قسم کی بیٹ بھی اس پوجاری کو دیں اور ان بیٹوں کو پوجا کے سامان کے ساتھ ہنومان کی مورتی کے سامنے رکھیں اور پوجاری سے کہیں کہ پوجا کے دوران وہ ہنومان سے

کہے کہ ان بیٹوں کو جس کام کے لئے تیار کیا ہے وہ کام میرا پورا کرنا ہے۔ پوجا کے بعد ان بیٹوں کو پوجاری سے لیکر گھر واپس آکر دھوپ کی دھونی دیکر رکھ لیں اب بوقت ضرورت کسی مرد کو تسخیر کرنا ہو تو سندور والی بیٹ پانی میں گھس کر اس مرد کے لگا دیں تو ساتھ آئے اور اگر مہندی والی بیٹ عورت کو لگا دیں تو وہ ساتھ چلی آئے گی۔

حب

نوچندی ہفتہ کو سنکھاہولی بوٹی کو سورج نکلنے سے پہلے اس طرح دعوت دے کہ "اے سنکھاہولی آج میں تجھے دعوت دینے آیا ہوں کل میں تجھے اپنے کام کے لئے لینے آؤں گا تجھے میرا کام کرنا ہوگا۔" یہ کہہ کر گھر واپس آجائے اور دوسرے دن عین اسی وقت اسی کے پاس جائے مگر اپنا سایہ نہ پڑنے دیں ورنہ عمل باطل ہو جائے گا اب اس بوٹی کو جڑ سے کھود کر نکال کر اپنے ساتھ لے آئے اور پیچھے مڑ کر نہ دیکھے اب اس بوٹی کو تین دن برابر اپنے بغل میں رکھے بعدہ اس کو حفاظت سے اپنے پاس رکھے جس کسی کو بھی ایک رتی کھلا دو یا سر پر ڈال دو گے مطیع ہوگا اگر بغل میں تین دن نہ رکھ سکتے ہوں تو طریقہ دیگر یہ ہے کہ بوٹی کو گائے کے دودھ میں کھرل کر کے حبوب بقدر نخود بنا کر اپنے پاس رکھیں جس کو بھی ایک گولی کسی شرینی وغیرہ میں ملا کر کھلا دو گے مطیع ہوگا اور آپ کی ہر حاجت پوری کرے گا یہ عمل خاکسار کا آزمودہ ہے۔

حب

بروز شنبہ زاغ سیاہ کوہستانی کو پکڑ کر ذبح کرے لیکن کسی کوری ہانڈی میں یہ کام کرے تاکہ اس کا خون ضائع نہ ہو سکے بعدہ زاغ کو اس ہانڈی میں ڈال کر ہانڈی کا منہ کسی مٹی کے برتن سے بند کرے اور پوری ہانڈی کو خوب اچھی طرح گل حکمت کر کے خشک کرے اور ایک گڑھے میں ایک من اوپلے کی آگ میں گل حکمت کی ہوئی ہانڈی کو رکھے بعد سرد ہونے کے ہانڈی کو کھول کر اندر سے راکھ نکال لیں اب اس راکھ کی ایک رتی کسی شرینی یا پان میں رکھ کر جس کو بھی کھلاؤ گے مسخر ہوگا۔

حب

بروز شنبہ یا یک شنبہ کوئی ہندو مرے تو تھوڑے سے چاول لیکر ایک کپڑے کی پوٹلی میں باندھ کر اس کو مردے کے اوپر سے اس وقت پھینکے جب کہ اس کی ارتھی لوگ اٹھا کر لے جارہے ہوں اب اس چاول کی پوٹلی کو اٹھا کر اپنے پاس رکھ لو اور لوگ جب مردے کو جلا کر واپس آرہے ہوں تو پھر عامل خود اس مردے کی چتا پر جائے اور چاولوں کو بھی ساتھ لے جائے اب ایک ٹھیکری میں چاول رکھے اور اس میں قدرے آب ملا کر چتا پر پکاوے جب تمام چاول پک جائیں تو اس کا ایک گولا سا بنالیں اور ہنومان کی مورتی کے پاس جا کر چاولوں کا گولا مورتی پر مارے جتنے چاول مورتی پر لگے رہ جائیں ان کو علیحدہ رکھے اور جو زمین پر نیچے گر جائیں ان کو الگ رکھیں مورتی پر چپٹے ہوئے چاول کسی کو کھلادیں تو مطیع و مسخر ہوگا اور اگر الفت ختم کرنی ہے تو زمین پر گرے ہوئے چاول کھلادو الفت ختم ہو جائے گی۔ جس شخص کا دل چاہئے آزمائے ہرگز خطا نہ کرے گا۔

حب

عامل ایک عدد فاختہ پالے اور اس کو دانہ پانی برابر دیتا رہے اور جب کوئی ہندو شنبہ یا یک شنبہ کو مرے تو اس فاختہ کے پنجے میں سرمے کی ڈلی مضبوطی سے کسی ڈوری سے باندھے اور جب لوگ اس مردے کی ارتھی لیکر جارہے ہوں تو فاختہ کی گردن مروڑ کر ہلاک کردو لیکن کسی کو خبر نہ ہو اس کے لئے عامل چادر اوڑھے رہے تو کوئی شخص عامل کی حرکت نہ دیکھ سکے گا جب سب لوگ مردے کو جلا کر گھر واپس آجائیں تو عامل خود چتا پر جا کر اس فاختہ کو سرمے کے ساتھ بھون لے بھوننے کے بعد گھر واپس آجاؤ اور فاختہ کو پھینک دو اور سرمہ حفاظت سے رکھ لو اور سرمے کو خوب باریک پیس لو اور کسی بھی مرد یا عورت کو یہ سرمہ لگادو گے فی الفور مطیع ہوگا۔

حب

بروز یکشنبہ جب پلہ پختہ ہو تو تھوڑی سی خاک مسان لاوے اور اسمیں لعاب دہن و

ولایتی روپیہ ملادے پھر جس مرد یا عورت کو اس میں سے معمولی سا نگادوگے مطیع و مسخر ہوگا یہ عمل ہرگز خطا نہیں جاتا اگر اس کو کھلا دو تو بھی پورا اثر رہے گا۔ اور مطلوب آپ کا ہرگز پیچھا نہ چھوڑے گا۔ زیادہ تعریف سے بہتر یہ ہے کہ آپ اسکی آزمائش خود کریں۔

حب

بوقت سورج گرہن کسی دریا نہر یا سمندر میں کمر تک پانی میں کھڑا ہو جائے اور فوفل خورد کو ثابت نگل جائے اور سورج گرہن جب تک رہے برابر سورج پر نگاہ رکھے جب گرہن ختم ہو جائے سورج پر سے نگاہ ہٹالے اور گھر واپس آجائے اور جب یہ فوفل براز کے ساتھ پیٹ سے باہر آئے تو اسکو دھو کر خشک کر کے اپنے پاس رکھیں اور خوب باریک سفوف بنالیں جب مرد یا عورت کو ایک رتی کسی چیز میں ملا کر کھلا دوگے فریفتہ ہو۔ بہت مجرب عمل ہے۔

حب

بروز اتوار مادہ سگ سیاہ کا شیر حاصل کرے اور اس میں برنج ساٹھی بھگو کر حفاظت سے رکھ دیں جب خشک ہو جائے تو ان برنج ساٹھی کو پارچہ غلیظ عورت میں لپیٹ کر حفاظت سے رکھ دیں اور بوقت ضرورت ایک دانہ کسی مرد یا عورت کو کسی چیز میں ملا کر کھلا دوگے تابعدار ہو جائیگا یہ عمل انتہائی صحیح ہے آزمالے جس کا دل چاہے۔

حب

اگر سنگ مقناطیس اصلی کہیں سے دستیاب ہو جاوے تو اسکو بروز اتوار پکھ پتھر میں سرمہ کی طرح باریک کریں اور حفاظت سے اپنے پاس رکھ لیں جس کو مسخر کرنا ہو تو اپنی دونوں آنکھوں میں سرمہ لگا کر مطلوب سے نظر ملائیں دیکھتے ہی فریفتہ ہو گا۔

حب

امرتہ ھندی بوٹی جو کہ پاکستان میں بکثرت پائی جاتی ہے اور شہر کراچی میں تو بکثرت ہر

موسم میں مل جاتی ہے حب کے لیے یہ بوٹی اکیسری خواص کی حامل ہے میں اسکا تجربہ کر چکا ہوں آپ حضرات بھی اسکا کاجل بنائیں آپ میرے اس عمل کی تعریف کیے بغیر نہ رہ سکیں گے۔ جب یہ بوٹی آپکو کسی درخت میں لپٹی ہوئی نظر آئے تو بروز نوچندی اتوار کو دن کے ٹھیک بارہ بجے اس کے پاس جائیں اور جہاں پر اسکی دونوں شاخیں آپس میں جڑی ہوئی بل کھاتی ہوئی دکھائی دیں تو ان کو اپنی دائیں اور بائیں انگشت شہادت سے توڑلیں لیکن اس پر اپنے جسم کا سایہ نہ پڑنے دیں ورنہ عمل باطل ہو جائیگا اب گھر واپس آجائیں اور اسکو کوری روئی میں لپیٹ کر چمبیلی کا تیل دیئے میں ڈالکر کاجل بنائیں اور چراغ کے پاس عطر سہاگ اور ایک بیڑا پان اور چند پھول رکھیں جب تمام کاجل بن جائے تو اسمیں قدرے روغن چمبیلی ملاویں اور کسی شیشی میں کاجل بحفاظت رکھ لیں بوقت ضرورت اسکو آنکھ میں لگا کر معشوق سے نظر ملاویں فی الفور مطیع ہو جائے یہ کاجل میرا اور میرے شاگردوں کا آزمودہ ہے۔ آپ اسکو ضرور بنائیں۔

حب

دیوالی کی رات کو کسی تیلی کے گھر سے جلتا ہوا چراغ اٹھا کر بجھادے اور جس جگہ سنگھاہولی بوٹی کا پودا ہو وہاں اس چراغ کو لے جائے اور پودے کے بالکل نزدیک چراغ کو رکھ کر جلادے تقریباً دس منٹ بعد سنگھاہولی کو معہ بیخ وبرگ اکھاڑ لے اور چراغ میں رکھ کر گھر واپس آجائے اور اس بوٹی کو خوب کوٹ پیس کر مرہم جیسا تیار کرلے اور بوقت بوٹی کوٹتے ہوئے چراغ کا تیل بھی اسمیں ملاتا جاوے اور پیستا جائے جب خوب اچھی طرح روغن وبوٹی یکجان ہو جائیں تو کسی کھلے منہ کی شیشی میں اسکو رکھ لیں اور جب کسی مرد یا عورت کو قابو کرنا ہو تو تھوڑا سا مواد جسم یا کپڑے سے لگادے اور عامل واپس آجائے مطلوب آپکے پیچھے پیچھے آئے گا اور آپ کا ہر حکم مانے گا۔ یہ عمل میرے سینے کا راز تھا جو کہ کتاب میں لکھنے کا نہ تھا کیونکہ یہ عمل شمشیر برہنہ ہے اور کچھ شیطان صفت لوگ اس کو ناجائز استعمال کرنے کی کوشش کریں گے ایسے ہی لوگوں کو تنبیہہ کی جاتی ہے کہ ناجائز اگر اس عمل کو استعمال کریں گے تو سخت ترین نقصان ہو گا اور دین ودنیا دونوں خراب ہو جائنگی۔

حب

چاند رات کو کسی دریا، نہر یا سمندر میں کمر تک پانی میں کھڑا ہو جائے اور ہاتھ میں رتن چندن کی لکڑی لیے رہے اور آسمان پر برابر نگاہ رکھے جیسے ہی کوئی تارا ٹوٹے لکڑی کو فوراً خشکی پر باہر پھینک دے اور اب آپ پانی سے باہر آ جائیں اور لکڑی کو اٹھالیں اور اگر کسی کو تسخیر کرنا ہو تو اپنے ماتھے پر اس لکڑی کو گھس کر پانی میں ملا کر اسکا تلک لگا کر مطلوب کے سامنے جائیں فوراً مطیع ہو گا۔

حب

گزشتہ اوراق میں میں نے فراخی رزق کا عمل گربہ سیاہ کی آنول کے ذریعہ لکھا ہے اب میں حب کا عمل آنوں کے ذریعہ لکھ رہا ہوں اور یہ عمل بھی میرا آزمودہ ہے گربہ سیاہ کی آنوں حاصل کرنے کا طریقہ میں فراخی رزق کے باب میں لکھ چکا ہوں لہٰذا اسکو حاصل کرنے کا طریقہ یہاں لکھنا فضول ہے۔

اگر آپ کسی مرد یا عورت کو اپنا مطیع کرنا چاہتے ہیں تو گربہ سیاہ کی آنوں میں سے ایک رتی کاٹ کر کسی شیرینی یا پان وغیرہ میں کھلا دیں مطلوب آپ کا تابعدار ہو جائیگا۔

حب

جب کوئی ہندو مر جاوے تو جب لوگ اسکو مرگھٹ میں جلا کر واپس آ جائیں تو عامل فوراً مرگھٹ چلا جائے مگر یہ چیزیں اپنے ساتھ لے جائے۔ کچی ہلدی، شراب اور گھی۔ اب اسی مردے کی چھاتی پر ہلدی جلاوے جب جل کر کوئلہ ہو جاوے تو اپنے ساتھ لے آوے اور باقی چیزیں مرگھٹ میں چھوڑ آوے اگر اس جلی ہوئی ہلدی کا کوئلہ کسی مرد یا عورت کے جسم پر لگا دے یا کھلا دے تو آپ کی محبت میں مبتلا ہو۔ بہت مرتبہ کا آزمودہ ہے۔

حب

بروز اماوس جنگل میں کنواری لڑکی کے ہاتھ کا بنا ہوا چرخے کا سوت لیکر جائے اور

جہاں پر پھر بھیندوا کا پودا ملے اور اس پودے میں کم از کم ایک پھل بھی لگا ہوا ہو تو اسکے گرد سات بار دھاگہ دائرے کی شکل میں لگائے اور اپنا سایہ پودے پر پڑنے نہ دے جب دھاگہ سات چکر لپیٹ دے تو پھر اس پودے سے کہے "حنظل بیرکل کے روز تیری دعوت ہے"۔ دوسرے روز عین اسی وقت اس درخت کے پاس جائے لیکن ایک لڈو شیریں اپنے ساتھ لے جاوے اور پودے کی جڑ میں رکھ دے اور پانچ پتے توڑ کر گھر واپس آجائے لیکن پھر مڑ کر نہ دیکھے اور نہ آتے جاتے وقت کسی سے بات کرے۔ اب گھر آکر چمیلی کے تیل میں ان پتوں کو حل کر ڈال دے اور جب کسی کو مطیع کرنا ہو تو معمولی سا تیل اپنی پیشانی میں مل کر مطلوب کے سامنے جائے۔ نظر ملتے ہی آپ کا شیدا ہو اور جو حاجت مطلوب سے ہو فوراً پوری کریگا۔ اس عمل میں کسی قسم کا شک نہیں ہے اور عمل نہایت مجرب ہے اور نہایت آسان ہے اگر کوئی شخص اسکو کرنا چاہے تو میں بذات خود اس کو یہ عمل کرادونگا اور پھر بھیندوا کا پودا بھی دکھادونگا۔ صرف آپ کنواری لڑکی کے ہاتھ سے بنا ہوا چرخے کا کچا سوت اور ایک پاؤ کے قریب روغن چمیلی اپنے ساتھ لے کر میرے پاس آجایئے واضح ہو کہ پاکستان کے تقریباً ہر شہر میں پھر بھیندوا کا پودا مل جاتا ہے کراچی میں تو اس کے لاتعداد پودے کا میں خود مشاہدہ کر چکا ہوں۔

حب

مردم گیاہ بوٹی جو کہ کوہ ہمالیہ میں پانچ ہزار سے لے کر آٹھ ہزار فٹ کی بلندی پر پائی جاتی ہے اس کے پتے دھتورے واجوائن خراسانی سے ملتے ہیں یہ بوٹی حب و تسخیر کے لیے نہایت کار آمد ہے چند روز قبل میرے ایک دوست نے اسی بوٹی کو ہمالیہ کے پہاڑوں پر سے حاصل کیا تھا۔ اسکی جڑ حب کے لیے کار آمد ہے۔ اسکی جڑ دو باہم لپٹے ہوئے مرد و عورت کے مشابہ ہوتی ہے اور بیرونی ایک ایک اعضاء واضع ہوتے ہیں صرف سر پر بال نہیں ہوتے اگر آپ حضرات میں سے کسی صاحب کو یہ بوٹی دستیاب ہو جائے تو آپ خوش نصیب ترین انسان ہوں گے۔ اگر یہ بوٹی نظر آجائے تو سب سے پہلے اسی مقام پر دو رکعت نماز نفل ادا کریں اور آیت الکرسی پڑھکر اپنے اوپر دم کریں اور بوٹی کو نہایت احتیاط سے کھود کر جڑ سے نکال لیں اور اس کی مٹی کو صاف کر کے اپنے پاس بحفاظت رکھیں اگر کسی

مرد کی تسخیر مطلوب ہو تو مرد جڑ کو اپنے پاس رکھ کر مطلوب کے سامنے جائے مطلوب دیکھتے ہی عاشق ہو گا۔ اور اگر عورت کی تسخیر مطلوب ہو تو عورت جڑ کو اپنے پاس رکھ کر جائے فی الفور مسخر ہو اگر مطلوب کے جسم یا کپڑے پر بوٹی کی جڑ لگا دیں تو بھی کام ہو جائیگا نیز اگر پانی میں گھول کر پلائیں تو نہایت قوی اثرات مرتب ہوں گے۔

حب

جو مسواک دانتوں کی ہندو لوگ دریا' ندی یا تالاب پر اپنے دانتوں کو صاف کر کے چھوڑ آتے ہیں انکو مناسب مقدار میں عامل جمع کرلے اور اتوار کو سورج نکلتے ہی مرگھٹ میں ان مسواکوں کو لیکر چلا جائے اور مرگھٹ میں جہاں پیپل کا درخت ہو' وہاں پر برہنہ ہو کر بیٹھ جائے اور اس جگہ کو گائے کے گوبر سے لیپ کرے اور چولہا مٹی کا بناوے اور مٹی کے چولہے میں پیپل کی لکڑی جلا کر تھوڑا تھوڑا گوگل بھی جلاتا رہے اور اپنے سامنے سرخ دھاگہ، پان، چاول اور سفید پھول رکھے اور آدمی کی کھوپڑی اس چولہے پر چڑھا کر اس میں چاول پانی اور اس میں اس جانور کا دودھ ڈالے جو کہ دوسری دفع کی حاملہ ہو اور اس کے بچہ دینے کے دن قریب ہوں اور چولہے کے نیچے ان مسواکوں کو جلاتے رہیں جو کہ آپ نے جمع کی تھیں۔ جب چاول پک کر تیار ہو جائیں تو کھوپڑی کو اٹھا کر پیپل کی جڑ میں اوندھا دیں اور جو چاول پیپل کی جڑ میں چپنے رہ جائیں ان کو لیکر اپنے پاس رکھ لے جس کو مطیع کرنا ہو دو تین چاول اسکو کھلا دیں محبت میں گرفتار ہو جائے یہ عمل کسی بھی صورت میں خطا نہ جائیگا گو کہ محنت طلب ضرور ہے اس عمل کو کرنے سے پہلے عامل حصار ضرور کر لے کیونکہ کچھ خوفناک مناظر دوران عمل پیدا ہوتے ہیں حصار کرنے سے عامل بلاؤں سے امن میں رہیگا۔

حب

یہ عمل بھی محبت والفت پیدا کرنے کے لیے بڑا بے نظیر ہے میرے دوستوں میں ایک شخص نے اس عمل کو کیا تھا اور کامیاب بھی ہو گیا وہ اکثر اس عمل کی تعریف کیا کرتا تھا۔

یہ عمل اس جگہ کرے جہاں اذان کی آواز نہ پہنچتی ہو اول چاولوں کے دھان کو لے

کر کنواری لڑکیوں کے ناخنوں سے چھلوائیں جب تمام چھل جاویں تو تمام چاولوں کو بحفاظت رکھیں اور جب چاند گرہن ہو تو پیپل کے درخت کے نیچے عامل چلا جائے اور ایک چولہا بنا کر پیپل کی لکڑیوں کو اس چولہے میں جلائیں اور ایک کھوپڑی انسانی کو اس چولہے پر چڑھائے اور اس میں چاولوں کو ڈال کر اس میں سیاہ گائے جو کہ دوسری مرتبہ کی حاملہ ہو اور اس کے بچہ دینے کا دن قریب ہو اس کا دودھ بھی کھوپڑی میں ڈال کر پکاوے جب چاول پک جائیں تو ان کو پیپل کی جڑ میں اوندھا دیں جو چاول جڑ میں لگ جائیں ان کو اٹھا کر گھر واپس آ جاؤ لیکن یہ خیال رہے کہ راستے میں کہیں اذان کی آواز نہ سنائی دے ورنہ عمل باطل ہو جائیگا اب جس مرد یا عورت کو تسخیر کرنا ہو چند چاول لے کر اپنے ہاتھ پاؤں کے بیسوں ناخن اور بدن کا میل پشم کے بال سب چاولوں میں ملا کر مطلوب کو کھلا دو آپکی محبت میں ایسا دیوانہ ہو کہ مثل سگ پالتو کے آپکے ساتھ پھرے اس عمل کو کرنے سے قبل حصار ضرور کر لے۔

حب

ایک مرغی کا انڈا دیسی لے کر رکھلیں پھر اسکی سفیدی نکال کر پھینک دیں اور اس میں ولائیتی روپیہ ڈال دیں اور پکہ پنجشنبہ میں اس کام کو کریں اب اس کا سوراخ کسی موم سے بند کر دیں اور اب اس انڈے کو زبل اسپ میں چالیس یوم تک دفن کر دیں اور بعد چالیس یوم کے اس انڈے کو نکال کر توڑ ڈالیں تو اس میں ایک چھوٹا سا گوشت کا لوتھڑا ملیگا اس کو نکال کر دھوپ میں خشک کر لیں پھر اسکو کسی شیرینی وغیرہ میں ملا کر ایک رتی کھلا دیں تو مطلوب کو ایک لحہ بھی آپکے بغیر چین نہ آوے گا یہ عمل آزمودہ و مجرب ہے۔

حب

بروز شنبہ سہد یوی بوٹی کو اس طرح دعوت دیں کہ "اے سہد یوی میں آج تجھے دعوت دینے آیا ہوں کل میں تجھے اپنے کام کے لیے لینے آؤں گا تجھے میرا کام کرنا ہو گا" یہ کہہ کر آپ گھر واپس آ جائیں دوسرے دن عین اسی وقت اس بوٹی کے پاس جا کر اسکو جڑ سے اکھاڑ لیں اور گھر واپس آ کر اس کو کوٹ پیس کر عسل کی مدد سے حبوب بقدر نخود

بنائیں جس کو ایک گولی کھلا دیں گے اپنے اوپر عاشق پائیں گے لیکن بوٹی کو دعوت صبح سویرے سورج نکلنے کے فورا بعد ساعت زحل میں دیں اور دوسرے دن سورج نکلنے کے بعد ساعت شمس میں بوٹی کو اکھاڑنا چاہیےمسدیوی بوٹی کراچی میں ہر موسم میں بکثرت ملتی ہے اس کا پھول پیلے رنگ کا ہوتا ہے جن صاحب کو اس بوٹی کی شناخت مطلوب ہو وہ مصنف کتاب سے رابطہ قائم کریں۔

حب

اکلیل الھدھد اور اپنے دسوں ناخنوں کو بروز نوچندی اتوار ساعت زہرہ میں جلا کر راکھ کرلیں اور خوب باریک پیس کر بحفاظت اپنے پاس رکھلیں اگر کسی کو طابع کرنا ہو تو معمولی مقدار میں کسی شیرینی میں ملا کر کھلا دیں مطلوب کو آپکے بغیر چین نہ آیگا۔ نہایت آسان و بے خطا عمل ہے۔

حب

واسطے تسخیر عورت کے نہایت مجرب ہے اکثر اہل ہنود کے سادھو جوگی اس عمل کو کرتے ہیں۔ ایک عدد زاغ سیاہ پہاڑی کو ہلاک بروز اتوار کرلے اور اس کی کھوپڑی لیکر بھیجا نکال کر پھینک دے اور صرف کھوپڑی اپنے پاس رکھے اور باقی جسم بھی پھینک دے اب جس عورت کو مطیع کرنا ہے وہ عورت جس جگہ بیٹھتی ہو اس جگہ کی مٹی اور بیٹ کبوتر لیکر کھوپڑی میں ڈال کر اس میں سات دانہ جوٗ ڈال کر زمین میں دفن کردیں اور روزانہ اس پر پانی ڈالتے رہیں جب جوٗ کے پودے نکل آئیں اور انکا قد چار انگل ہو جاوے تو ان کو توڑ کر خوب کچل کر پانی نکالیں اور اس پانی کو اپنی پیشانی چہرہ اور پاؤں پر مل کر اس عورت کے پاس جائے اور اس سے کوئی کلام نہ کرے وہ عورت عامل کے پاس بھاگ کر آجائیگی اور عامل جہاں بھی جائیگا وہ عامل کے پیچھے ہوگی۔ یہ عمل اسرار خفیہ سے ہے۔

حب

یہ عمل میں نے زندگی میں ایک بار چند سال قبل کیا تھا اور پھر اس کے بعد آج تک

بھونزا دستیاب نہ ہونے کی وجہ سے اس عمل کو دوبارہ نہ کر سکا۔ عمل نہایت مستند ہے۔
بروز اتوار نر و مادہ بھونزے جفتی کرتے وقت اگر دکھائی دیں تو فوراً ان کو کسی صورت سے پکڑ لیں اور کپاس کے پودے سے روئی نکالیں لیکن کپاس کا پودا ایسا ہونا چاہئے جس میں بارہ ماہ پھول آتے ہیں اور یہ پودا برسہا برس قائم رہتا ہے اور اب اس روئی میں بھونزوں کو اچھی طرح کچل دیں پھر مٹی کے کورے چراغ میں روغن چمیلی ڈال کر فلیتہ کو جلائیں اور اوپر انسانی کھوپڑی رکھیں تاکہ تمام دھواں کھوپڑی میں جمع ہوتا رہے یہ کام ساعت زہرہ میں کرنا چاہئے جب تمام فلیتہ جل جائے تو کاجل کو کھوپڑی سے کھرچ کر اس میں قدرے روغن چمیلی ملا کر اپنے پاس رکھیں جس کو مطیع کرنا ہو آنکھ میں کاجل لگا کر مطلوب سے نگاہ ملائیں فی الفور مطیع ہو گا۔

حب

ایک عدد سگ سیاہ مادہ کو بروز اتوار ہلاک کرے اور پھر اس کا پستان کاٹ کر گوگل کی دھونی دے کر رکھ لے اب قرنفل و قاقلہ صغار پستان کے ہموزن لیں اور پستان کے ساتھ ان کو خوب باریک پیس کر حبوب بقدر نخود بنا کر دھوپ میں خشک کریں اور ولایتی روپیہ میں لت پت کر کے اپنے پاس رکھیں جس کو ایک گولی کھلا دیں گے تمام عمر مطیع ہو گا۔ اگر کسی شخص کو اس عمل کی صحت پر کامل یقین نہ ہو تو بیشک آزمائش کر سکتا ہے۔

حب

ایک عدد چھچھوندر مادہ کو بروز اتوار مار کر اسکا شکم چاک کر کے اس کی آلائش دور کریں اور اس کی جگہ بلی بوٹن بوٹی اس میں بھر دیں اور شکم کو سوئی سے سی دیں اور اس کو خشک کر لیں جب خشک ہو جاوے تو بروز اتوار ایک کورے چراغ میں روغن چمیلی ڈالیں اور چھچھوندر کو کپاس کی کوری روئی میں لپیٹ کر فلیتہ بنائیں اور فلیتہ کو جلا دیں اوپر کوئی شکستہ پاپوش رکھیں تاکہ کاجل اس میں لگا کرے جب تمام فلیتہ جل جائے تو کاجل کو پاپوش سے کھرچ لیں اور چمیلی کے تیل میں ملا کر رکھ لیں جس مرد یا عورت پر اس کاجل کو لگا دو گے اسی وقت ساتھ ہو لے۔ یہ عمل مصنف و مؤلف کتاب کا آزمودہ ہے۔

حب

یہ وہ عمل لکھ رہا ہوں جو کہ میرے استاد مرحوم حاجی خلیل الدین قریشی ہر سال تیار کیا کرتے تھے اور سینکڑوں بندگان خدا کو اس عمل سے فیض ہوا کرتا تھا میں نے بھی ایک سال اس کو تیار کیا تھا اور میں نے اس کو نہایت مجرب پایا آپ حضرات سے التماس ہے کہ اس کو ضرور بنائیں اور نتیجے سے ہمیں آگاہ کریں۔
واضح ہو کہ ہر سال بروز اتوار پکھ پچھتر ایک مرتبہ ضرور ہوتا ہے لہٰذا یہ عمل صرف سال میں ایک بار اتوار کی پکھ پچھتر میں کیا جا سکتا ہے اس دن بوم یا گھگو پرندے کو ساعت زہرہ میں ذبح کریں اور اس کے سینے کا گوشت نکال کر اس میں صندل سفید و زعفران ملا کر خوب اچھی طرح باریک پیس کر حبوب بقدر نخود بنا کر دھوپ میں خشک کریں اگر ایک گولی کسی شخص کو کسی چیز میں ملا کر کھلا دیں گے تو محبت میں دیوانہ ہو جائیگا۔ اس عمل میں کسی قسم کا شک نہیں ہے لہٰذا آزمائش شرط ہے۔

عداوت

سیاہ گربہ کے اگلے دو دانت اور سیاہ سگ کے اگلے دو دانت لیکر رکھیں اب جن دو اشخاص میں جدائی کرانا مقصود ہو ان دونوں کے جسم کا پہنا ہوا کپڑا لیکر اس میں دانت مذکور رکھ دیں اور قمر در عقرب میں ساعت مریخ میں کسی پرانی قبر میں دفن کر دیں ابھی ایک ہفتہ بھی نہ گزریگا کہ دونوں دوست ایک دوسرے کے خون کے پیاسے ہو جائیں گے آپ کو اس عمل میں شک محسوس ہو تو آپ اس کی آزمائش کریں اور پھر نتیجے سے ہمیں آگاہ کریں۔

عداوت

بروز اتوار کسی چھپکلی کی دم کاٹ لیں اور اس کو خوب اچھی طرح دھوپ میں خشک کر لیں پھر جن دو اشخاص میں جدائی مطلوب ہو تو دم کو خوب باریک پیس کر ایک ایک چاول دونوں کو کھلا دیں جدائی ہو جائیگی۔

عداوت

یہ عمل مجھے ایک بار آزمانے کا موقع ملا اور تجربہ کرنے پر نہایت مؤثر ثابت ہوا اس لیے آپ حضرات بھی اس کی آزمائش ضرور کریں۔

گربہ کے جسم کے بال اور موش کے بال دونوں تقریباً ایک ایک ماشہ لیکر دونوں کو یکجان کریں اور جن کے درمیان عداوت مطلوب ہو انکے جسم کا پہنا ہوا کپڑا حاصل کریں اور بالوں کو ان کپڑوں میں لپیٹ کر کسی پرانی قبر میں یا دونوں کی راہ گزر میں قمر در عقرب بروز منگل ساعت مریخ میں دفن کر دیں اور پھر تماشہ دیکھیں۔

گھر میں تفرقہ ڈالنا

بروز منگل قمر در عقرب میں بھیڑیے کے اگلے دانت اسی کی کھال میں لپیٹ کر کسی کے گھر میں ڈال دیں تو اس گھر میں تفرقہ پیدا ہو جائیگا اور اگر اس کو اس گھر سے نکال دیں تو اس گھر سے تفرقہ ختم ہو جائیگا۔ چند مرتبہ اس عمل کی آزمائش کی جا چکی ہے۔

گھر میں تفرقہ ڈالنا

چوہے کا خون اور گربہ کا خون ہموزن لیکر اس میں چوراہے کی مٹی خوب اچھی طرح ملا لیں اور قمر در عقرب ساعت مریخ بروز منگل جس گھر میں ڈال دیں اس گھر میں روزانہ فساد برپا رہیگا جب اس کو اس گھر سے نکال دیں گے تو اثر جاتا رہے گا۔ اس عمل کا بھی چند مرتبہ تجربہ ہو چکا ہے جو کامیاب ثابت ہوا۔

دشمن کے گھر میں شب و روز فساد برپا رہے

بروز منگل جب کبھی قمر در عقرب ہو تو اس دن ساعت مریخ میں یہ عمل کرنا چاہئے چنانچہ ایک عدد سگ کے نچلے جبڑے کے بائیں طرف کا نوک دار دانت ایک عدد گربہ کے نچلے جبڑے کے بائیں طرف کا نوکدار دانت اور خنزیر کا وہ دانت جو کہ باہر نکلا رہتا ہے بائیں طرف کا لیکر کسی نیلے کپڑے میں لپیٹ کر ساعت مریخ میں دشمن کے گھر میں دفن کر

دیں یا پھر گھر میں ایسی جگہ رکھیں جہاں سے کوئی شخص اسکو اٹھا کر پھینک نہ سکے۔ ایک ہفتہ کے اندر اس گھر کے لوگ آپس میں ایک دوسرے کے خون کے پیاسے ہو جائیں گے اور اس گھر کا سکون برباد ہو جائیگا۔ جب تک یہ دانت گھر میں رہیگا یہی تماشہ ہوتا رہے گا جب اس کو نکال کر عامل پانی میں پھینک دیگا اس کا اثر جاتا رہیگا اور دوبارہ وہ گھر خوشیوں کا گہوارہ بن جائیگا۔ نہایت خوذ ل عمل ہے لہٰذا آپ آزما سکتے ہیں انشاء اللہ بے خطا پائیں گے۔

دشمن بیمار ہو

سرخ گردن والے گدھ کو بروز شنبہ یا یکشنبہ کو مار کر سیاہ زمین کے کھیت میں جا کر گدھ کو پاؤں کے گھٹنے تک گاڑ دیں پھر سات طرح کے پیڑ کی لکڑی لا کر اس پر ڈال دے اور ایک کوری ڈبی لا کر اس گدھ پر لٹکا دے اور گدھ کے اوپر جو لکڑیاں ڈالی تھیں اسپر آگ لگا دو جب آگ ٹھنڈی ہو جائے گی تو کاجل ڈبیہ میں جمع ہو جائیگا اس کاجل کو کھرچ کر رکھ لیں اور پاؤں جو گھٹنے تک زمین دفن تھے اس کو گھٹنے سے دونوں کو کاٹ لیں۔ اب جس شخص کو معمولی سا کاجل اس کے جسم پر لگا دو گے وہ بیمار ہو جائے گا اور جب اس کو گدھ کا دونوں پاؤں پانی سے دھو کر پلا دو تو وہ صحت مند ہو جائیگا۔ اور اگر جس شخص کو کاجل لگایا ہو تو پاؤں دھو کر نہ پلائے تو اس پر کوئی علاج معالجہ ہرگز کارگر نہ ہو گا۔ نہایت اسراری عمل ہے اور آزمودہ ہے۔

دشمن کو پاگل کرنا

بیج دھتورہ سفید یا سیاہ' بیٹ کبوتر سیاہ' پوست گاؤ سیاہ' چوراہے کی مٹی' مسان کی راکھ ہڑتال ورقی' ان سب کو باریک پیس کر رکھ لیں اور جب منگل یا ہفتہ کو قمر در عقرب ہو تو اس سفوف کو دشمن کے سر پر ڈال دیں تو پاگل ہو جائیگا۔ یہ عمل سو فیصدی درست ہے جس میں شک کی قطعی گنجائش نہیں۔

☆☆☆

دشمن کو پاگل کرنا

یہ عمل انتہائی مؤثر و بے خطا ہے اس لیے آپ حضرات سے التماس ہے کہ اسکو ناجائز استعمال نہ کریں ورنہ روز محشر آپ کو خدا کے سامنے جواب دہ ہونا پڑیگا بروز ہفتہ یا منگل اس عمل کو اس طرح کریں کہ اگر آپ ہفتہ کو عمل کر رہے ہیں تو ساعت زحل لیں اور اگر منگل کو عمل کرنا ہے تو ساعت مریخ میں عمل کریں طریقہ یہ ہے کہ بوم پرندہ و قرد جانور کی ایک ایک رتی بیٹ حاصل کر کے مذکورہ ساعت میں دشمن کو کسی چیز میں ملا کر کھلا دیں انشاء اللہ دشمن دیوانہ ضرور ہو جائیگا۔ نہایت سریع التاثیر عمل ہے۔ بلکہ آزمودہ بھی ہے۔

دشمن پاگل ہو

سیاہ زاغ کا داہنا بازو کاٹ کر رکھیں اور گیدڑ کی دم جڑ سے کاٹ لیں یہ کام بروز اتوار کریں اور اسکو گوگل کی دھونی دیکر دشمن کی چارپائی کے نیچے رکھ دیں اگر زمین میں دفن کر دیں تو بھی کام ہو جائیگا لیکن جس جگہ شخص مذکور سوتا ہو اس جگہ دونوں چیزوں کو دفن کریں۔ اور یہ بات کسی دوسرے شخص کو نہ معلوم ہو۔

دشمن کو بخار چڑھانا

بروز اتوار جب شب پختر ہو اس دن اندرائن کی جڑ کھود کر نکالے اس میں زنجبیل' فلفل دراز، فلفل گرد ملاوے اب اس میں شیر گو سفند ملا کر دھوپ کی دھونی دیکر رکھے اب جس کو بخار چڑھانا مطلوب ہو تو اس سفوف کا ایک ماشہ سر پر ڈالے تو اس کو نہایت شدید بخار چڑھ جائیگا اور ہذیانی کیفیات رونما ہوں گی۔

دشمن کا پیشاب بند کرنا

دشمن نے جس جگہ پیشاب کیا ہو اس دن ایک مٹی کا کوزہ لیکر اس میں مٹی پیشاب کی جگہ کی ڈال کر اس میں ایک عدد عقرب سیاہ زندہ ڈال کر کوزہ کا منہ بند کر دیں اور کوزہ کو

اس جگہ رکھیں جہاں پر پیشاب کیا تھا چنانچہ اس عمل کے نتیجے میں مطلوبہ شخص کا پیشاب بند ہو جائیگا اور جب کھولنا ہو تو مٹی اور بچھو نکال کر پھینک دیں پیشاب کھل جائیگا۔ یاد رکھنا چاہیے کہ اس عمل سے آپ کا دشمن ہلاک ہو سکتا ہے لہٰذا دو یوم سے زیادہ پیشاب نہ بند کریں ورنہ ہلاکت کا خوف ہے۔

دشمن کے شکم میں دیوچہ پیدا کرنا

ایک عدد دیوچہ آبی زندہ حاصل کریں اور اس کو کسی چوڑے منہ کی شیشی میں ڈال دیں اور اس میں تھوڑا سا سیندور ڈال دیں تاکہ سیندور سے اس کا جسم سرخ ہو جائے اب شیشی کا منہ بند کر کے اتنے دن رکھ چھوڑیں کہ دیوچہ بالکل خشک ہو جائے تو اس کو سیندور کے ساتھ اتنا باریک پیسیں کے سرمہ کی طرح باریک ہو جائے اب تقریباً ایک رتی جس شخص کو کسی کھانے پینے کی چیز میں ملا کر کھلا دیں گے ایک ماہ بعد اس شخص کے شکم میں پچاسوں دیوچے پیدا ہو جائیں گے اور اس پر کوئی علاج کارگر نہ ہو گا مگر جب عامل چاہے گا تو فی الفور تمام دیوچے براستہ دہن انٹی سے خارج ہو جائیں گے واضح کرتا چلوں کے جب یہ کرم کسی شخص کے شکم میں پیدا ہو جاتے ہیں تو وقفے وقفے سے اس شخص کے شکم میں شدید درد اٹھتا ہے جس سے مریض دوہرا ہو جاتا ہے اور چند دن بعد جسم ہڈی کا پنجر ارہ جاتا ہے جب صحت مند کرنا مطلوب ہو تو شربت تمرھندی پلائیں یا جوشاندہ تمرھندی پلائیں اسی وقت مریض کو کئی شدید الٹیاں ہوں گی اور تمام دیوچے خارج ہو جائیں گے اور مریض صحت مند ہو جائیگا ناجائز کسی شخص کے لیے یہ عمل نہ کریں۔ کیونکہ یہ انتہائی خطرناک اور آزمودہ عمل ہے جو ہرگز خطا نہیں کرتا۔

دشمن کے گھر میں پتھر گرانا

بروز اتوار اس لکڑی کو لائے جس میں بزباگل ٹکی ہو اس لکڑی کا ایک ٹکڑا جس گھر میں ڈال دو گے اس گھر میں روزانہ پتھروں کی بارش ہونا شروع ہو جائے گی۔ اگر اس لکڑی کو اس گھر سے نکال دو گے تو پتھر گرنے بند ہو جائیں گے۔ اس عمل کے لئے بزباگل کبیر مراد ہے۔ ورنہ عمل غیر موثر ثابت ہو گا۔

خانہ خرابی دشمن

کمہار کے چک کی مٹی سات چوراہے کی مٹی سات پرانی قبروں کی مٹی مرگھٹ کی مٹی گدھا لوٹنے کی جگہ کی مٹی بھینسا بیٹھنے کی جگہ کی مٹی ویران مسجد کی مٹی ان ساتوں جگہ کی مٹی بروز منگل قمر در عقرب میں حاصل کرے اور دشمن کے گھر میں کچی جگہ پر پھینک دے تو وہ گھر بہت جلد تباہ و برباد ہو جائیگا لیکن ایسے اعمال سوائے اشد ضرورت کے نہ کرنا چاہئے کیونکہ ناجائز کرنے سے رجعت میں عامل مبتلا ہو سکتا ہے۔ اور گناہ گار الگ ہوگا۔

بربادی

استخوان شتر' استخوان خر' استخوان گاؤ سیاہ' ان تینوں جانوروں کے بائیں شانے کی ہڈی لیکر اپنے پاس رکھیں اور منگل ہفتہ یا اتوار کو جب قمر در عقرب ہو تو ان تینوں ہڈیوں کو باریک کوٹ پیس کر جس گھر میں یہ سفوف ڈال دیں گے وہ گھر ویران ہو جائیگا اور اس گھر کے لوگ طرح طرح کے مصائب میں الجھ جائیں گے۔

دشمن ہلاک ہو

بروز اتوار تانبے کی چار کیل لے ساتھ ہی تھوڑی سی شراب اور کچے چاول لیکر رکھے جس دن کوئی ہندو مرے تو اسکی میت جب جانے والی ہو تو نگاہ رکھے۔ جب میت گھر سے باہر نکلے اور لوگ ایک کورا گھڑا توڑیں گے تو اس کا ایک ٹکڑا اٹھالیں جب مردے کو مرگھٹ میں لوگ جلا کر واپس آجائیں تو آپ خود مرگھٹ جائیں اور ایک عدد کوئلہ مردے کی چتا پر سے کوری ٹھیکری سے اٹھالیں اب اس ٹھیکری پر چاول ڈالیں پھر شراب کا چھینٹا اس پر مارے جب سرد ہو تو کوئلہ اور ٹھیکری بحفاظت رکھے اور مرگھٹ کے چاروں طرف تانبے کی چاروں کیلوں کو گاڑ دے۔ اور بوقت ضرورت ٹھیکری پر کوئلہ سے کسی بھی دشمن کا نام لکھ کر آگ میں ڈالے تو وہ شخص ہلاک ہوگا جس کا نام ٹھیکری پر لکھا ہے اگر دشمن کو صحت مند کرنا مطلوب ہو تو ٹھیکری کو آگ سے نکال کر سرد کریں۔ نہایت مجرب عمل ہے مگر ناحق کسی کو نہ ستائیں۔

آباد گھر و دکان برباد ہو

بروز منگل جب بھی قمر در عقرب ہو اس دن مونگ کی دال اور چاول کی کھچڑی پکائیں اور دہی بھی اپنے پاس رکھیں اب دن کے ٹھیک بارہ بجے قبرستان جائیں اور اکیس قبروں پر کھچڑی اور دہی اس طرح رکھنا ہے کہ ایک قبر پر ایک لقمہ کھچڑی اور اتنی ہی مقدار میں دہی اسی ایک قبر پر رکھیں اور اس قبر سے تھوڑی سی مٹی اٹھالیں اور کسی ڈبے وغیرہ میں رکھ دیں اسی طرح سے اکیس قبروں پر کھچڑی اور دہی رکھتے جائیں اور مٹی اٹھا کر جمع کرتے جائیں جب آپ نے اکیس قبروں سے مٹی اٹھالی تو پھر قبرستان سے واپس آ جائیں لیکن پیچھے مڑ کر ہرگز نہ دیکھیں اور اس مٹی کو اپنے گھر سے باہر حفاظت سے رکھ دیں بوقت ضرورت جس گھر یا دکان میں اس مٹی کو ڈال دیں گے چند روز بعد وہ جگہ ویران ہو جائیگی اور اس جگہ کے لوگ مختلف قسم کی پریشانیوں کا شکار ہو جائیں گے اور کوئی بھی شخص اس جگہ پر نہ ٹھہر سکے گا۔ میرا تجربہ عمل ہے لہٰذا آپ بھی آزمائش کریں۔

دکان باندھنا

درخت بلادر کی لکڑی آٹھ انگل کی گھڑا پنجشنبہ میں لائے اور اس کو دکان کے دروازے کے سامنے گاڑ دے تو جس دکان کے سامنے اس لکڑی کو دفن کریں گے اس دکان پر ہرگز ایک بھی گاہک نہ آئے گا لہٰذا اس عمل کو سوائے اشد ضرورت کے استعمال نہ کریں کیونکہ یہ عمل ہمیشہ آزمائش پر پورا اترتا ہے۔

گوالے کا دودھ پھاڑنا

سینچر کے دن جہاں کوئی گھوڑا مرا ہوا پڑا ہو اور اس کا گوشت پوست سڑ کر صرف ہڈیوں کا ڈھانچہ ہو تو کسی ایک ہڈی کو دن کے ٹھیک بارہ بجے دعوت اس طرح دے کہ "اے ہڈی آج میں تجھے دعوت دینے کے لیے آیا ہوں کل میں اسی وقت تجھے اپنے کام کیلئے لینے آؤں گا تجھے میرا کام کرنا ہو گا" یہ الفاظ باآواز بلند کہہ کر واپس آ جاؤ دوسرے دن میں اسی وقت جا کر ہڈی کو اٹھالاؤ اور پیچھے مڑ کر نہ دیکھنا چنانچہ اس ہڈی کو جس دودھ کی

دکان یا گوالے کے گھر میں ڈال دو گے تو اس کا دودھ روزانہ پھٹ جایا کریگا جب اس ہڈی کو دکان یا گھر سے نکال دو گے تو دودھ پھٹنا بند ہو جایا کریگا۔

گوالے کا دودھ پھاڑنا

انورادھا نچھتر میں جامن کی آٹھ انگل کی لکڑی لے آئے اور اس لکڑی کو گوالے کی دکان یا گھر میں گاڑ دے تو روزانہ دودھ پھٹ جایا کریگا جب اس لکڑی کو نکال دے گا تو اثر باطل ہو جائیگا۔ اس عمل سے گوالے کی دکان تباہ و برباد بھی ہو جاتی ہے۔

تنبولی کے پان خراب کرنا

ست بھشیا نچھتر میں چھالیہ کے درخت کی لکڑی لا کر نو انگلی کیل بنا کر دروازے کے سامنے گاڑ دے تو تنبولی کے تمام پان ضرور گل سڑ جائیں گے اور جب دروازے کے سامنے سے لکڑی نکال دیں تو اثرات ختم ہو جائیں گے۔

شراب بنانے والے کا شراب خراب کرنا

کرتکا نچھتر میں بیخ آک سولہ انگل کی لائے اور اس کو کلاں کے گھر میں گاڑ دے تو تمام شراب خراب ہو جائیگی۔ جب اس کو گھر سے نکال دو گے تو اثرات ختم ہو جائیں گے۔ میرے چند احباب اس عمل کی صداقت کا امتحان لے چکے ہیں جو کامیاب بھی ہو چکے ہیں۔

عقد النوم

ابابیل پرندے کو ذبح کریں اور یہ کام بروز اتوار کریں پھر اس کی دونوں آنکھیں نکال لیں اور جس شخص کا خواب بند کرنا ہو تو ان دونوں آنکھوں کو کسی نیلے رنگ کے کپڑے میں لپیٹ کر اس شخص کی چارپائی کے سرہانے باندھیں اور اس بات کی کسی کو خبر تک نہ ہو خواب بستہ ہو جائے گا۔ جب چارپائی سے کھول دیں تو اثر باطل ہو گا۔

☆☆☆

عقد النوم

ابابیل کو ذبح کر کے اسکا گوشت خشک کریں پھر تخم جرجیر گوشت کے ہموزن لیں اور روغن ز س خالص چودہ ماشہ لیکر تینوں دواوں کو خوب باریک پیس کر یکجان کریں پھر اسکو کسی روغنی ہانڈی میں بند کر کے سات دن تک رکھ دیں بعدہ جس شخص کو یہ معجون کھلا دیں گے اس کو تاحیات نیند نہ آئیگی اور چند دن کے بعد اس شخص کو کوئی قسم کا دماغی عارضہ ہو جائیگا اور وہ ہلاک ہو جائیگا ناجائز کسی شخص کو آپ حضرات اس عمل سے نقصان نہ پہنچائیے گا کیونکہ روز محشر اللہ تعالیٰ کے سامنے آپ کو جواب دہ ہونا پڑیگا میں نے اس عمل کو اشاعت فن ہی کی خاطر تحریر کیا ہے نا کہ اللہ کی مخلوق کو نقصان پہنچانے کے لیے مصنف و مئولف کتاب نے اس عمل کو تحریر کیا ہے۔

عقد النوم

چاند کی چودھویں رات کو کیکڑے کی دونوں آنکھیں نکال لیں اور اس کو کسی نیلے رنگ کے کپڑے میں تعویز کی طرح باندھ کر جس شخص کے گلے یا بازو پر باندھ دیں گے اس شخص کا خواب بستہ ہو گا جب اس کو کھول کر جسم سے علیحدہ کریں گے تو اس تعویز کا اثر باطل ہو گا۔ بہت بار کا آزمودہ عمل ہے۔

مرد کی شہوت بستہ کرنا

ایک عدد گلہری کو ہلاک کریں اور اس کی کھال اتار کر رکھ لیں جس شخص کی شہوت بستہ کرنی ہو اس شخص نے جس جگہ مٹی میں پیشاب کیا ہو وہ مٹی کھال مذکور میں بھر کر اس پر کچا سوت لپیٹ دیں اور اس شخص کی گزرگاہ میں دفن کر دیں شہوت بستہ ہو گی جب کھولنا ہو زمین سے کھود کر نکال کر کھال سے مٹی نکال کر پھینک دیں اور کھال کو دریا یا سمندر میں ڈال دیں۔ کشادہ ہو گا۔ یہ عمل انتہائی زود اثر ہے لہٰذا کوئی صاحب ناجائز استعمال نہ کریں۔ ورنہ سخت گناہ ہو گا۔

عورت کی شہوت بستہ کرنا

ابابیل کا خون کسی کھانے پینے کی چیز میں ملا کر عورت کو کھلا دیں تو اس عورت کی شہوت بستہ ہو جائیگی۔ اگر گیدڑ کے پیشاب میں ثابت مالکنگنی ایک ہفتہ تک بھگو کر رکھیں بعدہ اس کو دھوپ میں بالکل خشک کر لیں پھر جس عورت کو باندھنا ہو اس کو روزانہ ایک دانہ مالکنگنی مذکور تین دن تک کھلا دیں شہوت بستہ ہوگی اور کوئی شخص اس پر قادر نہ ہو سکے گا۔ نہایت مجرب عمل ہے۔

بے شرم عورت کو شرم دار بنانا

اگر کوئی عورت نہایت بے شرم ہو اور تمام گھروباہر کے افراد اس کی حرکات وسکنات سے عاجز ہوں تو یہ عمل نہایت زود اثر ثابت ہوگا۔
بروز نوچندی شنبہ سورج نکلنے سے قبل آپ ،جونتی کے پودے کے پاس جائیں اور یہ الفاظ کہیں "اے لاجونتی میں آج تجھے دعوت دینے آیا ہوں کل میں اسی وقت تمہیں لینے آؤں گا اور تمہیں میرا کام کرنا ہوگا ورنہ میں قیامت کے دن دامن گیر ہونگا۔" دوسرے دن نوچندی اتوار کو سورج نکلنے سے قبل اس پودے کے پاس جا کر جڑ سے اکھاڑ کر گھر واپس آجاؤ۔ اب اس پودے کی جڑ کو جس بے شرم عورت کو کھلا دو گے نہایت شرم وحیا والی ہو جائیگی۔ اگر کسی کو اس عمل کی صداقت پر یقین نہ ہو تو وہ اس کی آزمائش کر سکتا ہے۔

رشتہ لڑکیوں اور لڑکوں کا

فی زمانہ خصوصیت سے لڑکیوں کے رشتے کا مسئلہ بڑا اہم ہے اکثر لڑکیوں کی عمریں بہت زیادہ ہو جاتی ہیں لیکن ان کا کوئی مناسب شادی کے لیے رشتہ نہیں آتا جس کی وجہ سے والدین کا سکون برباد ہو کر رہ جاتا ہے۔ شادی وقت پر نہ ہونے کا ایک سبب یہ بھی ہے کہ لڑکی کے والدین کی کوشش یہ ہوتی ہے ۔ ۔ ۔ اپنی بیٹی کو اعلیٰ سے اعلیٰ تعلیم دلائیں۔ اسی وجہ سے لڑکیوں کی عمریں بہت زیادہ ہو جاتی ہیں ۔۔۔ نیز سحر و آسیب بھی ایک سبب

ہو سکتا ہے گردش سیارگان کی وجہ سے سیاروں کے نحس شعاع پڑنے سے بھی رشتے میں روکاوٹ ہوتی ہے۔

مندرجہ بالا جو اسباب میں نے بیان کیے ہیں ان تمام اسباب کے تدارک کے لیے میں یہ طلسمی عمل درج کر رہا ہوں گو کہ محنت طلب ضرور ہے لیکن ناممکن نہیں گربہ سیاہ کی آنول حاصل کر کے اس کو دھو کر پاک صاف کریں اور پھر اس کو دھوپ میں خشک کریں بعدہ بروز جمعہ ساعت اول میں بخور زہرہ یعنی زعفران کو روشن کریں اور اس کی دھونی آنول کو دے کر ایک چاندی کے تعویز میں بند کر کے لڑکی کے گلے میں ڈالے اس تعویز کے گلے میں ڈالنے سے لڑکی ہر دلعزیز ہو گی اور بحکم پاک پروردگار اس لڑکی کا کوئی مناسب رشتہ جلد از جلد مل جائیگا۔ یاد رہے کہ اس طلسم کو جب آپ تیار کریں تو زہرہ رجعت و نحوست سے پاک ہو ورنہ عمل کی تاثیر بہت کم ہو جائیگی۔

مقدمہ میں فتح حاصل ہو

گزشتہ اوراق میں میں نے گربہ سیاہ کی آنول حاصل کرنے کا طریقہ درج کر دیا ہے۔ یہاں پر ایک نہایت آزمودہ و مجرب عمل درج کر رہا ہوں ممکن نہیں کہ یہ عمل کسی بھی صورت میں خطا کر جائے۔

گربہ سیاہ کی ایک عدد آنول حاصل کر کے اس کو پانی سے خوب اچھی طرح دھوئیں اور دھوپ میں خشک کر کے اس کو وبان کی دھونی دے کر چاندی کے تعویز میں بند کر کے رکھلیں اب جس دن عدالت میں مقدمہ کی تاریخ پڑی ہو اس تعویز کو لے کر عدالت چلا جائے انشاء اللہ تعالیٰ جج یا مجسٹریٹ آپ کے حق میں فیصلہ دے گا' چاہے قتل کا مقدمہ کیوں نہ ہو کئی مرتبہ کا آزمودہ ہے۔

شیر کا شکار کرنا

ایک بہت پرانی مصری کتاب میں میں نے یہ عمل دیکھا تھا مصنف کتاب نے یہ عمل اپنا مجرب بتایا تھا۔ خوک کے کھر لے کر اس میں سڑاند پیدا کریں جب بالکل سڑ جائے اور اس میں بدبو پیدا ہو جائے تو مگرمچھ کی چربی لے کر سڑے ہوئے کھر میں ملائیں بعدہ جب بھی کسی

شیر کو قابو کرنا ہو تو مندرجہ بالا مرہم کو اپنی پیشانی پر خوب اچھی طرح لگا کر شیر کے سامنے جائیں چنانچہ شیر جیسے ہی عامل کو دیکھے گا بے حس و حرکت ہو جائے گا اور اسکی تمام قوت باطل ہو جائے گی عامل اس کو باآسانی پکڑ لے ہرگز گزند نہ پہنچائے گا حتی کہ آپ اس کو پنجرے میں بند کر دیں عجیب و غریب عمل ہے۔

پرندے پکڑنے کی ترکیب

حلتیت اتولہ خالص لے کر اس کو پانی میں حل کریں جب یہ خوب اچھی طرح حل ہو جاوے تو اس پانی میں گندم' باجرہ' چاول یا کوئی بھی اناج کے دانے بھگو دیں اور ان دانوں کو اس پانی میں چوبیس گھنٹے بھگو کر رکھ دیں بعدہ پانی سے نکال کر ان دانوں کو دھوپ میں خشک کر لیں اب ان دانوں کو زمین میں بکھیر دیں تو جو بھی کوئی پرندہ دانے کو چکھے گا فی الفور بے ہوش ہو جائے گا آپ اس کو فوراً پکڑ لیں اور پانی میں چند غوطے دیں تو ہوش میں آجائے گا یہ آزمودہ ہے۔

مچھلیوں کا شکار کرنا

کلونجی کے پودے پر مچھلی عاشق ہوتی ہے لہذا اس کا پودا جال میں باندھ کر دریا یا سمندر میں ڈال دیں تو تمام مچھلیاں جال میں آکر پھنس جائیں گی اگر کلونجی کا پودا نہ ملے تو جاؤ شیر مغز گوسفند' آرد باقلا' ان تمام چیزوں کو ہموزن لے لیں اور خوب اچھی طرح یکجان کریں اور اس سے جال کو چپڑ دیں اور جال پانی میں پھینک دیں تو تمام مچھلیاں جال میں بھر جائیں گی اگر اسی مرکب کو مچھلی کے کانٹے میں لگا کر ڈوری سے باندھ کر پانی میں پھینک دیں تو بہت تیزی سے کانٹے میں مچھلیاں پھنسنا شروع ہو جائیں گی۔

اونگا کے پودے کو سدہ کرنا اور اس کے فوائد

شنبہ کی شام کو جنگل میں اونگا کے پودے کے پاس جاوے اور اس کے سات عدد پتے کو توڑ لے اور ان ساتوں کو آپس میں بن کر پودے کے نیچے رکھ کر پودے کو گوگل کی دھونی دے کر دعوت اس طرح دے "میری دعوت قبول کیجے اور میرا کام سدہ کیجے گا اے

باری تعالٰی تیرے لیے ساری بڑائیاں ہیں " اتنا کہہ کر گھر آوے پیچھے مڑ کر ہرگز نہ دیکھے اب بروز یکشنبہ سورج نکلنے سے قبل دوسرے دن اسی پودے کے پاس برہنہ ہو کر جائے۔ اونگے کے پودے کو جڑ سے اکھاڑ لے اور کپڑے پہن کر گھر آجاوے پیچھے مڑ کر نہ دیکھے۔ گھر آکر اس پودے کو دھوپ کی دھونی دیں اور اس پر کسی مرد یا عورت کا سایہ نہ پڑنے دیں۔ یہی سدہ اونگے کا پودا ہے جس کے خواص لا متناہی ہیں۔

ناف ٹھکانے پر آئے

پشم پنجتر میں سونے کا ایک تعویز بناوے سدہ کیے ہوئے اونگے کی لکڑی کو نئے گول تعویز میں بند کر کے رکھے جس کی ناف اپنی جگہ سے ہٹ جاوے تو اس کی ناف پر اس تعویز کو باندھے ناف اپنی جگہ پر آجائے اگر کوڑی ہٹ جائے تو کوڑی پر باندھے تو کوڑی بھی اپنی جگہ پر آجائے گی۔

بچے سے جو بات معلوم کریں وہی بتائے

سدھ کیے ہوئے اونگے کی ایک چھوٹی سی لکڑی لے کر اس پر روئی اچھی طرح لپیٹ کر ایک فلیتہ بناوے اور اس فلیتہ کو مٹی کے کورے دیئے میں ڈال کر اس میں روغن چمیلی ڈال دیں اور ایک نابالغ بچے کو نہلا دھلا کر صاف ستھرا لباس پہنائیں اور اس کے جسم میں خوشبو لگائیں اور ایک پاک صاف کمرے میں سفید چادر بچھا کر قدرے گلاب کے تازہ پھول چراغ کے گرد رکھ دیں اور چراغ کے فلیتے کو روشن کر دیں اور بچے سے کہیں کہ وہ چراغ کی لو پر برابر نگاہ رکھے۔ چند لمحہ بعد فلیتہ کی لو میں ایک بزرگ ہستی بچے کو نظر آئے گی ایسے وقت پر بچہ اس بزرگ ہستی کو سلام کرے اور عامل کا بھی سلام پیش کرے۔ اس کے بعد جو بات عامل معلوم کرنا چاہے اس بزرگ سے معلوم کر سکتا ہے۔ ہر سوال کا جواب مکمل اور حتمی ملے گا جب عامل اپنا سوال جواب اس بزرگ سے کر لے تو شکریہ کے ساتھ اس کو رخصت کرے اور چراغ کو بجھا کر رکھ دے کیونکہ یہ آئندہ بھی کام آئے گا۔

حضرات میں نے یہ حاضرات جو لکھی ہے انتہائی بے خطا ہے اور صدری راز ہے۔ اگر یہ حاضرات نہ ہو تو مصنف و مؤلف آپ لوگوں کو منہ مانگا انعام دے گا۔ اس لیے پچ

اور جھوٹ کی حقیقت کو پانے کے لیے اس کی آزمائش آپ ضرور کریں۔ میں پورے پاکستان کے عاملوں کو چیلنج کرتا ہوں کہ اگر ان کے پاس اس سے آسان اور بے خطا حاضرات ہو تو وہ عوام الناس کے سامنے پیش کریں اور میں فیصلہ عوام پر چھوڑتا ہوں۔

بھوک نہیں لگے

...ا ونگا ایک چھٹانک لے کر اس کی کھیر شیر گاؤ کے ساتھ پکائیں اور گوگل کی دھونی ...ے ...ے کر گڑ اور چونا ملا کر یکجان کر کے ہانڈی کا منہ بند کر دیں تاکہ اس میں پانی اور ہوا قطعی نہ جا سکے اب اس ہانڈی کو پانی کے اندر ڈال کر رکھ دیں جتنے دن بعد نکال کر کھیر کھائیں گے اتنے دن تک بھوک قطعی نہ لگے گی اور نہ جسمانی طور پر کسی قسم کی کمزوری ہوگی یہ عمل میں نے رائی برابر بھی غلط نہیں لکھا ہے نہ میں نے اس میں کوئی نکتہ چھپایا ہے اگر یہ عمل آزمائش پر غلط ثابت ہو تو میری گردن قلم کر دیں میں اف تک نہ کروں گا۔ یہ عمل مجھے حضرت قلندر شاہ صاحب جیپوری کے ذریعے ملا ہے جو کہ نہایت کامل بزرگ اپنے وقت کے تھے انہوں نے برسا برس جنگلات میں سادھوں جوگیوں کے ساتھ گزارے تھے آپ کیمیا سیمیا ریمیا اور ھیمیا کے مالک تھے۔

بچھو کا زہر اتارنا

بچھو نے جس جگہ ڈنگ مارا ہو وہاں پر سدہ کیے ہوئے اونگے کے چند پتے پیس کر قدرے پانی ملا کر ڈنگ لگنے کی جگہ پر لگا دے فی الفور زہر ختم ہو گا اور چیختا چلاتا مریض سکون محسوس کرے گا۔ نہایت زود اثر عمل ہے آپ اس سے خود بھی فائدہ اٹھائیں اور مخلوق خدا کو بھی فائدہ پہنچائیں۔

انسان کی شکل گوسفند میں تبدیل کرنا

چتر دشی کرشن پچھ کی جب آئے تو سیاہ بکرے کا سر لے کر اس میں سیاہ مٹی کھیت کی بھر دے اور سفید یا سیاہ جوز ماثل کا تخم اس میں گاڑ دے اور گوسفند کے سر کو زمین میں دفن کر دے اور روزانہ اس پر پانی وغیرہ ڈالتا رہے جب جوز ماثل کا پودا اگ آئے تو نگاہ رکھے

جب اس پودے میں پھول نکل آویں تو ان پھولوں کا ہار بنادے اور یہ ہار جس شخص کے گلے میں ڈالیگا لوگوں کو اس شخص کی شکل گوسفند نظر آئے گی۔

انسان کی شکل بھینس میں تبدیل کرنا

جو بھینس اپنی طبعی موت یا کسی بیماری سے ہلاک ہو گئی ہو اس کو زمین میں دفن کر دیں اور اس کے سر میں سوراخ کر کے تخم قنب ڈال کر بو دے جب قنب کا پودا اگ آئے اور اس میں تخم نکل آئیں تو ان تخموں کو توڑ کر بحفاظت رکھ لیں اور جس شخص کے منہ میں ایک تخم رکھوا کر اسکا منہ بند کروائیں تو لوگوں کو اس شخص کی شکل بھینس جیسی نظر آئیگی۔

انسان کی شکل طاؤس میں تبدیل کرنا

کرشن پچھ کی چودھویں کو مور کو ذبح کرے اور اس کا سر لے کر اس میں مٹی بھرے اور اس میں سن کے تخم بو دے اور اس سر کو زمین میں دفن کر دے جب سن کا پودا نکل آوے اور اس میں سن کے تخم پک جائیں تو ان تخموں کو لے کر اس کا ایک ہار بنادے اور اس ہار کو جس کے گلے میں ڈالیں گے لوگوں کو اسکی شکل طاؤس جیسی نظر آئے گی۔

تسخیر حیوانات

بروز اتوار پکھ پنجتر میں گربہ سیاہ کی زبان کسی ویران جگہ پر دن یا رات کے بارہ بجے کاٹے لیکن سب سے پہلے گربہ کو ذبح کرے پھر اسکی زبان جڑ سے کاٹ کر خشک کرے اور اس کو اپنی جوتی کے تلے میں رکھے چنانچہ عامل جب اس جوتی کو پہن کر کسی جانور کے سامنے جائے گا تو وہ جانور عامل کے مطیع ہو گا حتیٰ کہ عامل اگر اس کو آواز دے کر بلائے گا تو وہ عامل کے پاس فوراً آئے گا اور کوئی درندہ عامل کو کوئی گزند نہ پہنچائے گا چاہے عامل جنگل بیابان میں چلا جائے۔

☆☆☆

قفل کھولنا

بروز اتوار زاغ سیاہ کا گھونسلا دن کے بارہ بجے برہنہ ہو کر در پر سے اتارے پھر اس کو گوگل کی دھونی دے کر مسان میں جائے اور گھونسلا ساتھ جائے اور اس کے تمام تنکوں وغیرہ کو جلا کر راکھ کرے اور راکھ کو اپنے پاس رکھ جب قفل کھولنا مقصود ہو تو راکھ کی ایک چٹکی تالے پر مارے فی الفور بغیر کنجی کے کھل ئے گا یہ ہندوؤں کے اوتاروں کے مجربات میں سے ہے چنانچہ شیو شنکر نے اس کو اپنے مجر میں لکھا ہے۔

گھر میں سانپ نہ آئے

اگر کسی علاقے میں سانپ بہت نکلتے ہوں اور آپ یہ چاہتے ہوں آپ کے گھر میں ایک بھی سانپ داخل نہ ہو تو اس کا آسان طریقہ یہ ہے کہ آپ اپنے گھر میں ایک عدد نیولا یا مور کو پال لیں۔ آپ کے گھر میں ہرگز کوئی سانپ نہ داخل ہو گا اگر کوئی سانپ موجود ہو گا تو وہ بھی بھاگ جائے گا۔

چھپکلی بھگانا

اگر کسی گھر میں بہت زیادہ چھپکلیاں پیدا ہو گئی ہوں تو اس کے لیے یت موثر طلسم ہے جو کہ میرا آزمودہ ہے۔ مرغی کے انڈے کا خول لے کر اس کو گھر کسی جگہ لٹکا دیں مگر خول میں زیادہ بڑا سوراخ نہ ہونا چاہئے۔ گھر میں جتنی بھی چھپکلیاں ہ گی چند روز میں بھاگ جائیں گی۔

گھر میں چوہے اور گھوس نہ آئیں

ایک عدد چوہا یا گھوس کو چوہے دانی کے پنجرے سے پکڑیں اور نیل کو پانی میں خوب گھول کر اس چوہے یا گھوس کو نیل کے پانی سے رنگ کر نیلا کر دیں اور رے میں بند کر دیں تو گھر سے سب چوہے اور گھوس اس نیلے چوہے کو دیکھ کر بھاگ جائیں گے۔

کھٹمل بھگانا

اگر کسی چارپائی یا تخت وغیرہ میں کھٹمل بہت زیادہ پیدا ہو گئے ہوں تو گندھک موصلی حسب ضرورت لے کر اس کا خوب باریک سفوف کریں اب کسی برتن وغیرہ میں ببول کے کوئلے جلا کر گندھک کا سفوف جلتے ہوئے کوئلوں پر ڈالیں اور جو دھواں نکلے اس کی دھونی چارپائی یا تخت وغیرہ میں کم از کم پندرہ منٹ دیں لیکن آپ خود اس کے دھوئیں سے بچیں کیونکہ آپ کو اگر دھواں لگے گا تو وقتی طور پر کھانسی شروع ہو جائے گی اگر کسی کمرے کی دیواروں یا سوراخوں میں کھٹملوں نے اپنا مسکن بنا رکھا ہو تو کمرے میں دھونی دے کر کمرے کو ایک گھنٹہ بند کر دیں تمام کھٹمل بالکل ختم ہو جائیں گے۔

مکھی بھگانا

جس جگہ گھریلو مکھیاں بہت زیادہ ہوں اور کسی بھی صورت میں ختم نہ ہوتی ہوں تو تخم نرگس، عاقر قرحا، گندھک موصلی، ان تینوں اجزاء کو برابر وزن لے کر ان کا سفوف بنائیں اور جس جگہ مکھیاں بیٹھتی ہوں وہاں پر سفوف چھڑک دیں تو وہاں سے مکھیاں بھاگ جائیں گی لیکن سفوف کم از کم ایک ہفتہ برابر چھڑکتے رہیں اور دن میں دوبار صبح شام چھڑکا کریں۔

پروانے شمع کے پاس نہ آئیں

فی زمانہ چراغ یا لالٹین بہت کم گھروں میں استعمال ہوتی ہے زیادہ تر بلب یا ٹیوب لائٹ گھروں میں یا کاروباری مراکز میں استعمال ہوتے ہیں لہٰذا یہ عمل میں تحریر کر رہا ہوں ہر قسم کی روشنی کے پاس سے کیڑے مکوڑے بھگانے کے لیے نہایت مجرب سفید یا سرخ پیاز لے کر اس کو چھیل کر اس میں بہت سے سوراخ کر دیں تاکہ پیاز کی خوشبو پیدا ہو اب اس پیاز کو کسی ڈوری کی مدد سے باندھ کر روشنی کی جگہ پر لگا دیں انشاء اللہ کوئی بھی کیڑا مکوڑا نزدیک نہ پھٹکے گا۔

پانی میں ڈوبے نہیں

چاہئے کہ ایک عدد دو منہ کا سانپ لائے اور اس کو بروز اتوار یا دیوالی کی رات کو ذبح کرنے اور اس کا خون جو نکلے اس میں سوتی کپڑا تر کر کے خشک کر کے رکھے اب اس کو موم جامہ میں بند کر کے منہ میں رکھ کر دریا یا سمندر وغیرہ میں چلا جائے تو پانی میں حامل نہ ڈوبے گا۔

اندھیری رات میں دیکھے

بروز اتوار نر مادہ مینڈک جب جفتی کرتے ہوں تو اس وقت ان کو مار کر لے آئے اور خشک کر لے اور خشک ہونے کے بعد ان کو جلا کر راکھ کر لے اور اس کو خوب باریک پیس کر سرمہ کی طرح کر لے اور اس سرمہ کو اندھیری رات میں لگا کر دیکھیں تو تمام اشیاء صاف اور واضح نظر آئیں گی۔

دسترخوان پر تمام لوگ ہنسیں

بروز اتوار بالکل سیاہ رنگ کا گدھا جس جگہ لوٹ رہا ہو وہاں کی تھوڑی سی مٹی اٹھا کر لے آئیں اب اس مٹی کو دسترخوان کے نیچے رکھ دیں اور اوپر کھانے پینے کی چیزیں رکھ کر لوگوں کو اس دسترخوان پر دعوت دیں تو جو بھی اس دسترخوان پر کھانے کے لیے بیٹھے گا اس کو اتنی ہنسی آئے گی کہ وہ کچھ کھا پی نہ سکے گا یہ عمل میں ایک بار تیار کر چکا ہوں۔ نہایت مجرب ہے۔

کھانا کھائے مگر پیٹ نہ بھرے

بروز ہفتہ بہڑہ کے درخت کو سورج نکلنے سے قبل دعوت اس طرح دے "میں آج تم کو دعوت دینے آیا ہوں کل میں تمہیں اپنے کام کے لئے لینے آؤں گا تمہیں میرا کام کرنا ہو گا" اب دوسرے دن سورج نکلنے سے قبل اس درخت کے پاس چلا جائے اور ایک پتا توڑ کر لے آئے اور اگر اس پتے کو اپنے پاؤں کے نیچے رکھ کر جتنا بھی کھانا کھائے پیٹ ہر

گزنہ بھرے گا اس عمل کو میرے کئی دوستوں نے آزمایا بھی ہے جو تجربہ پر صحیح ثابت ہوا۔

جو شخص عامل کو دیکھے قے کرے

بگلا پرندہ کی بیٹ اگر عامل اپنے ماتھے پر تلک کی طرح لگائے اور دسترخوان پر بیٹھے تو جو شخص بھی عامل پر نگاہ ڈالے ضرور قے کر دے گا یا اس کو ابکائی ضرور شروع ہو جائے گی۔ بہت مرتبہ اس عمل کی آزمائش کی گئی لیکن ہر بار کامیاب ہوئی۔

ہاتھ کی چیز کوئی نہ دیکھ سکے

میسل ایک تولہ اور ہڑتال ورقی ایک تولہ دونوں ہموزن لے کر ان کو خوب باریک پیس کر اس میں گائے کا گھی ملا کر اس کی گولی بنا کر مور کو روزانہ یہ گولی کھلا دے جب سات روز گزر جائیں تو مور کی بیٹ اکٹھی کر لیں اور اس بیٹ کو پانی کی مدد سے اپنے دونوں ہاتھوں پر مل کر جو بھی چیز ہاتھ میں لیں گے اس کو کوئی بھی نہ دیکھ سکے گا یہ عمل میرے استاد کا آزمودہ ہے۔

دو گھڑی میں درخت پر پھل پھول آئیں

جب کسی گدھی کا حمل کچا گر جائے تو گدھی کے بچے کو ذبح کر کے اس کا کبد حاصل کرے اور اس کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹ کر دھوپ میں خشک کر لیں اب فلفل سیاہ' فلفل دراز' زنجبیل' تینوں کو کبد کے برابر لے کر ان تمام اجزاء کو نہایت باریک پیس لیں اور اس کی حبوب بقدر نخود بنا لیں اب جب بھی آپ ان گولیوں کو کسی درخت پر پانی میں گھس کر ماریں گے تو دو گھڑی میں اس درخت پر پھول اور پھل آ جائے گا اس عمل کا مظاہرہ میں نے ہندوستان میں ایک سادھو سے دیکھا تھا۔

پانی کا گھڑا خالی ہو پھر بھرے

بروز سہ شنبہ ایک ہنس پرندے کو ہلاک کرے اور اس کی چونچ حاصل کرے اب کسی کنویں پر چلا جائے جہاں پر لوگ کنویں سے پانی بھرتے ہوں اس کنویں کے چاروں طرف

ایک گول حصار ہنس کی چونچ سے کھینچے اب جو شخص بھی کنویں سے پانی بھر کر واپس جائے گا اور حصار کی لکیر کو پھلانگے گا اس کے گھڑے سے پانی غائب ہو جائے گا اور گھڑا خالی ہو جائے گا جب وہ پانی بھرنے کے لیے دوبارہ کنویں پر آئے گا تو اس کا گھڑا خود بخود بھر جائے گا اور پھر جب دوبارہ واپس ہو کر گھر کی راہ لے گا تو حصار کے پھلانگتے ہی گھڑا خالی ہو جائے گا اور یہ تماشہ اس وقت تک ہوتا رہے گا جب تک عامل چونچ سے بنائی ہوئی لکیر کو اپنے ہاتھ سے ختم نہ کرے۔ بہت عجیب طلسم ہے۔

درخت کے پتے سب جھڑ جائیں

کتیا کی آنول کو سائے میں خشک کریں اور اس میں زنجبیل، فلفل سیاہ اور فلفل دراز تینوں ایک ایک تولا ملا کر چاروں اجزاء کو خوب باریک پیس کر رکھیں اور مہندی اور نیل قدرے ملا کر مندرجہ بالا اجزاء میں ملا کر پانی کی مدد سے اپنے بائیں ہاتھ میں مل کر درخت پر ہاتھ لگائیں تو اس درخت کے تمام پتے پھول اور پھل جھڑ جائیں گے۔

مچھلی پیدا کرنا

بیری کے درخت کا گوند ایک تولہ لے کر اس میں مچھلی کا انڈا ۱ تولہ یا ۲ تولہ ملا کر چکنی مٹی تھوڑی سی اس میں ملا کر رکھیں اب ایک برتن میں پانی ڈال کر اس میں مندرجہ بالا تینوں اجزاء ملا کر ایک گھڑی رکھ دیں اس کے بعد آپ دیکھیں گے کہ مچھلی کے بچے کثیر تعداد میں پانی میں نظر آئیں گے۔

دو چراغ آپس میں لڑیں

دو عدد مٹی کے چراغ لیں ایک میں بکرے کی چربی ڈالیں اور دوسرے میں بھیڑیے کی چربی ڈالیں اور دونوں چراغوں میں روئی کی بتی رکھ کر جلا دیں ایک چراغ کا رخ جنوب کی سمت کریں اور دوسرے کا شمال کی سمت کریں یہ دونوں چراغ ایک دوسرے کو بجھانے کی کوشش کرتے رہیں گے اور ایک دوسرے کے نزدیک آئیں گے عجیب و غریب شعبدہ ہے۔

بجھا ہوا چراغ بغیر آگ کے جلے

کسی جلتے ہوئے چراغ کو پھونک مار کر بجھا دیں اور گو گرد ہڑتال ورقی اور کافور سب ہموزن لے کر باریک پیس کر رکھیں اب اس سفوف کی ایک چٹکی چراغ پر ڈالیں فی الفور چراغ بغیر آگ کے دوبارہ روشن ہو جائے گا یہ میرا آزمودہ ہے۔

چھلنی سے پانی نہ گرے

گھیکوار کا گودا لے کر اس کو کچل کر پانی کی طرح کرے بعدہ اس پانی کو چھلنی کی جالی پر لیپ کر کے دھوپ میں رکھے تاکہ خشک ہو جائے اسی طرح تین بار گھیکوار کے گودے کا پانی لگا کر خشک کر لے بعدہ جب اس چھلنی میں آپ پانی بھریں گے تو پانی چھلنی سے نیچے نہ گرے گا اور چھلنی کی جالی ایسی محسوس ہو گی کہ آپ آرپار بخوبی دیکھ سکیں گے اور کسی شخص کو گھیکوار کے گودے کا پانی ہرگز نظر نہ آئے گا۔

دھوپ میں جوار بھنے

شیرزقوم حسب ضرورت صبح کے وقت درخت سے نکال لیں پھر اس میں جوار کے دانے ڈبو کر رکھ دیں چند یوم میں جب یہ دانے خشک ہو جائیں تو ان کو حفاظت سے رکھیں اب جب بھی اس کھیل کا تماشہ دکھانا مطلوب ہو تو جوار کے تخموں کو دھوپ میں رکھ دیں تھوڑی دیر میں یہ دانے خوب اچھی طرح بھن جائیں گے لیکن ان تخموں کو ہرگز نہ کھائیں کیونکہ اس میں شیرزقوم ملا ہوا ہے جو کہ سم قاتل چوتھے درجے میں ہے آدمی اس سے ہلاک ہو سکتا ہے۔

آم کا پیڑ ایک گھڑی میں اگے

شیرزقوم حسب ضرورت صبح کے وقت درخت سے نکال لیں اور اس میں آم کی گٹھلی بھگو دیں جب یہ خشک ہو جاوے تو پھر نئے اور تازہ شیرزقوم میں اس گٹھلی کو تر کر کے رکھیں اس طرح کل اکیس پٹ دیں اب اس گٹھلی کو لے کر کسی گیلی مٹی میں دبا دے

تقریباً ایک گھنٹہ بعد آم کا ایک فٹ کا پودا نکل آئے گا اور اس میں پتے پھول پھل بھی اس وقت نکل آئیں گے لیکن پتے اور پھل کافی چھوٹے ہوں گے آزمودہ ہے۔

ہاتھ پر آگ اثر نہ کرے

مینڈک کی چربی نکال کر رکھ لیں اور جب آگ کا انگارا اٹھانا مقصود ہو تو چربی کو آگ پر گرم کر کے پگھلا لیں اب اس چربی کو اپنے دونوں ہاتھوں پر خشک ہونے تک لگائیں اور بے خوف و خطر ہو کر آگ کا انگارا اٹھائیں آپ ہرگز نہ جلائیں۔

سفید کبوتر کے انڈے پر جو لکھے ویسا ہی بچہ نکلے

سفید کبوتر کے انڈے کو لے کر اس پر آپ جو چاہیں تحریر کریں اور جب اس انڈے میں سے بچہ نکلے گا تو اس کے پروں کے اوپر وہی لکھا ہوگا جو آپ نے انڈے پر تحریر کیا تھا۔ روغن بلادر ایک تولہ لے کر ایک تولہ سرکہ میں ملا لیں اب ایک تولہ نوشادر ٹھیکری لے کر اس کو خوب باریک پیس کر مندرجہ بالا ادویات میں خوب اچھی طرح ملا لیں اب اس سیاہی سے انڈے پر لکھیں قلم سرکنڈے کا ہونا چاہیے۔

بچھو پیدا کرنا

بھینس کا گوبر لے کر اس پر بدھ کے دن شب ڈالے اور تھوڑی سی اس میں ملا کر ایک مٹی کے برتن میں اس کو ڈال کر اس پر ایک ململ کا کپڑا باندھ کر چالیس دن بند رکھیں اس کے بعد چالیس روز میں اس میں بہت زیادہ بچھو پیدا ہو جائیں گے یہ عمل میرا آزمودہ ہے تقریباً دس سال قبل یہ عمل کرنے کے بعد بے شمار تعداد میں بچھو پیدا ہوئے تھے لیکن ان میں زہر کم ہوتا ہے بہ نسبت اصلی بچھو کے اور ان بچھوؤں کا رنگ پیلا ہوتا ہے۔

شراب کا نشہ ختم کرنا

عرق مولی دس تولہ لے کر اس میں شب یمانی سفید تین ماشہ ملا کر شرابی کو پلا دیں تو فی

الفور شراب کا نشہ اتر جائے گا یہ عمل آزمودہ ہے آپ اس کا جب چاہیں تجربہ کریں اگر غلط ہو تو ہمیں بتائیں۔

چار ڈنڈے آپس میں لڑیں

بروز اتوار کاسنی بوٹی کی جڑ کھود کر نکال لائیں اور اس کو حفاظت سے رکھیں اب جب بھی کسی کو تماشہ دکھانا مقصود ہو تو چار عدد ڈنڈے لے کر ان کو الگ الگ چاروں طرف رکھ دیں اور بیچ میں جڑ رکھ دیں تو چاروں ڈنڈے آپس میں لڑنا شروع کر دیں گے یہ تماشہ اس وقت تک ہوتا رہے گا جب تک کہ کاسنی بوٹی کی جڑ بیچ میں رکھی ہو گی۔

ڈھول پھوٹے

بھیڑیے کی خشک کھال اپنے پاس بحفاظت رکھے اب جب بھی کسی جگہ ڈھول بج رہی ہو تو بھیڑیے کی کھال کو ڈھول بجنے کی جگہ پر جلا دے جب اس کا دھواں ڈھول کے پاس جائے گا تو ڈھول اسی وقت پھٹ جائے گی عجیب و غریب راز ہے۔

انسان کو زمین سے چپکا دینا

نوچندی ہفتہ کو سورج غروب ہونے کے بعد درخت املتاس کے پاس چلا جائے اور ایک چار سوت کا دھاگہ ہلدی میں رنگا ہوا اس کو درخت کے تنے میں باندھ کر یہ کہے کہ "میں کل صبح تمہیں لینے کے لیے آؤں گا اگر میرا کام نہیں ہوا تو قیامت کے دن تیرا دامن ہو گا اور میرا ہاتھ ہو گا" یہ کہہ کر گھر واپس آ جاؤ اور پیچھے مڑ کر نہ دیکھو اب اتوار کے دن سورج طلوع ہونے سے قبل اسی درخت کے پاس یہ چیزیں لے کر جائے چنے کی دال ایک تولہ چاول ایک تولہ کھوپرا ایک تولہ ہلدی کی گرہ ایک تولہ لیموں ۲ عدد، کافور ۲ ٹکیہ۔ اب آپ درخت کے تنے کے پاس بیٹھ جائیں اور منہ مشرق کی سمت کریں اور لیموں ایک عدد لے کر اس کے چار ٹکڑے کریں اور چاروں سمت میں رکھیں اس کے درمیان میں باقی چیزیں رکھیں اور صرف کافور جلا دے جب یہ جل کر ختم ہو جائے تو تمام بھینٹ کی چیزیں جو آپ نے رکھی ہیں ان کو وہیں رکھا رہنے دیں اور کھڑے ہو کر ایک عدد املتاس کی پھلی توڑ کر

واپس آ گئیں اگر آپ کو کہیں راستے میں کتے کتیا جفتی کرتے ہوئے چپکے ہوئے نظر آ گئیں تو اس چھلی کو درمیان میں اتنے زور سے ماریں کہ چھلی کے دو ٹکڑے ہو جائیں اب جو زمین پر ٹکڑا گرا ہے اس پر علیحدہ نشانی لگائیں اور جو آپ کے ہاتھ میں ہے اس کو علیحدہ رکھیں زمین والی کسی مرد یا عورت جو کہ زمین پر کسی چیز پر بیٹھا ہوا اس کو چھلی کا ٹکڑا مس کر دیں تو وہ ہرگز نہ اٹھ سکے گا اگر ہاتھ والی لگا دیں تو وہ اٹھ کھڑا ہو گا۔ اگر اس عمل کی زیادہ تفصیل درکار ہو تو مصنف کتاب سے بالمشافہ ملاقات کر کے معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

تسخیر گربہ کا حیرت انگیز عمل

میں نے اس کتاب میں کئی اعمال گربہ سے متعلق تحریر کئے ہیں کتاب لکھنے کے دوران میرے کئی احباب نے مجھ سے یہ سوال کیا کہ گربہ کو کس طرح قابو کیا جائے تاکہ مطلوبہ اعمال میں یہ استعمال میں لائی جا سکے لہٰذا اس عمل کو تحریر کرنے کا مقصد یہ ہے کہ آپ نہایت آسانی سے عمل کی قوت سے گربہ کو قابو کر سکتے ہیں یہ عمل میرا ایک بار کا نہیں بلکہ سینکڑوں مرتبہ کا آزمودہ ہے اگر یہ عمل خطا کر جائے تو مصنف و مؤلف کتاب آپ کو منہ مانگا انعام دے گا اس سے زیادہ میں اور کچھ آپ سے نہیں عرض کر سکتا۔

جب بھی آپکو کسی بھی رنگ کی گربہ قابو کرنا ہو تو آپ ایک کلو سنبل الطیب کسی عطار کی دکان سے خرید لیں اب ایک اتنا بڑا پنجرہ جو کہ جالی کا بنا ہوا ہو جس کے اندر بیس پچیس گربہ بخوبی آ سکیں اس میں سنبل الطیب کو بچھا دیں اور پنجرہ کا دروازہ کھول دیں تاکہ گربہ اس میں چلی جائے اس پنجرہ کو مکان کی چھت پر رکھنا چاہئے اور رات کو یہ عمل کریں اور آپ خود کسی جگہ چھپ کر بیٹھ جائیں چند گھنٹے بعد اس پنجرے کے گرد سینکڑوں گربہ جمع ہو جائیں گی اور پھر یہ پنجرے میں گھس کر سنبل الطیب کھانی شروع کر دیں گی جب آپ کی مطلوبہ رنگ کی گربہ پنجرے میں داخل ہو جائے تو آپ پنجرہ کا دروازہ بند کر کے گربہ کو آسانی سے پکڑ سکتے ہیں اس سے آسان عمل گربہ کی تسخیر کا ممکن نہیں ہے۔

بخور دافع البلیات

یہ عجیب و غریب بخور میرا مجرب و آزمودہ ہے اس بخور کو میں بہت سے لوگوں سے استعمال کرا

رہا ہوں لیکن آج تک اس نے کبھی کسی مریض پر خطا نہیں کیا لہٰذا جو لوگ اس کو استعمال کریں گے ہرگز خطا نہ کھائیں گے۔

اگر کسی مریض پر آسیب یا جنات وغیرہ کا اثر ہو تو بیوں کا کوئلہ جلا کر کسی برتن میں رکھ لیں اور بخور کی اتنی مقدار تھوڑا تھوڑا جلتے ہوئے کوئلوں پر ڈالیں جب دھواں پیدا ہو تو مریض کو دھونی دینا شروع کر دیں چند لمحوں میں آسیب دفع ہو گا۔ اگر مریض پر بہت پرانا آسیب مسلط ہو تو چند دن تک روزانہ صبح و شام بخور کی دھونی دیتے رہیں ان شاء اللہ جلد ہی وہ آسیب یا جن مریض کی طرف دوبارہ رخ نہ کرے گا۔ اسی طرح اگر ارواح خبیثہ یا جنات کا قبضہ ہو تو چند روز اس بخور کی دھونی دیں دفع ہو گا۔

اگر کسی مریض پر تحریر سے اور جادو کسی مرد یا عورت پر ارواح خبیثہ کا تسلط قائم کیا ہو تو اس مریض پر بھی یہ بخور انتہائی موثر انداز سے اثر کرتا ہے اسی طرح کسی جگہ میں سحری اشیاء مدفون ہوں تو ان کے اثرات کو باطل کرنے کے لیے یہ ایک مجرب بخور ہے۔

وہاں نحوست زائل ہو کر ناگن اسپ کا اثر تمام شیاء کو الگ الگ باریک کریں اور پھر آپس میں مکس کر کے رکھ لیں ہر اتوار کا دن کر کے ناچاہتے ہیں کہ بخور کے کل پانچ اجزاء لکھے ہیں مگر پنساری کی دکان پر کی تھیلی سے دریافت کر کے با آسانی مل جاتی ہیں ناگن اسپ آپ کو تھوڑا سا کسی پنساری سے مل سکتے ہیں جو چھوٹے چھوٹے دانوں کی صورت میں ہوتے ہیں اور بعض نے ناگن کا تب بھی لکھا ہے ناگن اس بخور میں مطلوب ہیں۔

بخور بھوت وڈاکنی

یہ بخور جسے میں نے خاص طور پر تیار کیا ہے کسی بھی مریض پر چڑیل کا اثر ہو یا کوئی بد روح یا جن ہو یا جادو کا اثر ہو تو اس بخور کی دھونی دینے سے انشاء اللہ دفع ہو گی۔ نہایت مجرب و آزمودہ بخور ہے۔

بخور بھوت پریت

گھگو پرندہ جو کہ مثل بوم ہوتا ہے اس کو پکڑ کر ذبح کریں اور اسکی پوست و شحم حاصل کر کے رکھ لیں اور خوب اچھی طرح دونوں اشیاء کو ملا کر رکھیں جب کسی مریض پر بھوت پریت آئے تو اس کی دھونی مریض کو دیں بفضلہ تعالیٰ فی الفور بھوت پریت دفع ہو جائیں گے آزما سکتے ہیں۔

بھوت پریت اتارنا

ثوم کو چھیل کر اس کا عرق ایک تولہ نکالیں اور اس میں حلتیت مصفی ماشہ ملائیں اور خوب کھرل کریں تاکہ یہ مثل مکھن ہو جائے اب جس مریض پر جن بھوت کا اثر ہو اس دوا کو مریض کی دونوں آنکھوں میں ایک ایک سلائی ڈالیں فی الفور جن بھوت دفع ہو جائے گا چاہے کتنا بھی زبردست کیوں نہ ہو اور تمام روحانی عملیات اس پر ناکارہ ہو گئے ہوں اس طلسمی عمل کی طاقت کا آپ اندازہ اس وقت کر سکیں گے جب آپ اس کی آزمائش کریں گے قبل از وقت تعریف فضول ہے۔ جاننا چاہئے کہ جب یہ تیار ہو جائے تو کپڑے سے چھان لینا چاہئے تاکہ آنکھوں کو نقصان نہ پہنچائے۔

دافع السحر

دورِ حاضر میں سحر وجادو کے ذریعے تکالیف پہنچانا خبیث صفت عاملوں اور دلوں کا ایک محبوب مشغلہ بن گیا ہے اکثر سائل حضرات میرے پاس آتے ہیں اور اپنی تکالیف بیان کرتے ہیں کہ "میں نے بہت سے حکیموں اور ڈاکٹروں سے علاج کرایا ہے لیکن فائدہ قطعی نہیں ہوتا" جب میں روحانی طریقے سے تشخیص کرتا ہوں تو معلوم ہوتا ہے کہ مریض سحر وجادو کے زیر اثر ہے چنانچہ جب میں ان کا روحانی طریقے سے علاج کرتا ہوں تو حیرت انگیز طور پر چند دن میں مریض صحت یاب ہو جاتا ہے میرے حلقہ احباب کے کافی لوگ مجھ سے بار بار اصرار کر چکے ہیں کہ سحر جادو اور آسیب کے علاج کے لیے ایک علیحدہ کتاب لکھوں چنانچہ مستقبل قریب میں، میں اس موضوع پر کتاب جلد تحریر کر کے شائع کروں گا۔

آج میں جو عمل اس کتاب میں پیش کر رہا ہوں یہ میرے اور میرے شاگردوں کے معمولات میں سے ہے لہٰذا آپ اس سے خود بھی فائدہ اٹھائیں اور بندگان خدا کو بھی فیض پہنچائیں۔

ایک بوتل حقے کا پانی حاصل کریں اور اس کو صبح شام سحر زدہ مریض کو پلائیں حقہ پینے کے بعد جب حقہ سرد ہو جائے تو اس پانی کو لینا چاہئے۔ اور ایک بوتل پانی موچی کے بھگیے ہوئے چمڑے کا لینا چاہئے اس پانی سے مریض کو کم از کم ایک بار دن میں ضرور غسل کرائیں اور مریض کے مکان کے چاروں طرف چھڑکاؤ کیا کریں چالیس یوم استعمال کے بعد سخت ترین سحر کا اثر باطل ہو گا گو کہ یہ عمل ایک معمولی سا نظر آتا ہے لیکن جب آپ اس کو استعمال کریں گے تو اس کے طلسمی اثرات کے قائل ضرور ہو جائیں گے۔

تعویذ آسیب زدہ مریض کا

برگ تلسی ۸ عدد، فلفل سیاہ ۸ عدد اور بیخ سمبھلی ان تینوں اجزاء کو بروز اتوار لاکر پارچہ سیاہ میں لپیٹ کر مریض کے گلے میں سیاہ ڈوری کی مدد سے ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ مریض بہت جلد صحت پائے گا۔ گو کہ یہ عمل ایک معمولی سا نظر آتا ہے لیکن جب آپ اس کو استعمال کریں گے تو اس کے طلسمی اثرات کے قائل ضرور ہو جائیں گے۔

ڈراؤنے خواب آنا بند ہوں

جس گھر کے تمام افراد ڈراؤنے خواب دیکھتے ہوں۔ اس گھر کی زمین کے اندر پوست خر سر دفن کر دیں تو برے خواب آنا بند ہوں گے اور تمام لوگ سکون سے سو سکیں گے۔ بارہا اس عمل کی آزمائش کی جا چکی ہے ہر مرتبہ کامیابی ہوئی۔

گنڈا یرقان

بیخ سکھیرا کی آدھ آدھ انچ کے اکیس عدد ٹکڑے کرلیں اب اکیس عدد کچا سوت کا ایک گنڈا بنائیں جس میں تمام ٹکڑے باندھیں اور ہر ٹکڑا تھوڑے تھوڑے فاصلے پر باندھیں اب اس کو یرقان کے مریض کے گلے میں پہنا دیں انشاء اللہ تعالیٰ چند یوم میں

یرقان کا نام ونشان نہ رہے گا اور حیرت انگیز طور پر روزانہ گنڈا بڑھتا رہے گا اور جیسے جیسے گنڈا بڑھے گا یرقان بھی کم ہوتا جائے گا ہاں ایک بات کا خیال رکھیں وہ یہ کہ بیج سکھیرا تازہ ہونا ضروری ہے سکھیرا بوٹی پاکستان کے تقریباً ہر شہر میں باآسانی مل جائے گی کسی حکیم سے معلوم کر لیں وہ آپ کو اس کی شناخت کرا دے گا مصنف کتاب بھی آپ کی سراپا خدمت کے لیے حاضر ہے۔

امساک

جب کبھی نر مادہ کتے کتیا جفتی کرتے ہوئے نظر آ ئیں اور دونوں چپکے ہوئے ہوں تو ایک وقت پر نر کتے کی دم جڑ سے کاٹ دیں اور اس دم کو لے کر زمین میں چالیس یوم تک دفن کر دیں دم کے اوپر نیچے نمک سنگ آدھا آدھا کلو رکھیں بعد چالیس یوم کے دم کو نکال لیں اور اس کو گرم پانی میں نمک ڈال کر خوب جوش دیں تاکہ ہڈی گوشت پوست سے علیحدہ ہو کر نکل آئے اب ان ہڈیوں کو صاف پانی سے خوب دھوئیں تاکہ بدبو ختم ہو جائے پھر اس کو دھوپ میں خشک کر لیں اور گوگل کی دھونی ان تمام ہڈیوں کو بروز اتوار دے کر کنواری لڑکی کے ہاتھ کا کاتا ہوا سوت کے چالیس تار لے کر ہار کی طرح اس میں باندھ دیں اور بوقت ضرورت کمر میں باندھ کر جماع کریں ہرگز ہرگز انزال نہ ہو گا جب کمر سے ہڈیوں کو جدا کریں گے انزال ہو گا۔

امساک

گھگو پرندہ کی زبان لے کر اس میں کوچن ایک رتی ملا دے اور ان دونوں کو خوب باریک پیس کر ان کی صرف ایک عدد گولی بنا دے اور گولی خشک کر کے ایک تانبے کے تعویذ میں بند کرے اب اگر اس تعویذ کو منہ میں رکھ کر جماع کریں تو بے انتہا امساک ہو گا۔

سفید بال سیاہ اور سیاہ بال سفید ہوں

دنیائے طلسمات میں ابابیل پرندے کا بڑا عمل دخل ہے۔ علماء نے اس پرندے کے

متعلق عجیب و غریب اعمال تحریر کئے ہیں۔ اس پرندے کا ذکر قرآن پاک کی سورہ فیل میں بھی اللہ رب العزت نے کیا ہے۔ جس طرح بوم پرندے کے تمام اعضاء مختلف اعمال میں کارآمد ہیں۔ اسی طرح ابابیل پرندے کے جسم کا ایک ایک اعضاء مختلف اعمال میں کارآمد ہے۔ حتیٰ کہ اس کی بیٹ بھی ایک کارآمد شے تسلیم کی گئی ہے۔ زیر نظر کتاب میں زیادہ تفصیل میں اس پرندے کے متعلق تحریر نہیں کر سکتا کیونکہ یہاں صفحہ قرطاس پر گنجائش نہیں ابابیل پرندے کی آپ بیٹ حاصل کریں اور اس کو خشک کریں بعد اس کو نہایت باریک پیس لیں پھر رات کو سوتے وقت تقریباً چھ ماشہ اس بیٹ کا سفوف لیکر اس میں قدرے آب ملائیں اور اس کو بالوں میں لگائیں اگر اس کو سفید بالوں میں لگائیں تو بال سیاہ ہو جائیں گے جبکہ سیاہ بالوں میں لگائیں گے تو بال سفید ہوں گے۔ لیکن کم از کم ایک ماہ تک روزانہ اس کو لگانا چاہئے اور روزانہ صبح کے وقت بالوں کو دھو ڈالنا چاہئے۔

سفید بال سیاہ ہوں

میرے ایک معزز کرم فرمانے آج سے کوئی دس سال قبل اس عمل کو مجھے بتایا تھا اور بقول ان کے یہ عمل بال سیاہ کرنے کے لیے اکسیر اعظم ہے۔

مرارہ ابابیل لے کر خشک کرلیں اس کے بعد اس کا سفوف بنائیں یہ سفوف دو ماشہ ہونا ضروری ہے اب اپنے منہ میں خالص شیر گاؤ بھر لیں اور اس سفوف کو ایک ماشہ داہنے نتھنے میں ناس لیں اور ایک ماشہ بائیں نتھنے میں ناس لیں اور سانس اتنی زور سے اندر کی طرف کھینچیں کہ سفوف مذکور دماغ تک پہنچ جائے چنانچہ جب دو ماشہ سفوف دماغ تک پہنچ جائے گا تو فی الفور تمام بال سیاہ ہو جائیں گے جب بال سیاہ ہو جائیں تو دودھ کو منہ سے نکال دیں اگر منہ میں دودھ نہ رکھ کر ناس لیں گے تو تمام دانت بھی بالکل سیاہ ہو جائیں گے۔

دانت کے کیڑے جھڑیں

ثمر گنڈیاری خورد ایک تولا لے کر اس کو کسی برتن میں رکھ کر اس پر ایک عدد جلتا ہوا کوئلہ رکھ دیں جب دھواں اٹھے تو اس پر حقے کی چلم اوندھا دے۔ تاکہ دھواں سوراخ کے

ذریعہ اوپر خارج ہو اب اس دھوئیں کی دھونی منہ کھول کر لیں فی الفور تمام کرم کر جائیں گے آزمودہ ہے۔

عقل و فہم بڑھے

کاتک یا ماگھ کے مہینے جس دن شکل پچھ چودس ہو اور ساتھ بست پنچھتر بھی ہو تو اس وقت سنکھاہولی بوٹی کو مع بیخ و برگ لا وے اور اس کی حبوب بقدر نخود بنائیں اور حبوب کو خشک کر کے رکھ لیں اب ماہ ساون میں اس گولی کو پانی کی مدد سے گھس کر آنکھ میں بطور سرمہ لگائیں اور پورے ماہ ساون یہ گولیاں روزانہ لگاتے رہیں تو عقل و فہم بہت بڑھ جائے گی۔

تسہیل ولادت

آئے دن یہ بات سننے میں آتی ہے کہ فلاں عورت بچے کی ولادت کے وقت انتقال کر گئی یا آپریشن سے بچے کی ولادت ہوتی ہے اس چیز کو مدنظر رکھتے ہوئے مصنف کتاب نے سوچا کہ کوئی آسان اور انتہائی موثر طلسمی عمل جو کہ صدری ہو کتاب ھذا میں لکھوں لہذا آج اس کتاب میں جو عمل میں پیش کر رہا ہوں انتہائی سریع التاثیر ہے آج تک یہ عمل کبھی بھی خطا نہیں ہوا۔

شہر کراچی اور پاکستان میں اونگا بوٹی ہر جگہ اور ہر موسم میں دستیاب ہو سکتا ہے آپ اس کی تازہ جڑ کو بروز اتوار نکال کر رکھ لیں لیکن جڑ کھودتے وقت اپنا سایہ ہرگز نہ پڑنے دیں ورنہ اثر زائل ہو جائے گا اس کی جڑ کے ٹکڑے تقریباً ایک ایک انچ کے کاٹ کر رکھ لیں اب جس عورت کو دردزہ ہو اور بچے کی ولادت کا وقت نزدیک ہو تو ایک ٹکڑا جڑ مذکور کا مریضہ کے زیر ناف یا بائیں ران میں بندھوا دیں انشاءاللہ چند منٹ میں ولادت ہو جائے گی جب بچہ تولد ہو جائے تو جڑ کو فوراً کھول کر نکال دیں ورنہ عورت کا رحم وغیرہ باہر آ جائے گا اس جڑ کے ٹکڑے کو کسی دریا نہر یا سمندر میں بعد میں ڈال دیں۔ اگر کسی عورت کے لیے ڈاکٹروں نے آپریشن ضروری قرار دیا ہو تو بھی یہ جڑ کارآمد ثابت ہوگی آپ بلا جھجک ایک بار اس کی آزمائش ضرور کریں اور پھر نتیجے سے ہمیں آگاہ کریں۔ جو

حضرات اونٹ کا پودا نہ پہچانتے ہوں وہ مصنف و مؤلف کتاب سے رابطہ قائم کر کے معلومات حاصل کر سکتے ہیں اور اگر چاہیں تو جڑ کا ٹکڑا بھی مصنف و مولف کتاب سے مل جائے گا۔

ملیریا بخار دفع ہو

فلفل سیاہ 1/2 ماشہ، ہلیلہ کابلی ایک ماشہ، حلتیت سیاہ ایک رتی ان تینوں چیزوں کو خوب باریک پیس کر قدرے آب ملاوے اور مریض کی دونوں آنکھوں میں ڈالے انشاء اللہ بہت جلد ملیریا بخار دفع ہو گا۔ چند مرتبہ کا آزمودہ ہے۔ آپ بھی آزما کر نتیجے سے ہمیں آگاہ کریں۔

چوتھیا بخار دفع ہو

موم کافور اور کافور کو لے کر پارچہ سیاہ میں لپیٹیں اور اس کو ایک مٹی کے چراغ میں ڈالیں چراغ میں روغن تلخ ہونا چاہئے اب فلیتہ کو جلا کر اوپر مٹی کا برتن رکھیں تاکہ کاجل کا دھواں اوپر برتن میں جا کر لگے اب اس کاجل کو نکال کر رکھ لیں اب جس مریض کو چوتھے روز بخار چڑھتا ہو اور کوئی دوا اس مریض پر کارگر ثابت نہ ہو رہی ہو تو اس کاجل کو مریض کی آنکھ میں لگوائیں تو بخار بہت جلد اتر جائے گا یہ نہایت مجرب عمل ہے۔

ایک دن میں بخار دفع ہو

اتوار کے دن سفید پھول کا ایک عدد دھتورا لاوے اور اس کو مریض کے دائیں ہاتھ میں بندھوائیں اور اگر عورت ہو تو اس کو بائیں ہاتھ میں دھتورا بندھوائیں بخار ایک دن میں ختم ہو جائے گا۔ نہایت کامیاب علاج ہے۔

(معصوم بچوں کے دانت سکھ سے نکلیں)

ایک عدد تخم سرس حاصل کریں اور اس کے درمیان سوراخ کر کے سیاہ رنگ کا دھاگہ ڈال کر بچے کے گلے میں ڈال دیں اب اس بچے کے دانت بلا تکلیف نکلیں گے انشاء

بچوں کو دانت نکلنے کے زمانے میں بخار اسہال اور چڑچڑاپن جیسی علامات پیدا ہو جاتی ہیں تخم سرس گلے میں لٹکنے کی شکل میں ڈالنے سے ہرگز یہ علامات پیدا نہیں ہوں گی۔ یہ میرا ہزاروں بار کا آزمودہ و مجرب ہے۔

پستہ قد بڑھیا کی روح کو اٹھانے اور معمول بنانے کا قاعدہ

جب کوئی پستہ قد ہندو بڑھیا بروز ہفتہ مر جائے تو اس جگہ جہاں کہ اس کے نہلانے کی گھڑیا یعنی گھڑا یا مٹکا توڑا جاوے لے کر رکھ لے اور آرد گندم اتنا لے کہ جس سے چار روٹی پک جاوے۔ لے کر شراب میں ملا کر نہلانے کے گھڑے یا ٹھیکرے پر ڈال کر رکھ چھوڑے کچھ دیر بعد اس شراب ملے ہوئے آرد گندم کا آٹا لے کر جنگل میں چلا جاوے اور جنگلی اوپلے بھی ساتھ لے جاوے اور ساتھ ہی گھڑا یا ٹھیکری بھی لے جاوے اور اوپلے جلا کر آرد کی چار روٹی گھڑے یا ٹھیکری پر پکاوے پھر گھر واپس آکر ان چاروں روٹیوں کو صاف کپڑے میں لپیٹ کر زمین کے اندر دبا دے اور رات کو وہیں بیٹھا ہوا انتظار کرتا رہے چنانچہ رات کے کسی پہر میں وہ پستہ قد بڑھیا کی روح حاضر ہو کر عامل سے وہ روٹی مانگے گی اور بہت منت اور خوشامد کرے گی تو اس کو زمین سے نکال کر آدھی روٹی دے دے وہ مزید روٹی مانگے گی مگر اس کو ہرگز نہ دے اور اس کو ٹال دے آخر کار وہ مجبور ہو کر چلی جائے گی دوسری رات پھر وہ آئے گی اور روٹی مانگے گی تو اس سے قول و قرار لے لے کہ جو کام کہوں کرنا اور جب بلاؤں حاضر ہونا اور اس سے بلانے کا طریقہ ضرور دریافت کر لینا چنانچہ جب وہ قول و قرار کر لے تو پھر اس کو باقی روٹیاں بھی دے دیں اب آپ کو جب بھی کوئی کام کرانے کے لیے اس کو بلانا ہو تو فوراً حاضر کر سکتے ہیں اور جو بات معلوم کریں گے فوراً کان میں کہہ دے گی اور ہر حکم فوراً پورا کرے گی۔

مقتول کی روح اٹھانے اور معمول بنانے کا قاعدہ

جب کوئی شخص چاقو، چھرا، تلوار، تیر یا بندوق سے فوراً مر جائے تو روئی یا سوتی کپڑے کو مقتول کے خون میں تر کر کے رکھ دو اور تیسرے دن اس روئی یا کپڑے کی بتی بنا کر مٹی کے چراغ میں گھی ڈال کر بوقت شب ٹھیک بارہ بجے اپنے سامنے ایک گلاس پانی

رکھ کر بتی کو چراغ میں ڈال کر کسی علیحدہ پر سکون کمرے میں جلاؤ تھوڑی دیر بعد مقتول کی روح موجود ہوگی اب آپ اس سے کہیں کہ میرا فلاں کام کر دو پھر میں تم کو اس گلاس کا پانی دوں گا چنانچہ روح فوراً عامل کی نظروں سے غائب ہو جائے گی اور تھوڑی دیر بعد حاضر ہو کر عامل سے پانی مانگے گی اس وقت عامل کو چاہئے کہ ایک ہاتھ سے گلاس کا پانی گرا دے اور دوسرے ہاتھ سے چراغ بجھا دے تو وہ روح غائب ہو جائے گی اسی طرح آپ جب چاہیں اس عمل سے کام لے سکتے ہیں مگر پانی کا گلاس ہرگز نہ دیں ورنہ پھر کبھی نہ آئے گی۔

اسرار عجیبہ

فری عملیات بک

Free Amliyaat Books

سرفراز شاہ

نمبر شمار	مضامین	صفحہ نمبر
1	حصار نواسیس۔	65
2	حفاظت۔	65
3	اہل مجلس کی نظر بند ہو۔	65
4	الوپ۔	67
5	الوپ تخم۔	67
6	الوپ بیخ۔	70
7	الوپ عقاقیر۔	71
8	لوپ پوست۔	72
9	الوپ عین۔	72
10	الوپ چشم	72
11	الوپ تاج واکلیل۔	72
12	الوپ چوٹی۔	73
13	الوپ دانت۔	74
14	الوپ نول۔	74
15	الوپ عظیم۔	74
16	الوپ تلک۔	75
17	الوپ انجن۔	76
18	الوپ بھسم۔	79
19	الوپ کنکر۔	79
20	الوپ تعویذ۔	80
21	جام جم یا جام جہاں نما۔	80
22	طلسمی حاضرات	83
23	حاضرات۔	84
24	روحانیات کی آواز سننا۔	85
25	نظارہ ارواح و فرشتگان	86
26	نظارہ جنات و روحانیات۔	86
27	نظارہ دیوی دیوتا۔	87
28	تلک نظارہ آسیب۔	87
29	کحل الجنات۔	87
30	مشاہدہ جنات۔	88
31	ڈاکن نظر آئے۔	88
32	ماضی حال اور مستقبل کی پیشگوئی۔	88
33	گزشتہ زمانے کے حالات دیکھنا۔	90
34	اگلے جنم کے حالات دیکھنا۔	90
35	مستقبل کے حالات معلوم کرنا۔	90
36	بخور دافع نحوست سبع سیارگان۔	91
37	بخور ارواح خبیثہ۔	92
38	بخور بھوت پریت۔	93
39	بخور آسیب۔	94
40	مہیشور بخور۔	94
41	ناسس دافع آسیب۔	95
42	ناسس جن بھوت۔	95
43	سرمہ برائے بندش آسیب۔	96
44	سرمہ دافع آسیب۔	96
45	جوشاندہ دفع آسیب۔	97
46	جنات سے محفوظ۔	97
47	شیاطین چوری نہ کریں	98
48	عامل کی ریاضت ختم کرنا۔	98
49	دافع السحر۔	99
50	سحر وجادو اثر نہ کرے۔	99

نمبر شمار	مضامین	صفحہ نمبر	نمبر شمار	مضامین	صفحہ نمبر
51	کجل الاعظم برائے دفینہ۔	100	76	جدائی۔	125
52	کجل العجائب۔	100	77	عداوت۔	125
53	دفینہ	101	78	بخور عداوت۔	127
54	گنجینہ خوراک۔	103	79	پتلا عداوت۔	128
55	خیر و برکت۔	104	80	تلک عداوت۔	128
56	تنگ دستی	105	8	میاں بیوی میں عداوت ہو۔	129
57	غنی ہونا۔	105	82	دو شخصوں میں عداوت ہو۔	.29
58	جیب میں ہمیشہ روپیہ رہے۔	105	83	تا حیات عداوت رہے۔	130
59	گھر میں خوشحالی رہے۔	105	84	محفل میں جھگڑا ہو۔	130
60	طلسمی لوح۔	106	85	ہلاکِ دشمن۔	131
61	حاجت پوری ہو۔	.07	86	دشمن دیوانہ ہو۔	13.
62	ہر دلعزیزی۔	109	87	مدہوش ہونا۔	132
63	تسخیر خلائق	109	88	بے ہوش ہونا۔	132
64	تسخیر عام۔	.10	89	پیٹ بند کرنا	132
65	ظالم حاکم مہربان۔	111	90	مغموم۔	.33
66	تسخیر مرداں۔	111	91	چوری کیا ہوا مال ملے۔	133
67	تسخیر زناں۔	112	92	عقد شہوت۔	133
68	تسخیر زن خود۔	114	93	عورت کی شہوت بستہ کرنا۔	134
69	عورت فریفتہ ہو۔	114	94	بے شرم مرد یا عورت شرمار ہوں۔	134
70	معشوق۔	115	95	مرد کی بستہ شہوت کشادہ ہو۔	134
71	حب۔	115	96	بانجھ کرنا۔	137
72	تلک حب۔	.23	97	حمل کبھی نہ قرار پائے۔	138
73	موہنی تلک۔	.23	98	ماکھین۔	138
74	دشمن کی زبان بند ہو۔	.24	99	حمل قرار پائے	139
75	فتح بر اعداء در میدان جنگ۔	125	100	اولاد نرینہ پیدا ہو۔	40

نمبر شمار	مضامین	صفحہ نمبر
101	تسہیل ولادت۔	141
102	دردِ زہ۔	141
103	مردہ بچہ باہر آجائے	141
104	خواب سچے نظر آئے	142
105	دل کی بات پوری ہو۔	142
106	راز معلوم کرنا۔	143
107	سوتا آدمی سوال کا جواب دے۔	143
108	سوتا آدمی نہ جاگے۔	144
109	پانی میں نہ ڈوبے۔	145
110	کشتی نہ ڈوبے	146
111	پانی پر چلنا۔	146
112	میلوں پیدل چلے مگر تھکے نہیں۔	147
113	چولہے پر کچھ نہ پکے۔	147
114	تسخیر حیوانات۔	149
115	گھوڑا دوڑ میں نہ ہارے۔	150
116	سانپ دفع ہوں	150
117	ٹڈی روک۔	150
118	کھٹمل بھگانا۔	151
119	بخور دافع مچھر	151
120	شراب کا نشہ چھڑانا	152
121	بڑھاپا نہ ہو	153
122	اندھیری رات میں دیکھنا۔	155
123	انسانی جسم آگ میں نہ جلے۔	156
124	گھر میں بچھو نظر آئیں۔	159
125	زمین یا چوکی پر آدمی چپکا دینا۔	160

نمبر شمار	مضامین	صفحہ نمبر
126	جنگلی جانور گزند نہ پہنچا سکیں۔	162
127	انسان کی شکل شیر میں بدلنا۔	163
128	مچھلی کا شکار آسان ہو۔	167
129	سبزی جلد گلانا۔	169
130	حشرات الارض کے طلسم خواص۔	171
131	قوت باہ و امساک۔	175
132	مرگی۔	177
133	ضیق النفس۔	181
134	شب کو نظر نہ آنا۔	181
135	بال دوبارہ نہ اگیں۔	182
136	درد رحم۔	183
137	مسان یا سوکھا پن۔	184
138	سوتا بچہ بستر پر پیشاب نہ کرے۔	184
139	دانت کا درد کافور ہو	185
140	دانت آسانی سے نکلیں۔	186
141	تسخیر مؤکل چراغ۔	186
142	تسخیر بوٹ۔	189

حصار نوامیس

میرے خیال میں نوامیس کے آپ حضرات نے لاکھوں اعمال مشاہدہ کئے ہونگے لیکن مجھے کامل یقین ہے کہ اسطرح کا حصار کا نوامیسی عمل آپکے مشاہدے میں نہ آیا ہوگا کیونکہ یہ حصار انتہائی خفیہ و اسرار نہانی سے ہے اور کمال درجہ سریع التاثیر ہے اور نوامیس کے ہر قسم کے اعمال کے لئے اس کو استعمال کیا جا سکتا ہے۔

آپ نوامیس کا جو بھی عمل کر رہے ہوں اسکا نام لیکر کہیں کہ "اے فلاں اگر تو اس حصار کے اندر آویگا تو اپنی ماں کی سیج پر پاؤں دھرے گا"۔ یہ کہہ کر اپنے گرد انگلی یا چھری سے دائرہ کھینچ لے۔

حفاظت

آپ حضرات سے التماس ہے کہ اس تنتر کو ضرور تیار کریں انشاء اللہ آپ اس کو بالکل بے خطا پائیں گے اور آپ ہر قسم کی ارضی و سماوی آفات سے مثل آسیب، سحر، جادو ٹونہ اور دشمنوں سے محفوظ رہیں گے۔ اس کا تیار کرنا کوئی مشکل کام نہیں۔ طریقہ یہ ہے کہ ایک عدد شکرہ پرندہ کو بروز نوچندی اتوار کو ہلاک کرکے اسکا دل نکال کر گوگل کی دھونی، پھر اس کو خشک کریں اور پارچہ میں لپیٹ کر اسکا تعویذ بنا کر اپنے بازو پر باندھ لیں۔ بحکم خدا ہر قسم کی بلیات سے محفوظ رہیں گے۔ جیسا لکھا ہے ویسا ہی ہوگا آزما سکتے ہیں۔

اہل مجلس کی نظر بند ہو

آپ اکثر شعبدہ گرمداریوں کو تماشہ دکھاتے ہوئے مشاہدہ کر چکے ہوں گے اور اکثر یہ حضرات عجیب و غریب کمالات دکھا کر حاضرین مجلس کو حیرت زدہ کر دیتے ہیں اور بہت سمجھدار لوگ بڑی آسانی سے یہ کہہ دیتے ہیں کہ یہ تو نظر بندی ہے لیکن میں آپ حضرات سے ایک سوال کرتا ہوں کہ کیا کسی کی نگاہ باندھ دینا کوئی آسان کام ہے؟ یقیناً یہ ایک مشکل کام ہے جب تک کہ آپ روحانی علوم کی سوجھ بوجھ نہ رکھتے ہوں اور کسی کامل استاد کے شاگرد نہ ہوں آپ ہرگز کسی کی نظر بندی نہیں کر سکتے۔

زیر نظر عمل نظر بندی کے لئے نہایت زود اثر ہے اور آپ اس کی طلسماتی قوت سے بہت آسانی سے لوگوں کو حیرت زدہ کر سکتے ہیں۔ سب سے بڑی خوبی اس عمل کی یہ ہے کہ یہ نہایت آسان ہے۔

طریقہ یہ ہے کہ بروز پیر بوقت نصف شب ایک عدد چوب کرنج لیکر مسان میں چلا جائے اور جس مقام پر کوئی مردہ جل رہا ہو وہاں پر چوب کرنج کو تقریباً ایک فٹ گہرا گڑھا کھود کر دفن کردے اور گھر واپس آجائے اور اگر کسی قسم کی پیچھے سے آواز آئے تو اسکی طرف کوئی توجہ نہ دے ورنہ خوف ہلاکت ہے۔ اب آپ گھر واپس آجائیں اور سو رہیں۔

بعدہ بروز بدھ مسان میں جاکر اس چوب کو اس وقت کھود کر نکال لائیں جس وقت آپ نے دفن کیا تھا خیال رہے کہ اس عمل کے دوران مختلف قسم کی خوفناک اشکال دکھائی دیں گی لہٰذا عامل کو چاہئے کہ ان ارواحوں سے قطعی خوف نہ کھائے اور خاموشی سے گھر واپس آجائے اور چوب کرنج کو حفاظت سے رکھ لے اب آپ نظر بندی کے عمل کے عامل ہیں۔ لہٰذا آپ جب بھی چاہیں لوگوں کی نگاہ باندھ سکتے ہیں جس کا طریقہ یہ ہے کہ آپ حاضرین مجلس کے باہر سے ایک گول دائرہ بنائیں اور اس دائرہ کے اندر تمام تماشائی بیٹھے رہیں خیال رہے کہ یہ دائرہ چوب کرنج کے کسی ایک سرے کی نوک سے زمین پر بنانا چاہئے اور حاضرین مجلس کے سامنے بھی فضا میں ایک مرتبہ چوب کو گردش دینا چاہئے۔ چنانچہ اس عمل کے نتیجے میں حاضرین مجلس کی نگاہ بند ہو جائے گی لیکن جو لوگ دائرہ کے اندر ہوں گے صرف انکی نگاہ بند ہوگی دائرہ کے باہر جو لوگ ہوں گے ان پر آپکا عمل مؤثر ثابت نہ ہوگا لہٰذا ان کو بھی دائرہ کے اندر عامل کو بلانا چاہئے تاکہ ان کی بھی نگاہ بند ہو جائے۔ غرض ہر کام اگر آپ سوچ سمجھ کر کریں گے تو ہرگز آپ کو ناکامی کا منہ نہ دیکھنا پڑیگا۔

اب آپ جس قسم کا بھی تماشہ دکھانا چاہیں دکھا سکتے ہیں مثلاً اگر آپ ایک ایک گز کے رسیوں کے ٹکڑے کاٹ لیں اور حاضرین مجلس کو دکھا کر کہیں کہ "میں ان رسیوں کو سانپ میں تبدیل کردیتا ہوں" چنانچہ آپ ان رسیوں کو زمین پر پھینک کر کہیں کہ "دیکھو یہ سانپ بن جائیں گی"۔ چنانچہ لوگوں کو وہ رسیاں سانپ نظر آئیں گی۔ پھر آپ ان کو اٹھا

کر کہیں کہ "دیکھو یہ پھر رسیاں بن گئیں" تو پھر یہ رسیاں ہی نظر آنے لگیں گی۔

اگر آپ لوگوں کی نگاہ کھولنا چاہتے ہیں تو زمین پر چوب رنج کا دائرہ ہاتھ سے مٹا دیں اور چوب کو کسی تھیلے وغیرہ میں چھپا کر رکھ دیں نگاہ کھل جائے گی لہٰذا حاضرین کو رخصت کر دیں۔

جن حضرات کو تفصیلی معلومات درکار ہو وہ بذریعہ خط مصنف و مولف سے رابطہ قائم کریں۔ ہر سوال کا تسلی بخش جواب دیا جائیگا۔

جو حضرات بالمشافہ ملاقات کرنا چاہیں تو ملاقات کر سکتے ہیں۔ اہل حضرات کو خاص الخاص رموز و اسرار سے نوازا جائیگا۔

الوپ

لفظ الوپ ہندی ہے جس کے معنی غائب یا چھپے ہونے کے ہیں چنانچہ زیر نظر کتاب میں اس سے مراد وہ تنترجات ہیں جس کے ذریعے سے انسان لوگوں کی نظروں سے پوشیدہ ہو جاتا ہے۔ حالانکہ وہ اسی جگہ موجود ہوتا ہے میرے پاس جتنے بھی استادوں اور بزرگوں سے اعمال پہنچے ہیں میں ان تمام الوپ کے تنترجات کتاب ھذا کے صفحہ قرطاس پر لاؤں گا گو کہ ان تنترجات کو جو کہ الوپ سے وابستہ ہیں ان کو حاصل کرنے میں میں نے زر کثیر خرچ کیا ہے نیز استادوں کی خدمت کرنے میں بھی اپنی طرف سے کوئی کسر نہ چھوڑی لیکن ان الوپ کے تنترجات میں کافی محنت و وقت درکار ہوتا ہے لہٰذا بندہ ناچیز کو ان اعمال کو آزمانے یا تجربہ کرنے کا موقعہ نہ ملا لیکن اسکا مقصد قطعی یہ نہ سمجھا جائے کہ یہ الوپ کے اعمال مجرب نہیں۔ یہاں پر صرف انہی اعمال کو قلمبند کیا جا رہا ہے جو کہ مستند استادوں اور بزرگوں سے مجھ تک پہنچے ہیں۔ جو حضرات کسی بھی الوپ کے تنترجات میں کامیابی حاصل کریں ان پر لازم ہے کہ ان کو ناجائز استعمال نہ کریں ورنہ سخت رجعت میں گرفتار ہوں گے جس سے چھٹکارا نا ممکن ہو گا۔

الوپ تخم

ایک عدد ہدہد پکڑ کر اسے سراج القطرب جو ایک قسم کی روئیدگی ہے اور بجات

ترو تازگی اس کے پتے رات کے وقت چراغ کی طرح چمکتے ہیں یہ بوٹی علاقہ کشمیر وہری پور ہزارہ وغیرہ میں پائی جاتی ہے۔ عام طور پر پہاڑوں پر پیدا ہوتی ہے۔ ہدہد کو اسی پودے کے نیچے ذبح کرے تاکہ خون اس پودے کی جڑوں میں چلا جائے اور ہدہد کے دل کو نکال کر اسی پودے کی جڑوں میں دفن کردو دوسرے روز یک رنگ سیاہ گربہ مادہ پکڑ کر اس کو ایک کوٹھری میں بند کردو اور وہ ہدہد کا دل جو کہ سراج القطرب بوٹی کی جڑوں میں دفن کیا تھا اسکو نکال کر گربہ کو کھلا دو۔ تیسرے روز ایک اور ہدہد لیکر اسی پہلے والے سراج القطرب کے پودے کے نیچے ذبح کرو اور دل کو نکال کر پودے کی جڑوں میں دفن کردو۔ چوتھے روز اس دل کو بھی گربہ کو کھلا دو۔ پانچویں روز پھر اسی طرح کرو لیکن چھٹے روز دل کو نہ لائیں بلکہ ساتویں روز دل اور سراج القطرب کا پودا لے آئیں۔ اس پودے کے ٹکڑے ٹکڑے کرکے پانی میں اس قدر جوش دیں کہ بالکل گل جائے پھر اس آب کو اچھی طرح چھان لیں۔ اب ہدہد کا دل گربہ کو کھلائیں دل کے کھانے کے بعد گربہ پیاس کی شدت سے بیتاب ہوگی اور اسکی آنکھ سے آگ نکلنے لگے گی پس اسوقت اس کو جوشاندہ سراج القطرب کا پیٹ بھر کر پلانا چاہئے جوشاندہ پینے کے بعد گربہ بہت گھبرائیگی اور اس کی آنکھیں کھلی رہ جائیں گی اور وہ قریب المرگ ہوگی اس وقت ایک تیز دھار والی چھری سے گربہ کو ذبح کرو لیکن ساعت مریخ ہو تو بہتر ہے۔ پھر ایک مٹی کے بڑے برتن میں پاک مٹی ڈالو اور اسمیں گربہ کا سر رکھ کر اسکی دونوں آنکھوں میں تخم بید انجیر رکھ دو اور اس کو مٹی سے دبا دو اور گربہ کا بقیہ جسم پانی میں ڈال دو اور اس پانی سے اس زمین کو سیراب کرتے رہو جس میں گربہ کا سر مدفون ہے حتی کہ اس میں بید انجیر کا پودا اگ آئے اب آپ اس پودے کی خوب حفاظت کرتے رہیں حتی کہ یہ جوان ہوکر پیڑ کی شکل اختیار کرلے اور اس میں تخم لگ جائیں اور یہ کہ تمام تخم پک جائیں اور خشک ہو جائیں آپ ان تمام تخم کو حاصل کرکے دریا پر چلے جائیں اور تمام تخم کو الگ الگ کرکے دریا میں ڈالدیں مطلوبہ تخم پانی کے اوپر تیرتا رہے گا اس کو اکٹھا کرکے رکھ لیں اگر آپ اس تخم کو اپنے منہ میں رکھ کر منہ بند کرلیں گے تو بحکم پاک پروردگار آپ لوگوں کی نظروں سے پوشیدہ ہو جائیں گے اور کوئی بھی انسان وحیوان آپ کو نہ دیکھ سکے گا۔ لیکن جب آپ گفتگو کریں گے تو ظاہر ہو جائیں گے۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ جتنا بھی تب آپ نکال کر گربہ والے برتن میں

ڈالیں گے اتنا ہی پانی بقیہ جسم والے برتن میں ڈالیں گے تاکہ دوسرے دن وہی آب زمین کے سیراب کرنے کے کام آئے۔

الوپ تخم

گربہ سیاہ نر ایک عدد حاصل کر کے اس کو اس کھیت میں زندہ دبا دو جس میں دھنیا بویا یعنی کاشت کیا گیا ہو لیکن یہ کام بروز نوچندی اتوار یا پنجشنبہ اتوار کا جس دن ہو اس دن کرنا چاہئے نصف ساعت بعد گربہ کے منہ کے پاس سے مٹی ہٹا کر اس کی دونوں آنکھوں میں تخم بیدانجیر ڈال کر اوپر مٹی ڈالدے تاکہ یہ اچھی طرح ڈھک جائے اور اس پر قریب پانچ تولہ دم الاخوین ڈال کر اس کے گرداگرد فولادی چھری سے سات عدد چھوٹے بڑے دائرے کھینچے آخری دائرہ جو سب سے باہر ہوگا جہاں پر ختم ہو وہیں فولادی چھری گاڑ دے اور روزانہ اس کو دم الاخوین سے سیراب کرتا رہے حتیٰ کہ پودا نکل کر پیڑ اگ آئے اور اس پیڑ میں تخم بیدانجیر نکل کر پک جائیں اور خشک ہو جائیں جب تمام تخم خشک ہو جائیں تو ان کو حاصل کر کے خوب اچھی طرح الگ الگ کر کے چھیل لے لیکن ایک بات کا خیال رکھیں وہ یہ کہ مغز کے اوپر کا چھلکا جو کہ کتھئی و قدرے سفیدی مائل ہوتا ہے اس کو نہ چھیلیں۔ اب آپ ایک آئینہ لیکر اسمیں اپنی شکل دیکھتے ہوئے ایک ایک تخم کو اپنی لسان تلے رکھ کر منہ کو بند کریں اور جس تخم کو رکھنے سے اپنی صورت آئینہ میں نظر نہ آئے وہی تخم عمل اخفاء میں کارآمد ہے بقیہ تخم آپ نکال کر پھینکتے رہیں اور مطلوبہ تخم بحفاظت رکھ لیں جب بھی آپ اپنی زبان تلے اس تخم کو رکھ کر منہ کو بند کریں گے نظر مردم سے پوشیدہ ہو جائیں گے اور آپ سب کو دیکھ سکیں گے اور آپ جب ظاہر ہونا چاہیں تو تخم کو منہ سے نکال دیں تمام لوگ آپ کو دیکھ سکیں گے ایک بات قابل ذکر ہے وہ یہ کہ عمل الوپ کے عامل کو جبکہ وہ مطلوبہ شے استعمال کر کے نظر مردم سے پوشیدہ ہوتا ہے تو انسان تو انسان بلکہ کوئی حیوان و جنات وغیرہ بھی عامل کو نہیں دیکھ سکتا۔

الوپ تخم

ایک عدد بیج تُوہ لیکر اس کو جنگل بیاباں میں بودے جہاں پر کوئی آدم زاد نہ جاسکے

سوائے عامل کے چنانچہ جب اس کے پودے میں پھل لگ جائے تو تمام پھلوں کو توڑ کر ان کے تمام تخم نکال کر حفاظت سے رکھ لے اب آئینہ میں اپنی صورت دیکھتے ہوئے ایک ایک تخم اپنے منہ میں رکھتا جائے اور اپنی نگاہ آئینہ میں رکھے جیسے ہی اپنا دہن بند کریگا فی الفور عامل کی صورت حیرت انگیز طور پر آئینہ میں سے غائب ہو جائیگی یہی تخم الوپ ہے اور جب عامل ظاہر ہونا چاہے تو تخم کو منہ سے نکال لے بوقت ضرورت عامل جب لوگوں کی نظروں سے پوشیدہ ہونا چاہے تو اسی تخم کو اپنے دہن میں رکھ کر اپنا دہن بند کر لے۔ واضح ہو کہ عامل کو چاہئے کہ روزانہ بیج بونے کے بعد اس میں پانی ڈالے اور بخور وہاں پر عصارہ صنرو کا دے لیکن اپنا سایہ نہ پڑنے دے۔

الوپ تخم

تخم خروع یا تخم فریقاسات دانے لیکر اس کو دم مار سیاہ میں سات شبانہ روز تر رکھے پھر نکال کر سات شبانہ روز دم وڈاں میں تر رکھے پھر نکال کر کسی محفوظ جگہ پر ان تمام تخم کو زمین میں بودے اور روزانہ اس پر وڈاں کا خون ڈالتا رہے۔ چند یوم بعد پودا نکل آئیگا اور بالآخر اس میں تخم نکل آئیں گے اور جب تمام تخم پک جاویں تو ان کو احتیاط سے توڑیں اور ایک ایک تخم کو الگ الگ چھیل کر رکھ لیں لیکن مغز کے اوپر کا چھلکا نہ چھلیں اب ایک ایک تخم اپنے دہن میں رکھ کر دہن کو بند رکھیں آپ الوپ ہو جاویں گے اگر ظاہر ہونا چاہیں تو تخم کو دہن سے نکال دیں۔ یہ عمل نہایت مستند و بے خطا ہے۔

الوپ بیخ

بیخ چرموسفید کو بروز اتوار پکھ پنچھتر میں لاوے لیکن ایک دن قبل دعوت دے آوے پھر صبح سورج نکلنے سے قبل توڑ کر لاوے اور پیچھے مڑ کر نہ دیکھے ورنہ ہلاکت کا خوف ہے۔

طریقہ دیگر لانے کا یہ ہے کہ دیوالی کی چودس کو لاوے لیکن ایک دن قبل دعوت دے آوے طریقہ دعوت اسطرح ہے کہ "اے بیخ چرموسفید کل میں تجھے اپنے کام کے لئے لینے آؤں گا تمھیں میرے ساتھ چلنا ہوگا اور میرا کام کرنا ہوگا"۔ یہ کہہ کر گھر واپس آجائے دوسرے دن عین اسی وقت جاکر بیخ چرمو نکال کر فوراً گھر واپس آجاوے پیچھے مڑ کر

ہرگز نہ دیکھے ورنہ بڑا غضب ہو جائے گا۔ چنانچہ بیخ کو اچھی طرح صاف کرکے ایک پگڑی میں اس کو رکھ کر اپنے سر پر صافہ باندھے اور آئینہ میں اپنی صورت دیکھے آئینہ میں ہرگز نظر نہ آئیگی جب ظاہر ہونا چاہیں پگڑی سے بیخ نکال دیں۔

اوپ بیخ

دوستو آج آپ لوگوں کی خدمت میں ایک عجیب و غریب عمل پیش کررہا ہوں گو کہ محنت طلب ہے لیکن آزمودہ ہے۔
طریقہ یہ ہے کہ آپ امرلتہ بوٹی کا بہت پرانا پودا تلاش کریں جب آپ یہ پودا دیکھ لیں تو آپ اس کے نیچے خشک گھاس بچھادیں اور گھاس کو آگ لگادیں جب گھاس جل چکے گی تو آپ دیکھیں گے کہ ایک مخصوص جگہ کی گھاس نہیں جلے گی چنانچہ آپ اس مقام پر نشان گول دائرہ کی شکل میں لگادیں اور اس کے چاروں طرف ایک ایک فٹ گہری نالی بنائیں۔ اب حصار آیت الکرسی کا نالی کے چاروں طرف کرے اور ایک عدد نر گوسفند ذبح کرکے اسکا خون نالی کے چاروں طرف ڈالے بعدہ جس جگہ دائرہ کھینچا تھا۔ وہاں کھودنا شروع کردیں چند فٹ کے فاصلے پر آپ کو ایک گول شکل کی جڑ ملے گی تقریباً چڑے کے سر کے برابر ہوگی۔ اگر اس جڑ کو جو شخص اپنے منہ میں رکھ کر منہ بند کریگا تو چشم خلائق سے پوشیدہ ہوگا جب ظاہر ہونا چاہے تو منہ سے جڑ نکالدے۔ مزید تفصیلی معلومات کیلئے مصنف سے رابطہ قائم کریں۔

الوپ عقاقیر

بیخ کنیر سفید کو عرق رام تلسی سیاہ میں کھرل کریں اور اس کو لگانے سے انسان پوشیدہ ہوجاتا ہے لیکن دونوں چیزوں کو بروز اتوار یکھ ہفتہ میں نیوتہ دیکر لانا ضروری ہے تب تاثیر ظاہر ہوگی۔ جاننا چاہیے کہ مندرجہ بالا اجزاء کو اسقدر کھرل کریں کہ مثل مرہم ہو پھر اسکا لیپ اپنے اوپر لگائے۔

☆☆☆

الوپ پوست

پوست بط سیاہ، پوست گرگ، کنواری کنیا کا کاتا ہوا چرخے کا کچا سوت لیکر اسکا دھاگہ بٹو اور ان دونوں پوست کو مثل تعویذ کے مندرجہ بالا دھاگہ سے سی کر اپنے بازو پر باندھیں تو الوپ ہوگا۔

الوپ عین

اگر کسی خوش نصیب کو مرغ مسیحا بیر کی سردار مل جاوے تو اس کو کسی صورت سے پکڑ لے لیکن ضروری ہے کہ دن نوچندی اتوار کا ہو چنانچہ اس کو ذبح کر کے اس کی داہنی چشم نکال کر اپنے بائیں بازو پر بطور تعویذ کسی ریشم کے نئے کپڑے میں لپیٹ کر باندھے بیشک الوپ ہو جائے گا۔

الوپ چشم

اگر فاختہ کو ذبح کر کے اس کے سر کو اسی کے دم میں کسی شیشی میں رکھ کر ایسی جگہ رکھے جہاں پر آفتاب و ماہتاب کی روشنی نہ پہنچتی ہو چالیس یوم تک اس شیشی کو اسی جگہ پر پڑا رہنے دے بعدہ اس فاختہ کی چشم راست نکالے اور اپنی پیشانی پر باندھے تو کسی کو نظر نہ آوے گا اور چشم چپ کے خواص آئندہ بیان کیا جائیگا۔
اگر فاختہ کی چشم چپ کو موم میں لپیٹ کر زبان کے نیچے رکھے اور فاختہ کی زبان جلا کر اس میں مشک و عرق گلاب ملا کر اپنی پیشانی پر ملے تو پرندوں کی گفتگو سمجھ میں آجائیگی اور عالم سے پرندے گفتگو کرنے لگیں گے۔ جو بخوبی سمجھ میں آئیگی۔ الوپ کے باب سے فاختہ کا عمل اسی کتاب سے ملاخطہ کر سکتے ہیں۔

الوپ تاج واکلیل

تاج بوم، اکلیل الملوک ان دونوں چیزوں کو بوقت پکھ پچھتر بروز اتوار حاصل کر کے وبان و گوگل کی دھونی دیکر پارچہ پاک و طاہر میں لپیٹ لے اور اسکا تعویذ بنا کر اپنے گلے یا

بازو پر باندھے تو الوپ ہو جائے گا عجیب حیرت انگیز تنتر ہے۔ جب ظاہر ہونا چاہے تو تعویذ کو اپنے پاس سے جدا کرے۔ میرے خیال میں یہ نہایت آسان عمل الوپ ہے للذا آپ لوگوں کو چاہئے کہ اسکی آزمائش ضرور کریں۔

الوپ چوٹی

مولا پرندہ جس کا رنگ سیاہ و سفید ہوتا ہے اور اکثر پانی کے کنارے یا گائے بھینس کے گوبر کے پاس نظر آتا ہے اور یہ کیڑے مکوڑے بطور خوراک کھاتا ہے۔ یہ پرندہ عام گھریلو چڑیا کے برابر ہوتا ہے لیکن اس کی دم چار انچ تک لمبی ہوتی ہے اور زیادہ تر ہروقت ہلتی جلتی رہتی ہے۔ پاک و ہند میں بکثرت پایا جاتا ہے۔ جیسا کہ میں نے مندرجہ بالا سطور میں تحریر کیا ہے کہ اسکا رنگ سیاہ و سفید ہوتا ہے جبکہ اس کے ساتھ اکثر اس سے بالکل ملتا جلتا اسی شکل کا اتنا ہی بڑا ایک اور پرندہ نظر آتا ہے اور مولا اسی کے ساتھ عام طور پر نظر آتا ہے۔ میرے خیال میں یہ دوسرا پرندہ بھی مولا ہی ہے لیکن چونکہ اسکا رنگ قدرے پیلا ہوتا ہے اس لئے مشکوک ہو جاتا ہے۔ دراصل یہ مادہ ہے اور سیاہ و سفید رنگ والا نر ہے۔ عمل الوپ میں نر درکار ہے۔ چنانچہ آپ اس پرندہ کو کسی طرح جال وغیرہ سے پکڑ کر کسی ایسے بڑے پنجرے میں بند کر کے رکھیں کہ جس میں کیچڑ یا گوبر وغیرہ ہو ساتھ ساتھ پانی بھی رکھے اب اس کی خوب دیکھ بھال کرتا رہے چنانچہ آپ دیکھیں گے کہ چند ماہ بعد اس پرندہ کے سر پر ایک تاج نمودار ہو گا جو آہستہ آہستہ بڑھتا رہیگا بالآخر جب یہ تاج چند یوم میں مکمل ہو جائے گا تو پرندہ قفس میں نظر نہ آئیگا اس وقت عامل کو لازم ہے کہ دھوکا نہ کھائے کیونکہ یہ پرندہ قفس میں ہی موجود ہو گا اور تاج کے مکمل نکل آنے کی وجہ سے یہ پوشیدہ ہو گیا ہے اس وقت عامل بڑی ہوشیاری سے پنجرے میں داخل ہو اس وقت یہ پرندہ جب پنجرے میں اڑیگا اس وقت اسکے اڑنے کی آواز عامل بخوبی سن سکیگا چنانچہ اس کو پکڑ کر اس کا تاج احتیاط سے نکال لے اور تعویذ بنا کر ریشم کے کپڑے میں رکھے اس تعویذ کو عامل جب منہ میں رکھے گا الوپ ہو گا۔ یہ بالکل بے خطا عمل ہے آزمایئے جس کا دل چاہئے۔

الوپ دانت

لگڑ بگڑ جانور کا داہنی طرف کا نوکدار دانت نکال کر اگر عامل اپنے بازو پر باندھے تو اوپ ہو جائیگا لیکن ضروری ہے کہ اسوقت عامل نہ کسی سے گفتگو کرے اور نہ ہنسے۔ واضح ہو کہ یہ جانور ایک چوپایہ ہے اور عام طور دوسرے جانوروں کا شکار کیا ہوا گوشت کھاتا ہے اسکا قد تقریباً بھیڑیے کے برابر ہوتا ہے اور یہ ایک نہایت طاقت ور جانور ہے اکثر پاک و ہند کے جنگلات میں پایا جاتا ہے۔ خدانخواستہ یہ کوئی نادر و نایاب جانور نہیں جو دستیاب نہ ہو سکے۔

الوپ آنول

ایک عدد بڈال سیاہ پکڑ کر اس کو ایک ٹوکری میں بند کر دے اور آپ خود اس ٹوکری پر بیٹھ جائیں اور آئینہ میں اپنی صورت دیکھے چنانچہ آپ کی صورت آئینہ میں نظر نہ آئیگی۔ اب آپ اس بڈال مادہ کی آنول حاصل کریں اور اس کو خشک کر کے ذہب خالص تین حصہ فضہ خالص سونہ حصہ نحاس خالص بارہ حصہ ان تمام دھاتوں کو کٹھالی میں ڈال کر چرخ دے اور جب یکجان ہو جاوے تو اسکا پترہ بناکر تعویذ بناوے اور اس تعویذ میں آنول بند کر کے اپنے گلے یا بازو پر باندھے تو عامل فی الفور اوپ ہو جائیگا۔ بے خطا طلسم ہے اس کو آپ ضرور آزمائش کریں۔ جب تعویذ اپنے جسم سے جدا کریں گے لوگوں پر ظاہر ہو جائیں گے۔

اوپ عظم

ایک عدد دو منہ والا مار لاوے اور اسکو دیوالی کی رات کو ہلاک کر کے کسی چوراہے دیران میں زمین کے اندر دفن کر دے۔ رات کے تقریباً ساڑھے گیارہ بجے مار کو ہلاک کرنا چاہئے اسکے فوراً بعد اس کو چوراہے پر دفن کرنا چاہئے خیال رہے کہ اس وقت جبکہ عامل مار کو زمین کے اندر دفن کر کے واپس آرہا ہوگا اس وقت عامل کو اکثر اوقات مختلف قسم کی آوازیں آتی ہیں لہٰذا عامل کو چاہئے کہ ان آوازوں کی طرف قطعی توجہ نہ دے اور نہ

پیچھے مڑ کر دیکھے۔ بعد چالیس یوم کے چوراہے پر جا کر زمین کھود کر اس کی تمام ہڈیاں حفاظت سے نکال لے اب کسی دریا یا نہر پر جا کر ایک ایک ہڈی کو پتھر پر گھس کر اپنی پیشانی پر آب کی مدد سے تلک لگائے چنانچہ کار آمد ہڈی کا تلک لگانے پر آپ کی صورت پانی میں نظر نہ آئیگی اس ہڈی کو عامل پگڑی میں رکھے تو الوپ ہوگا۔

الوپ تلک

واضح ہو کہ سال میں صرف ایک بار اتوار کے دن پکھ پچھتر ہوتا ہے۔ چنانچہ یہ دن اہل ہنود کے سادھو' جوگی' رشی منی وغیرہ کے نزدیک نہایت متبرک مانا جاتا ہے لہٰذا وہ لوگ اس متبرک وقت پر نہایت عجیب و غریب تنتر جات وغیرہ جو کہ نہایت سریع التاثیر ہوتے ہیں تیار کرتے ہیں اور اس قیمتی وقت کو کسی بھی صورت میں اپنے ہاتھ سے نکلنے نہیں دیتے اور پورا پورا فائدہ اٹھانے کی کوشش کرتے ہیں۔

لہٰذا مصنف و مئولف کتاب ڈاکٹر محمد منشور عالم صدیقی اسی عنوان سے ایک الوپ کا عمل پیش کرنا چاہتا ہے اور امید ہے جو صاحب صحیح ترتیب و ترکیب سے اسے تیار کرے گا ہرگز ہرگز خطا نہ کریگا کیونکہ میرے استاد مرحوم حاجی خلیل الدین قریشی نے اس کو ایک بار اپنی زندگی میں تیار کیا تھا اور وہ کامیاب بھی ہو گئے تھے۔ لہٰذا آپ حضرات سے التماس ہے کہ اس الوپ تلک کو ضرور تیار کریں اور نتیجے سے ہمیں آگاہ کریں۔

جس دن اتوار کا پکھ پچھتر ہو اس دن ایک عدد بڈاں مادہ سیاہ کو پکڑ کر اس کو ہلاک کرے اور اس کو زمین کے اندر تقریباً دو فٹ نیچے کسی چوراہے پر گاڑ دے اور ٹھیک چالیس یوم کے بعد نکال کر اس جانور کی تمام ہڈیاں الگ کرے اور تمام ہڈیاں لیکر کسی دریا یا نہر پر چلا جائے اور تمام ہڈیوں کو پانی پر ڈالدے جو ہڈی پانی کے اوپر تیرتی ہوئی نظر آئے اس کو پکڑ لے اور فوراً گھر واپس آجاوے لیکن عامل پیچھے مڑ کر ہرگز نہ دیکھے چاہے پیچھے سے کوئی بھی آواز دے۔ اب اس ہڈی کو اپنے گھر پر کسی پتھر پر پانی کی مدد سے گھس کر اپنی پیشانی پر تلک لگاوے تو الوپ ہو جائے گا اور اگر آپ اپنی شکل آئینہ میں دیکھیں گے تو آپکی شکل آئینہ میں نظر نہ آوے گی اور اگر دریا یا نہر وغیرہ پر جاکر پانی میں اپنے عکس کو دیکھیں گے تو بھی آپکا عکس پانی میں نظر نہ آئیگا۔

الوپ انجن

بروز اتوار جب پکھ پچھتر ہو اسوقت عاقل بیخ چشم خروس ابیض، بیخ کثائی سفید ان دونوں کو لا کر خوب صاف کرکے خوب باریک کوٹے اور اس میں روغن انکوں تقریباً ایک پاؤ ملا کر کورے مٹی کے چراغ میں ڈالے اور اسمیں نادن بن کی روئی کا فلیتہ روشن کرے اور اوپر عظم رأس آدم رکھے تاکہ کاجل اسمیں جا کر لگے الغرض جب تمام فلیتہ جل جائے اور چراغ کا تمام مواد بھی ختم ہو جاوے اور عظم رأس سرد ہو جاوے اس وقت تمام کاجل کو کھرچ کر نکال کر محفوظ رکھے بوقت ضرورت اس کاجل کو اپنی دونوں آنکھوں میں ڈالو فی الفور اوپ ہو جاؤ گے اگر آنکھوں کو صاف کرکے دھو ڈالو گے تو طلسم کا اثر باطل ہو جائیگا۔

الوپ انجن

بروز نوچندی اتوار ایک عدد نر کوکر حاصل کرے اور اس کو کنجد سیاہ مقشر تقریباً ایک پاؤ کھلاوے لیکن پہلے اسکو کوئی ہلکا جلاب ایک دن قبل یعنی ہفتہ کو دے تاکہ اسکا پیٹ صاف ہو جاوے اب آپ اسکو بروز نوچندی اتوار کنجد کھلائیں۔ جب اسکا براز حاصل ہو تو بطریق پاتال جنتر اس کا تیل نکالے پھر نادن بن کی روئی کی بتی کو چراغ میں ڈال کر بتی کو روشن کرے اور اوپر انسانی کھوپڑی کی ہڈی رکھے تاکہ کاجل اس ہڈی میں جا کر لگے چنانچہ جب چراغ کا تمام تیل ختم ہو جائے گا تو بتی روئی کی بجھ جائیگی اب آپ تمام کاجل کو ہڈی سے کھرچ کر نکال لیں بوقت ضرورت یہ کاجل آپ اپنی دونوں آنکھوں میں ایک ایک سلائی اگر ڈالیں گے تو آپ اوپ ہوں گے۔ مگر آپ کے سامنے دیگر لوگ الوپ نہ ہوں گے۔ اگر اتوار کے پکھ پچھتر میں کنجد کھلائے تو زیادہ قوی اثرات مرتب ہوں گے۔

الوپ انجن

بوقت کسوف یا خسوف جس دن ہو عین اسی وقت بیخ رتالو، بیخ کثائی خورد ابیض گل کی لاوے اور روغن تخم انکوں میں خوب اچھی طرح کھرل کرکے ملاوے اب اس مواد کو

کسی مٹی کے کورے چراغ میں ڈال کر چراغ میں نادن بن کی روئی کی بتی ڈال کر روشن کرے اور اسکا کاجل انسانی کھوپڑی کی ہڈی میں جمع کرتا رہے جب تمام کا تمام مواد چراغ کا ختم ہوگا اسوقت فلیتہ روئی کا گل ہو جائیگا۔ چنانچہ جب کھوپڑی کی ہڈی ٹھنڈی ہو جائے تو تمام کاجل کو اس پر سے اتار کر بحفاظت ایک کانچ کی شیشی میں محفوظ رکھے بوقت ضرورت عامل اس کاجل کو اپنی دونوں آنکھوں میں ایک ایک سلائی ڈالے بحکم پاک پروردگار آپ الوپ ہو جائے گا اس میں کسی شک کی گنجائش نہیں۔

الوپ انجن

بوم یا گھگھو پرندہ کو بوقت پکھ نچھتر ذبح کرے اور اس کی تمام چربی کمال احتیاط سے نکال کر اور اسکو نادن بن کی روئی میں لپیٹ کر پکھ نچھتر کے وقت کسی چراغ میں رکھ کر فلیتہ کو روشن کرے اور اوپر انسان کی کھوپڑی رکھے تاکہ کاجل اس ہڈی میں جمع ہو الغرض جب تمام فلیتہ جلکر ختم ہو جائے تو کاجل کو نہایت احتیاط سے نکال کر محفوظ رکھے اب جب بھی اپنی دونوں آنکھوں میں عامل کاجل لگائے کا فی الفور الوپ ہو جائیگا جب اپنی آنکھ بول مادہ گاؤ سے دھوئیگا تو اس طلسمی کاجل کا اثر باطل ہو جائیگا۔

الوپ انجن

اگر کسی دن منگل کو پکھ نچھتر ہو اور اس دن سدہ یوگ ہو تو عامل مسان یا مرگھٹ جاوے اور تازہ مردے کی کھوپڑی لاوے اور اس میں روغن کاو ڈال کر نادن بن کی روئی میں لسان بوم لپیٹ کر روئی کا فلیتہ بنا کر کھوپڑی میں رکھ کر فلیتہ کو روشن کردے اور اوپر عظم راس آدم رکھے تاکہ کاجل اس میں جمع ہو چنانچہ جب تمام فلیتہ جل کر ختم ہو جائے تو تمام کاجل کو کمال احتیاط سے کھرچ کر نکال لیں اور محفوظ کرکے شیشی میں رکھیں جب بھی آپ اس کاجل کو اپنی آنکھوں میں ایک ایک سلائی لگائیں گے الوپ ہو جائیں گے جب ظاہر ہونا چاہیں تو آنکھ سے کاجل صاف کرکے آنکھ کو عرق سلطان الاشجار سے دھوئیں۔

☆☆☆

الوپ انجن

بیخ بیدانجیر، بیخ رودونتی، عظم رأس گربہ سیاہ۔ ان تمام جزاء کو آپس میں خوب باریک پیس کر یکجا کرے اور نادن بن کی روئی میں ان تمام مواد کو رکھ کر روئی کا فلیتہ بناوے اور کالی چودس یا اماوس کے دن عظم رأس آدم میں روغن گاؤ سیاہ کو ڈال کر رأس آدم میں کاجل بناوے اگر اس کاجل کو آنکھ میں لگائے تو الوپ ہو جائے گا۔

الوپ انجن

اتواری اماوس کے وقت بوم پرندہ کو ذبح کرکے اس کی شحم حاصل کرے اور نادن بن کی روئی میں اس کو لپیٹ کر ہندو تیلی کی عظم رأس آدم حاصل کرکے عین اماوس کو روئی کے فلیتہ کو کورے مٹی کے دیئے میں روشن کرے اوپر عظم رأس آدم رکھے تاکہ کاجل کا دھواں اس میں جا کر لگے چنانچہ جب کاجل تیار ہو جاوے تو اس کو اپنی دونوں آنکھوں میں لگاوے بحکم خدا فی الفور الوپ ہو گا یہ ایک عجیب راز ہے۔

الوپ انجن

بوقت خسوف بروز اتوار بیخ تل سفید، بیخ نائی سفید ان دونوں کو خوب کوٹ کر اسمیں روغن انلوں ایک پاؤ ملاوے اور مٹی کے کورے چراغ میں ڈال کر اس میں فلیتہ نادن بن کی روئی کا روشن کرے اوپر عظم رأس آدم رکھے تاکہ کاجل اس میں جمع ہوتا رہے چنانچہ جب تمام فلیتہ جل کر ختم ہو جاوے تو کامل احتیاط سے تمام کاجل کھرچ کر کسی شیشی میں محفوظ رکھے بوقت ضرورت ایک ایک سلائی یہ کاجل اپنی آنکھوں میں لگائے اور آئینہ میں اپنی صورت دیکھے آپکی شکل آئینہ میں نظر نہ آئیگی اب آپ جہاں چاہیں چلے جائیں کوئی آپ کو نہ دیکھ سکے گا۔ جب اس طلسم کو باطل کرنا چاہیں تو آنکھوں کو خوب اچھی طرح دھوڈالیں ظاہر ہو جائیں گے۔

☆☆☆

الوپ انجن

سیاہ بڈال نر کو اصلی گھی پلا کر اس کو الٹا لٹکائے تاکہ گھی کو براہ دہن نکال دے چنانچہ اس گھی کو لیکر چراغ میں ڈال کر تاد بن کی روئی کا فلیتہ چراغ میں روشن کرے اور کھوپڑی میں کاجل پارے اور کاجل کو حفاظت سے نکال کر اپنے پاس رکھ لے بوقت ضرورت لعاب دہن خود یا بول خود میں ملا کر آنکھ میں لگائے تو الوپ ہو جائے گا۔

الوپ بھسم

نلیا سارس کی بیٹ لا کر اس کو خوب باریک کھرل کرو اور اسکی ٹکیہ بنا کر موش میں رکھ کر گل حکمت کرو جب گل حکمت خشک ہو جاوے تو پانچ سیر اوپلوں کی آگ میں پھونک دیں جب اوپلے سرد ہو جائیں تو مواد نکال کر اس کو کپڑ چھان کریں اور اس کو اپنی آنکھوں میں لگائیں تو الوپ ہو جاؤ گے جب ظاہر ہونا چاہیں تو آنکھ کو آب دریا یا سمندر سے دھولیں۔

الوپ کنکر

ٹٹہری ایک مشہور و معروف پرندہ ہے جو دریائی کے کنارے اکثر بیٹھا ہوا نظر آتا ہے اور اکثر رات کے وقت اڑتے ہوئے بہت تیز آواز نکالتا ہے۔ غالب اس کو رات کو بھی تھوڑا بہت نظر آتا ہے میں نے شہر کراچی میں بیشتر مرتبہ اس پرندے کا نظارہ کیا ہے کئی مرتبہ خشک زمین پر بھی نظر آیا۔ چنانچہ یہ پرندہ جب انڈے دے تو آپ نگاہ رکھیں۔ اس کے انڈے دینے کے کوئی ایک ہفتہ بعد آپ اس کے انڈے کے پاس جائیں اور اپنے ساتھ ایک آئینہ رکھیں آپ دیکھیں گے کہ اس کے انڈوں کے گرد چند کنکر پڑے ہوئے ہوں گے آپ ایک ایک پتھر اٹھا کر اس کو اپنے منہ میں رکھتے جائیں اور اپنی شکل آئینہ میں دیکھتے رہیں جب آپ کا مطلوبہ پتھر منہ میں ہو گا اور آپ منہ بند کریں گے تو آپکی شکل آئینہ میں نظر نہ آئیگی یہی پتھر یا کنکر عمل الوپ کے لئے آپکو ہمیشہ کام دیگا۔ اس پتھر کو آپ حفاظت رکھیں۔ جب بھی آپ اس کو اپنے منہ میں رکھ کر منہ بند کریں گے آپکو کوئی نہ

دیکھ سکیگا۔ لیکن آپ سب کو دیکھ سکیں گے جب آپ اس پتھر کو منہ سے نکالیں گے تو لوگوں پر ظاہر ہو جائیں گے لیکن کنکر کو بروز اتوار انڈے کے پاس سے لائیے۔ میرے ایک کرم فرما دوست و شاگرد کے بقول وہ ایک مرتبہ ٹٹھری کے انڈے کے نزدیک گئے تو ان کا دوسرا ساتھی جو کہ چند قدم دور کھڑا تھا اس کو میرا شاگرد جسکا نام حفیظ ہے۔ نظر نہ آیا میرا ذاتی خیال ہے کہ مطلوبہ پتھر پر پاؤں رکھا ہو گا جس سے یہ تاثیر ظاہر ہوئی اس پتھر کو بروز اتوار لانا چاہئے۔ یہ ضروری شرط ہے۔

الوپ تعویذ

بروز منگل پکھ پچھتر کے وقت رات کے بارہ بجے مسان میں جاکر برہنہ ہو جاوے اور مردے کی کھوپڑی ایک عدد اٹھا کر اس میں تج' کافور' مشک اور روغن اگلوں ڈال کر جلتی ہوئی چتا پر کھوپڑی رکھ کر تھوڑی دیر پکاوے تاکہ اچھی طرح پک کر سیاہ مواد بن جاوے اب اس کھوپڑی کو اٹھا کر اس میں سے تمام مواد نکالے اور ایک عدد تانبہ کا تعویذ لیکر اس میں تمام مواد بھر کر تانبے کے تعویذ کو بند کرے اور اس تعویذ کو جب بھی عامل اپنے منہ میں رکھ کر منہ بند کرے گا لوگوں کی نظروں سے روپوش ہو گا حالانکہ وہ وہیں موجود ہو گا' جب ظاہر ہونا چاہے تعویذ منہ سے نکال لے۔ اگر تعویذ منہ میں رکھ کر آئینہ میں اپنی شکل دیکھے تو آئینہ میں عامل کو اپنی صورت نہ نظر آوے گی۔ لیکن ایک بات کا خیال رکھیں وہ یہ کہ عروج ماہ میں منگل کے روز پکھ پچھتر میں مسان میں جاکر عمل کرنا ہو گا یعنی مواد پکانا پڑیگا۔

الوپ تعویذ

عروج ماہ میں بروز اتوار انورادھا پچھتر میں رات کو تیلی کی چتا کی راکھ لاوے اور اس میں سرسوں سفید ملا کر روغن اگلوں ملا کر تانبے کے تعویذ میں رکھ کر منہ میں رکھے الوپ ہو گا۔

جام جم یا جام جہاں نما

جاننا چاہیے کہ یہ حاضرات میرے ایک کرم فرما دوست محترم جناب حافظ قاری غلام

یسین صاحب کی عطاکردہ ہے اور نہایت ہی زود اثر ہے اور جو شخص اس کو آزمائیگا خطا نہیں کھائیگا سب سے بڑی خوبی اس حاضرات کی یہ ہے کہ عامل بذات خود اس حاضرات کی مخلوق کو اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کرسکتا ہے اور سوان جواب بھی خود کرسکتا ہے اور ہر سوال کا تسلی بخش جواب ملتا ہے۔ لیکن اگر کوئی بات ناجائز مثل ریس و سٹہ وغیرہ معلوم کریگا تو حاضرات کا اثر جاتا رہیگا اور ہمیشہ کیلئے عامل کے پاس سے یہ حاضرات رخصت ہو جائیگی لہٰذا ناجائز کسی بات کو معلوم کرنے سے پرہیز کریں۔

اس نادر و نایاب حاضرات کو کتاب اسرار عجیبہ حصہ دوئم میں تحریر کرنے کا مقصد صرف اور صرف طلسماتی اعمال کو عام لوگوں تک پہنچانا ہے تاکہ علوم مخفی کو زیادہ سے زیادہ فروغ ملے۔ چونکہ آجکل علوم مخفی بخیل عاملوں و پیروں فقیروں کے صدر میں مقفل ہو کر رہ گئے ہیں اور ایسے عامل و پیر فقیر برسابرس اپنے شاگردوں و مریدوں سے ہر جائز و ناجائز خدمات لیتے ہیں۔ پھر بھی کچھ نہیں عطا کرتے اور اکثر تو برسوں خدمات لینے کے بعد یہ کہہ دیتے ہیں کہ "تم ان مخفی علوم کے اہل نہیں ہو" لہٰذا وہ بیچارہ شاگرد یا مرید ان خبیث صفت عامل یا پیروں فقیروں کا منہ دیکھتا رہ جاتا ہے۔ اور اپنی راہ لیتا ہے اور اکثر حضرات ان ہی وجوہات سے پیرون فقیروں و عامل حضرات سے بدظن ہو چکے ہیں۔ اور اکثر حضرات ان ہی وجوہات سے ان علوم سے متنفر بھی ہو چکے ہیں۔

میں ایسے پیروں فقیروں و عاملوں کو مشورہ دیتا ہوں کہ وہ اپنے مریدوں یا شاگردوں سے خدمت لینے سے قبل اپنی روحانیت سے یہ ضرور معلوم کرلیا کریں کہ آیا کہ یہ مرید یا شاگرد علوم مخفی کا اہل بھی ہے یا نہیں۔ اور اس کے مقسوم میں یہ علوم مخفی ہے یا نہیں تاکہ بیچارہ مرید یا شاگرد آپکے پاس اپنا قیمتی وقت ضائع نہ کرے۔

مصنف و مئولف کتاب ڈاکٹر محمد منشور عام صدیقی کا بھی ایسے خبیث صفت عاملوں و پیروں اور فقیروں سے واسطہ پڑچکا ہے۔ لہٰذا عوام الناس کو مخلصانہ مشورہ دیا جاتا ہے کہ اس قسم کے عاملوں و پیروں اور فقیروں سے بہت ہوشیار رہیں تاکہ آپکا قیمتی وقت ضائع نہ ہو۔

آیئے حاضرات کا طریقہ و اجزاء ملاخطہ فرمائیں۔

پیتل کی ایک عدد کٹوری جس کا دائرہ تین انچ کا ہو اور اونچائی دو انچ ہو، لاکھ مصفی

جس سے پوری کٹوری بھر جائے' سنگ آہن ربا تولہ' قلب بوم اعدد' روغن گندرف' کانی کچا سنگ کوئلہ اعدد۔

بروز نوچندی اتوار سب سے پہلے آدمی لاکھ پگھلا کر کٹوری میں اچھی طرح چپکا دیں پھر چھ ماشہ سنگ آہن ربا سفوف اس پر بچھا دیں اس پر دیگر اجزاء ڈال کر مزید چھ ماشہ سنگ آہن ربا سفوف اس پر بچھا دیں اس پر دیگر اجزاء ڈال کر مزید چھ ماشہ سنگ آہن ربا ڈالدیں پھر بقایا لاکھ پگھلا کر کٹوری میں ڈالدیں تاکہ یہ چیزیں اندر محفوظ ہو جائیں لیکن روغن گندرف نہ ڈالنا چاہئے اور لاکھ کو خوب اچھی طرح کٹوری میں دبا کر اوپری سطح چکنی کر دینا چاہئے اب اس پر روغن لگا دینا چاہئے تاکہ اس پر چمک پیدا ہو۔ اب جام جم یا جام جہاں نما تیار ہے۔ جب بھی آپ کسی بات کو معلوم کرنا چاہتے ہیں تو اس کٹوری کو اپنے سامنے رکھ کر روغن کی چمک میں یکسوئی کے ساتھ دیکھنا شروع کریں چند لمحہ بعد اس میں حاضرات کی مخفی مخلوق نظر آئیگی چنانچہ عامل کو چاہئے کہ وہ جو بات بھی معلوم کرنا چاہے حاضرات سے دریافت کر سکتا ہے ہر سوال کا جواب تسلی بخش ملیگا بعدہ حاضرات کو شکریے کے ساتھ رخصت کرنا چاہئے اور کٹوری کو بحفاظت محفوظ رکھ لینا چاہئے اور کسی عورت کا سایہ اس پر یعنی کٹوری پر نہ پڑنا چاہئے۔ اور نہ ہی کسی دوسرے شخص کو دکھانا چاہئے ورنہ اس کی تاثیر جاتی رہیگی۔

جن حضرات کو جام جم یا جام جہاں نما کے بنانے میں دقت پیش آئے وہ مصنف و مؤلف کتاب سے رابطہ قائم کر کے تیار کروا سکتے ہیں۔

جاننا چاہئے کہ اس حاضرات کیلئے عامل کو تقویٰ و طہارت کا پابند ہونا چاہئے اور مضبوط قوت ارادی کا مالک ہونا چاہئے۔ اگر ایک دن میں حاضرات نہ کھلے تو چند یوم تک برابر مشق کرنا چاہئے اور یہ راز کسی کو نہ بتانا چاہئے حاضرات کرنے کے وقت خوشبودار بخور روشن کرنا چاہئے تاکہ حاضرات کی مخفی مخلوق خوش ہو کر جلد حاضر ہو جائیں۔ حاضرات کھلنے کی سب سے پہلی نشانی یہ ہوتی ہے کہ عامل کی شکل کا عکس سیاہی میں سے غائب ہو جائیگا اور اندر کٹوری میں بہت زبردست روشنی پیدا ہوگی پھر ایک وسیع و عریض میدان نظر آئیگا اور کچھ لوگ اس میں چلتے پھرتے نظر آئیں گے پھر عامل کو کہنا چاہئے کہ بہشتی آئے اور پانی کا چھڑکاؤ کرے پھر قالین کو بچھوانا چاہیے پھر کرسی لگوانا چاہیے اور سب

سے آگے بادشاہ سلامت کی کرسی لگوانا چاہیے پھر بادشاہ کو معہ اسکی فوج کے بلوانا چاہیے جب بادشاہ سلامت تشریف لے آئیں تو ان کو ادب سے سلام کرنا چاہیے۔ بعدہ جو بھی حاجت ہو بیان کرنا چاہیے انشاللہ صحیح جواب ملیگا جب سوال کر چکیں تو پھر بادشاہ کو شکریے کے ساتھ رخصت کرنا چاہیے۔ چنانچہ جب تمام منظر ختم ہو جائے تو کٹوری کو حفاظت سے محفوظ مقام پر رکھ دینا چاہیے۔ اس حاضرات سے آپ جس مقام کا منظر دیکھنا چاہیں بخوبی دیکھ سکتے ہیں۔ چنانچہ گریختہ' چور' دفینہ' سحر و آسیب' غائب وغیرہ کے متعلق آپ معلومات بھی حاصل کر سکتے ہیں اور مشاہدہ بھی کر سکتے ہیں۔

اگر آپ اپنے کسی عزیز یا دوست سے جو کہ مر چکا ہو اس سے ملاقات کر کے اس سے بات چیت کرنا چاہتے ہیں تو جام جم کے ذریعے مردہ شخص کی روح حاضر کر کے اس سے گفتگو کی جا سکتی ہے۔ مہلک سے مہلک امراض کا علاج دریافت کیا جا سکتا ہے۔ نیز ہر قسم کے معاملات کی معلومات کی جا سکتی ہے۔

طلسمی حاضرات

یہ حاضرات میرے ایک کرم فرما دوست محترم جناب مبارک علی صاحب نے اپنے لطف و کرم سے عطا کیا اور انکی مجرب و آزمودہ ہے لہٰذا جو شخص چاہے آزمائے گا تو دعائے خیر سے یاد کریگا۔

طریقہ یہ ہے کہ بروز نوچندی اتوار کو مندرجہ ذیل تینوں اجزاء کو حاصل کر کے اور خشک کر کے نادن بن کی روئی میں تینوں اجزاء کو لپیٹ کر مٹی کے کورے چراغ میں رکھ کر روغن چنبیلی ڈالے اور بروز نوچندی اتوار ہی کو کسی چوراہے پر بیٹھکر بوقت شب ٹھیک بارہ بجے شمال کی سمت منہ کر کے بیٹھے اور بخور لوبان گوگل اور دھوپ کا کر لے اور چراغ کے فلیتہ کو روشن کر دے اور اوپر عظام راس آدم رکھے تاکہ کاجل اس میں جمع ہوتا رہے۔ جب تمام کاجل نکل آئے اور فلیتہ جلکر ختم ہو جائے تو ٹھنڈا ہونے پر نہایت احتیاط سے کاجل اتار کر اس میں قدرے روغن چنبیلی ملا دے اور اپنے پاس حفاظت سے رکھ لے اور چراغ و عظام راس آدم وہیں چوراہے پر دفن کر کے گھر واپس آ جائے اور پھر پیچھے مڑ کر نہ دیکھے ورنہ نقصان کا احتمال ہے۔ اگر چراغ جلتے ہوئے کوئی خوفناک صورت نظر

آوے تو قطعی خوف کھانے کی ضرورت نہیں آپکو کوئی نقصان نہیں ہوگا۔ اور چراغ جب تک روشن رہے بخور برابر جلاتے رہنا چاہیے اور عامل کو مستقل بیٹھے رہنا چاہئے۔ اور حاضرات کی کامیابی کی نیت رکھنا چاہیے۔ اجزاء یہ ہیں۔ دیوچہ آبی ایک عدد، خراطین ایک عدد، کرم صدف ایک عدد، جاننا چاہیے کہ مندرجہ بالا تمام اجزاء زندہ حاصل کرنا چاہیے۔ ورنہ عمل موثر ثابت نہ ہوگا۔ نیز ان تینوں اجزاء کو خشک کرنے کا یہ طریقہ ہے کہ ایک عدد گتہ کا ٹکڑا لیکر تینوں کو کھینچ کر دونوں سروں کے کنارے پر ایک ایک عدد سوئی کو گاڑدیں اور ہر ایک کو علیحدہ علیحدہ جگہ پر دو دو سوئی سے گاڑدیں تاکہ یہ تینوں چیزیں لمبائی کے رخ خشک ہوں اور فلیتہ میں آسانی سے لمبائی کے رخ اچھی طرح پٹ جائے۔

اب آپ کو جب بھی کوئی بات معلوم کرنا ہو تو کسی لڑکے یا لڑکی نابالغ کے داہنے ہاتھ کے انگوٹھے کے ناخن پر کاجل لگا کر بچہ یا بچی ناخن کی سیاہی پر نگاہ رکھے چند لمحے بعد حاضرات کا نزول ہو جائیگا۔ جو بات معلوم کریں گے صحیح صحیح جواب ملیگا۔ جب آپ سوال جواب کر چکیں تو حاضرات کو شکریے کے ساتھ رخصت کریں اور سیاہی کو انگوٹھے سے صاف کردیں۔ یہ حاضرات اتنی زبردست ہے کہ کسی بھی صورت میں خطا نہیں کر سکتی۔ زیادہ تفصیلی معلومات حاضرات کے متعلق درکار ہو تو میری کتاب بحرالحاضرات کا مطالعہ کریں۔ انشاءاللہ پوری دنیا میں حاضرات کے موضوع پر اس جیسی کتاب آپ کو نہ مل سکے گی۔ یہ کتاب صرف اور صرف حاضرات کے موضوع پر لکھی گئی ہے۔ جس میں سینکڑوں قسم کی حاضرات تحریر کی گئی ہیں۔ لہٰذا مجھے کامل یقین ہے کہ حاضرات کی تشنگی آپکی میری کتاب بحرالحاضرات سے دور ہو جائیگی۔

حاضرات

بروز نوچندی شنبہ سورج نکلنے سے قبل مسکھیرے کے پودے کے پاس جاکر کہے کہ "میں تجھے کل اسی وقت اپنے کام کے لئے لینے آؤنگا اور تجھے میرا کام کرنا ہوگا" یہ کہکر گھر واپس آجائے اور پیچھے مڑکر نہ دیکھے اور دوسرے دن یعنی نوچندی اتوار کو جاکر اس پودے کی جڑ کسی لکڑی سے کھود کر لاوے اور آتے جاتے وقت کسی سے بات نہ کرے چنانچہ گھر

واپس آکر اس جڑ پر سرخ ریشم اچھی طرح لپیٹے اور مٹی کے چراغ میں روغن کنجد ڈال کر فلیتہ کو چراغ میں ڈال کر روشن کرے اور طفل نابالغ کو چراغ کی لو پر نگاہ کرنے کو کہے چنانچہ اس طفل کو ایک بزرگ ہستی نظر آویگی اس بزرگ ہستی سے جو بھی سوال بچہ یا بچی معلوم کرے جواب درست ملیگا لیکن جس دن حاضرات کرنا ہو وہ دن سہ شنبہ کا ہونا ضروری ہے۔ جب عامل سوال و جواب کرلے تو پھر عامل چراغ بجھادے۔ واضح ہو کہ یہ صرف سہ شنبہ کے روز حاضرات لگتی ہے باقی دنوں میں کار آمد نہیں۔ ایک بات اور قابل ذکر ہے وہ یہ کہ چراغ کا فلیتہ اس وقت تک کار آمد رہیگا جب تک کہ اس میں بیخ سنکھپرہ موجود ہوگی۔ لہٰذا اس ایک فلیتہ کو آپ کئی بار روشن کرکے مختلف' وقتوں میں سوال و جواب کرسکتے ہیں حاضرات کرتے وقت عامل و معمول پاک و طاہر ہوں اور کمرہ بھی صاف ستھرا ہو۔ جہاں پر خوشبودار بخور روشن ہو۔

روحانیات کی آواز سننا

اگر کوئی شخص روحانیات کی گفتگو سننے کا متمنی ہو تو اس کو چاہئے کہ اس طلسماتی و کراماتی عمل کو تیار کرکے اپنی دیرینہ خواہش پوری کرسکتا ہے۔ اس طلسمی عمل کے ذریعے آپ جناتوں کی بھی گفتگو سن سکتے ہیں لیکن آپ اس زبان کو سمجھ نہیں سکتے کیونکہ جنات مخصوص زبان میں آپس میں گفتگو کرتے ہیں۔

دم کلب اسود ایک مثقال' افتیمون دو مثقال' ان دونوں کو آپس میں ملاکر خوب اچھی طرح کھرل کرکے حبوب بقدر جنگلی بیر بنالیں اور اس کو خشک کرکے بحفاظت اپنے پاس محفوظ رکھیں۔ جب بھی آپ کو روحانیات' جنات وغیرہ کی گفتگو سننا مقصود ہو اس وقت آپ کسی ویران جگہ پر چلے جائیں اور ایک حب ہمراہ آب نگل جائیں حیرت انگیز طور پر آس پاس سے آپ کو عجیب و غریب زبان میں آوازیں آنا شروع ہو جائیں گی۔

اگر آپ اہل ہنود کے دیوی دیوتا کی گفتگو سننا چاہتے ہیں۔ تو بروز ہولی یا دیوالی یا پھر دسہرہ کے تہوار کے دن آپ کسی بڑے مندر میں چلے جائیں لیکن شب کو بارہ بجے کے بعد جانا چاہیے اب آپ ایک حب نوش کرکے خاموشی سے بیٹھیں چند لمحے بعد آپ کو آوازیں آنا شروع ہو جائیں گی لیکن آپ کو نظر کوئی بھی شخص نہیں آئیگا اگر آپ مشاہدہ

بھی ان ارواحوں کا کرنا چاہتے ہیں تو میری کتاب ھذا کے حصہ اول یا پھر حصہ دوئم سے کسی کاجل وغیرہ کا نسخہ استعمال کریں بیشک آپ کو مشاہدہ بھی ہوگا۔

نظارہ ارواح و فرشتگان

یہ طلسم بھی نواب علی شاہ قادری کا عطا کردہ اور بالکل بے خطاء ہے جس میں رائی برابر شک نہیں۔

برادر شغال جس وقت نہایت کریہہ اور لمبی آواز نکالے اور جس طرف اسکا منہ ہو عامل بھی اسی طرف منہ کر کے اس جانور کی پشت پر اپنا دست رکھدے اسی لمحہ عامل کو یوں محسوس ہوگا گویا اس کی آنکھوں سے قدرت نے حجاب کا پردہ اٹھادیا ہے۔ چنانچہ جو روح یا فرشتگان یا جنات جس قسم کی بھی مخلوقات اس وقت وہاں سے گزرے گی عامل اسکا مشاہدہ بچشم خود کریگا۔ اگر کسی گھر میں موت کے فرشتے بھی اتر رہے ہوں گے تو وہ بھی مشاہدے میں آئیں گے جس کا دل چاہے آزمالے اس میں کسی خاص وعام کی قید نہیں۔

نظارہ ارواح

عرق سفید چرمو بروز نوچندی ہفتہ یا نوچندی اتوار کو نکال کر اسکا مقطر روئی کی بتی سے حاصل کریں بعدہ ایک ایک قطرہ اس عرق کو اپنی دونوں آنکھوں میں ڈال کر نگاہ ماریں تو ارواح و غائبات کا دیدار ہوگا۔

نظارہ جنات و روحانیات

چشم قرد کو لیکر سیاہ گائے کے دودھ میں پکا کر دہی جمائے اور اسکا گھی نکال کر گھی کو کورے چراغ میں ڈال کر چراغ میں نادن بن کی روئی کا فلیتہ روشن کر کے انسان کی کھوپڑی میں کاجل پارے اور اس کاجل کو آنکھوں میں لگائے تو روحانیات و جنات کا مشاہدہ ہوگا لیکن عامل کو کوئی جنات و روحانیات نہ دیکھ سکیگا لیکن کاجل کو بروز اتوار پکھ نچھتر میں بنائے تو بہتر ہے۔

نظارہ دیوی دیوتا

تخم انکوں کا تیل کولہو سے نکلوائے۔ اب اس روغن کو مٹی کے کورے چومکھے چراغ میں ڈالے اور تگر کو چار عدد نادن بن کی روئی کے فلیتہ میں لپیٹ کر بروز دیوالی سورج غروب ہونے کے بعد چاروں فلیتوں کو روشن کردو اوپر عظم رأس آدم رکھے تاکہ کاجل اس میں جمع ہوتا رہے۔ چنانچہ جب تمام فلیتہ جل کر ختم ہو جائے تو عظم رأس آدم کے سرد ہونے پر تمام کاجل کھرچ کر رکھلے اور عامل اس کاجل کو اپنی آنکھوں میں ایک ایک سلائی ڈالے گا تو فی الفور اسکی آنکھوں پر سے حجاب کا پردہ اٹھ جائیگا اور جس طرف نگاہ اٹھا کر دیکھے گا عجیب و غریب تماشہ نظر آئیگا اور فضاء میں عجیب و غریب مخلوق پرواز کرتی ہوئی نظر آئیں گی جسے عامل نے اس سے قبل کبھی نہیں دیکھا ہوگا۔

تلک نظارہ آسیب و سحر اور انکا دفان

یہ تنتر بھی جناب نواب علی شاہ صاحب کا مجرب ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ جس وقت نر مادہ بھونرے سیاہ جفتی کرتے ہوئے نظر آئیں۔ فوراً ان کو کسی کپڑے وغیرہ سے گرا کر مار دیں اور خشک کر کے رکھیں اور عظام حرام مغز کاک کو بھی خشک کر کے دونوں اجزاء کا نہایت باریک سفوف کریں اور بقدر ضرورت اس میں روغن بیدانجیر ملا کر رکھ لیں آپکا مطلوبہ تلک تیار ہے بوقت ضرورت جس آسیب یا سحرزدہ کا آپ علاج کرنا چاہتے ہیں تو لازم ہے عامل اول تلک کو اپنی ترکوٹی پر لگائے بعدہ آسیب یا سحرزدہ مریض کو دیکھے چنانچہ مریض پر جو شے بھی مسلط ہوگی عامل کو بخوبی صاف نظر آئیگی۔ لیکن جس وقت آسیب وغیرہ عامل کو دیکھے فی الفور دفع ہوگا۔ یہ ایک عجیب راز ہے۔ لیکن عامل پر لازم ہے کہ وہ عمل سے قبل مصنف و مؤلف سے اجازت ضرور لے لے۔

کجل الجنات

اس دنیا میں بہت سے لوگوں کو جنات دیکھنے کا شوق ہے۔ بہت سے لوگ جنات کے وجود کی نفی کرتے ہیں حالانکہ قرآن پاک میں بیشتر جگہ پر جنات کا ذکر ہے حتی کہ انتیسویں

پارے میں پوری ایک سورۃ موجود ہے۔ جسکا نام سورۃ جن ہے یہ دو رکوع پر مشتمل ہے نوامیس کے اس عمل کے پیش کرنے کا مقصد یہ ہے کہ لوگ بذات خود اس طلسماتی عمل کو تیار کر کے جنات جیسی مخفی مخلوق کا مشاہدہ کریں۔ اور پھر نتیجے سے ہمیں آگاہ کریں۔

زہرہ گربہ سیاہ و چشم خشک' زہرہ زاغ سیاہ و چشم خشک ان تمام چیزوں کو خوب اچھی طرح کھرل کر کے مثل سرمہ بنالیں اور اپنی آنکھوں میں بطور سرمہ لگائیں گے تو آس پاس جہاں بھی جنات ہوں گے صاف اور واضع نظر آئیں گے۔

مشاہدہ جنات

یہ طلسم بھی مشاہدہ جنات کے لئے بہت موثر ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ سرمہ دکھنی میں دم مرغ سیاہ و دم گربہ سیاہ ملاکر کھرل کریں اور خشک ہونے پر اپنی آنکھوں میں لگائیں۔ مشاہدہ جنات ہوگا۔ تجربہ شدہ ہے۔ آزما سکتے ہیں۔

ڈاکن نظر آوے

بروز اندھیاری چودس کو بیخ کرنجوہ اسطرح لاوے کہ ایک یوم قبل اس پودے کو نیوتہ دے آوے لیکن آتے جاتے وقت کسی سے کلام نہ کرے دوسرے دن اندھیاری چودس کے وقت بیخ اکھاڑ لاوے لیکن واپسی پر مڑ کر پیچھے نہ دیکھے گھر آکر بیخ محفوظ رکھے اگر اس کو گھس کر پانی میں ملاکر آنکھوں میں لگائے تو ڈاکن نظر آوے۔

ماضی' حال اور مستقبل کی پیش گوئی

جس دن چاند کی پہلی تاریخ ہو اسی شب رات کے ٹھیک بارہ بجے کسی قبرستان میں جاکر کوئی بہت بوسیدہ قبر کھود کر عظام رأس آدم حاصل کر کے کسی تھیلے میں ڈال کر سیدھے ہاتھ میں پکڑ کر گھر واپس آکر اس کو کسی آہنی ٹین کے بکس میں رکھیں۔ اور قدرے سیندور' کافور اور زعفران اس پر چھڑک کر بکس کو بند کردیں اور اسکو کسی علیحدہ کمرے میں رکھیں جہاں پر کوئی نہ جائے اور آپ روزانہ شب کو ٹھیک بارہ بجے اس کمرے میں داخل ہو کر بکس کا منہ کھول دیں اور دھوپ کا بخور جلائیں۔ تقریباً دس پندرہ منٹ بخور جلا

کریگا۔ اور سہ یوم تک برابر روزانہ بخور جلانا ہوگا اور رات کے بارہ بجے یہ کام کرنا ہوگا اور بخور جلنے کے بعد بکس کا منہ بند کردینا چاہئے اور کمرے کو بھی بند کرکے واپس آجانا چاہئے۔

اب آپ کسی پیر کے دن چاند کی چودھویں تاریخ کو اس دن شام کو دن اور رات کے ملاپ کے وقت آبادی سے دور کسی کاگ کے گھونسلے سے ایک عدد زاغ پکڑ لاویں اور اپنے مسکن پر واپس آکر زاغ کو قفس میں بند کردیں اور اس پر ایک عدد پارچہ اسود ڈال کر ڈھانک دیں اور صبح کو پارچہ اسود ہٹادیں اور زاغ کو غذاء اور آب دیں اور بوقت دوپہر اس کو تھوڑا سا مکھن گاؤ کھلانا چاہیے۔ اسی طرح کل گیارہ یوم تک زاغ کو اپنے پاس رکھنا چاہیے بارھویں دن رات کے دس بجے بکس کو بائیں ہاتھ میں یا جیب میں رکھیں اور زاغ کو داہنے ہاتھ سے پکڑ کر اسی قبرستان میں جاویں جہاں سے آپ نے عظام رأس آدم حاصل کیا تھا وہاں جاکر بکس کے اوپر زاغ کو ہلاک کریں اور ایک عدد پشت کا پر نوچ کر بکس میں ڈالدیں اور شکم چاک کرکے قلب اور کبد دونوں نکال کر باقی نعش کو وہیں دبادیں اور گھر واپس آکر قلب اور کبد کو کسی ڈبیہ میں ڈال کر خشک ہونے کیلئے رکھ دیں جب خشک ہوجاوے تو اس پر سیندور چھڑک دیں اور ایک عدد پارچہ احمر میں قلب و کبد لپیٹ کر بکس میں رکھ دیں اور بکس بند کرکے رکھ چھوڑیں اب آپکا عمل تمام ہوا۔

جب بھی کسی کا حال معلوم کرنا ہو تو ایک مرد یا عورت غیر شادی شدہ کو اپنا معمول بناوے اور کسی چوبی نشست پر اونی کپڑا بچھا کر معموں کو بیٹھائیں اور اسکے دامن پر طلسمی بکس رکھ دیں اور معمول کا دایاں ہاتھ اس بکس پر ہونا چاہیے۔ اب پارچہ اسود سے اسکی آنکھ پر پٹی باندھ دیں اور پندرہ منٹ تک عامل و معمول اور حاضرین مجلس بالکل خاموش بیٹھے رہیں۔ چنانچہ اس عمل کے نتیجے میں معمول کی روح ہوا میں پرواز کرنے لگے گی اور معمول بالکل نیم بیہوشی کے عالم میں ہوگا اور اب آپ اس سے جو بھی سوالات کریں گے اسکا بالکل درست جواب دیگا چاہے وہ کتنی ہی خفیہ بات کیوں نہ ہو۔ لیکن آدھ گھنٹہ سے زیادہ معموں سے سوالات نہ کرنا چاہیے اور جونہی آپ معمول کے دامن سے طلسمی بکس ہٹائیں گے اوز اسکا اوپر سے ہاتھ بھی ہٹاکر آنکھوں سے پٹی کھولیں گے ہوش میں آجائیگا۔ اور اس کو قطعی اس بات کا علم نہ ہوگا کہ اس نے کیا کچھ بیان کردیا۔

دوستو گوکہ اس عمل میں محنت ضرور کرنی پڑتی ہے۔ لیکن ایک مرتبہ اس عمل کا عامل ہو گیا تو ساری محنت وصول ہو جاتی ہے۔ اور اس میں کسی قسم کا خوف و خطر قطعی نہیں ہے۔

گزشتہ زمانے کے حالات دیکھنا

تخم انگوں حسب ضرورت لیکر اسکا کوہو سے تیل نکلوائیے اور جتنا روغن انگوں ہو اتنا ہی روغن مادہ گاؤ سیاہ اس میں ملا کر مٹی کے کورے دیئے میں دونوں روغنوں کو ڈال کر بشب پنجھتر میں نادن بن کی روئی کا فلیتہ چراغ میں ڈالے اور اس فلیتہ کو روشن کرے اوپر عظم راس آدم رکھے تاکہ کاجل اس میں جمع ہو الغرض جب تمام فلیتہ جلکر کاجل تیار ہو جائے تو نکال کر اپنی آنکھوں میں ڈالے مقصد حل ہو گا اسمیں شک نہیں۔

اگلے جنم کے حالات دیکھنا

تخم انگوں، دکھنی تل۔ دونوں کو باریک پیس کر گھی میں ملا کر دیوالی کی رات کاجل بناوے اور ہتھیلی میں لگا کر غور سے دیکھے تمام حالات صاف نظر آویں گے۔ لیکن دیوالی کی رات ہی کو کاجل ہتھیلی میں لگا کر دیکھنا چاہیے۔ ورنہ مؤثر ثابت نہ ہو گا۔

مستقبل کے حالات معلوم کرنا

واضح ہو کہ مجھے یہ تنتر محترم جناب نواب علی شاہ قادری بن قاسم علی" شاہ قادری بن مدار علی" شاہ قادری نے اپنی شفقت و عنایت سے عطا کیا اور انکا آزمودہ ہے۔ علاوہ ازیں چند تنترجات اور عنایت کئے ہیں آئندہ پیش کرنے کی جسارت کرونگا۔ چونکہ صاحب عمل نے مجھے اشاعت کرنے کی اجازت دے دی اس لئے ہدیہ ناظرین کیا جارہا ہے۔ واضح ہو کہ نواب علی شاہ صاحب کے جدامجد مخفی علوم میں مکمل دسترس رکھتے تھے۔ اللہ رب العزت آپ کے آباء واجداد کو جزائے خیر دے۔ آمین ثم آمین۔

عظام حرام مغز کاک کوہستانی کو ہلاک کر کے مطلوبہ شے حاصل کریں اور خشک کر کے اپنے پاس عامل رکھے چنانچہ جب عامل جس شخص پر توجہ کریگا اس شخص کے حالات آئندہ

عامل پر منکشف ہو جائیں گے اس سے آسان طلسم کا ملنا محال ہے۔ تیار کریں اور فائدہ اٹھائیں۔

بخور دافع نحوست سبع سیارگان

آج میں آپ حضرات کے سامنے جس بخور کے نسخے کو پیش کرنے جا رہا ہوں یہ بخور میرے معمولات سے ہے اور اسکی تاثیر مثل برق ہے خاص بات یہ ہے کہ اسکے تمام اجزاء سہل الحصول ہیں۔ بخور کے تمام اجزاء آپکو کسی حکیم یا پنساری کی دوکان سے آسانی سے مل جائیں گے میرے پاس تقریباً ہر وقت یہ بخور تیار رہتا ہے اسکو میں اپنے گھر پر بھی اکثر جلاتا ہوں اور ضرورت مند حضرات کو بھی اکثر دیا کرتا ہوں جو حضرات نحوست سیارگان کے ستائے ہوئے ہیں اور جعلی پیروں اور عاملوں کے ہاتھوں ہزار ہا روپے برباد کرنے کے بعد بھی ہنوز انکی تکالیف برقرار ہے ایسے ہی لوگوں سے مصنف و مؤلف کتاب کی گزارش ہے کہ وہ اس بخور کو تیار کرنے کے بعد زیادہ نہیں صرف سات سے نو یوم کے اندر اس بخور کی تاثیر ملاحظہ کریں گے۔

وہ حضرات جو سحر و آسیب کے زیر اثر ہیں ان کو چاہیے کہ اول وہ لوگ سحر یا آسیب کا تدارک کریں بعدہ بخور ھذا کو استعمال کریں اللہ رب العزت بخور کے ذریعے تمام تکالیف دفع کردیگا سحر و آسیب و ارواح خبیثہ کو دفع کرنے کے اعمال میری کتاب اسرار عجیبہ کا حصہ اول آپ ملاحظہ کریں۔ نیز کتاب ھذا میں بھی کافی اعمال اس مقصد کیلئے درج کئے گئے ہیں۔

طریقہ استعمال : کم از کم ایک پاؤ کچے کوئلے خوب اچھی طرح عروج ماہ قمری میں صبح سورج طلوع ہونے کے دس منٹ بعد جلائیں جب یہ تمام کوئلے دھک جائیں تو متاثرہ شخص خواہ مرد ہو یا عورت اسکی کوئی قید نہیں ایک علیحدہ پاک و طاہر کمرے میں کوئلے لیکر چلا جائے اور بخور کے اجزاء چٹکی چٹکی وقفے وقفے سے کوئلوں پر ڈالے جب اسکا دھواں نکلے تو اسکا دھواں متاثرہ شخص اپنے جسم پر لگے تقریباً پندرہ منٹ یہ دھواں لیا جاسکتا ہے۔ متاثرہ شخص اگر کپڑے اتار کو دھونی لے تو زیادہ بہتر ہے اسی طرح جسم کے ہر حصے پر دھونی لگیکی واضح ہو کہ اس بخور کی خوشبو نہایت عمدہ اور خوشگوار ہوتی ہے۔ یہ دھونی کم از کم

روزانہ ایک ماہ سے چالیس یوم تک پینا ضروری ہے نیز جب متاثرہ شخص دھونی لے چکے تو اسکو چاہیے کہ وہ جس مکان میں قیام پذیر ہے اسکے چاروں طرف اندرونی حصہ میں اور تمام کمرے وغیرہ میں اچھی طرح دھونی دے لے یہ کام بھی پندرہ بیس منٹ کرے بحکم پاک پروردگار چہل یوم میں آپ کا گھر خوشیوں کا گہوارہ بن جائیگا۔

بخور :۔ عصارہ ضرو ۱۰ تولہ۔ سکر ھندی ۱۰ تولہ۔ سندروس ۱۰ تولہ۔ قرفہ ۱۰ تولہ۔ صندل ابیض ۱۰ تولہ۔ کرذکم ½2 تولہ، صندل احمر ۱۰ تولہ۔ ملک رومی ۱۰ تولہ۔ کافور ۵ تولہ۔ عطر مشک ۲ تولہ۔

ترکیب تیاری : تمام اجزاء کو الگ الگ خوب باریک کوٹ کر چھلنی سے چھان لیں بعدہ ان تمام اجزاء کو آپس میں خوب اچھی طرح ملا کر اس میں عطر مشک ملا کر رکھ لیں آپکا مطلوبہ بخور تیار ہے اسکو کسی ڈبہ میں بند کرکے رکھیں تاکہ خوشبو برقرار رہے۔

بخور ارواح خبیثہ

اس سے قبل بھی میں ایک بخور کا نسخہ اسرار عجیبہ کے حصہ اول میں درج کر چکا ہوں کئی حضرات نے اس بخور کو استعمال کیا اور ان کی تمام تکالیف ختم ہوگئیں یہ بخور کا نسخہ اس سے تاثیر میں کچھ کم نہیں۔ بنائیں اور خود بھی فائدہ اٹھائیں اور مخلوق خدا کو بھی فائدہ پہنچائیں۔

مور چندر کا' پنچانگ کنڈیاری' پنچانگ مروا' آملہ منقی' بیج بنولا یعنی کپاس' شاخ گاؤ' کینچلی مار سیاہ' بوسیدہ دانت انسانی۔

ترکیب تیاری : جو جڑی بوٹیاں سبز ہیں ان کو اول سائے میں سکھا لیں بعدہ جملہ اجزاء ہموزن لیکر ان کو الگ الگ خوب باریک کوٹ پیس کر کپڑ چھان کریں جب تمام اجزاء باریک سفوف بن جائیں اس وقت ان کو آپس میں ملا کر یکجان کریں اور کسی کانچ کے برتن میں محفوظ رکھیں۔

طریقہ استعمال : کوئلہ خار مغیلان' یا کوئلہ سلطان الاشجار لیکر خوب اچھی طرح دہکا دیں کہ بالکل سرخ ہو جائے اب بخور کو اس پر ڈالیں تاکہ دھواں نکلے اس دھوئیں کو مریض کو دیں جس پر جن' بھوت' پری' دیو یا کسی بھی قسم کا آسیب کا تسلط قائم ہو مریض کو

دھونی کم از کم پندرہ منٹ ضرور دینی چاہیے دھونی دینے کا وقت صبح سورج طلوع اور غروب ہوتے وقت دینا چاہیے لیکن اگر ضرورت پڑے تو دن کے وقت دوپہر ٹھیک بارہ بجے دھونی دے دیں تو زیادہ بہتر ہے کم از کم یہ دھونی چالیس یوم مریض کو دینا چاہیے۔ اگر کسی مکان یا دکان پر آسیب کا تسلط قائم ہو تو وہاں بھی صبح شام پورے مکان یا دکان میں چہل یوم دھونی دینا چاہیے۔ بحکم خدا ہر قسم کی بلیات اندرون چہل یوم دفع ہو جائیں گی اور پھر واپس لوٹ کر آنے کی جرأت نہ کریں گی۔

اگر کسی شخص پر یا مکان یا دکان پر سحری اثرات ہوں تو اسکے تدارک کیلئے میری کتاب اسرار عجیبہ کا حصہ اول ملاحظہ کریں جس میں نہایت سریع التاثیر اعمال درج ہیں

بخور بھوت پریت

گورکھ منڈی، گوکھرو خورد، تخم پنبہ دانہ، بول مادہ گاؤ۔

ترکیب تیاری : مندرجہ بالا تمام چیزیں ہموزن لیں سوائے بول مادہ گاؤ کے چنانچہ تینوں ادویات ہموزن لیکر خوب باریک کوٹ پیس لیں بعدہ ان کو چھلنی یا کپڑے سے چھان کر یکجان کریں اب بول مادہ گاؤ اس میں ملاکر آٹے کی طرح گوندہ لیں پھر تمام مواد کو پھیلا کر دھوپ میں خشک کرلیں جب خوب اچھی طرح دو تین یوم میں خشک ہو جاوے تو اس کو کانچ کے برتن میں محفوظ رکھیں۔ یہی بخور بھوت پریت ہے۔

طریقہ استعمال : جس کسی مرد یا عورت پر جن، بھوت، خبیث، پری، چڑیل، دیو یا کسی بھی قسم کا آسیبی اثر ہو اس مریض کی ناک میں دھونی بخور ھذا کی دیں جس کا طریقہ یہ ہے کہ کوئلہ خار مغیلاں کا دھکا کر اس پر تھوڑا تھوڑا سا بخور ڈال کر مریض کی ناک میں دھونی دے فی الفور اثرات دفع ہوں گے کم از کم روزانہ چہل یوم دھونی دینا چاہیے۔

بخور بھوت پریت

چاہیے کہ ایک عدد گھگھو پرندہ کو بروز نوچندی اتوار ذبح کریں اور اسکی پوست و لحم کو علیحدہ کرکے دھوپ میں خشک کریں اور اس کو خوب باریک پیس کر دونوں کو یکجان کریں بخور تیار ہے۔

جس گھر یا آدمی پر آسیب کا تسلط قائم ہو اور کسی بھی طرح دفع نہ ہوتا ہو تو اس بخور کی دھونی گھر یا متاثرہ شخص کو دے اور چند روز تک روزانہ دھونی دیتا رہے۔ بحکم خدا آسیب ہمیشہ ہمیشہ کیلئے دفع ہو جائیگا اور دوبارہ لوٹ کر واپس نہ آئے گا۔ جاننا چاہئے کہ یہ پرندہ مثل الو کے ہوتا ہے اور اس کا قد اور جسامت الو سے چھوٹی ہوتی ہے۔

بخور آسیب

یہ بخور بھی آزمودہ ہے اور اس کے اجزاء بھی آپکو آسانی سے دستیاب ہو سکتے ہیں۔ اسکا طریقہ استعمال بھی اسی طرح ہے جو کہ میشور بخور کا ہے۔ اجزاء درج ذیل ہیں۔ گوگل' ثوم خشک' روغن گاؤ' کینچلی مار سیاہ' شعر قرد' بیٹ مرغ و کبوتر خشک۔ یہ تمام اجزاء آپ باوزن لیکر اسکا سفوف بنالیں اور جب چاہیں مریض پر استعمال کریں۔ ہرگز ہرگز اس بخور کے سامنے کسی قسم کا آسیب وغیرہ ٹھہر نہ سکے گا۔

میشور بخور

یہ بخور کا نسخہ نہایت درجہ کامیاب ثابت ہو چکا ہے جس سے بڑے سے بڑا آسیب' جن' خبیث' چڑیل' دیو اور راکھشش وغیرہ فی الفور دفع ہو جاتے ہیں لہٰذا ہر خاص و عام کو دعوت دی جاتی ہے کہ اس سے پورا پورا فائدہ اٹھائیں۔ اسکا طریقہ استعمال یہ ہے کہ تقریباً ڈھا کلو کچے کوئلے جلاکر اس پر چٹکی چٹکی بخور ھذا کی چٹکی ڈالیں اور مریض بالکل صحت مند ہو جائیگا لیکن احتیاطاً چہل یوم تک روزانہ صبح شام استعمال کرانا چاہیے تاکہ مرض دوبارہ واپس نہ لوٹے۔ اس بخور سے سحر و جادو کا اثر بھی ختم ہو جاتا ہے۔ سحرزدہ مریض کو مندرجہ بالا طریقے سے بخور استعمال کرانا چاہیے۔

لوبان ا چھٹانک' حلتیت ا چھٹانک' دیودار ا چھٹانک' اندرانی ا چھٹانک' گئو دنتی ا چھٹانک' سگندھ بالا ا چھٹانک یا کافور ا چھٹانک' سرسوں ا چھٹانک' تاج خروس ا چھٹانک' کنگی ا چھٹانک' برگ نیم خشک ا چھٹانک' کٹائی خورد ا چھٹانک' کٹائی کلاں ا چھٹانک' جوا ا چھٹانک' جو خشک ا چھٹانک' شعر گوسفند ا چھٹانک' مکڑی کا جالا ا تولہ' ان تمام اجزاء کا باریک سفوف کرکے بول مادہ گاؤ اس میں ملاکر خشک کرے اور پھر باریک سفوف کرے بخور تیار ہے اب

آپ اس کو استعمال کرسکتے ہیں۔

ناس دافع آسیب

یہ ناس اگر آپ نے کسی بھی قسم کے آسیب زدہ مریض کو سنگھادیا تو وہ الٹے پاؤں اسی وقت بھاگ جائیگا اور آپ خود بھی حیرت زدہ رہ جائیں گے اور مریض بالکل ٹھیک ہو جائیگا۔ اگر بار بار اس عمل کو چند یوم تک آزمائش اگر آپ کریں گے تو آسیب ایک دن تنگ آکر آپ سے کہے گا کہ ''وہ پھر کبھی بھی دوبارہ اس مریض کے اوپر مسلط نہ ہوگا''

مغز کنول گٹہ، فلفل اسود، یہ دونوں ایک ایک تولہ لیکران کو مثل سرمہ بنائیں بعدہ کسی کانچ کی شیشی میں محفوظ رکھیں۔ تیار ہے۔

جب بھی کسی مریض پر آسیب مسلط ہو تو ایک ایک چاول کی مقدار کے برابر مریض کے ناک کے دونوں نتھنوں میں ڈال کر سانس اوپر کھینچوائے جس وقت یہ ناس دماغ تک پہنچے گی آسیب وغیرہ اس وقت بھاگ جائے گا اور مریض بالکل شفایاب ہو جائیگا۔

ناس جن بھوت

بروز نوچندی سنیچر سورج نکلنے سے قبل سنکھاہولی بوٹی کے پاس جائے اور اسے اسطرح دعوت دے ''اے سنکھاہولی آج میں تجھے دعوت دینے آیا ہوں کل میں اسی وقت تجھے اپنے کام کے لئے لینے آؤنگا تجھے میرا کام کرنا ہوگا اور میرے ساتھ چلنا ہوگا''۔ یہ کہہ کر واپس آجائے۔ پیچھے مڑکر نہ دیکھے۔ دوسرے دن اتوار کو عین اسی وقت اس پودے کے پاس جائے اور پورے پودے کو جڑ سے کھود کر نکال کر فوراً گھر واپس آجائے اور پیچھے مڑکر نہ دیکھے نیز ایک بات کا خاص خیال رکھیں وہ یہ کہ آتے یا جاتے وقت آپ کو کوئی ٹوکے نہیں اور نہ آپ کسی سے گفتگو کریں گھر واپس آکر بات کرسکتے ہیں اس بات کا لحاظ ہفتہ اور اتوار دونوں دن رکھنا ہوگا۔ چنانچہ گھر جب آپ آجائیں تو اس پودے کی صرف جڑ کاٹ لیں اور سایہ میں خشک کرکے اسکا باریک سفوف بناکر رکھ چھوڑیں بوقت ضرورت کوئلہ خار مغیلان کا دھکا کر اس پر سفوف ڈالیں اور مریض کی ناک میں دھونی دیں فی الفور ہر قسم کا آسیب دفع ہوگا لیکن جس دن دھونی دینا ہو اس دن عامل و مریض صرف ابلے

ہوئے برنج اور روغن گاؤ کھائے۔ اس سے زیادہ آسان بھوت پریت کے دفع کرنے کا عمل اور میں کیا آپ لوگوں کیلئے لکھوں؟

سرمہ برائے بندش آسیب

دوستو یہ سرمہ آسیب و ارواح خبیثہ کے لئے اتنا ظالم ہے کہ اگر اس سرمہ کے استعمال کے بعد بھی مریض کے جسم میں آسیب نے رکنے کی کوشش کی تو جل کر راکھ ہو جائیگا۔ اس سے آپ حضرات بخوبی اندازہ کرسکتے ہیں کہ یہ کس قدر قوی ہے۔ اس کے اجزاء ملاحظہ فرمائیں۔

رائی اسود، فلفل اسود، ان دونوں کو ایک ایک تولہ لیکر کسی نہ گھسنے والے کھرل میں اتنا باریک کریں کہ مثل سرمہ بن جائے تقریباً" ایک ہفتہ اسکی رگڑائی روزانہ تقریباً" چھ گھنٹہ کرنا چاہیئے۔ جب یہ تیار ہو جائے تو ایک ایک سلائی آسیب زدہ مریض کی دونوں آنکھوں میں ڈالے۔ بحکم خدا فی الفور دفع ہوگا اور آئندہ نہ آنے کا وعدہ کریگا اور اگر ٹھہرے گا تو اندھا یا جل کر راکھ بن جائیگا۔

سرمہ دافع آسیب

یہ سرمہ بھی آسیب زدہ کیلئے زہر قاتل ہے۔ جس طرح لاحول پڑھنے سے شیاطین دفع ہو جاتے ہیں۔ بالکل اسی طرح اس سرمہ کے لگاتے ہی مغرور سے مغرور اور جابر آسیب دفع ہو جاتا ہے۔ آزمائش شرط ہے۔ سب سے بڑی خوبی اس میں یہ ہے کہ اس کے اجزاء نہایت سہل الحصول ہیں۔ خدانخواستہ آپکو کسی جنگل یا ویرانے میں جاکر اس کو تلاش کرنے کی ضرورت نہیں۔ بلکہ کسی بھی عطار کی دوکان سے آپ کو تمام اجزاء آسانی سے دستیاب ہو جائیں گے۔

سعد کوفی، بابچی، خشک لیموں، یہ تینوں اجزاء ایک ایک تولہ لیکر ان کو پہلے خوب اچھی طرح کوٹیں پھر کپڑ چھان کرکے کسی نہ گھسنے والی کھرل میں اتنا کھرل کریں کہ یہ مثل سرمہ بن جائے بعدہ اس کو کسی کانچ کی صاف بوتل میں محفوظ رکھیں۔

جس مریض پر آسیب مسلط ہو اسکی دونوں آنکھوں میں ایک ایک سلائی ڈالدیں پھر

آپ قدرت کا مشاہدہ کریں۔ اگر آسیب وقتاً فوقتاً مریض پر مسلط ہو جاتا ہو تو صبح شام مریض کی دونوں آنکھوں میں ایک ایک سلائی اس سرمہ کو ڈالنا چاہیے یہ چہل یوم عمل کرنا چاہیے۔ یہ سرمہ آنکھوں کیلئے بالکل بے ضرر ہے۔

جوشاندہ دافع آسیب

مجھے کامل یقین ہے کہ آپ نے اب تک اس قسم کے جوشاندے کا نسخہ آسیب کو دفع کرنے کا نہ سنا ہو گا اور نہ ہی دیکھا ہو گا لہٰذا آج ہی اس کے اجزاء حاصل کرنے کی کوشش کریں اور پھر مخلوق خدا کو نفع پہنچائیں۔ آپ حضرات کو اس عمل کی صداقت پر یقین شاید نہ آئے لیکن حقیقت یہ ہے کہ مثل برق کے مریض کے حلق سے اترتے ہی کام کر جاتا ہے اگر اس کے ساتھ بخور اور آسیب کو دفع کرنے کا سرمہ بھی ساتھ ساتھ استعمال کرایا جائیگا تو چار چاند لگ جائیگا۔ گزشتہ اوراق میں میں نے کئی قسم کے بخور اور سرمہ کے نسخے آسیب کو دفع کرنے کے تحریر کئے ہیں لہٰذا وہاں سے ملاحظہ کر سکتے ہیں۔ نسخہ جوشاندہ دافع آسیب یہ ہے۔ حلتیت خالص ۴ رتی، بیج گورکھ منڈی ا تولہ، آب چاہ ا پاؤ۔

ان تمام چیزوں کو لیکر کسی صاف برتن میں ڈالکر آگ پر مثل جوشاندہ پکائیں اور جب آدھا پاؤ آب رہ جائے تو کسی ململ کے کپڑے سے چھان کر ٹھنڈا کریں اور آسیب زدہ مریض کو صبح دوپہر شام وقفے وقفے سے کھانا کھانے کے بعد اس کو پلائیں اسی طرح چند یوم تک روزانہ اس جوشاندے کو استعمال کرائیں۔ خیال رہے کہ روزانہ جوشاندے کے اجزاء جدید لئے جائیں گے۔

جنات سے محفوظ

بروز نوچندی اتوار ایک عدد مرغ سفید ذبح کر کے اسکا مغز ثابت نکال کر خشک کر کے محفوظ رکھیں اور تمام مرغ کا گوشت کسی غریب نادار کو دے دیں اب مغز کو کسی سفید پارچہ موم جامہ میں لپیٹ کر مثل تعویذ بنا کر اپنے گلے یا بازو میں باندھیں انشاء اللہ اجنہ کے شر سے محفوظ رہیں گے۔ یہ کوئی مشکل کام نہیں ہر شخص اس کو تیار کر سکتا ہے۔

شیاطین وارواح خبیثہ کوئی شے چوری نہ کرسکیں

بروز نوچندی شنبہ شبت کے پودے کے پاس علی الصبح سورج نکلنے سے قبل جاکر نیوتہ دے آئے اور دوسرے دن اتوار کو پودے کے پاس جاکر اس کے تمام برگ توڑ کر لے آئے اور واپسی پر پیچھے مڑکر نہ دیکھے گھر آکر تمام برگ کو سائے میں خشک کرکے جس پیٹی یا تجوری وغیرہ میں رکھے ہرگز ہرگز کوئی بدروح وغیرہ اس چیز کو نہ لے جاسکے گی۔ جس کے ساتھ یہ برگ شبت رکھے ہوں گے۔ میرے پاس کئی حضرات نے یہ شکایات کیں کہ ان کے گھر سے خبیث ارواحیں سامان وغیرہ غائب کردیتی ہیں اسی وجہ سے یہ تنتر میں نے آپ لوگوں کی خدمت میں پیش کیا ہے۔

عامل کی ریاضت ختم کرنا

آب حدیر لم دوستو اور بزرگو یہ دنیا چند روزہ ہے اور اس عالم ناسوت میں نہ کوئی صدا زندہ رہا ہے اور نہ رہے گا۔ پھر بھی آپ حضرات آئے دن یہ سنتے رہتے ہوں گے کہ فلاں شخص پر کسی نے سحر یا تعویذ کردیا ہے جس کی وجہ سے وہ طرح طرح کے مصائب میں الجھ جاتا ہے۔ اگر خوش قسمتی سے اسے اللہ کا کوئی معقول نیک بندہ مل گیا تو اس کی تکالیف رفع دفع ہو جاتی ہے۔ ورنہ وہ بیچارہ دنیا میں ذلت و خواری کی زندگی گزارتے ہوئے کوچ کر جاتا ہے۔ میں ان خبیث و شیطان صفت پیروں' عاملوں اور ساحروں کی شیطانی قوتوں کو ختم کرنے کا ایک نادر و نایاب طلسماتی عمل پیش کررہا ہوں جو کہ اسرار نہانی سے ہے اور دنیا کی کسی بھی کتاب میں یہ راز آپکو نہ مل سکے گا۔ یہ وہ عمل ہے جو ہرگز ہرگز کسی بھی صورت میں خطا نہیں کرتا اگر آپ حضرات کو یقین نہ ہو تو میں اسکا تماشہ دکھا سکتا ہوں۔ زیادہ تعریف فضول ہے۔ آزمائش اور نتیجے سے ہمیں آگاہ کریں۔

آب حدر لم یعنی آب جیق' آب زق' آب زفت' آب بحر' آب طن۔

ترکیب تیاری : چاہیے کہ یہ جملہ آب عامل ایک ایک تولہ لیکر آپس میں ملاکر اس کا مقطر حاصل کرکے کسی کانچ کی شیشی میں محفوظ رکھے یہی آب حدر لم ہے دیکھئے یہ کیا کیا قیامت ڈھاتا ہے۔

طریقہ استعمال : آبِ حدِرلم پانچ قطرہ کسی کھانے پینے کی چیز میں ملا کر شیطان صفت عاملوں، ساحروں یا خبیث صفت پیروں کو کھلا یا پلا دو۔ آبِ حدِرلم کے حلق سے نیچے اترتے ہی اپنا کام دکھادیگا۔ تیس سے ساٹھ سیکنڈ کے اندر تمام شیطانی طاقتیں اس عامل کے پاس سے بھاگ جائیگی اور کوئی حکم اس کا ہرگز ہرگز نہ مانے گی۔ بلکہ الٹا اس عامل کو طرح طرح کی تکالیف پہنچائے گی آپ حضرات سے گزارش ہے کہ اس عمل کو ناجائز مت استعمال کریئے گا۔

دافع السحر

مار سیاہ کو بروز اتوار یا بدھ ہلاک کرکے اسکا قلب حاصل کرے اور خشک کرکے رکھ لے۔ جس شخص پر سحر و جادو کا اثر ہو تو اس قلب کو بطور تعویذ مسحور زدہ کے گلے میں ڈالے بحکم خدا سحر کا اثر جاتا رہیگا۔ گوکہ یہ طلسماتی عمل ایک معمولی سا نظر آتا ہے۔ لیکن جب آپ اس کو استعمال کریں گے تو آپ اس کے اثرات کے قائل ہو جائیں گے۔

دافع السحر

سفید قمری ایک معروف طائر ہے۔ جس کی شکل و صورت مثل کبوتر کے ہوتی ہے۔ چنانچہ اگر جس گھر میں سفید رنگ کی قمری پلی ہوئی ہرگز ہرگز سحر کا اثر اس گھر میں نہ ہوگا اور نہ ہی اس گھر کے لوگ سحر سے متاثر ہوں گے۔ آزمودہ و مجرب ہے۔

سحر جادو اثر نہ کرے

عامل کو چاہیے کہ خرگوش کو ذبح کرکے اس کی پنڈلی حاصل کرکے عمل حنوط کے ذریعے خشک کرکے محفوظ رکھے۔ لیکن ضروری ہے کہ بروز نوچندی اتوار یا بدھ کو خرگوش ذبح کرکے مطلوبہ شے حاصل کرے چنانچہ اس خشک شدہ پنڈلی کو مسحور اپنے پاس رکھے تو سحر کا اثر اس پر سے ختم ہو اور آئندہ بھی اگر کوئی شخص سحر کرنے کی کوشش کریگا تو بے اثر ہو جائیگا۔

کجل الاعظم برائے دفینہ

قارئین اسرار عجیبہ حصہ دوئم جیسا کہ آپ لوگوں کو علم ہے کہ اس سے قبل بھی میں نے بیشتر اعمال دفینہ دریافت کرنے کتاب ہذا میں تحریر کیے ہیں اور اسرار عجیبہ حصہ اول میں میں نے ایک علیحدہ باب اسی موضوع پر تحریر کیا ہے۔ جن حضرات کی تشنگی ابھی باقی ہے ان کے لیے یہ عمل تحریر کررہا ہوں۔ کیونکہ یہ تمام دفینہ دریافت کرنے کے اعمال کا سرتاج ہے۔ کیونکہ شمشیر کا وار تو خالی جانا ممکن ہے لیکن اسکا وار کبھی خالی نہیں جاتا۔ سورج مشرق کے بجائے مغرب سے طلوع ہوسکتا ہے لیکن یہ عمل کبھی خطا نہیں کرسکتا۔ لہٰذا جو حضرات اس عمل سے فیض اٹھائیں ان کو چاہیے کہ مجھ عاصی گنہگار کو اپنی دعاؤں میں شامل کرلیں یہی میرا مقصود ہے۔

بیخ آک سفید، آب ماہی روہو چشم، چشم سرطان اسود، بیضہ ٹٹھری، چشم کلچڑی، یہ جملہ اجزاء حاصل کرکے ان کو نادن بن کی روئی میں لت پت کرکے خشک کرکے فلیتہ کو کورے چراغ میں روشن کرکے عظم رأس آدم میں کاجل پارے اور چراغ میں روغن چمیلی شامل کرکے فلیتہ روشن کرے۔ جب کاجل تیار ہوجاوے تو اس میں روغن چمیلی شامل کرکے پایل یا طفل نابالغ کی ہتھیلی یا ناخن پر لگاکر معروف طریقے سے حاضرات کریں ہر بات کا درست جواب ملیگا۔

کجل العجائب

واضح ہو کہ میرے بہت سے کرم فرماؤں نے مجھ سے بار بار یہ درخواست کی کہ کوئی ایسا کاجل کا نسخہ تحریر کروں جس میں نابالغ یا پایل بچے کی قید نہ ہو اسی بات کو مد نظر رکھتے ہوئے آپ لوگوں کی خدمت میں یہ اسراری نسخہ پیش کیا جارہا ہے جو کہ ہرگز خطا نہ کریگا یہ صدری تنتر ہے آزمائش اور دعائے خیر سے مجھ ناچیز کو یاد رکھیں۔ زہرہ گربہ سیاہ، چشم گربہ سیاہ جو کہ مرنے کے بعد کھلی ہو، زہرہ مرغ سیاہ، چشم مرغ سیاہ جو مرنے کے بعد، کھلی ہو۔ یہ چیزیں کام کی ہیں۔ زہرہ مرغ سیاہ و زہرہ گربہ سیاہ کا کاجل نادن بن کی روئی میں معروف طریقہ سے بناوے اور اسی طرح چشم مرغ و چشم گربہ سیاہ کا الگ کاجل نادن بن کی

روئی میں معروف طریقہ سے بناوے اور دونوں کاجلوں کو الگ الگ ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔ اب اگر آپ چشم والا کاجل آنکھ میں لگائیں گے تو بارہ کوس کے اندر جہاں جہاں زمین کے اندر دفینہ مدفون ہوگا صاف نظر آئیگا۔ اگر بیچ میں کوئی دریا آجائے تو زہرہ والا کاجل لگانا ہوگا۔ اس کاجل کو چھوٹا بڑا ہر عمر کا آدمی آنکھوں میں لگا کر نظارہ کر سکتا ہے۔

دفینہ

جھنجھنی ایک بیج ہے جس پر خار ہوتے ہیں۔ جس کی سامنے کی طرف شاخیں ہوتی ہیں اس کے برگ مثل کھیر کے برگ ہوتے ہیں۔ چنانچہ اس کے برگ کو لیکر کوٹ کر ایک چھوٹی سی ٹکیہ بناوے اور پایل آدمی یا عورت کی ہتھیلی پر رکھکر ہاتھ کی درمیانی انگلی تر کوئی پر رکھے اور نگاہ ٹکیہ پر رکھے تو آس پاس جہاں بھی دفینہ ہوگا نظر آجائیگا اور عجیب و غریب انکشافات ہوں گے۔ اسی طرح سفید چرمو کے پتے سے بھی کام لیا جا سکتا ہے۔

دفینہ

ڈونگری سیاہ، لسان کاگ ان دونوں کی سیاہ گائے کے دودھ میں پکا کر دہی جماوے اور اس سے گھی نکالے اور پھر اس گھی کو آنکھ میں لگاوے تو دفینہ نظر آوے اگر چاہے تو گھی سے کاجل بنا کر صرف کاجل استعمال کرے تو بھی مطلب پورا ہوگا۔ آزمودہ و مجرب ہے۔

دفینہ

ایک عدد سیاہ سگ کو روزانہ تین یوم تک سیاہ تل گڑ میں ملا کر کھلاوے اور اس کا روزانہ کا براز جمع کرتا رہے اور چوتھے دن اس براز کا بطریق پاتال جنتر تیل نکالے اور اس تیل کو مٹی کے چراغ میں ڈالکر نادن بن کی روئی کا فلیتہ روشن کرکے کھوپڑی میں کاجل پارے اور آنکھ میں لگائے مطلب حل ہوگا۔

دفینہ

ڈونگری کو گھی اصلی چند یوم کھلاوے اور اس کا براز اکٹھا کرے اور اس کا کاجل بنا کر

آنکھ میں لگائے تو دفینہ کی جگہ پر آپ اگر نگاہ کریں گے تو صاف نظر آئیگا بہت آزمودہ ہے۔

دفینہ

لسان زاغ سیاہ کوہستانی کو بروز نوچندی اتوار حاصل کرکے اس کو روغن کنجد سیاہ میں جلاکر روغن کو چھان لے اب اس کو چراغ گلی میں ڈالکر نادہ بن کی روئی کا فلیتہ چراغ میں روشن کرکے کھوپڑی میں کاجل پارے۔ اب کاجل کو کھوپڑی سے نکالکر اس میں روغن ملاکر کاجل بناوے اور پایل کی ہتھیلی پر یہ کاجل لگائے تو دفینہ صاف نظر آئیگا۔

دفینہ

کرم مخمل بروز اتوار حاصل کرکے اس میں سیندور ملاکر روغن کنجد کے ہمراہ کھرل کریں تاکہ مثل ضماد بن جاوے اب عشر کی روئی کے فلیتہ میں ضماد مذکور لت پت کرکے فلیتہ روشن کرکے کاجل پارے اور اگر اس کاجل کو طفل نابالغ کی آنکھوں میں لگائیں تو زمین کے اندر کی چیزیں صاف نظر آئیں گی۔

دفینہ

ایک عدد گرگٹ کو بروز نوچندی اتوار پکڑ کر ذبح کرے اور اس کے دم میں مینسل کو ملاکر نہایت باریک مثل سرمہ کھرل کرکے اگر طفل نابالغ کی آنکھوں میں ایک ایک سلائی لگائیں اور وہ طفل مشتبہ جگہ پر نگاہ کرے تو دفینہ صاف نظر آئیگا۔ آزمودہ ہے۔

دفینہ

سیہہ جانور کو بروز اتوار ہلاک کرکے اس کو خوب کوٹیں اور کسی ململ کے کپڑے سے نچوڑ کر اس کا عرق وغیرہ حاصل کریں اور کپڑے کو خشک کریں اور اس کا فلیتہ بناکر مٹی کے چراغ میں رکھ کر روغن چمیلی ڈال کر فلیتہ روشن کرے اور اوپر انسانی کھوپڑی کی ہڈی رکھ کر کاجل پارے جب تمام کاجل کھوپڑی میں نکل آئے اور فلیتہ تمام جل جائے تو احتیاط

سے تمام کاجل کھوپڑی سے کھرچ کر رکھ لیں اور قدرے اس میں چمیلی کا روغن شامل کر لیں اور اچھی طرح ملالیں بس کاجل تیار ہے' بوقت ضرورت اس کاجل کو دونوں آنکھوں میں لگا کر جہاں پر دفینہ کا گمان ہو یا زمین کے اندر کنوئیں کا پانی دیکھنا مطلوب ہو تو عامل آنکھیں بند کر کے اس طرف توجہ کرے ہر چیز زیر زمین صاف اور واضح نظر آئے گی۔ اگر دفینہ پر اجنہ یا ارواحوں کا قبضہ ہو گا تو وہ بھی نظر آئیں گے نیز اگر کنوئیں کا پانی دیکھ رہے ہوں گے تو اگر زمین کے اندر پتھر ہو گا تو وہ بھی صاف نظر آئے گا۔ یہ حاضرات پاپل و نابالغ بچے کے علاوہ ہر بالغ و نابالغ پر کام کرتی ہے۔

گنجینہ خوراک

شاید کہ میں اس تنتر کو اس کتاب میں تحریر نہ کرتا کیونکہ اس تنتر کا تعلق اہل ہنود کے ایک متبرک تہوار سے ہے اور ڈرتا ہوں کہ کہیں ہمارے مسلمان بھائی ہم پر انگشت نمائی نہ کریں کیونکہ اسرار عجیبہ حصہ اول میں بھی کافی تنترجات اس قسم کے میں تحریر کرچکا ہوں اور ایک میرے کرم فرمادوست نے اسرار عجیبہ کا حصہ اول مطالعہ کرنے کے بعد یہ فرمایا کہ "ان تنترجات کو جو اہل ہنود سے وابستہ ہیں انکو ضبط تحریر میں نہ لاؤں" لیکن صداقت سے کون انکار کر سکتا ہے؟ کیا اہل ہنود کے رشی منی نے جن تنتر ودیا کو ترتیب دیا ہے کہ وہ زود اثر نہیں؟ ہاں مسلمان بھائیوں کو چاہیے کہ جن تنتر منتر یا جنتر ودیا میں شرک کا عنصر غالب ہو ان سے قطعی اجتناب کرنا چاہیے۔ میں اسوقت جس تنتر کو تحریر کر رہا ہوں۔ کیا ہمارے کسی مسلمان بھائی کے پاس اتنا زود اثر اور مؤثر ترین آسان سہل الحصول عمل ہے جس سے ہر خاص و عام فیضیاب ہو سکے؟ اگر آپ حضرات کے پاس ایسا عمل نہیں ہے تو برائے کرم اپنی زبان بند رکھیں اور طنزیہ باتوں سے پرہیز کریں۔

جس مقام پر بہت دنوں سے ہولی جلتی ہو اس مقام پر عین ہولی جلنے کے دن گندم' جوار' روغن گاؤ' روغن کنجد اور ایک سکہ چاندی کا ایک کوری ہانڈی میں ڈالکر ہانڈی کا منہ بند کر کے زمین کے اندر تقریباً" تین فٹ گہرائی میں مدفون کر دے اور ہولی کے جلنے کے بعد جب وہ سرد ہو جائے تو صبح کو ہانڈی نکال کر لے آئے اب اس ہانڈی کو جس چیز کے ساتھ رکھیں گے ہرگز ہرگز وہ کبھی کم نہ ہو گی چاہے وہ اناج ہو یا گھی یا پھر دوت۔ لیکن

عامل کو چاہیے کہ وہ اس راز کو کسی پر ظاہر نہ کرے کیونکہ اگر یہ راز فاش ہوگیا تو یہ تنتر بے اثر ہو جائیگا خاص بات یہ ہے کہ اگر سو سال بھی عامل ان چیزوں کو استعمال کریگا تو بھی وہ کم نہ ہوگی۔

برکت

آکھا تیج کے روز بیخ عشر کو ایک دن قبل نیوتہ صبح سورج طلوع ہونے سے قبل دیکر آوے اور دوسرے دن آکھا تیج کے روز بیخ کو نکالکر لاوے۔ اور اس کو اناج یا مال کے ساتھ رکھے تو بہت برکت ہوگی مجرب ہے۔ ہر خاص و عام کو اس عمل کی اجازت عام دی جاتی ہے۔

خیر و برکت

شب پچھتر میں کہیں نیل کنٹھ یا ناڈہ کاک کے گھونسلے میں انڈا یا چھوٹا بچہ نظر آئے تو گھونسلے کو دھوپ کی دھونی دیکر نیوتہ دے آئے بعدہ دوسرے دن جاکر اس گھونسلے کو لے آئے اور ندی یا دریا یا پھر نہر پر جاکر ایک ایک لکڑی پانی میں چھوڑتا جائے اس میں سے ایک لکڑی ایسی ہوگی جس کو عامل پانی میں جس وقت چھوڑیگا فی الفور وہ لکڑی مار کی شکل اختیار کرلیگی پس اس لکڑی کو عامل فوراً بے خوف و خطر ہوکر پکڑلے دوبارہ لکڑی بن جائیگی۔ پروردگار عالم نے اس لکڑی میں بہت زبردست طلسمی قوت پوشیدہ رکھی ہے۔ اگر اس لکڑی کو اناج یا اناج کی کوٹھری میں رکھے اور اس اناج کو چاہے کتنا بھی خرچ کرے ہرگز ہرگز اناج کم نہ ہوگا۔ یہ تنتر الف لیلا کی کہانی نہیں ہے۔ بلکہ صداقت پر مبنی ہے بناکر فائدہ اٹھائیں تو مجھ ناچیز کو اپنی دعاؤں میں شامل کرنا نہ بھولیے گا۔

خیر و برکت

دیوالی کی شب کو سفید چرموکی بیخ نوت کرلاوے پھر اس بیخ کو اسی وقت جس چیز میں رکھیں تو اس چیز میں برکت ہوگی یہ ' ایک عجیب راز ہے۔ یہ بالکل صحیح اور مجرب ترین عمل ہے۔ لہٰذا دعوت عام دی جاتی ہے کہ اسکا تجربہ کرکے نتیجے سے ہمیں آگاہ کریں۔

تنگ دستی

اگر کوئی شخص تنگدستی اور مفلسی کی زندگی گزار رہا ہو اور نحوست کے سیاہ بادں کا سایہ اس پر ہو تو اس شخص کو چاہیے کہ بروز شمس اس تنتر کو تیار کرکے اپنے ہوئے میں رکھے۔ اسنان آدم' سنگ مقناطیس ان دونوں کو پاک و طاہر عرق گلاب سے کرکے لوبان' گوگل' رال سفید کی دھونی دیکر اپنے پاس رکھے تنگدستی رفتہ رفتہ دفع ہو گی۔ ہر خاص و عام کو اسکی اجازت ہے۔

غنی ہونا

ہر جمعرات کے دن بعد نماز عصر اپنے ہاتھ پاؤں کے تمام ناخنوں کو کاٹ لیا کریں اور آپ یہ معمول بنالیں کوئی مشکل کام نہیں آسانی سے کرسکتے ہیں ہر خاص و عام کو سرعام اس کی اجازت ہے اس سے نحوست بھی دفع ہو جاتی ہے اور آدمی غنی بھی ہو جائیگا۔ عجیب و غریب راز ہے۔

جیب میں ہمیشہ روپیہ رہے

اکلیل زاغ سیاہ کوہستانی کو بوقت پکھ پچھتر بروز اتوار ہلاک کرکے مطلوبہ شی سیدھے طرف کی نکالکر گوگل کی دھونی دیکر اپنے پاس رکھے تو جیب کبھی خالی نہ رہے۔ ہر خاص و عام کو دعوت دیتا ہوں کہ اس طلسم کو آزما کر نتیجہ سے ہمیں آگاہ کریں۔ ہرگز ہرگز خطا نہیں کریگا۔

گھر میں خوشحالی آئے

اگر کسی گھر میں مفلسی اور پریشانی نے اپنا تسلط قائم کر رکھا ہو اور تمام افراد خانہ طرح طرح کی پریشانیوں میں مبتلا ہوں اور کسی بھی طرح یہ پریشانی ختم نہ ہوتی ہو تو اس کیلئے عمل ھذا مشکل کشا احمری ثابت ہوتا ہے۔ لہٰذا ہر خاص و عام کو اس کی اجازت دی جاتی ہے۔ تاج زاغ سیاہ کوہستانی ایک عدد حاصل کرکے ایک عدد قمری تعویذ کے اندر بند کرکے اندر

سیندور ڈالکر رکھ چھوڑے اور تعویذ کو خوب اچھی طرح بند کرکے گھر میں رکھ چھوڑے لیکن یہ تمام کام بروز نوچندی اتوار کرنا چاہیے اور ساعت اول ہونا لازم ہے۔

چنانچہ اس طلسمی عمل کے نتیجے میں حیرت انگیز طور پر روز بروز اس گھر میں خوشحالی آنا شروع ہو جائیگی اور بحکم خدا نحوست کے بادل چھٹنا شروع ہو جائیں گے اور چند یوم بعد وہ گھر خوشیوں کا گہوارہ بن جائیگا۔ اگر اس تعویذ کو جو شخص اپنے گلے یا دائیں بازو پر باندھے تو روز بروز ترقی کرے اور اسکا بخت کشادہ ہو جائیگا اور کسی بھی قسم کی نحوست اس کے نزدیک نہ پھٹکے گی۔ اگر کسی شخص کو اس عمل کی صداقت پر یقین کامل نہ ہو تو وہ آزمائش کرکے اس کی صداقت کا امتحان لے سکتا ہے۔

طلسمی لوح

ناظرین و قارئین یہ سہ دھات کی ایک لوح کا قیمتی تحفہ آپ حضرات کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں جو حضرات اس کو تیار کریں گے عجیب و غریب خواص ملاحظہ کریں گے ہر مرد' عورت اور بچے کے گلے میں ڈالا جاسکتا ہے۔ جملہ مقاصد کے لیے اکسیر کا حکم رکھتی ہے اور ہر قسم کی ارضی و سماوی آفات و بلیات کے لئے بھی بہت فوائد رکھتی ہے۔ آپ اس کو ضرور تیار کرکے فائدہ اٹھائیں۔

جاننا چاہیے کہ یہ لوح شمس' قمر اور زہرہ سے تعلق رکھتی ہے لہٰذا آپ جب بھی لوح تیار کریں اس وقت یہ تینوں ستارے نحوست یا رجعت سے پاک ہونا چاہیے ورنہ یہ لوح موثر ثابت نہ ہوگی نیز ان تینوں ستاروں کا بخور بھی بوقت تیاری لوح روشن ہونا ضروری ہے۔

ترکیب : ذہب خالص دس حصے' فضہ خالص 16 حصے' نحاس خالص 12 حصے ان تینوں اجزاء کو مطلوبہ وزن کے مطابق حاصل کرکے ایک صاف ستھری نئی کوٹھالی میں ڈالکر شرف شمس' اوج شمس یا حضیض شمس کے دن ساعت شمس میں بخور سہ کواکب کا لیکر کوٹھالی کو بھٹی پر سوار کرکے ان تینوں دھاتوں کو پگھلائیں اور بھٹی میں اور کوٹھالی میں قدرے بخور بھی ڈالیں جب تینوں دھاتیں یکجان ہو جائیں تو کوٹھالی کو بھٹی پر سے اتار کر ٹھنڈا کریں جب بالکل ٹھنڈی ہو جائے تو کوٹھالی میں سے تینوں دھاتوں کا مرکب نکال کر کسی

سونار سے اس کا مشین سے باریک پترہ بنوائیں جب تیار ہو جائے تو سہ کواکب کا بخور لوح کو دیکر موم میں لپیٹ کر اپنے گلے میں یا اپنے جیب میں رکھیں اور لوح کی قوت کا مشاہدہ کریں اور نتیجے سے ہمیں آگاہ کریں۔

حاجت پوری ہو

علمائے نوامیس نے حجر آہن ربا کو طلسماتی اعمال کیلئے ایک مستند شے تسلیم کیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ طلسمات کی معتبر کتب میں اس کے بیشتر اعمال موجود ہیں میں نے اپنی کتاب اسرار عجیبہ حصہ اول کے صفحہ نمبر اکتیس پر بھی دفینہ دیکھنے کا ایک عمل تحریر کیا ہے جو کہ نہایت مجرب ثابت ہوا ہے اور کافی لوگوں نے اسکا تجربہ بھی کیا ہے جو کہ کامیاب ثابت ہو چکا ہے۔ شروع شروع میں جب میری کتاب کچھ عاملوں تک پہنچی تو انھوں نے کہا کہ "یہ عمل جو کہ صفحہ نمبر اکتیس پر حجر آہن ربا سے منسوب ہے بالکل غلط ہے اور کامیاب نہ ہوگا"۔ میں نے ان حضرات سے کہا کہ "آپ حضرات پہلے اسکا تجربہ کریں پھر کسی قسم کا فتویٰ دیجئے گا"۔ الغرض جب اسکا انھوں نے تجربہ کیا تو کامیاب عمل ثابت ہوا اور بطور حاضرات کے بھی دیگر باتوں کی پوری پوری خبر دیتا ہے۔ حتیٰ کہ ہر پوشیدہ راز کی بات بھی آپ اس حاضرات سے معلوم کرسکتے ہیں۔ جبکہ میں نے اس کو صرف دفینہ دیکھنے کیلئے تحریر کیا ہے۔ اس بات سے آپ حضرات بخوبی اندازہ لگاسکتے ہیں کہ حجر آہن ربا طلسماتی اعمال کے لئے کتنی زبردست شے ہے۔ اسکی مختصر تاریخ ملاحظہ فرمائیں۔ دراصل یہ پہاڑوں اور کانوں سے نکلتا ہے اور اسکا رنگ سرخی مائل ہوتا ہے اور اسکی خصوصیت یہ ہوتی ہے کہ یہ آہن یا اس سے بنی ہو اشیاء کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے۔

اس بات کا ابھی تک صحیح علم نہیں کہ آہن ربا کی دریافت کب ہوئی لیکن یونانیوں کا کہنا ہے کہ آج سے تقریباً ڈھائی ہزار سال قبل اس کی دریافت ہوئی۔ جبکہ ایک جوان چرواہا جو کہ یونانی تھا جس کا نام میگنز تھا ایک پہاڑ پر چل رہا تھا اور اس پہاڑ کا نام عیدا تھا کہ اچانک کسی انجانی قوت نے اس کے پیر کو چلنے سے روک دیا اور وہ وہیں رک گیا۔ جس کی خاص وجہ یہ تھی کہ جوتے میں لوہے کا جز شامل تھا اور وہ پہاڑ آہن ربا کا تھا۔

اسکی دوسری تاریخ یہ ہے کہ لائیڈیا میں میگنیشیا کے خطہ پر جو کہ ایجین کے ساحلی

علاقے کے نزدیک واقع ہے آخر کار جگہ کے نام کی مناسبت سے اسکا نام میگنٹ پڑا۔ مختلف ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ اسکا سب سے پہلے نام پلیٹو تھا۔ یہ نام یوریپڈز نے رکھا تھا۔ اسکا نام لوڈ اسٹون بھی رہ چکا ہے اور یہ لفظ قدیم انگریزی سے لیا گیا تھا۔

یونانی اس کو میگنیٹز یا میگنیسٹوز کہتے ہیں۔ چینی اس کو چوشی کہتے ہیں۔ جس کے معنی محبت کرنے والے پتھر کے ہیں۔

فرانسیسی اس کو آئیمانٹ کہتے ہیں جس کے معنی محبت کرنے والے پتھر کے ہیں۔

پاک و ہند میں اسکو چمبک کہتے ہیں جس کے معنی چومنے والے پتھر کے ہیں۔

عربی اس کو مقناطیس کہتے ہیں جو لفظ میگنٹ کا بگڑا ہوا لفظ ہے۔

یونانی اسکی معالجاتی خصوصیات سے ناواقف تھے۔ لیکن آٹھ سو سال قبل عیسائیوں نے ارسطو، ہومر، پلیٹو اور ہیومرس کے حوالے سے مقناطیس کی وضاحت کی۔

چینی اسکی شفایابی کی خصوصیات سے بخوبی واقف تھے۔ مصری اس کے متعلق روزانہ کی معموں زندگی میں گہری معلومات رکھتے تھے۔ چنانچہ مصری شہزادی قلوپطرہ جو کہ بے انتہا حسین و جمیل تھی اپنی خوبصورتی کی برقرار رکھنے لیلئے ایک مقناطیس کا تعویذ پہنے رکھتی تھی۔ اہرام مصر کے معمار مقناطیسی خصوصیات سے اچھی طرح آشنا تھے۔ اور وہ یہ بھی جانتے تھے کہ لاش کو گلنے سڑنے سے محفوظ رکھنے کیلئے کس طرح بچایا جا سکتا ہے۔

بہرحال یہ ضرور ماننا پڑیگا کہ مقناطیس معالجاتی خصوصیت کے ساتھ ساتھ اپنے اندر طلسماتی قوت کا بھی مادہ رکھتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ علمائے طلسمات کی کتابوں میں اس کے اکثر اعمال ملتے ہیں۔ بحث کافی طویل ہو گئی اب اسکا عمل ملاحظہ فرمائیں۔

اس عمل کے لیے سنگ آہن ربا کی ضرورت پڑیگی لہٰذا اس آہن ربا کو لینا چاہیے جو کہ آہن کو اپنی طرف کھینچے یہ لازمی شرط ہے۔

ایک عدد سنگ آہن ربا کو لیں جسکا وزن کم از کم سات ماشہ اور زیادہ سے زیادہ سات تولہ ہونا چاہیے۔ اس کو آب مصفی سے پاک صاف بروز نوچندی اتوار کر کے لوبان کی دھونی دیکر کسی سفید پارچہ میں لپیٹ کر کسی چوبی ڈبیہ میں بند کر کے اسکا تعویذ بنائیں اور سفید ہی ڈوری ڈالکر بحفاظت محفوظ رکھیں۔ اور جب کسی سے کوئی حاجت پوری کروانا ہو تو اپنے گلے میں تعویذ ڈالکر حاجت بیان کرے بحکم خدا فی الفور حاجت پوری کرے گا۔

اگر اس تعویذ کو ہر وقت اپنے گلے میں جو شخص پہنے گا تو محبوب خلائق ہو گا۔ اور لوگ اسکی تعظیم کریں گے۔

حاجت پوری ہو

یہ عمل اس جگہ موثر ثابت ہو گا جہاں پر کسی کو کسی حاکم یا کسی شخص سے اپنا کوئی ضروری کام کروانا ہو اور وہ شخص چاہے کتنا ہی سنگدل کیوں نہ ہو لیکن عامل کو دیکھتے ہی اسکی فوراً حاجت پوری کرتا ہے لہٰذا آزمائش شرط ہے۔
طریقہ یہ ہے کہ بروز نوچندی اتوار ایک عدد بجو ہلاک کر کے اسکا دست راست حاصل کر کے اس کو خشک کر کے بحفاظت اپنے پاس محفوظ رکھیں۔ اگر کسی سے کوئی حاجت درپیش ہو تو اسی دست راست کو اپنے پاس رکھکر اس شخص کے پاس جاکر اپنی حاجت بیان کرے بحکم خدا فوراً حاجت پوری کرے گا۔ آزمودہ ہے۔

ہردلعزیز

عظم برادر قرد کو بروز اتوار حاصل کر کے اگر جو شخص اپنے پاس رکھے گا اس کو لوگ ہردلعزیز رکھیں گے۔ گویا یہ تسخیر خلائق و تسخیر عالم کا کام دے گی۔ لہٰذا اس سے فائدہ اٹھائیں۔

تسخیر خلائق

یہ کراماتی و طلسماتی عمل خصوصیت سے تسخیر خلائق کیلئے بہت موثر ثابت ہوا ہے۔ لہٰذا جن حضرات کو یہ شوق ہو کہ ہر آدمی ان سے محبت کرے اور اسکا ہر حکم مانے اس کو چاہیے کہ طلسم ہذا تیار کرے اور اسکی قوت کا مشاہدہ کرے۔
طریقہ یہ ہے کہ بروز نوچندی اتوار ایک عدد بجو ہلاک کرے اور اسکا مغز حاصل کرے اور اسکا روغن بطریق پاتال جنتر کشید کرے اور بحفاظت کسی کانچ کی شیشی میں محفوظ رکھے۔ اب اس روغن کو جو شخص اپنی بھنوں پر ایک ایک قطرہ روزانہ مل کر لوگوں سے

ملے جلے تو ہر شخص عامل سے محبت سے پیش آئیگا۔ اس روغن کو اگر کوئی شخص روزانہ استعمال کرنا شروع کردے تو بہت جلد لوگوں میں مقبول ہو جائے۔ جو لوگ جلد شہرت حاصل کرنا چاہتے ہیں ان کو چاہیے کہ چند ماہ تک اس طلسمی روغن کو روزانہ استعمال اپنا معمول بنالیں تو انکی مراد بر آئے گی۔

تسخیرعالم

بروز نوچندی ہفتہ یا نوچندی اتوار کے روز جو طفل اس عالم سے رخصت ہو جاوے اور ابھی اس کے دانت نہ نکلے ہوں اسکی لسان حاصل کرکے گنوار پاٹھے کے رس میں گئولوچن' بھنگرہ' کیسر' چندن پیس کر لسان کے ساتھ کھرل کرکے حبوب بناوے اور اس میں سے ایک حب اپنے پاس رکھے تو تمام دنیا اس شخص سے صدا خوش رہے۔

تسخیرعالم

ہڑتال ورقی' اسگندہ ناگوری' گئولوچن' ان تینوں اجزاء کو ہموزن لیکر مثل میدا سفوف کریں بعدہ عرق کیلے کے ساتھ کھرل کرکے ضماد بناوے اور اس کو بطور تلک لگاوے پس جو شخص بھی عامل کو دیکھے گا۔ بیشک فریفتہ ہوگا۔ عام طور پر سادھو لوگ اس کو بناکر استعمال کرتے ہیں۔

تسخیرعالم

اس عام ناسوت میں اکثر حضرت انسان کی یہ خواہش رہی ہے کہ دنیا کے تمام لوگ اس کے گرویدہ بن جائیں۔ جس کیلئے وہ مختلف قسم کی حرکات و سکنات کرتا رہتا ہے۔ کچھ لوگ عملیات کی قوت سے تسخیر عام کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور اکثر حضرات اس میں کامیاب بھی ہو جاتے ہیں۔ اور دنیا میں خوش و خرم زندگی بسر کرتے ہیں۔ زیر نظر عمل نوامیس کے طلسمات کا منہ بولتا ثبوت ہے اور ہرگز ہرگز خطا نہیں کرتا۔ لہٰذا جن حضرات کو میرے اس عمل کی صحت پر ذرہ برابر شک ہے تو ان کو چاہیے کہ بلا جھجک عمل ہذا کی آزمائش کرکے عوام الناس کو مطلع کریں۔ کہ کہاں تک اسمیں صداقت ہے؟

ثم اسد درمیان قوسین کی حاصل کر کے بحفاظت اپنے پاس محفوظ رکھے اور اس کو گرم کر کے ململ کے کپڑے سے چھان لے تاکہ صرف روغن باقی رہ جائے۔ یہی روغن تسخیر عالم کیلئے ایک لاثانی شے ہے۔ جس کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔

اب آپ اس روغن کو روزانہ صبح کے وقت اپنی پیشانی اور چہرہ پر ملکر لوگوں سے ملاقات کریں تو ہر شخص جو آپکے چہرہ کو دیکھے گا مطیع ہوگا اور آپکی ہیبت اس پر طاری ہو جائے گی۔ لہٰذا وہ آپ سے خوف کھائیگا۔ چاہے وہ بادشاہ وقت کیوں نہ ہو۔ اگر کسی ظالم و جابر حاکم کے سامنے جائیں گے تو وہ بھی آپ سے خائف ہوگا۔

اگر کوئی شخص روزانہ اس روغن کو استعمال کرنا شروع کردے تو اس سے تمام لوگ خوف زدہ ہوں اور اسکا ہر حکم مانیں۔ سورج کا مشرق کے بجائے مغرب سے نکلنا ممکن ہے لیکن اس عمل کا وار خالی جانا ناممکنات میں سے ہے۔

ظالم حاکم مہربان

اگر کوئی بہت ظالم حاکم ہو اور وہ ہر خاص و عام کو پریشان کرتا ہو تو اس ظالم کے لیے یہ تنتر نہایت موثر ثابت ہوگا۔

چنانچہ بوم کی دونوں چشم اور پر حاصل کر کے مظلوم شخص اس کا تعویذ بنائے اور اپنے دائیں بازو پر اس تعویذ کو باندھے۔ حاکم کی جب بھی اس پر نظر پڑیگی مہربان ہوگا۔ اس کراماتی عمل کی صحت پر رائی برابر شک نہ کریں کیونکہ یہ بالکل سچا عمل ہے۔

حاکم مہربان

لسان ہدہد گو برو: نوچندی اتوار حاصل کر کے روغن کنجد میں تر کر کے اپنی لسان تلے رکھکر حاکم سے گفتگو کرے بیشک اس کو مہربان ہونا پڑیگا جیسا لکھا ہے ویسا ہی ہوگا۔

تسخیر مرداں

کتاب اسرار عجیبہ حصہ اول و دوئم میں تسخیر زنان کے بیشتر اعمال آپ نے مشاہدہ کیے ہوں گے لیکن تسخیر مرداں کے اعمال آپ نے میری ان دونوں کتابوں میں مشاہدہ نہ کیے

ہوں گے۔ لہٰذا ایک نہایت سریع التاثیر عمل تسخیر مرداں کے عنوان سے تحریر کر رہا ہوں جو کسی بھی صورت میں خطا نہیں کرتا۔ لہٰذا جن مستورات کو یہ شوق ہو کہ جو مرد بھی ان کو دیکھے' فریفتہ ہو تو ان کو چاہیے کہ طلسم ہذا تیار کریں اور خدا کی قدرت کا مشاہدہ کریں کہ کیسے کیسے سرکش و جابر لوگ اس کے ساتھ مارے مارے پھرتے ہیں۔

پوست زیر ناف بجو' و فرج بجو مادہ

ان دونوں چیزوں کو خشک کر کے عورت اپنے پاس رکھے اور اگر کسی عورت کا شوہر اپنی بیوی کو خاطر میں نہ لاتا ہو تو عورت کو چاہیے کہ مندرجہ بالا دونوں چیزوں کو اپنے پاس بحفاظت رکھے تو مرد اپنی بیوی کا غلام بن کر رہیگا۔ تجربہ ہو چکا ہے۔

تسخیر زنان

برادر موش نر کو کسی صورت سے پکڑ کر بروز نوچندی اتوار ہلاک کر کے شب کو ٹھیک بارہ بجے چوراہے پر دفن کرے لیکن آتے جاتے وقت کسی سے گفتگو نہ کرے اور واپسی پر پیچھے مڑ کر ہرگز نہ دیکھے کیونکہ نقصان کا احتمال ہے۔ جس دن آپ نے دفن کیا تھا اسکے ٹھیک چالیسویں روز اس جانور کو چوراہے پر سے کھود کر نکال لائے لیکن اس بات کا خاص خیال رکھے کہ اگر کوئی ارواح قسم کی چیز نظر آئے تو آپ قطعی ڈریں نہیں اور واپسی پر ہرگز ہرگز پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں ورنہ ہلاکت کا خوف ہے۔ الغرض آپ گھر واپس آکر برادر موش کی عظام راس کمال احتیاط سے نکال کر رکھلیں اور باقی عظام وغیرہ نکالکر پھینک دیں۔ چنانچہ جو شخص اس عظام راس کو اپنی انگشتری قمری میں بند کر کے انگلی میں پہنے گا وہ محبوب زنان ہو گا اور مستورات اسکی طرف بہت راغب ہوں گی اگر یہ نسخہ خطا کر جائے تو میں آپکو منہ مانگا انعام دونگا۔

تسخیر زنان

برائے تسخیر زنان یہ عمل نہایت مجرب و آزمودہ ہے۔ مگر حرامکاری کیلئے استعمال نہ کرے ورنہ عمل کی تاثیر جاتی رہیگی اور زبردست نقصان پہنچیگا۔ لہٰذا اب آپ کی مرضی پر منحصر ہے جیسا چاہیں کریں بہرحال اسکا وار کبھی بھی خالی نہیں جاتا۔ آزمائش کر سکتے ہیں۔

طریقہ یہ ہے کہ بروز اتوار بوقت صبح ساعت شمس میں عروج ماہ قمری میں جبکہ زہرہ، عطارد اور مشتری رجعت و نحوست سے پاک ہوں تو اس دن ایک نر اور مادہ ہد ہد حاصل کرے اور دونوں کو ذبح کر کے انکا دل حاصل کرے اور ان کو دھوپ میں خوب اچھی طرح خشک کرلیں اور بخور دافع نحوست سبعہ سیارگان کا روشن کر کے دونوں دلوں کو دیں اور بوقت ذبح کرنے کے بخور جلانا شرط لازم ہے۔

اب ان دونوں کو آپس میں ملا کر کسی پارچہ میں ملفوف کر کے اپنے پاس رکھیں تو مستورات عامل کی طرف کھنچی چلی آئیں اور عامل سے ہمیشہ محبت و الفت سے پیش آئیں یہ آزمودہ عمل ہے گو کہ بعض کتابوں میں بھی درج ہے۔

بخور کا نسخہ کتاب ہذا میں درج ہے لہذا اسی کتاب میں ملاحظہ کر سکتے ہیں۔ جن حضرات کو بخور تیار کرنے میں دقت پیش آئے وہ مصنف کتاب سے تیار بخور حاصل کر سکتے ہیں۔

تسخیر زنان

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ مستورات اس سے محبت کریں اور اس کے ساتھ ماری ماری پھریں تو اس کو چاہیے کہ عمل ہذا تیار کرے انشاء اللہ مراد بر آئیگی۔ اس کے اجزاء سہل لحصول ہیں اور ہر شخص باسانی تیار کر سکتا ہے۔

شرف زہرہ یا اوج زہرہ یا حضیض زہرہ یا بروز نوچندی اتوار یا جمعہ کی نوچندی کو ایک عدد مادہ بجو کو ساعت زہرہ میں ہلاک کرے اور اسکی پوست زیر ناف معہ شعر و فرج کاٹ کر علیحدہ کرے اور خشک کر کے کسی کپڑے کے ٹکڑے میں جو کہ ریشم خالص کا ہو اسمیں ان دونوں اجزاء کو ملفوف کر کے رکھے اور طلسم کی کراماتی قوت کا مشاہدہ کریں کہ مغرور سے مغرور خواتین جو کسی مرد کو خاطر میں نہیں لاتیں آپ پر کس طرح فریفتہ ہوتی ہیں لیکن اگر کوئی شخص اس طلسم کی قوت سے بدکاری کرنا چاہیگا تو طلسم ہذا کی تاثیر جاتی رہیگی اور سخت مصیبت و پریشانی میں مبتلا ہوگا۔

☆☆☆

تسخیر زن خود

عمل ہذا جو کہ اتنا پر تاثیر ہے کہ اگر ایک مرتبہ مرد اس کو استعمال کرلے تو اس کی بیوی مرد کے پاؤں دھو دھو کر پیئے۔ چاہے وہ کتنی ہی بد چلن یا بد زبان کیوں نہ ہو انشاءاللہ تعالیٰ تاحیات مرد کی غلام بن کر رہیگی اگر یہ طلسماتی عمل خطا کر جائے تو مصنف آپکو منہ مانگا انعام دیگا۔ زیادہ تعریف خلاف تہذیب ہے ورنہ میں ضرور بیان کرتا۔

اکثر حکماء ملذذ نسخوں کے دعویدار بنے ہوئے ہیں۔ میں ان سے سوال کرتا ہوں کیا اس سے بہتر انکے پاس کوئی نسخہ ہے؟

قضیب بھالو ۶ ماشہ' کافور ا ماشہ' عسل خالص ۶ ماشہ' عطر گلاب درجہ اول ۶ ماشہ۔ مندرجہ بالا تمام اجزاء کو کھرل میں ڈالکر خوب اچھی طرح کھرل کرکے ضماد تیار کریں۔ جب تمام اجزاء یکجان ہو جائیں تو کسی کانچ کی شیشی میں بحفاظت رکھ لیں۔

جماع سے قبل اپنے قضیب پر خوب اچھی طرح لگاکر مشغول ہوں انشاءاللہ عورت لذت سے سرشار ہوکر مرد کی عاشق ہو جائیگی۔ بہت مرتبہ کا آزمودہ ہے۔

عورت فریفتہ ہو

مغز خرگوش' کافور۔ مغز خرگوش ایک عدد کو مصالح ڈالکر پکادے اور اس میں ایک ماشہ کافور ملاکر ایک ہفتہ تک روزانہ نوش کرے تو جو عورت آپ کو دیکھے فریفتہ ہو عجیب راز ہے۔

عورت فریفتہ ہو

اگر کوئی مرد چاہے کہ اسکی بیوی کسی دوسرے مرد سے تاحیات رغبت نہ رکھے تو خاوند کو چاہیے کہ دم بگلا کو ذکر پر طلا کرکے اپنی عورت سے مواصلت کرے ہرگز اسکی بیوی دوسرون کو خاطر میں نہ لاوے۔

☆☆☆

عورت فریفتہ ہو

یہ نوامیس کا عجوبہ روزگار طلسم کسی بھی صورت میں کبھی بھی خطا نہیں جاتا۔ میں تمام دنیا کے علمائے نوامیس کو دعوت دیتا ہوں کہ اگر یہ کراماتی طلسم خطا کر جائے تو اس کو منہ مانگا انعام دیا جائیگا۔

طریقہ یہ ہے کہ تازہ بھالو خشک لیکر اسکا سفوف بنا کر اس میں قدرے عسل خالص ملا کر ضماد تیار کرے اور قضیب خود پر طلا کر کے جس عورت سے مواصلت کرے بیشک وہ عورت اس مرد کا کبھی بھی پیچھا نہ چھوڑ یگی آزمالے جس کا دل چاہے۔

معشوق

شحم اسد، روغن شیر بقر۔ ان دونوں چیزوں کو ہموزن لیکر باہم یکجان کر کے رکھ لیں۔ جب کسی معشوق کو مطیع کرنا مقصود ہو تو اپنی دونوں ابروؤں کے درمیان اس مواد کو لگا کر معشوق کے سامنے جائے فی الفور عاشق کو دیکھتے ہی فریفتہ ہو عجیب کراماتی عمل ہے۔

حب

بروز نوچندی شنبہ ہاتھ پاؤں کے ناخنوں کو آب چاہ سے مخصوص طریقے سے غسل دیں اور یہ کہیں کہ "میں تم کو آیندہ ہفتہ کی رات ایک امید اور حاجت پوری کرنے کی غرض سے پالتا ہوں"۔ چنانچہ آیندہ ہفتہ مقررہ دن و وقت پر ان ناخنوں کو کاٹ کر کوزہ گلی میں رکھکر جلا کر راکھ کر لیں بوقت ضرورت یہ خاک جس کو کھلا دیں گے مطیع و فرمانبردار ہوگا۔

حب

سنگ مقناطیس، تخم کرلی، کافور، کستوری۔

مندرجہ بالا چہار اجزاء ایک ایک ماشہ لیکر خوب باریک سفوف کر لیں اور اگر آپ کے پاس ولائیتی روپیہ ہے تو ملا کر حبوب بقدر نخود سیاہ بنا کر رکھ لیں جس کو ایک حب کھلا

دیں گے اس سے پیچھا چھڑانا کار دارد ہوگا مزید کیا اس تنتر کے متعلق قصیدے لکھوں۔ اتنا ضرور کہوں گا کہ یہ تنتر بالکل بے خطا ہے۔

حب

زہرہ بوم، راکھ مسان، ان دونوں کو خوب ملا کر گائے کے لانگل کو ملا کر حبوب نخودی بناوے اور تعویذ میں بند کر کے اس تعویذ کو منہ میں رکھ کر جس سے گفتگو کریگا فی الفور مطیع ہوگا۔ پھر تعویذ نکالکر رکھ لے۔ یہ تعویذ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے کار آمد ہوگا اور اس کو جب چاہیں اور جس شخص پر چاہیں استعمال کریں اثر ظاہر ہوگا۔

حب

لحم بوم، لحم گوسفند۔ ان دونوں کو ہموزن لیکر باریک پیس کر خشک کر کے رکھ لیں اور سفوف بنا کر جس کو دو رتی کسی چیز میں ملا کر کھلادو مطیع ہوگا۔ مجرب ہے۔

حب

بھونرا سیاہ بروز اتوار پکڑ کر ماردیں اور پارچہ غلیظ اول مرتبہ کا لے کر اس میں بھونرے کو لپیٹ کر کورے چراغ میں روغن چنبیلی ڈالکر فلیتہ کو چراغ میں روشن کردیں اور کھوپڑی میں کاجل پارے اس کاجل کو آنکھوں میں لگا کر جس سے نگاہ ملادیں فی الفور مطلب آپ کا پورا کرے۔ نہایت مجرب ہے۔

حب

عظام حرام مغز بوم کو حاصل کر کے اس میں کیسر و گنولوچن ملا کر خوب باریک کھرل کریں اور اپنی ترکوٹی پر لگا کر، جس کو دیکھے فی الفور مطیع ہو لیکن یہ تنتر بروز نوچندی شنب بناوے اور چیزیں بھی اس دن حاصل کرے۔ عظام حرام مغز کی جگہ عظام پشت بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

حب

اگر بوم پرندہ کی ترقوہ کی عظم حاصل کر کے اس کو مثل سرمہ باریک پیس کر رکھ لیں اور جس کو مطیع کرنا ہو تو اپنی دونوں آنکھوں میں لگا کر نگاہ ملاوے تو جس سے سب سے پہلے نگاہ ملاویں گے وہ آپکا اسی وقت مطیع ہو گا۔ آزمودہ و مجرب ہے۔

حب

اگر آپ کو کہیں سے جنتر کیڑا حاصل ہو جائے تو آپ اس کو بروز یکشنبہ جلالیں اور اس بات کی خبر کسی دوسرے شخص کو نہ ہونی چاہیے بعدہ جلے ہوئے کیڑے کے مواد میں عطر گلاب یا عطر موتیا خوب اچھی طرح ملایں اور اپنی سیدھی طرف کی بھنویں پر لگا کر جس کے سامنے جا کر اس کو آواز دیں فی الفور مسخر ہو گا۔ استاد کا آزمودہ ہے۔

حب

عام طور پر لوگ اس قسم کے اعمال کی تلاش میں سرگرداں رہتے ہیں جو کہ نہایت آسان ہو اور زیادہ محنت اس میں درکار نہ ہو۔ ساتھ ہی ساتھ بے خطا بھی ہو لہٰذا عمل ہٰذا نہایت آسان اور اس کے اجزاء سہل الحصول اور اثرات مثل برق کے ہیں پس آزمائش شرط لازم ہے۔

عروج ماہ قمری میں نوچندی اتوار کو سورج طلوع ہونے سے قبل مرگھٹ میں جا کر تھوڑی سی خاک لائے اور اس میں زاغ سیاہ کے تھوڑے سے پر ملا کر رکھے اور اکلیل خود کل اس میں ملا کر جلائے ٹھنڈا ہونے پر لعاب دہن خود ملا کر رکھ چھوڑے بوقت ضرورت ایک رتی اس مواد کا جس کو کھلائے فی الفور مطیع ہو گا اگر کھلانا ممکن نہ ہو تو مطلوب کے سر پر یا کپڑے پر لگا دے مطیع ہو گا۔ اگر آپ کھلادیں گے تو صرف ایک مرتبہ کا کھلانا ہی کافی ہو گا اور اگر سر یا پھر کپڑے پر لگائیں گے تو پھر آپ کو روزانہ یہ عمل کم از کم ایک ہفتہ کرنا ہو گا۔ بہرحال دونوں صورتوں میں عمل کام کرتا ہے۔ مگر آزمائش شرط ہے۔

حب

نوچندی اتوار کو سورج طلوع ہونے سے قبل آشیانہ زاغ سے چند پر حاصل کرے اور اسی وقت بید انجیر کی ایک عدد چوب ایک گز کی توڑ کر پروں کو چوب میں کسی دھاگہ سے باندھے اب آپ کسی مادہ کلب سیاہ کو سات مرتبہ اس چوب سے ماریں پھر گھر واپس آجائیں اور چوب کو بمعہ پروں کے جلا کر خاکستہ بنائیں پھر اس میں لعاب دہن خود ملاکر چند حبوب بنالیں اب ایک حب جس مرد یا عورت کو ماریں گے وہ مثل کلب عامل کے ساتھ ساتھ پھرے گا۔

جاننا چاہیے کہ یہ بالکل بے خطا عمل ہے اگر آپ نے اس کو ایک مرتبہ تیار کر لیا تو حب کے دوسرے کسی عمل کی حاجت باقی نہ رہیگی۔

حب

پر زاغ سیاہ، پر طاؤس، تاج ہد ہد مکمل۔ ان تینوں اجزاء کو کسی برتن میں جلا دیں لیکن یہ کام بروز نوچندی اتوار کرنا چاہیے اور اسی دن کسی چوراہے کی مٹی سورج طلوع ہونے سے قبل لے آئیے اور مندرجہ بالا مواد میں ملالیں پھر لعاب دہن خود ملاکر حبوب بقدر نخود بنالیں اور بوقت ضرورت ایک حب کو لیکر لعاب دہن سے گھس کر مطلوب کے جسم یا کپڑے پر لگادیں فی الفور مطیع ہو۔ نہایت زبردست عمل ہے۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ جس کا لعاب دہن اس عمل کے اجزاء میں ملا ہو گا مطلوب اسی کا مسخر ہو گا۔

حب

یہ حب کا نہایت زبردست طلسماتی عمل ہے اور ہرگز خطا نہیں کرتا۔ یہ عمل اس وقت آپ استعمال کریں جبکہ آپ بالکل مایوس ہو چکے ہوں اور کوئی عمل آپ کا کارگر نہ ہوتا ہو گو کہ آپ کو ایک مرتبہ محنت ضرور کرنا ہو گی لیکن آپکی محنت رائیگاں نہیں جائیگی لیکن اس کو ناجائز استعمال نہ کریئے گا ورنہ سخت عذاب میں مبتلا ہوں گے۔

دماغ بوم ایک دانگ، زہرہ خنزیر دو حبہ۔

مندرجہ بالا دونوں اجزاء کو لیکر باہم مخلوط کریں اور کسی برتن میں ڈالکر آگ پر چند منٹ پکائیں تاکہ دونوں اجزاء یکجان ہو جاویں بعدہ برتن کو آگ پر سے اتار لیں اور ٹھنڈا کرکے مواد کو احتیاط سے رکھ چھوڑیں بوقت ضرورت جس کو تسخیر کرنا مقصود ہو کسی کھانے پینے کی چیز میں اس مواد کو ملاکر مطلوب کو کھلادیں بحکم خدا مطلوب کو آپ کے بغیر ایک پل چین نہ آئیگا۔

حب

جاننا چاہیے کہ اس کراماتی طلسم کا تعلق ہیمیا سے ہے اور نہایت درجہ سریع التاثیر ہے جس کا وار کبھی بھی خالی نہیں جاتا۔ یقین جانیئے کہ اگر آپ نے اس کو تیار کرنے میں کہیں غلطی نہیں کھائی تو کوئی وجہ نہیں کہ یہ نوامیس کا طلسم خطا کرجائے اگر آپ کو اب تک حب کے کسی عمل میں کامیابی نہیں ہوئی تو میری آپ حضرات سے گزارش ہے کہ عمل ہذا کو آپ آخری عمل کے طور پر آزماکر نتیجے سے ہمیں آگاہ کریں۔ دعاگو ہوں کہ اللہ رب العزت آپکو کامیاب و کامران کرے۔

چاہیے کہ سب سے پہلے بخور زہرہ' مریخ' شمس و قمر کے تیار کرکے رکھ لے بعدہ چاند کی چودہ تاریخ کی شب کو دو عدد پتلے موم سفید خالص کے بنائے اور ایک پتلا مرد کا جبکہ دوسرا عورت کا ہوگا۔ اب ان دونوں کو لیکر دونوں پر علیحدہ علیحدہ نام معہ والدہ تحریر کریں اور ایک علیحدہ کمرے میں جس میں کوئی دوسرا سامان نہ ہو اور کمرہ صاف ستھرا ہو اس میں بخور روشن کرے اور ایک پتلا کو مشرق کی سمت جبکہ دوسرے کو مغرب کی سمت لٹاکر بالمقابل رکھے۔ اور ان دونوں کے آمنے سامنے ایک عدد لکیر کھینچے اور اس کے بیچ میں ایک نشان لگائے۔ یعنی ایک لکیر دو برابر حصوں میں تقسیم ہوگئی۔ اب آپ لکیر کے آدھے حصہ پر پتلے کی طرف سے لکیر کو چودہ برابر حصوں میں تقسیم کریں اور دوسرے طرف کی لکیر پر بھی ایسا ہی عمل کریں یعنی پوری لکیر کل اٹھائیس حصوں میں برابر تقسیم ہوگی۔ دراصل لکیر ڈالنے کا مقصد یہ ہے کہ آپ روزانہ دونوں پتلوں کو آپس میں نزدیک کرتے جائیں گے جو کہ اٹھائیس تاریخ کو یہ دونوں پتلے آپس میں مل جائیں گے اور یہ کام چاند کی چودہ تاریخ سے کرنا چاہیے اور روزانہ بخور بھی پتلے کے نزدیک کرتے وقت جلانے

چاہیے اور کمرے میں عامل کے علاوہ کوئی دوسرا شخص چودہ یوم تک نہ جائے اور روزانہ صرف ایک ایک حصہ ان دونوں پتلوں' کو لکیر کے دونوں طرف سے آگے کی طرف نشان تک کرنا چاہیے۔ اور چاند کی جب اٹھائیس تاریخ کو آفتاب و ماہتاب دونوں ایک درجہ و دقیقہ پر آجائیں تو آپ ان دونوں پتلوں کو سینہ بسینہ ملا کر کھڑا کر کے لکیر کے درمیانی حصہ پر رکھیں اور پھر آپ ان کو کسی ایسی جگہ رکھدیں جہاں پر کسی انسان کی نگاہ نہ پڑے۔ جاننا چاہیے کہ چاند کی چودہ تاریخ سے اٹھائیس تاریخ تک جس قدر کہ یہ پتلے قریب تر ہوتے جائیں گے۔ اتنا ہی طالب و مطلوب بھی آپس میں نزدیک ہوتے جائیں گے اور جب یہ دونوں پتلے آپس میں مل جائیں گے تو دونوں طالب و مطلوب بھی آپس میں مل جائیں گے اور جب تک یہ دونوں پتلے آپس میں ملے رہیں گے تب تک طالب و مطلوب کو دنیا کی کوئی طاقت جدا نہیں کر سکتی۔ بہت آزمودہ ہے۔ اس عمل کی ایک شرط یہ ہے کہ طالب و مطلوب ایک دوسرے کو پہچانتے ہوں۔ ورنہ شاید عمل موثر ثابت نہ ہو۔ قارئین پر واضح ہو کہ پتلوں کو نزدیک کرنے کا عمل کسی ایک وقت مقررہ پر کرنا چاہیے اور جتنا آفتاب و ماہتاب نزدیک ہوتے جائیں گے۔ اتنا ہی طالب و مطلوب نزدیک ہوتے جائیں گے اور جب ماہتاب آفتاب سے مل جائیں گے اسوقت طالب و مطلوب بھی دوست بن جائیں گے۔

حب

عورت کو اپنے اوپر فریفتہ کرنے کیلئے بینظیر ہے ایک مرتبہ کا تجربہ شدہ ہے۔ لہٰذا آپکو بھی آزمائش کی دعوت دی جاتی ہے۔ یقیناً آپ اس نوامیس کے عمل کی تعریف کیے بغیر نہ رہ سکیں گے۔ اگر کسی مرد کی بیوی اپنے شوہر سے ہروقت بدزبانی کرتی رہتی ہو اور اپنے شوہر سے اسکو ذرہ برابر بھی لگاؤ نہ ہو تو ایسے مرد حضرات بھی عمل ہذا سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

طریقہ یہ ہے کہ زہرہ ذئب جنگلی کو حاصل کر کے خشک کر لے اور بوقت ضرورت اس کو آب کی مدد سے حل کر کے دونوں پستانوں کی درمیانی عظم القص پر مل دیں اور قدرت خدا کا مشاہدہ کریں کہ کس طرح نافرمان عورت آپ کی فرمانبردار ہو جاتی ہے۔ بظاہر یہ

عمل ایک معمولی سا معلوم ہوتا ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ اس میں بے پناہ روحانی قوت موجود ہے۔

حب

حب کیلئے ایک چلتا ہوا عمل ہے۔ جس کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے۔ کیونکہ کبھی خطا نہیں کرتا للذا جس شخص کا دل چاہے بخوشی آزمائش کر کے تجربہ کر سکتا ہے۔ کوئی نادر و نایاب اجزاء نہیں ہے کہ آپ کو نہ مل سکیں۔

چشم راست کونج ایک عدد، دم بنصر راست خود چند قطرہ۔ مندرجہ بالا دونوں اجزاء کو آپس میں خوب اچھی طرح یکجان کرلیں اور چند رتی کسی کھانے پینے کی چیز میں ملا کر کھلا دیں تو مطلوب آپکی محبت میں ایسا بیقرار ہوگا کہ آپ کے بغیر اس کو ایک پل چین نہ آیگا۔

جاننا چاہیے کہ کونج ایک پرندہ ہے اور آسمان پر قطار در قطار اڑتا ہوا نظر آتا ہے اور خاص قسم کی آواز نکالتا ہے۔ اکثر اسکا وزن پانچ کلو تک ہوتا ہے اسکی ٹانگ کافی لمبی اور رنگ سیاہ ہوتا ہے۔ بازو کا رنگ کالا اور باقی حصہ ہلکا سرمئی رنگ کا ہوتا ہے عام طور پر رکے ہوئے پانی کے نزدیک کیچڑ یا دلدل میں اپنی خوراک کی تلاش میں بیٹھتا ہے۔ پاکستان میں بھی اکثر مقامات پر دکھائی دیتا ہے۔ شہر کراچی میں میں نے بچشم خود مشاہدہ کیا ہے اور حب ڈیم کے پاس بھی اکثر نظر آتا ہے۔

حب

اس عمل کی دو خصوصیات ہیں ایک تو حب کی تاثیر رکھتا ہے جبکہ دوسری تاثیر ظالم و جابر حاکم پر ہیبت تاری کرنے کے لیے بھی استعمال میں لایا جاتا ہے۔ دونوں تاثیریں بدرجہ اتم اس میں موجود ہیں جو کہ تجربہ کرنے پر آپ پر منکشف ہو جائیگی۔ للذا ہر خاص و عام کو اس عمل کی اجازت دی جاتی ہے۔

شحم اسد میں روغن گاؤ ملا کر اپنی تر کوٹی پر لگائیں اور پھر مطلوب یا حاکم کے روبرو جائیں بحکم خدا دیکھتے ہی مطیع و مسخر ہو۔ اس میں ذرہ برابر شک نہ کرے۔

حب

واسطے حب کے عجیب الاثر ہے اور نہایت آسان ہے جس کا طریقہ یہ ہے کہ بروز نوچندی اتوار ایک عدد مادہ بجو ہلاک کر کے اسکے شعر مونچھ حاصل کر کے روغن چمیلی میں جلا کر حلکرے اور اگر اپنے منہ پر اس روغن کو ملکر جس کسی عورت سے نگاہ ملا کر گفتگو کرے فی الفور مطیع ہو۔ عجیب و غریب عمل ہے۔ اگر مرد کی تسخیر مطلوب ہو تو نر بجو کے شعر مونچھ لینا چاہیے یہ ایک اہم نکتہ اس عمل کا تھا جو میں نے آپ پر بڑی آسانی سے واضح کر دیا اب یہ آپ کی مرضی پر منحصر ہے چاہے قدر کریں یا نہ کریں۔ میرا کام تو صرف روحانی علوم کو فروغ دینا ہے فائدہ اٹھانا یا نہ اٹھانا آپ کا کام ہے۔ کتاب ہذا میں بعض ایسے رموز و اسرار میں نے بیان کر دیئے ہیں کہ شاید آپ حضرات استادوں اور پیروں فقیروں کی برسا برس خدمت کر کے بھی حاصل نہ کر سکتے۔ مجھے کامل یقین ہے کہ میری اس کتاب کو حاصل کر لینے کے بعد بعض حضرات استاد یا پھر پیر فقیر اپنے کو سمجھ بیٹھیں گے اور اپنا آستانہ عالیہ کھولکر بیٹھ جائیں گے اور لوگوں پر یہ ظاہر کریں گے کہ وہ بہت بڑے عامل کامل ہیں۔ ایک زمانہ وہ بھی آئیگا جب کہ یہ کتاب خال خال لوگوں کے پاس ہوگی اور کتاب بازار میں دستیاب نہ ہوگی اور جن لوگوں کے پاس اسرار عجیبہ حصہ اول و دوئم موجود ہوں گی وہ اپنے آپ کو خوش نصیب تصور کریں گے اور کتاب ہذا کسی دوسرے شخص کو دکھانا گناہ سمجھیں گے حتی کہ کتاب ہذا کا نام کسی دوسرے شخص کو نہ بتائیں گے۔ آج سے پچاس یا سو سال کے بعد ایسا ہی ہوگا جیسا کہ میں نے گزشتہ سطور میں درج کیا ہے۔

میرے دوستو اور ساتھیو میں نے آپ حضرات کو بڑی ہی تلخ باتیں کہہ دیں اگر ناگوار خاطر گزرے تو معاف کر دیجئے گا کیونکہ بندہ بڑا عاصی و گنہگار ہے۔ صرف میری اتنی سی آپ حضرات سے التجا ہے کہ اس کتاب کو دوسرے لوگوں تک پہنچانے کی کاوش آپ لوگوں کا انسانی فریضہ ہے۔ دعاگو ہوں کہ میری یہ کتاب علوم مخفی کے اہل لوگوں تک پہنچے اور نااہل سے پوشیدہ رہے جو لوگ میری کتاب سے فیض اٹھائیں ان کو چاہیے کہ میرے ایمان کی سلامتی کیلئے دعا کریں تو میں سمجھوں گا کہ مجھے دین و دنیا مل گئی۔ اور یہی میرا

مقصود کل ہے۔

تلک حب

یہ تلک کا عمل بہت مجرب ثابت ہو چکا ہے۔ اکثر ہندو سادھو اس تلک کو استعمال کر کے لوگوں کو اپنا گرویدہ بنا لیتے ہیں لہٰذا اگر آپ کے مزاج خاطر میں آئے تو آپ بھی اس کو تیار کر کے لوگوں کو اپنا دیوانہ بنا لیجئے۔ عمل درج ذیل ہے۔

بچ ترکی، قسط شیریں، کیسر، لسان زاغ سیاہ کوہستانی۔

شروع کے تینوں اجزاء ایک ایک ماشہ اور لسان زاغ صرف ایک عدد لیکر ان سبھوں کو آب کی مدد سے کھرل کر کے یکجان کرے بعدہ اس میں دم خود ملا کر کھرل کرے اور بطور تلک کے اپنی پیشانی پر لگائے اور اپنے مطلوب سے جا کر ملے انشاء اللہ دیکھتے ہی مطیع ہو۔ واضع ہو کہ یوں تو تلک کے ہزاروں نسخہ جات میری نگاہ سے گزرے ان سبھوں میں سب سے زیادہ سریع التاثیر اس تلک کے نسخے کو میں نے پایا۔ بیشک یہ تمام تلک کے نسخوں کا سرتاج ہے۔ لہٰذا آزمائش شرط ہے۔

تلک حب

جس عورت کو تسخیر کرنا مقصود ہو اس عورت کا نام معہ والدہ برگ کنول پر گئو لوچن سے بروز ہفتہ ساعت اول میں تحریر کرے اور پھر اس کو چندن کے ساتھ پیس کر تلک بنائے اور اپنی پیشانی پر لگا کر اس عورت کے پاس جائے خدا چاہے دیکھتے ہی مسخر ہو۔ اگر آپ اس ترکیب سے عمل کریں گے تو کبھی بھی آپ کو ناکامی کا منہ نہ دیکھنا پڑیگا۔

موہنی تلک

تگر، قسط شیریں، ہڑتال ورقی، زعفران، جملہ اجزاء بموزن لیکر انکا باریک سفوف کر کے ترکوٹی پر تلک لگاوے اور جس عورت سے نظر ملاوے فی الفور مطیع ہوگی نہایت مجرب ہے۔

موہنی تلک

کیسر، مینسل، گنولوچن، پترج۔ جملہ ادویات ہموزن لیکر نہایت باریک پیس کر آب دریا یا آب چاہ ملا کر تلک بنا کر اپنی پیشانی پر تلک لگاوے جس پر نگاہ کریگا وہ فریفتہ ہوگا۔ اور آپ کا ہر حکم بجالائیگا۔

موہنی تلک

مینڈھا سینگی، بچھ ترکی، رال سفید، خس، صندس سفید، قاقلہ صغار۔ تمام اجزاء کو ہموزن لیکر سفوف کر کے اسکا بخور اپنے کپڑوں پر دیکر اسی کپڑے کو پہن کر حاکم وقت کے پاس جائے تو نہایت خندہ پیشانی سے حاکم آپکے ساتھ پیش آیگا۔

دشمن کی زبان بند ہو

یہ زبان بندی کا عمل بڑا ہی کمال کا ہے اور اسکی جس قدر بھی تعریف کی جائے کم ہے کیونکہ یہ عمل کبھی بھی خطا نہیں کرتا اور اگر آپ نے اس کو ایک مرتبہ تیار کر لیا تو ہمیشہ یہ آپ کو کام دیگا۔ یعنی جب چاہیں اس کو استعمال کریں اور پھر حفاظت سے رکھ لیں اور پھر کسی دوسرے کے لیے بھی استعمال کرا سکتے ہیں الغرض اگر آپ اس کو تاحیات مختلف اوقات میں مختلف لوگوں پر استعمال کرتے رہیں گے تو بھی اس کی تاثیر برقرار رہیگی لہٰذا اپ اس کو ضرور تیار کریں۔

لسان بوم اعدد، گنولوچن ارتی۔ ان دونوں کو ملا کر ایک عدد حب بنائیں اور ایک عدد نحاسی تعویذ لیکر اسکو تعویذ کے اندر رکھکر تعویذ کا منہ بند کردے اور بخور گوگل کا اس تعویذ کو دے کر بحفاظت اپنے پاس رکھے۔

بوقت ضرورت اگر آپ کسی بدزبان دشمن یا جابر حاکم کے پاس جاکر اور تعویذ کو اپنی زیر لسان رکھیں گے تو وہ ظالم یا جابر دشمن یا حاکم آپ کے خلاف ایک لفظ بھی باوجود کوشش کے نہ بول سکیگا اور آپ کو جو بھی حاجت ہو اس سے عرض کریں ہرگز انکار نہ کریگا۔

فتح بر اعداء و میدان جنگ

سبز رنگ کی ایک عدد کوڑی لیکر سیماب کو کھٹائی کے عرق میں کھرل کر کے مثل گارا بنائیں اور بھرنی پختہ میں سیماب کو کوڑی میں بھر کر کوڑی کے چو طرفہ موم لگا کر بند کر دیں پھر بوقت میدان جنگ اس کوڑی کو منہ میں رکھے تو دشمن پر فتح پائیگا اور اگر کسی دشمن پر غالب پانا چاہتے ہیں تو بھی منہ میں رکھکر گفتگو کریں فتح و نصرت آپ کے قدم چومیگی۔

جدائی

مٹی کے ایک گلاس میں اس عورت کے شعر جلاوے جس سے جدائی کرانا مقصود ہو چنانچہ اس گلاس میں جس مرد کو پانی پلادیں گے وہ مرد اس عورت سے سخت متنفر ہو جائیگا۔ جسکے شعر اس گلاس میں جلے تھے۔ لیکن چاند کے آخری منگل کو یہ کام کرنا چاہیے۔

جدائی

حدید کے ٹکڑے کو سخت گرم کر کے آب میں سرد کرے منگل کو قمر در عقرب ہونا ضروری ہے۔ چنانچہ گرم حدید کو سرد کرتے وقت یہ کہے کہ "جس طرح یہ گرم حدید پانی میں سرد ہوتا ہے اسی طرح فلاں بن فلاں کا عشق فلاں بنت فلاں سے سرد کر دے"۔ یہ جملہ تین مرتبہ ادا کرنا چاہیے اور ہر بار حدید گرم کر کے سرد کرنا چاہئے۔ اب اس آب سے عاشق کا منہ دھلانا چاہیے۔ اور اس کے صدر پر بھی آب چھڑکے کل تین یوم یہ کام کرنا ہوگا۔ یعنی آب کو استعمال کرنا ہوگا۔ بحکم خدا تین یوم کے اندر اثر ظاہر ہوگا۔

عداوت

یہ طلسم عداوت کے لیے بہت مؤثر ثابت ہو چکا ہے۔ اس لیے مصنف گزارش کرتا ہے کہ اس کو کوئی صاحب ناجائز استعمال نہ کریں۔

طریقہ یہ ہے کہ بروز منگل قمر در عقرب میں ایک عدد موش دشتی اور ایک عدد نیولہ حاصل کر کے ان دونوں کو ذبح کر کے ان کا دم حاصل کر کے دونوں کو آپس میں یکجان

کرلیں اور آب تازہ میں ملا کر جس مکان میں چھڑکیں گے تو ایک ہفتہ کے اندر اس مکان میں فتنہ و فساد برپا ہو جائیگا اس میں کسی قسم کا شبہ نہ کرے۔ کیونکہ بالکل بے خطا عمل ہے۔

عداوت

شعر حسان و بھینسا دونوں بموزن ایک ایک تولہ لیکر دونوں کو آپس میں ملالیں اور جن کے درمیان عداوت کرانا مقصود ہو ان دونوں کے شعر یا بائیں پاؤں کی مٹی قریب ایک ایک تولہ لیکر تمام اجزاء کو آپس میں یکجان کر کے رکھ لیں اب ان کو دھوپ کی دھونی دیں اور مقصد کا دھیان رکھیں تقریباً پندرہ منٹ دھوپ کا بخور دینا چاہیے۔ تقریباً ایک ہفتہ میں ہر صورت سے عداوت واقع ہو جائیگی۔ بیشک یہ عمل مجرب ہے۔

عداوت

موش و بذال دونوں کا برابر پانچ پانچ تولہ لیکر آپس میں ملاوے اور جن دو اشخاص کے درمیان عداوت کرانا مقصود ہو ان دونوں کے بائیں پاؤں کی مٹی بھی پانچ پانچ تولہ حاصل کر کے مندرجہ بالا مواد میں خوب اچھی طرح ملاوے پھر ایک عدد پتلا بیس تولہ کا بناوے اور اس پر نیلے رنگ کا کپڑا لپیٹے اور دشمن کے گھر میں گاڑ دے لیکن یہ تمام کام بروز منگل قمر در عقرب میں کرنا چاہیے حیرت انگیز طور پر ان دونوں کے درمیان عداوت قلبی ہو جائیگی۔ یہ عمل اتنا خطرناک ہے کہ بھائی بھائی کا، باپ بیٹے کا، ماں بیٹی کی دشمن بن جاتی ہے۔ آزمالے جس کو اس عمل کی صحت پر شک و شبہ ہو۔

عداوت

دو اشخاص کیلئے عداوت کرانے میں یہ نوامیس کا طلسمی عمل اپنا ثانی نہیں رکھتا۔ لہٰذا آپ اس کو جب چاہیں استعمال کریں خطا نہیں کریگا۔ لیکن ناجائز استعمال کرنے سے پرہیز کرنا لازم ہے۔

زہرہ بوم ایک دانگ، زہرہ خنزیر دو حبہ۔

دونوں اجزاء کو باہم مخلوط کر کے برتن میں رکھکر گرم کر کے خشک کریں اور کسی

کھانے پینے کی چیز میں ملاکر جن دو اشخاص کو کھلادیں گے عداوت جانی ان دونوں کے درمیان' واقع ہوجائیگی۔ کئی مرتبہ کا آزمودہ ہے۔

عداوت

دم خنزیر ایک دانگ' مرارہ خنزیر دو حبہ۔

مندرجہ بالا دونوں اجزاء کو باہم ملاکر خشک کرکے رکھ لیں اور طعام میں ملاکر دو اشخاص کو کھلادیں دونوں دوست ایک دوسرے کے خون کے پیاسے ہوجائیں گے۔ اور اگر صرف کسی ایک شخص کو کھلادیں تو وہ اپنے تمام دوست احباب سے نفرت کرنے لگے گا۔

دوستو اس عمل کو آپ سرسری نظر سے مت دیکھیے گا۔ بلکہ اسکا تجربہ کریئے گا۔ اگر آپ اس کو ایک مرتبہ تیار کرلیں گے تو کسی دوسرے عمل کو عداوت کے مقصد میں آپ نہیں استعمال کریں گے۔ کیونکہ مثل برق کے اثرات رکھتا ہے۔

عداوت

دو دوستوں کے درمیان عداوت کرانے کے لیے بڑا ہی عجیب الفعل عمل ہے اور زبردست تاثیر رکھتا ہے۔ لہٰذا آپ حضرات اسکا تجربہ ضرور کریں کامیابی آپ کے قدم چومے گی۔

مخ الکلب اسود ایک دانگ' مخ اغراب دو حبہ۔

مندرجہ بالا دونوں اجزاء آپس میں یکجان کرلیں اور خشک کرکے محفوظ رکھیں۔ اگر اس مواد میں سے ایک ایک رتی لیکر جن دو اشخاص کو کھلادیں گے ان دونوں کے درمیان ایسی عداوت ہوگی کہ یہ دونوں دوست ایک دوسرے کی شکل دیکھنا پسند نہ کریں گے۔ بڑا ہی زبردست عمل ہے۔

بخور عداوت

رعڈنڈی اور کاک کنگھا (کوا کوڑی) کو آپس میں ملاکر مثل میدا کرے اور پھر عرق

چمیلی میں اس کو سات یوم تک کھرل کرے پھر سات یوم تک اس کو بڑال نر کے بول میں کھرل کرے۔ پھر جس دشمن کے گھر میں فساد کرانا مقصود ہو تو ایک کاغذ پر اس گھر کے لوگوں کے نام معہ والدہ تحریر کریں اور اس کاغذ کو کسی اونچی جگہ لٹکا دیں اور نیچے بخور روشن کریں تاکہ اسکا دھواں کاغذ تک پہنچے چنانچہ چند یوم تک یہ عمل کرتا رہے مقصد جلد حاصل ہوگا۔ یہ عمل مثل برق کے اثرات رکھتا ہے۔

پتلا عداوت

جن کے درمیان عداوت کرانا مقصود ہو تو ان دونوں کے بائیں پاؤں کی مٹی حاصل کرے اور اس میں شعر فیل واسد دو دو ماشہ ملاوے اور مٹی کو آب سے گوندھ کر ایک عدد پتلا بناوے اور خشک کرکے اس کو زمین میں دباوے اور اس کے اوپر آگ جلاوے تاکہ آگ کی تپش پتلے کو پہنچتی رہے اور گل چمیلی تازہ یا خشک ایک سو آٹھ یا چالیس عدد لیکر ایک ایک کرکے اس آگ پر ڈالتا رہے جس پر آپ نے عمل عداوت کیا ہے اور دونوں اشخاص کا تصور رکھے کہ وہ آپس میں جھگڑ رہے ہیں۔ چند یوم میں ایک دوسرے کے جانی دشمن بن جائیں گے لیکن آگ کسی بھی وقت ختم نہ ہو بلکہ برابر جلتی رہنی چاہیے تاوقتیکہ عداوت واقع نہ ہو جائے زیادہ سے زیادہ ایک ہفتہ میں اثر ہوگا۔ ایک بات عرض کرتا چلوں وہ یہ کہ ناجائز ان اعمال کو آپ استعمال نہ کریں ورنہ آپ کی دین و دنیا دونوں خراب ہو جائیگی۔

تلک عداوت

سفوف دندان فیل ایک تولہ لیکر اس کو مکھن کے اندر ڈال کر خوب اچھی طرح ملادے اور تلک تیار کرکے اسکو محفوظ رکھے اور یہ بالکل الگ رکھے۔

سفوف دندان اسد ایک تولہ لیکر اس کو بھی مکھن کے اندر ڈالکر خوب اچھی طرح ملاوے اور تلک تیار کرکے اسکو الگ محفوظ رکھے اور کسی بھی طرح یہ دونوں ایک دوسرے کے ساتھ ملنے نہ پاویں یہ ضروری شرط ہے۔

اب اگر آپ کسی دو آدمیوں کے درمیان عداوت کرانا چاہتے ہوں تو دونوں اشخاص

کے ماتھے پر ایک ایک قسم کا تلک لگا دیجئے اور قدرت خدا کا مشاہدہ کریئے کہ پردہ غیب سے کیا نمودار ہوتا ہے۔ چنانچہ دونوں دوست ایک دوسرے کے خون کے پیاسے ہو جائیں گے اور تاحیات آپس میں یہ دونوں دوست نہ بن سکیں گے۔ نہایت زبردست بے خطا نسخہ ہے۔ آزمائش آپ کرسکتے ہیں۔

میاں بیوی میں عداوت ہو

اس عمل کو صرف جائز صورت میں استعمال کریں بلاوجہ کسی کا ہنستا بستا گھر اجاڑنے کی کوشش مت کریئے گا ورنہ سخت عذاب الٰہی میں گرفتار ہوں گے۔ طریقہ یہ ہے کہ راکھ شمشان، اسنان نیولا، اسنان مار۔ ان تینوں اجزاء کا سفوف پانچ پانچ تولہ لیکر آپس میں یکجان کریں اور دو عدد پتلے بناوے ایک عورت اور ایک مرد کا اب ان دونوں پتلوں کی پشت پر دونوں کا علیحدہ علیحدہ نام لکھے اور عورت کا پتلا مرد کے گھر میں اور مرد کا پتلا عورت کے گھر میں دفن کردے لیکن یہ کام بروز منگل قمر در عقرب میں کرنا بہتر ہوتا ہے۔ چنانچہ چند یوم میں عداوت واقع ہو جائیگی اور اگر ان دونوں پتلوں کو صرف مرد کے گھر میں دفن کردیں تو بھی عداوت واقع ہو جائیگی۔ اور عورت کے گھر میں دفن کردیں تو بھی عداوت پیدا ہو جائے گی۔

درمیان دو شخصوں کے عداوت ہو

شعر موش دشتی ۶ ماشہ، شعر گربہ اسود ۶ ماشہ، آشیانہ زاغ جبلی مکمل۔ چاہیے کہ اول دونوں اشیاء حاصل کرلے۔ بعدہ بروز نوچندی ہفتہ آشیانہ کو نیوتہ دے آئے اور دوسرے دن نوچندی اتوار کو جاکر تمام آشیانہ کو درخت پر سے اتار کرلے آئے اور اسی وقت ان تینوں اجزاء کو خاکستر کسی کوزہ گلی میں کرے بعدہ اس خاک کو بحفاظت کسی شیشی میں محفوظ رکھیں۔ عداوت کی طلسماتی راکھ آپ کے پاس تیار ہے دیکھیے یہ لیا کیا قیامت ڈھاتی ہے۔

اگر آپ دو اشخاص کے درمیان عداوت کرانا چاہتے ہیں اور یہ جائز ہو یا پھر کسی مرد و عورت کے ناجائز تعلقات آپس میں ہوں تو اس کیلئے یہ عمل ننگی تلوار ہے چونکہ یہ عمل

بے خطا ہے اس لیے برائے کرم ناجائز مت استعمال کریئے گا ایک مرتبہ میں اس کی آزمائش کرچکا ہوں اور بہت مؤثر ثابت ہوا تھا آپ بھی تجربے کے بعد نتیجے سے آگاہ کریئے گا۔

مندرجہ بالا طلسماتی خاک کی ایک ایک چٹکی دونوں اشخاص کے سروں پر ڈالدے یا پھر دونوں کو کسی کھانے پینے کی چیزوں میں ملاکر دے دیں۔ حیرت انگیز طور پر یہ دونوں ایک دوسرے کے خون کے پیاسے ہوجائیں گے۔ اور پھر کبھی آپس میں دوست نہ بن سکیں گے۔ اگر اس خاک کی ایک چٹکی کسی کے گھر میں دفن کردیں تو وہ گھر میدان جنگ بن جائیگا۔ آزمالے جس کا دل چاہے۔

تاحیات عداوت رہے

اگر آپ چاہتے ہیں کہ دو اشخاص کے درمیان ہمیشہ ہمیشہ کیلئے عداوت واقع ہوجائے اور وہ دونوں کبھی بھی ایک دوسرے کے دوست نہ بن سکیں تو اسکے لیے یہ عمل بہت مؤثر ثابت ہوگا۔

طریقہ یہ ہے کہ ان دونوں دوستوں یا شخصوں کے بائیں پاؤں کی مٹی تقریباً آدھا آدھا پاؤ بروز منگل حاصل کرے اور آب کی مدد سے ان دونوں مٹیوں کا آپس میں یکجا نہ کرے بلکہ دونوں مٹیوں کو الگ الگ ایک ایک عدد پتلا بنائے اور خشک کرکے ان دونوں پتلوں کو شمشان بھومی میں دفن کردے انشاء اللہ ایک ہفتہ کے اندر عداوت ہوجائیگی اور یہ دونوں گہرے دوست ایک دوسرے کے خون کے پیاسے ہوجائیں گے۔

یہ بات قابل ذکر ہے کہ دونوں پتلے الگ الگ شمالاً جنوباً دفن کیے جائیں گے۔ ورنہ عمل مؤثر ثابت نہ ہوگا۔

محفل میں جھگڑا ہو

اگر کسی محفل میں جھگڑا کرانا مقصود ہو اور وہ جائز ہو تو اسکے لیے یہ عمل نہایت مجرب ہے زیادہ سے زیادہ سہ یوم میں ضرور جھگڑا ہوجائیگا۔

طریقہ یہ ہے کہ شعر کلب اسود و شعر ہریرہ اسود واکلیل ہریرہ اسود۔ یہ تینوں اجزاء

ہموزن لیکر اور اس کا بخور اس محفل میں جلائے عداوت جانی واقع ہو جائیگی۔ اس عمل میں شک نہ کرے اس لیے کہ آج تک کبھی نہیں خطا ہوا۔ آپ بھی آزما کر ہمیں نتیجے سے آگاہ کریں۔

اگر آپ اجزاء نمبر دو نہ ڈالیں تو بھی عمل کام کریگا اور اجزاء میں رنگ کی قید نہ بھی کریں تو بھی کام ہو جاتا ہے۔

ہلاکی دشمن

یہ عمل کتاب ہذا میں لکھنے کا میرا ارادہ نہ تھا کیونکہ اس عمل کا تریاق اس دنیا میں نہیں ہے یہ میری آپ محدود معلومات یا پھر آپ جو کچھ سمجھیں آپکو اسکا پورا اختیار ہے ہاں اگر آپ حضرات کے پاس عمل کا تریاق موجود ہے تو مصنف و مؤلف کے علم میں لائیے گا۔ میں آپکا ممنون و مشکور رہوں گا۔

یہ عمل آپ صرف اس جگہ استعمال کرسکتے ہیں جس جگہ آپ کو کسی دشمن سے اپنی جان کا خوف ہو اور آپ کو کامل یقین ہو کہ اگر آپ نے اس دشمن کو زیر نہ کیا تو یہ آپ کو ہلاک کردیگا۔ اگر کوئی شخص اس کو ناجائز استعمال کریگا تو روز محشر خدائے بزرگ و برتر کے سامنے جواب دہ ہوگا اور مصنف و مؤلف پر اسکی کوئی ذمہ داری عائد نہ ہوگی۔ لہٰذا صد بار سوچیئے گا پھر کچھ کرنے کی کوشش کریئے گا۔

طریقہ یہ ہے کہ شعر دہن اسد کو حاصل کرکے اس کو باریک باریک کرلیں پھر اس میں سے ایک چٹکی لیکر اپنے دشمن کو کسی کھانے پینے کی چیز میں ملا کردے دیں حیرت انگیز طور پر چند گھنٹوں بعد اس کا اثر ظاہر ہوگا اور وقفے وقفے سے اس کے شکم میں شدید درد اٹھا کریگا اور دنیا کا کوئی بھی روحانی یا جسمانی علاج کارگر نہ ہوگا اور بالآخر چند یوم کے بعد اس دنیائے فانی سے اسے رخصت ہونا پڑیگا اور یہی آپکا مقصود ہے۔

دشمن دیوانہ ہو

براز زاغ سیاہ کوہستانی' براز مرغ' براز کبوتر جنگلی۔ یہ جملہ تین اجزاء ہوئے ان کو ہموزن لیکر خوب اچھی طرح ملا کر رکھ لیں اگر کسی شخص کو صرف ایک چاول کھلا دیں تو وہ

دیوانہ ہو کر اپنے کپڑے پھاڑ دے اور اس کی رفتہ رفتہ عقل جاتی رہے۔ لیکن ناحق کسی کے ساتھ ایسا نہ کریں کیونکہ روز محشر آپکو خدائے بزرگ و برتر کے سامنے جواب دہ ہونا پڑیگا نہ کہ مصنف و مؤلف کتاب کو۔

دشمن دیوانہ ہو

براز طاؤس' براز کبوتر' براز مرغ' قرطاطیس۔ مندرجہ بالا چاروں اجزاء ہموزن لیکر جس کے جسم پر ڈالیں گے دیوانہ ہوجائیگا لیکن پہلے تمام اجزاء کا سفوف بناکر ملالیں پھر استعمال کریں۔ نہایت زوداثر عمل ہے۔

مدہوش کرنا

اگر مغز خچر کسی کو حاصل ہوجاوے تو جس کو پکاکر کھلادے تو چند لمحے بعد بیہوش ہوجائیگا۔ اسی طرح علمائے نوامیس نے اسکی استخوان کی بھی یہی خاصیت بیان کی ہے۔ اسے بھی خوراکی طور پر دینا ہوگا۔ کہاں تک اس میں سچائی ہے تو اس کیلئے تجربہ درکار ہے۔

بیہوش کرنا

بیج کنیر اسود کو باریک پیس کر ایک ہانڈی میں ڈالے اور اس میں شیر گاؤ ڈالکر جوش دے پھر اس کی وہی جماکر گھی نکالے اب اس گھی کا ایک قطرہ جس کو کھلائے فی الفور بے ہوش ہوجائے۔ یہ نہایت زوداثر تنتر ہے لیکن ناجائز استعمال نہ کریں۔

پیشاب بند کرنا

بھورے رنگ کی چلپاسہ کی دم بروز منگل بوقت قمر در عقرب حاصل کرے اور اس کے خول کو اتار کر رکھ لیں۔ جب کسی کا پیشاب بند کرنا مطلوب ہو تو پیشاب کرنے کی جگہ کی اس مٹی کو حاصل کیا جائے جس شخص کا پیشاب بند کرنا مطلوب ہو۔ چنانچہ اس مٹی کو خول میں بھردیں فوراً بند ہوگا۔ جب کھولنا مطلوب ہو تو خول سے مٹی نکال دیں۔ نہایت آزمودہ و مجرب ترین عمل ہے۔ لیکن ناحق کسی کو نہ ستائیں۔

مغموم

بروز اتوار ایک عدد چلپاسہ پکڑ کر ہلاک کریں اور اس کو خشک کرکے اس کا سفوف بنا کر رکھ لیں اگر کسی کو مغموم کرنا مطلوب ہو تو تھوڑا سا سفوف اس شخص کے سر پر ڈالدیں تو وہ بلاوجہ مغموم رہا کریگا۔ یہ عجیب بات ہے۔

کھیت کا چوری کیا ہوا غلہ چور کے شکم میں بولیگا

اکثر آپ نے سنا ہوگا کہ کسی چور نے کھیت پر سے غلہ چوری کرلیا یا کھڑی فصل کاٹ کر لے گیا اور کھیت کا مالک بیچارہ افسوس کرتا رہ گیا۔ اسی چیز کو مدنظر رکھتے ہوئے۔ میں اپنے مظلوم کسان بھائیوں کیلئے ایک تیر بہدف نوامیس کا عمل تحریر کر رہا ہوں جو ہر گز خطا نہیں کرتا۔

پکھ پنجتر میں بروز اتوار یا منگل کو چکور نر کو ہانڈی میں بند کرکے کھیت میں اتر کر شمال کی سمت اس ہانڈی کو دفن کردے اور اس بات کی خبر کسی دوسرے کو نہ ہو اب جو چور اس کھیت سے غلہ چرا کر کھائیگا اس کے پیٹ میں غلہ بولے گا تاوقتیکہ بخوبی ہضم نہ ہو جائے۔ الغرض جب بھی چوری کیا ہوا اناج کھائیگا غلہ بولیگا۔

عقد شہوت

اکثر احباب نے اس سے قبل بھی یہ عمل شاید کسی کتاب میں دیکھا ہوگا۔ لہٰذا آپ لوگ یقیناً یہ ضروری سوچنے پر مجبور ہوں گے کہ یہ عمل تو ڈاکٹر صاحب نے کسی کتاب سے نقل کرکے لکھدیا ہے اور مصنف کتاب کا یہ عمل تجربہ شدہ نہیں ہوگا۔

بیشک یہ عمل میرا تجربہ شدہ ہے اور فی الفور کام کرتا ہے۔ اگر آپ حضرات نے اب تک اسکا تجربہ نہیں کیا ہے تو آج ہی پہلی فرصت میں اسکا تجربہ کریئے اور نتیجے سے ہمیں آگاہ کریئے گا۔

مغز خوک ایک دانگ، دم خوک ایک قطرہ۔ ان دونوں اجزاء کو کسی ظرف میں رکھکر آگ پر ہلکی آنچ پر عقد کریں بعدہ اس مواد کو جس مرد کو کسی چیز میں ملا کر کھلادیں

گے اس مرد کی شہوت جاتی رہیگی اور کوئی علاج اس پر کارگر نہ ہوگا۔ نہایت مجرب ہے۔

عورت کی شہوت بستہ کرنا

اگر کوئی عورت بہت شہوت پرست ہو اور اس کو ہر وقت نفسانی خواہش ستاتی رہتی ہو تو اس عورت کیلئے یہ طلسم تیر بہدف ہے۔

زرنیخ ۱ تولہ۔ ۲ تولہ چربی مرغی۔ ان دونوں کو خوب اچھی طرح کھرل کرکے ضماد تیار کریں۔ بعدہ مرد اس ضماد کو ذکر پر طلاء کرکے اس عورت سے مواصلت کرے جو شہوت پرست ہو بحکم پروردگار اس عورت کی شہوت بستہ ہو جائیگی۔ زیادہ تعریف خلاف تہذیب ہے ورنہ آپ حضرات کو تفصیل سے آگاہ کرتا۔ آزماکر نتیجے سے ہمیں آگاہ کریں۔

بے شرم مرد یا عورت شرمدار ہوں

اگر کوئی مرد یا عورت اور یا کوئی لڑکا یا لڑکی بہت بے شرم ہو تو چاہیے کہ بوقت گرہن بیخ جلوتی اکھاڑ لائے لیکن ایک دن قبل دعوت دے آئے اور دوسرے دن عین گرہن کے وقت اس کو لے آئے لیکن آتے یا جاتے وقت عامل کو کوئی ٹوکے نہیں اور نہ عامل کسی سے گفتگو کرے اور توڑتے وقت اپنا سایہ اسپر نہ پڑنے دے چنانچہ اس کو سائے میں خشک کرکے اسکا تعویذ بناکر جس مرد یا عورت کے گلے میں ڈالدیں بے شک وہ حیادار بن جائے۔

مرد کی بستہ شہوت کشادہ ہو

جاننا چاہیے کہ بعض عامل حضرات مرد کی شہوت کو مختلف اعمال سے باندھ دیتے ہیں اور کسی بھی ڈاکٹر یا حکیم کی دوا اس مریض پر مؤثر ثابت نہیں ہوتی۔ لہٰذا یہاں پر ان اعمال کو قلمبند کیا جارہا ہے جس سے مرد کی بستہ شہوت کشادہ ہو جاتی ہے اور دوبارہ مردمی طاقت بحال ہو جاتی ہے۔ میرے پاس اب تک اس قسم کے بیشتر مریض آچکے ہیں اور بفضل خدا مکمل شفایاب ہوکر گئے ہیں۔ بعض مریضوں نے یہ بھی شکایت کی کہ کسی مخصوص عورت کے پاس جانے سے انکی شہوت بستہ ہوگئی جبکہ وہ کسی دوسری عورت کے

پاس گیا تو اس کو وہ شکایت نہیں ہوئی۔ اس بات سے یہ معلوم ہوا کہ کسی ایک مخصوص عورت کیلئے شہوت کو بستہ کیا گیا تھا۔

جنات و آسیب بھی شہوت کو بستہ کردیتے ہیں لیکن یہ اس وقت ہوتا ہے جب کہ عورت پر جنات یا آسیب کا اثر ہو اور جنات یا آسیب وغیرہ اس بات کو پسند نہ کرتے ہوں کہ مرد و عورت کی باہمی ازدواجی زندگی قائم رہے۔ مرد پر بھی آسیبی یا جناتی اثرات سے شہوت بستہ ہو سکتی ہے۔

یہاں پر بستہ شہوت کو کشادہ کرنے کیلئے میں جن طلسماتی اعمال کو تحریر کررہا ہوں وہ سحر و آسیب وغیرہ سے بندش شہوت کو کشادہ کرتے ہیں نہ کہ جسمانی طور پر ضعف باہ کے مریضوں کو شفا پہنچاتے ہیں۔

لہٰذا سحر و آسیب کے علاوہ ضعف باہ کا کوئی اور سبب ہو تو کسی ڈاکٹر یا حکیم سے علاج کیلئے رجوع کرنا چاہیے۔

پوست درخت صنوبر ا حصہ۔ عسل خالص ۳ حصہ۔

چاہیے کہ سب سے پہلے پوست صنوبر کا باریک سفوف بنائیں بعدہٗ اس میں عسل خالص ملاکر خوب اچھی طرح ملاکر معجون بنائیں اور مریض کو صبح شام چھ چھ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ کھلائیں زیادہ سے زیادہ چہل یوم میں شفاء کلی ہوگی۔

جب آپ ایسے مریضوں کا علاج کریں تو بہتر ہے کہ اس معجون کے ساتھ ساتھ کسی دوسرے طلسماتی عمل کو جو کہ بستہ شہوت کھولنے کیلئے ہوں اسکو بھی استعمال کریں تو شفا جلد ہوتی ہے۔ مثلاً کسی بخور یا ضماد وغیرہ کو استعمال کرایا جائے۔

مرد کی بستہ شہوت کشادہ ہو

نوامیس کے اعمال میں کلب کا بڑا عمل دخل ہے اگر کوئی عامل اس پر دسترس رکھتا ہے تو کوئی وجہ نہیں کہ عمل خطا کرجائے۔ یہاں پر کلب سے منسوب ایک عمل تحریر کررہا ہوں ممکن نہیں کہ خطا کرجائے۔ اکثر ایسا بھی مشاہدہ ہوا کہ صرف ایک مرتبہ مریض کو بخور دیا گیا اور فی الفور اس کی بستہ شہوت کشادہ ہوگئی اور پھر دوبارہ بخور لینے یا کسی علاج معالجہ کی ضرورت نہ پڑی لہٰذا آپ بھی اسکو اپنا معمول بنالیں۔

بروز نوچندی اتوار شعر کلب ذکر کو بوقت دوپہر دن کے ٹھیک بارہ بجے حاصل کریں اور محفوظ رکھیں اور اسکا بخور مریض کو سدرہ کے کوئلہ پر اسی دن دیں لیکن خیال رہے کہ بخور کا دھواں صرف مریض کے ذکر کو دیں باقی جسم کو دینے کی ضرورت نہیں۔ اگر چند یوم تک روزانہ بوقت دوپہر دن کے ٹھیک بارہ بجے یا شب کو بارہ بجے چند یوم تک اس علاج کو جاری رکھیں تو ہرگز ہرگز بندش باقی نہ رہیگی۔

اس عمل کیلئے شعر کلب ذکر کئی جانوروں کا بھی استعمال کرلیں تو کوئی حرج نہیں۔ کیونکہ ایک جانور سے بہت قلیل مقدار میں نکلتا ہے اور صرف ایک مرتبہ ہی استعمال کیا جاتا ہے۔ لہٰذا کئی جانوروں کا حاصل کرنا چاہیے لیکن آپ ہر جانور کا شعر کلب ذکر علیحدہ علیحدہ رکھیں گے یہ ضروری شرط ہے۔

بستہ شہوت کشادہ ہو

یہ عمل بھی چند مرتبہ کا آزمودہ ہے اور بستہ شہوت کو کشادہ کرنے کیلئے مجرب ہے۔ اور بطور طلا یا ضماد ذکر پر لیپ کیا جاتا ہے۔ لہٰذا ہر خاص و عام کو اسکی اجازت دی جاتی ہے چاہیے کہ بڑبا گل کی بیٹ حاصل کرے اور اسکو کھرل کرکے مثل سفوف کرے بعدہ آب اس میں ملا کر ضماد یا طلا تیار کرے اور مریض کے ذکر پر اس ضماد یا طلا کا لیپ بوقت شب لگائے اور صبح کو ذکر کو خوب اچھی طرح دھولے اسی طرح کم از کم سات یا اکیس یا پھر چالیس یوم تک روزانہ شب کو استعمال کرتا رہے اور صبح دھولیا کرے بحکم پاک پروردگار یہ عارضہ جاتا رہیگا۔

اگر اس کے ساتھ ساتھ بخور اور معجون کا نسخہ بھی استعمال کیا جائے تو مریض جلد شفایاب ہوگا۔ بخور اور معجون کا نسخہ گزشتہ صفحات پر درج ہے۔

بستہ شہوت کشادہ ہو

یہاں پر ایک عمل طائر سلیمانی کا تحریر کررہا ہوں۔ جو بستہ شہوت کو کشادہ کرنے کیلئے اپنا ثانی نہیں رکھتا زیادہ سے زیادہ ایک ہفتہ کے اندر بستہ شہوت کشادہ ہوگی منکرین نوامیس و طلسماتی اعمال سے بدظن لوگوں کو دعوت دی جاتی ہے کہ ایک مرتبہ اسکا تجربہ

ضرور کریں اور پھر نتیجے سے ہمیں آگاہ کریں۔

لحم طائر سلیمانی مذکر بریاں اعدد۔ حرمل ۲۵ ماشہ۔

لحم کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کریں اور پھر روغن گاؤ خالص میں بریاں کر کے اس میں سفوف حرمل شامل کریں اور تقریباً پانچ منٹ تک بریاں کریں بعدہ ٹھنڈا کر کے مریض کو روزانہ ایک تولہ صبح اور ایک تولہ رات کو سوتے وقت کھلائیں انشاء اللہ روز اول سے فائدہ ہونا شروع ہو جائیگا اور ایک ہفتہ میں مریض بالکل شفایاب ہو گا۔

اگر کسی عورت کی شہوت بستہ کر دی گئی ہو تو اس کے لیے لحم طائر سلیمانی مؤنث لینا چاہیے اور طریقہ استعمال مندرجہ بالا طریقہ پر ہے۔ اور ایک ہفتہ کھلانا چاہیے۔ مقصد حاصل ہو جائیگا۔

بستہ شہوت کشادہ

اگر کسی مرد کی شہوت سحر یا آسیب کی وجہ سے بستہ ہو گئی ہو تو اس کے لیے یہ بڑا بینظیر عمل ہے چنانچہ مرغ اسود کو ذبح کر کے اسکا داہنی طرف کا مغز حاصل کر کے اس میں ردی مصطگی تین ماشہ ملا کر کھرل کریں اور ذکر پر طلا کریں زیادہ سے زیادہ ایک ہفتہ یہ علاج کافی ہو گا۔

بانجھ کرنا

یہ عمل انتہائی مؤثر ہے اور اس کو صرف جائز صورت میں ہی استعمال کرنا چاہیے۔

طریقہ یہ ہے کہ بیخ پان پانچ تولہ لا کر اس کو خوب باریک پیسے اور جب سفوف بن جائے تو عورت جب حیض سے فارغ ہو تو صبح شام اس سفوف سے آدھا آدھا تولہ عورت کو ہمراہ آب کھلاوے اور پانچ دن تک یہ عمل برابر کرے تو عورت بانجھ ہو جائیگی۔

بیخ پان سے مراد عام طور پر لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ یہ خولنجان ہے جس کو کلیجن بھی کہا جاتا ہے اور عطار حضرات بھی خولنجان کو بیخ پان سمجھتے ہیں حالانکہ یہ سراسر غلط ہے دراصل بیخ پان سے مراد پان کی جڑ ہے اور کچھ نہیں۔ لہٰذا اس غلط فہمی کو دور کریں۔

حمل کبھی قرار نہ ہو

اگر کہیں مشکطرامشیع کا سبز پودا لگا ہوا ہو تو بروز نوچندی ہفتہ سورج نکلنے سے قبل اس پودے کو نیوتہ دیکر گھر واپس آجائے اور دوسرے دن نوچندی اتوار کو سورج طلوع ہونے سے قبل پودے کو معہ بیخ و برگ و شاخ اکھاڑ لائے اور اسکو سائے میں خشک کرکے رکھے پس اس کو جو عورت اپنے پاس رکھیگی اس کو کبھی حمل نہ ہو گا۔

بانجھپن

یہ ان خواتین کیلئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے جن کو بانجھپن کے علاوہ کوئی دوسرا مرض لاحق نہ ہو۔ ایک مرتبہ اسکی آپ ضرور آزمائش کریں۔ اور نتیجے سے ہمیں آگاہ کریں۔
تخم پارس پیپل ۳ عدد' مصری ۳ ماشہ' بعد فراغت حیض شب کو روزانہ تین یوم تک ایک تخم کھائیں انشاء اللہ اسی ماہ استقرار حمل ہو گا۔ بصورت دیگر دوسرے اور تیسرے ماہ استعمال کریں۔ اللہ شفاء دیگا۔

بانجھپن

اگر کسی عورت کو بانجھپن کا عارضہ ہو تو اس کو چاہیے کہ اس طلسماتی علاج سے پورا پورا فائدہ اٹھائے اللہ کے فضل و کرم سے یہ عارضہ جاتا رہیگا اور اولاد جیسی نعمت آپ کو اللہ تعالی عطا کریگا۔ جاننا چاہیے کہ دیگر قسم کا عارضہ مثل کثرت حیض' احتباس طمث' عسرالطمث یا ورم رحم وغیرہ کی شکایات کا عارضہ پہلے ختم کرنا چاہیے۔ بعدہ علاج ہذا شروع کرنا چاہیے ورنہ علاج مؤثر ثابت نہ ہو گا۔
طریقہ یہ ہے کہ گربہ اسود کا ثابت کبد حاصل کرکے زہرہ گربہ کو نکال کر پھینک دیں اور کبدہ کو خوب اچھی طرح آگ پر بریاں کرلیں بعدہ اسکی سات خوراک بنادے اور عورت غسل سے پاک ہونے کے بعد شب کو ایک خوراک ہمراہ آب لیا کرے الغرض سات یوم تک روزانہ ایک خوراک لیکر علاج بند کردے بحکم خدا اسی ماہ استقرار حمل ہو گا۔

حمل قرار پاوے

یہ طلسمی نایاب زمانہ نوامیس کا عمل میں اپنی ان بہنوں کے لیے تحریر کررہا ہوں جو اولاد جیسی نعمت سے محروم ہیں۔ چنانچہ یہ عمل ان مریضوں پر مؤثر ثابت ہوگا۔ جن کو سیلان الرحم، کثرت طمث، احتباس طمث، عسرالطمث یا ورم رحم وغیرہ کی شکایات نہ ہوں لہٰذا ان مستورات کو چاہیے کہ اس طلسماتی عمل سے فائدہ اٹھائیں۔ طریقہ یہ ہے کہ جب عورت غسل سے پاک ہوجائے تو اسی دن سے مغز خرگوش کو پکاکر کھائے اور اسی دن مواصلت کرے اس طرح سہ یوم یا ہفت یوم مغز خرگوش ایک عدد روزانہ استعمال کرنا چاہئے۔ بحکم پاک پروردگار اول ماہ میں حمل قرار پاجائیگا ورنہ دوسرے اور تیسرے ماہ بھی استعمال جاری رکھنا ہوگا زیادہ سے زیادہ تیسرے ماہ حمل ضرور قرار پاجائیگا۔ تو اس حقیر کو اپنی دعاؤں میں شامل کرلیجئے گا۔

حمل قرار ہو

یہ طلسمی عمل بھی بہت سریع التاثیر ہے۔ بناکر فائدہ اٹھائیں۔ طریقہ یہ ہے کہ عورت جب غسل سے پاک ہو تو روزانہ مخ اعظم شتر کو پارچہ میں لت پت کرکے شب کو جائے مخصوصہ میں بطور شیاف رکھے اور صبح کو نکال کر پھینک دیں اسی طرح سہ روز روزانہ ایک شیاف عورت استعمال کرے بعد سہ یوم مواصلت کرے بحکم خدا استقرار حمل ہوجائیگا ورنہ دوسرے اور تیسرے ماہ بھی شیاف مندرجہ بالا طریقہ پر استعمال کریں۔ ضروری حمل قرار پاجائیگا۔

حمل ہرگز نہ گرے

اگر کسی عورت کا حمل بار بار گرے اور کسی بھی قسم کا علاج اس پر کارگر نہ ہوتا ہو تو میں ایسی مظلوم بہنوں کو دعوت عام دیتا ہوں کہ ایک مرتبہ اس طلسمی عمل کو ضرور آزمائیں اللہ رب العزت آپ کی مراد پوری کریگا زیادہ تعریف فضول ہے پس آپ اس سے خود بھی فائدہ اٹھائیں اور دوسروں کو بھی فائدہ پہنچائیں اللہ آپ کو اسکا اجر دیگا۔ جس

دن اتوار ہو اور اس دن ہشپ نچھتر بھی ہو آپ اس سے ایک دن قبل جو زمائل سفید یا سیاہ کے پودے کے پاس جاکر نیوتہ دے آئیں لیکن پودے پر اپنا سایہ پڑنے نہ دیں دوسرے دن عین اسی وقت اس پودے کو معہ بیخ و برگ وغیرہ کے ساتھ اپنے سلے آئے اور اپنے گھر پر اس کی بیخ کاٹ کر رکھ لے اور صاف کرکے حاملہ عورت کی کمر میں کسی سرخ رنگ کے ڈورے کے ساتھ باندھے اور صرف نہاتے وقت کھولدیا کرے اور جب عین ولادت کا وقت ہو اس وقت اس کو عورت کھولدے ورنہ ہرگز ہرگز بچہ ماں کے شکم سے باہر نہ آسکیگا۔ خیاں رہے کہ غسل کرنے کے فوراً بعد کمر میں عورت کو اس گنڈے کو باندھ لینا چاہیے۔

اولاد نرینہ پیدا ہو

یہ طلسمی و نوامیسی عمل ہرگز خطا نہیں کرتا للذا وہ لوگ جو پسر کی خواہش رکھتے ہیں ان کو چاہیے کہ ایک مرتبہ اس کو تیار کریں اور استعمال کریں انشاء اللہ آپکی مراد ضرور پوری ہوگی یہ ایک بے خطا عمل ہے۔

گھوڑے کا پر ۳ ماشہ' طاؤس کے پر کا چاند ۱ عدد' عسل خالص حسب ضرورت مندرجہ بالا تینوں اجزاء کو کھرل کرکے حبوب بقدر نخود بنائیں اور جب عورت کا تین ماہ کا حمل ہو جاوے تو روزانہ شب کو ایک حب ہمراہ شیر تناول کرے سات یوم میں سات حب صرف کھانا ہے۔ پھر قدرت کا مشاہدہ کریں مراد بر آنے پر فقراء و غرباء کو کھانا کھلانا ضروری ہے۔

اولاد نرینہ

جن لوگوں کے ہاں صرف لڑکی ہی لڑکی پیدا ہوتی ہوں ان لوگوں کے لیے یہ طلسم خوشخبری کا پیغام ہے للذا اولاد نرینہ کے متمنی خواتین و حضرات سے پر زور التماس ہے کہ اس انمول تنتر سے پورا پورا فائدہ اٹھائیں اللہ آپ لوگوں کی ضرور فریاد سنے گا۔

طریقہ یہ ہے کہ ایک عدد خرگوش کو ذبح کرکے اسکا چستا نکالکر خوب اچھی طرح صاف ستھرا کرکے اسکا قیمہ بناکر پکاکر عورت کھائے لیکن غسل سے جب پاک ہو جائے تو چستا

روزانہ کم از کم ہفت یوم بطور غذاء استعمال کرے اور دوران استعمال مواصلت بھی کرے اللہ پاک اپنا فضل فرمادیگا اور اولاد نرینہ عطا کردیگا۔ مجرب ہے۔

تسہیل الولادت

زنجبیل اسود کا ایک دو انچ لمبا اور ایک انچ موٹا ٹکڑا لیکر اس کو دردزہ والی عورت کے مقام مخصوص میں رکھے بحکم خدا ولادت کے وقت تکلیف نہ ہونے کے برابر ہوگی اور ولادت بھی جلدی ہو جائیگی۔ مخلوق خدا کو فیض پہنچا کر دعائیں لیں۔ خاص بات یہ ہے کہ زنجبیل اسود کوئی نادر و نایاب بوٹی نہیں بلکہ آپکو ہر جگہ باآسانی دستیاب ہو جائیگی۔

تسہیل الولادت

اگر عورت دردزہ سے تڑپ رہی ہو اور کسی بھی طرح بچے کی ولادت نہ ہو رہی ہو تو سنگ مقناطیس کا ایک ٹکڑا عورت اپنی دائیں مٹھی میں دباوے اور بیخ مونگا عورت کی بائیں ران میں باندھیں جب ولادت ہو جائے تو عورت سے دونوں چیزیں جدا کردیں ورنہ نقصان کا احتمال ہے۔ نہایت سریع التاثیر عمل ہے۔

دردزہ

اگر کسی عورت کو دردزہ ہو رہا ہو اور بچہ کی ولادت کا وقت ہو تو اس وقت شعر آدم جلا کر اس میں عرق گلاب ملا کر لیپ بنائیں اور عورت کی پیشانی پر لیپ کریں بحکم پاک پروردگار جلد از جلد ولادت ہو جائیگی اور بیچاری عورت بھی دردزہ کے عذاب سے نجات پا جائیگی۔ اس میں کوئی مشکل اجزاء نہیں ہیں بلکہ ہر جگہ دستیاب ہونے والی اشیاء ہیں۔ یہ کار خیر ہے اس لیے آپ حضرات سے پرزور التماس ہے کہ لوگوں کو فائدہ پہنچائیں۔

مردہ بچہ باہر آجاوے

کینچلی مار سیاہ، براز کبوتر۔ ان دونوں کو خوب باریک سفوف کرکے عورت کی جائے مخصوصہ پر اسکی دھونی دے بحکم پاک پروردگار جلد باہر آجاوے۔ اگر آپ کو شک ہو تو

آزماکر دیکھ لیں۔ خطانہیں کریگا۔

احتباس طمث

اگر کسی عورت کا حیض عرصہ دراز ہے بند ہو تو چاہیے کہ زہرہ گوسفند کہنہ کو روئی میں تر کرکے اسکا شیاف بناوے اور عورت اس شیاف کو اپنی جائے مخصوصہ میں رکھے انشاء اللہ بارہ گھنٹہ کے اندر حیض جاری ہو گا۔

حیض جاری کرنا

یہ عمل نہایت سریع التاثیر ہے۔ لہذا آپ حضرات سے گزارش ہے کہ ناحق کسی کو نہ ستائیں۔ طریقہ یہ ہے کہ بروز نوچندی اتوار کسی زاغ سیاہ کوہستانی کو ہلاک کرکے اس کی چونچ حاصل کریں اور اس کو بخور گوگل کا دیکر رکھلیں۔ اب زمین پر اس چونچ سے ایک لکیر کھینچیں پس جو بالغ عورت اس لکیر کو پھلانگے گی بحکم خدا اس کا حیض اس وقت تک جاری رہیگا جب تک کہ اس چونچ کو آب میں ملاکر گھول کر نہ پلائیں۔ نہایت درجہ سریع التاثیر ہے۔

خواب سچا نظر آوے

جنگل میں جاکر نگاہ زمین پر رکھے اور جہاں پر روپاریل بیٹھی ہوئی نظر آوے تو زمین پر سے سات عدد کنکر اٹھاکر ان کنکروں سے روپاریل کو اڑاوے چنانچہ جب وہ اڑ کر جس درخت پر بیٹھے اس درخت کی لکڑی اس وقت کاٹ کر لاوے اور بخور دھوپ کا دیکر اپنے پاس رکھے اس لکڑی کو عامل جب بھی اپنے سرہانے رکھکر سوئے گا جو بھی خواب نظر آویگا سچا ہو گا۔ عجیب و غریب تنتر ہے۔

دل کی بات پوری ہو

مینڈھے کی سینگ اتوار کو نیوتہ دیکر لاوے اور اس کو جلاکر اسکی پنگی بناوے اور کونے میں مکان کے دفن کردے اور اس پر تیل ڈالدے آدھی رات کے بعد وہ بات

معلوم ہو جو آپ نے سوچا تھا یعنی آپ نے جو دل میں سوال کیا تھا۔

حالت نوم میں راز معلوم کرنا

بروز نوچندی اتوار یا منگل کو ایک عدد غوک کبیر پکڑ کر اس کو ہلاک کر کے اسکی لسان حاصل کرے اور اس کو کپڑے میں لپیٹ کر رکھے بوقت ضرورت سوتے ہوئے مرد یا عورت کے سرہانے رکھکر جو بات بھی معلوم کریں گے جواب آپکو ملا کرے گا۔ لیکن خاص بات یہ ہے کہ جب وہ بیدار ہو کر اٹھے گا تو اس کو قطعی اس بات کا علم نہ ہو گا کہ اس نے حالت نوم میں کیا کیا راز ظاہر کر دیئے۔

انسان کے دل کا راز معلوم کرنا

اس سے قبل بھی گزشتہ اوراق میں اس قسم کے اعمال تحریر کر چکا ہوں اور حصہ اول میں بھی اس قسم کا عمل موجود ہے۔ زیر نظر عمل نہایت قوی تاثیر رکھتا ہے لیکن جب تک آپ اس کی آزمائش نہیں کریں گے آپ کو یقین نہیں آئیگا کہ یہ عمل اتنا زبردست ہو سکتا ہے۔ لہٰذا آپ حضرات سے پر زور التماس کی جاتی ہے کہ اسکی ضرور آزمائش کریں۔

لسان زاغ سیاہ خشک، لسان غوک صحرائی خشک۔ ان دونوں اجزاء کو لیکر کسی تعویذ میں رکھیں اور اس تعویذ کو کسی سوتے ہوئے مرد یا عورت کے سینے پر رکھدے حیرت انگیز طور پر سوتا ہوا شخص راز دل بیان کرنا شروع کر دیگا اور اس کو قطعی اس بات کی خبر تک نہ ہوگی کہ وہ کیا کچھ بیان کر رہا ہے اور بیدار ہونے پر بھی اس کو خبر تک نہ ہوگی کہ اس نے سوتے ہوئے کیا کچھ بیان کیا۔ اگر عامل کسی خاص بات کو معلوم کرنا چاہتا ہے تو عامل کو چاہیے کہ وہ سینے پر معمول کے تعویذ رکھنے کے بعد سوال کرے تو معمول سوتے ہوئے جواب دیگا اور راز ظاہر کر دیگا حالانکہ اس راز کو جاگتے ہوئے وہ کسی بھی صورت میں بتانے کو تیار نہ ہوگا۔

سوتا آدمی سوال کا جواب دے

اگر کسی شخص سے اس کا راز دل معلوم کرنا ہو تو اس کیلئے یہ عمل انتہائی زود اثر ہے

اس قسم کے اعمال میں سب سے بڑی خوبی یہ ہوتی ہے کہ جاگنے پر اس شخص کو قطعی خبر نہیں ہوتی کہ اس نے سوتے ہوئے کیا کچھ بیان کردیا۔ طریقہ یہ ہے کہ ایک عدد لسان چرخ شکاری حاصل کرکے اس کو خشک کرے اور پارچہ میں ملفوف کرکے رکھے اور سوتے ہوئے آدمی یا عورت کے سینے پر رکھکر چند لمحہ توقف کرنے کے بعد سوال کرے انشاء اللہ آپکے ہر سوال کا جواب دیگا۔ جب آپ سوال جواب کرچکیں تو لسان چرخ کو بمعہ پارچہ کے اٹھاکر رکھ لینا چاہیے۔ کیونکہ آئیندہ بھی یہ کام دیگی۔ للذا اسکی بڑی حفاظت کرنا چاہیے۔

رازدل معلوم کرنا

مغزبوم خشک لیکر اس کو کسی کپڑے کورے میں رکھکر اس کا تعویذ بناکر جس شخص کے سینے پر بحالت نوم رکھیگا اور اس سے جو بھی راز کی بات معلوم کریں گے آپکو بحالت خواب بتادیگا لیکن بیدار ہونے پر اس کو قطعی اس بات کا علم نہ ہوگا کہ اس نے حالت خواب میں کیا بیان کیا تھا۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

سوتا آدمی نہ جاگے

مردہ انسان کا دانت، لسان ہدہد۔ ان دونوں چیزوں کو لیکر گوگل کی دھونی دیکر تعویذ کپڑے کا بناکر مندرجہ بالا چیزیں رکھکر تعویذ کو بند کرکے اگر سوتے ہوئے انسان کے سرہانے رکھ دیں تو بیدار نہ ہوگا۔ اور جب اس تعویذ کو سرہانے سے ہٹالیں گے تو بیدار ہوجائیگا۔

نوم

چاہیے کہ ایک عدد بالکل سفید گوسفند حاصل کرکے اسکو ذبح کرے اور گوشت وغیرہ کھالے اور اسکی سینگ نکال کر رکھ لے اور جس کے سرہانے رکھ دے وہ بیدار نہ ہو مجرب ہے۔

☆☆☆

نوم

جس شخص کو بہت کم نیند آتی ہو اس کو چاہیے کہ اپنے سرہانے داڑھ خر رکھے اور آنکھ بند کر کے لیٹ جائے بہت نیند آنے لگیگی یہ عجیب راز ہے۔ جو لوگ خواب آور ادویات استعمال کرتے ہیں ان کو چاہیے کہ اس تنتر کو ضرور آزمائیں۔ انشاء اللہ ان کو خواب آور ادویات کے استعمال کی حاجت باقی نہ رہیگی۔

آب میں ڈوبے نہیں

اسرار عجیبہ حصہ اول میں بھی ایک تنتر اسی قسم کا تحریر کرچکا ہوں۔ یہاں پر ایک مستند تنتر اپنے استاد حاجی خلیل الدین قریشی کی بیاض کا تحریر کر رہا ہوں امید ہے جو صاحب اس کو آزمائیں گے مجرب پائیں گے۔

لق لق جانور کی دونوں چشم نکالکر جو شخص اپنے پاس رکھے اور بلا خوف و خطر سمندر' دریا یا نہر وغیرہ میں چلا جائے پانی میں ہرگز نہ ڈوبے گا۔

پانی میں ڈوبے نہیں

بیخ چر مو سفید کو اتوار کے دن کے پکھ پچھتر سے ایک یوم قبل نیوتہ دیکر دوسرے دن اتوار کو پکھ پچھتر کے وقت پودے سے نکالکر لاوے لیکن قابل ذکر بات یہ ہے کہ جب پودے کو نیوتہ دے تو عامل برہنہ ہو جائے اور دوسرے دن جب پودے سے نکالے تو بھی برہنہ ہو کر نکالے چنانچہ بیخ کو باریک پیس کر ریشم کے کپڑے میں رکھکر کپڑے کو اپنے پاس رکھے اور پانی پر چلے تو نہ ڈوبے گا۔

پانی میں نہ ڈوبے گا

مار سیاہ کا منہ کا دم و چشم' دم گدہ۔ یہ دونوں اجزاء آپس میں ملا کر خشک کرے اپنے پاس رکھیں تو بھی پانی میں ہرگز غرق نہ ہوں گے اور نہ ڈوبیں گے۔ اگر پانی پر دریا یا سمندر میں چلے تو نہ ڈوبے اور پاؤں کے تلوے پر بھی آب نہ لگے۔ عجیب و غریب عمل ہے۔

کشتی دریا یا سمندر میں نہ ڈوبے

تنتر بھی بڑا اسراری ہے خاص طور پر ماہی گیروں و ملاحوں کے لیے تحریر کیا جارہا ں سے ندہ اٹھانا یا نہ اٹھانا تو آپ لوگوں کا کام ہے۔ میں تو آپ لوگوں کا ایک ادنی ہوں۔

ریقہ یہ ہے کہ پارچہ غلیظ کشتی وغیرہ کے پشت پر باندھ ر شتی میں سفر کرے اگر کتنی دست آ ندھی یا طوفان چلے تو بھی وہ کشتی ہرگز ہرگز نہ ڈوبے گی اور تمام لوگ کشتی ظ رہیں گے۔ عجیب و غریب راز ہے۔

آب پر بیٹھنا

ست چ خ بوقت پکھ پچھتر بروز اتوار حاصل کرے اور دریا یا سمندر وغیرہ پر اس کو بچھا کر اس پر عامل بیٹھ جاوے تو پانی میں ڈوبے نہیں۔ اس عمل کو معمولی نہ جانیے ہایت کا سیاب عمل ہے۔ لہٰذا آزمائش کر کے نتیجے سے ہمیں آگاہ کریں۔

د یا، سمندر، تالاب یا ندی نالے پر آب میں چلنا

ھ پچھتر میں اتوار کے دن ارہر کی لکڑی لائے اور اس کی کھڑاؤں کو پاؤں میں پہن کر ، چلا جا ئے کبھی نہ ڈوبے گا۔ لکڑی لانے کی یہ تدبیر ہے کہ بروز شنبہ شام کے وقت ے ارہ کے پیڑ کو نیوتہ دے آوے اور دوسرے دن بوقت طلوع آفتاب درخت ں جاکر کہے کہ "یہ شاخ اپنی پانی پر چلنے کے واسطے مجھ کو دو کہ میں اس کی کھڑاؤں یہ کہہ کر لکڑی کاٹ لاوے اور پیچھے مڑ کر نہ دیکھے۔ انشاء اللہ مطلب حاصل ہوگا۔

میلوں پیدل چلے مگر تھکے نہ

روز شنبہ درخت تگر کے پاس علی الصبح سورج طلوع ہونے سے قبل جاوے اور ے سمت منہ کر کے درخت کو نیوتہ دیکر گھر واپس آجاوے اور دوسرے دن اتوار ں اسی و ست جس وقت نیوتہ دیا تھا اسی وقت اس درخت کی بیخ شمال کی سمت منہ کر کے

نکالکر لاوے گھر آکر شمس و قمری مخلوط دھاتوں کے تعویذ میں رکھکر اس کو اپنے دہن میں رکھکر چاہے جتنا پیدل چلے ہرگز نہ تھکے گا لیکن نیوتہ نوچندی شنبہ یا شنبہ کو جب پکھ پنچھتہ ہو اس وقت دیوے تو زیادہ زوداثر رہے اور دوسرے دن مطلوبہ شے نکال کر لاوے اور تعویذ میں رکھکر استعمال کرے مطلب حاصل ہوگا۔ بہت آزمودہ ہے۔

میلوں پیدل چلے مگر تھکے نہ

بنسلوچن، بیخ بھنگرہ سفید، گوسفند یونی مادہ۔ ان تینوں چیزوں کو باریک کرکے اگر اپنے پاؤں کے دونوں تلوے پر لیپ کرکے چاہے جتنا پیدل چلے قطعی تھکاوٹ نہ ہوگی مجرب ہے۔ مگر آزمائش شرط ہے۔

سفر کرے مگر تھکے نہیں

چکور، مینا، زاغ سیاہ کوہستانی، آب تازہ حسب ضرورت مندرجہ بالا شروع کے تین پرندوں کی بیٹ بروز اتوار حاصل کرکے باریک پیس کر آب کی مدد سے حبوب بقدر نخود بناوے اور سائے میں خشک کرکے کسی شیشی وغیرہ میں محفوظ رکھے بوقت ضرورت ایک حب موم جامہ تعویذ میں بند کرکے اپنے دہن میں رکھے اور پیدل سفر رے۔ بالکل تھکن نہ محسوس ہوگی۔

پیدل سفر کرے مگر کبھی نہ تھکے

بیخ گگورا اسود، بیخ کاک جنگھا، بیخ سرپھوک۔ یہ تینوں بیخ بروز نوچندی اتوار نیوتہ دیکر لاوے اور پھر ان کو صاف کرکے ایک کپڑے کی پوٹلی میں باندھ کر اپنی کمر میں باندھے اور اگر میلوں پیدل چلے ہرگز تھکن محسوس نہ ہوگی۔ بہت مرتبہ کا آزمودہ ہے۔ آپ بھی آزمائش کریں۔

چولہے پر کچھ نہ پک سکے

یہ عمل بھی گزشتہ عمل سے ملتا جلتا ہے اور اثرات بھی اسی طرح رکھتا ہے صرف اس

میں فرق یہ ہے کہ اگر آگ جل بھی جائے تو کوئی چیز اس میں پکانے سے نہیں پک سکتی۔ طریقہ یہ ہے کہ بروز ہفتہ یا اتوار کو جب اماوس ہو اس دن بیخ تلسی تازہ حاصل کرے اور اسکو بول خر میں تر کرکے چولہے کے نیچے دبادے تو لاکھ کوشش کے باوجود اس چولہے میں کوئی بھی کھانے پینے وغیرہ کی چیزیں نہ پک سکیں گی اور جب آپ بیخ تلسی چولہے کی زمین سے نکالدیں گے تو اثر جاتا رہیگا۔

اس عمل کو آپ صرف آزمائش کی حد تک تو استعمال کرسکتے ہیں لیکن مستقل کسی کے چولہا پر یہ عمل کرنا سخت گناہ ہے۔

چولہے پر کچھ نہ پکے

درخت سینبھل کی لکڑی کو نوچندی اتوار کو کاٹ کرلے آئے لیکن ایک یوم قبل نیوتہ ضرورت دے آئے دوسرے دن سورج طلوع ہونے سے قبل لائے اور خشک کرکے لکڑی کا کوئلہ بناکر اگر چولہے میں ڈالے تو آگ کی تپش چولہے کے اوپر چڑھے ہوئے برتن میں نہ پہنچے۔ لہٰذا جب تک کوئلہ نہ نکالا جائے یہی تماشہ رہیگا۔

چولہا باندھنا

یوں تو میری نظر سے کئی عامل چولہا باندھنے کے گزرے ہیں لیکن یہ تمام عامل مختلف عبارت کی پڑھائی کی قوت سے چولہا باندھتے تھے اور ان اعمال کا چلہ نکالنا ضروری ہوتا ہے پھر عمل کامیاب ہوتا ہے۔

زیر نظر عمل نوامیس کا جیتا جاگتا ثبوت ہے اور اس میں کسی چلہ وغیرہ کی ضرورت نہیں اور اجزاء سہل الحصول ہیں لہٰذا آزمائش کرسکتے ہیں۔

چوب انجیر، تخم غوک۔ چاہیے کہ تخم غوک کو چوب انجیر پر خوب اچھی طرح مل دے جب تمام تخم غوک چوب انجیر میں جذب ہوجائے تو اس وقت بغیر کسی کو اطلاع دیے ہوئے چولہے کے نیچے چوب کو دفن کردے۔ اگر اس چولہے میں آگ جلائی جائیگی تو لاکھ کوشش کے باوجود آگ نہ جلیگی۔ اگر اس طلسم کو باطل کرنا مقصود ہو تو چوب کو چولہے سے نکالدے دوبارہ وہ چولہا اپنی اصلی حالت پر آجائیگا۔ بہت مجرب عمل ہے۔

آگ میں کوئی چیز گرم نہ ہو

جب کبھی بروز اماوس ہفتہ یا اتوار کا دن ہو تو اس دن بن تلسی کی بیخ لاوے اور اس کو بول خر میں تر کر کے خشک کر کے رکھلے جب کبھی تماشہ دکھانا مقصود ہو تو اس بیخ کو جلتے ہوئے چولہے یا تنور میں ڈالے تو اس تنور یا چولہے میں نہ کوئی چیز پک سکیگی اور نہ ہی گرم ہوگی۔

بارش باندھنا

اگر کئی دن سے لگاتار بارش ہو رہی ہو اور اس سے عوام الناس و فصل کو نقصان ہو رہا ہو تو اس وقت شدید ضرورت کے تحت اس عمل کا امتحان لینا چاہیے بحکم پاک پروردگار حیرت انگیز طور پر کئی دن سے ہونے والی بارش چند ساعت کے اندر تھم جائیگی۔ آپ حضرات سے گزارش ہے کہ اس طلسمی عمل کو کھیل تماشہ سمجھکر بلاوجہ استعمال کرنے کی کوشش نہ کریئے گا ورنہ سخت گناہ ہوگا۔

طریقہ یہ ہے کہ دو عدد لکھوری اینٹوں کو لیکر اس پر شمشان کی راکھ لپیٹ دے اور پھر ان دونوں اینٹوں کو زمین میں دفن کردے تو بارش ہونا رک جائیگی۔

تسخیر حیوانات

کاکڑ سنگی' چندن' بچ' قسط شیریں۔ ان سبھوں کو ہموزن لیکر سفوف کر کے بخور اپنے بدن منہ اور کپڑوں پر ملے بعدہ اگر حیوانات کے پاس جائے تو مطیع ہوں۔ مجرب ہے۔ مندرجہ بالا تمام اجزاء آپ کسی پنساری کی دوکان سے خرید کر آسانی سے اس عمل کا تجربہ کرسکتے ہیں۔

چوپایوں کو فرمانبردار کرنا

اگر کوئی چوپایہ مثلاً گائے' بھینس' گدھا' خچر' گھوڑا' اونٹ وغیرہ بہت خود سر ہو یا سرکش ہو تو اس چوپائے کیلئے یہ طلسم مؤثر ثابت ہوگا چنانچہ مطلوبہ جانور کو بول آدم

روزانہ تقریباً ایاؤ پانی میں ملا کر چند یوم پلا میں تو فرمانبردار ہو کر سرکشی چھوڑ دیگا۔ نہایت زود اثر عمل ہے۔

گھوڑا گدھا دوڑ میں نہ ہارے

گوہری کے اگلے دونوں پاؤں جڑ سے کاٹ لیں اور خشک کر کے رکھلیں۔ اب جب گھوڑے اور گدھے کی دوڑ ہونے والی ہو تو دونوں گوہری کے پاؤں دائیں اور بائیں گلے میں بطور تعویذ باندھکر دوڑا میں ہرگز ہرگز وہ گھوڑا یا گدھا ریس میں نہ ہاریگا تفصیلی معلومات کے لیے مصنف و مؤلف سے رابطہ قائم کریں۔

سانپ دفع ہوں

یہ تنتر وہاں استعمال کریں جہاں پر آئے دن سانپ نکلتے ہوں چنانچہ ایسی جگہ پر ثمم اسد اور پیاز نرکس رکھنے سے سانپ جلد از جلد دفع ہو جائیں گے۔ نہایت مجرب ہے۔

دافع موش

اس سے قبل بھی اسرار عجیبہ کے حصہ اول میں ایک عمل تحریر کرچکا ہوں اب یہاں پر ایک دوسرا عمل تحریر کر رہا ہوں یہ بھی بہت سریع التاثیر ہے اور خطا نہیں کرتا۔
طریقہ یہ ہے کہ اکلیل اشتر دست راست کا لیکر اس کا بخور جس گھر میں جلائے ہرگز ہرگز اس گھر میں موش نہ آئیں اور جو موجود ہوں وہ دفع ہو کر واپس نہ آئیں۔

ٹڈی روک

جب ٹڈی کا غول جس کھیت میں اترے اسی وقت فوراً کوئلے دہکا کر سفوف قرطاطیس کوئلے پر ڈالنا شروع کردے لیکن عامل اپنا منہ اور آنکھ پر اسکا دھواں نہ لگنے دے خیال رہے کہ جب دھواں ٹڈیوں تک پہنچے گا فی الفور رفو چکر ہو جائیں گی۔ واضع کرتا چلوں کہ قرطاطیس کسی بھی حکیم یا عطار کی دوکان سے باآسانی مل سکتی ہے کوئی نایاب زمانہ شے نہیں۔

دافع کھٹمل

اگر کسی چارپائی میں بہت کھٹمل ہوں تو چاہیے کہ بروز نوچندی سنیچر یا اتوار تخم سوبیا چارپائی کے چاروں پایوں میں باندھ دیں تمام کھٹمل چارپائی سے چند یوم میں دفع ہو نگے۔ بہت آزمودہ و مجرب عمل ہے للذا آزمائش شرط ہے۔

کھٹمل بھگانا

کھٹمل بہت ڈھیٹ کیڑا ہے جس گھر میں پیدا ہو جائے تو برسہابرس اس گھر میں اپنا مسکن بنالیتا ہے۔ للذا اس کو دفع کرنے کیلئے بوقت گرہن ایک عدد کھٹمل پکڑ کر یہ کہے "اس گھر سے تم سب چلے جاؤ" پھر اس کو چھوڑ دے بحکم خدا چند یوم میں اس گھر سے سارے کھٹمل دفع ہو جائیں گے یہ ایک عجیب سی بات ہے۔

بخور دافع مچھر

دور حاضر میں مچھر دفع کرنے کی بیشتر ادویات دستیاب ہیں جس میں قابل ذکر میٹ اور گلوب ہیں۔ لیکن کیا کبھی آپنے سوچا کہ ہزاروں سال قبل بھی مچھروں کا وجود تھا لیکن کیا اس زمانے کے لوگ مچھروں سے چھٹکارا حاصل کرنے کی تدبیر نہ جانتے تھے؟ بیشک وہ اس سے بخوبی آشنا تھے چنانچہ اس کی دلیل کے طور پر میں ایک بخور تحریر کر رہا ہوں جس کو ہر خاص و عام بنا سکتا ہے۔ کوئی نادر و نایاب یا کمیاب چیز نہیں بلکہ ہر جگہ باآسانی دستیاب ہے اور نہایت ہی زود اثر ہے۔ بنا کر فائدہ اٹھائیں۔

برگ مدار سبز کو لیکر سائے میں خشک کر کے اس کا سفوف بنائیں اور دہکتے ہوئے کوئلوں پر تھوڑا تھوڑا ڈالیں یا پھر گیلے گوبر میں بموزن ملا کر تقریباً آدھ کلو کا اوپلہ بنا کر خشک کریں اور اس کو کسی کڑاہی میں رکھکر ایک عدد دہکتا ہوا کوئلہ اوپلہ پر رکھدیں اور جہاں پر مچھر کثیر تعداد میں ہوں وہاں پر کڑاہی رکھکر آپ بے خوف و خطر سو جائیں تقریباً اوپلہ ساری رات دھواں دیتا رہیگا اور ہرگز ایک بھی مچھر آپ کے نزدیک نہ پھٹکے گا۔

مچھر بھگانا

زل کی شنی اپنے سرہانے اور پائیتانے رکھکر سوئیں تو کوئی بھی مچھر نزدیک نہ
ن واضع کرتا چلوں کہ یہ دونوں شنیاں تکیے یا پیر کے نیچے نہیں رکھی جائیں گی
چارپائی غیرہ کے ساتھ کھڑی کرکے رکھا جائیگا اور تازہ سبز حالت میں استعمال کرنا
رہتا ہے ۔

دافع کرم حیوانات

تین ا خاص جو سود لیتے ہوں یا ایسے تین سپاہی جو راشی ہوں ان کے نام ایک
رح لکھ س کہ "اے فلاں جانور کے کیڑے تم اسکا پیچھا چھوڑ دو ورنہ روز آخرت
وہ حشر ہوگا جو ان تینوں کا ہوگا"۔ لفظ تینوں کی جگہ پر ان تینوں بدبختوں کا نام
اس کا غذ کو لپیٹ کر جانور کے گلے میں ڈالدے۔ بہت جلد وہ جانور کیڑوں سے
یگا۔ آز مودہ ہے۔

شراب کا نشہ چھڑانا

زہرہ ن اغ سیاہ کے چند قطرے شراب میں ڈالکر شرابی کو پلادے انشاءاللہ تعالیٰ
یہ قبیح عا دت چھٹ جائیگی اور اس کو شراب سے نفرت ہو جائیگی۔

شراب کا نشہ

ترب شب یمانی سفید، عرق ترب دس تولہ، شب یمانی سفید تین ماشہ حل
دے تو شراب کا نشہ کافور ہوگا۔ اس کے اجزاء سہل الحصول ہیں اس لیے اس
اٹھانا نہ بھولیے۔ مجربات سے ہے۔

کایا پلٹ

آپ حضرات نے یہ سنا ہوگا کہ فلاں حکیم یا سنیاسی کے پاس کایا پلٹ نسخہ ہے

حالانکہ آپ نے شائد ہی کسی کے پاس اسطرح کے نسخے دیکھیں ہوں گے ہاں دعویدار تو لاکھوں کی تعداد میں ملیں گے۔ یہ نسخہ میرے استاد مرحوم حاجی خلیل الدین قریشی کا آزمودہ ہے۔ میں نے بچشم خود مشاہدہ کیا کہ ان کے سر کے آدھے بال بالکل سیاہ ہو گئے تھے جبکہ وہ اس دواء کو استعمال کر رہے تھے۔

ایک عدد گوہری کو لاکر اپنے گھر میں باندھ کر رکھے اور اس کو روزانہ عسل خالص پلاوے اور اس کے غائط کو کمال احتیاط سے جمع کرتا رہے چنانچہ اس کو اکیس یوم تک روزانہ عسل پلانا چاہیے اور روزانہ کے غائط کو جمع کرتے رہنا چاہیے۔ کل اکیس یوم کا غائط جمع کرلینا چاہیے۔ اب آنبہ ہلدی' ناگر موتھہ' موچرس' سیندھا نمک غائط میں ملاکر ایک روغنی ہانڈی میں ڈالکر اسکا منہ بند کرکے کچی زمین میں دو فٹ نیچے دفن کردے بعد ہفت ماہ ہانڈی نکالکر تمام مواد کو خوب اچھی طرح کھرل کرکے رکھلیں اب پان میں ایک چاول ڈالکر روزانہ ہمراہ شیر گاؤ کھایا کریں کایا پلٹ ہے۔ تمام جسم کے اور سر کے بال سیاہ ہوں اور جوانی دوبارہ واپس آجائے۔ سچ ہے کرلیں۔

بوڑھاپا نہ ہو

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ اس کو بوڑھاپا نہ ہو تو اس کو چاہیے کہ مغز خرگوش دو ماشہ شیر گاؤ ایک پاؤ میں حلکر کے روزانہ پیا کرے اس کو بوڑھاپا نہ آیگا اور بالوں کی سیاہی برقرار رہیگی اور جسم پر جھریاں بھی نہ پڑیں گی۔

سفید ڈھاک

تخم ڈھاک سفید' گل ڈھاک' پوست ڈھاک۔

مندرجہ بالا شجر اگر کسی خوش نصیب کو مل جائے تو چاہیے کہ مندرجہ بالا تینوں اجزاء خشک کرکے رکھ لیں لیکن تینوں اجزاء ہموزن ہونا چاہیے ان کا سفوف کرکے ہمراہ شیر گاؤ استعمال کرے اور سفوف کا وزن صرف ایک ماشہ ہونا چاہیے۔ اس ایک ماشہ سفوف کے کھانے سے عامل کو پاتال تک کہ اسرار و رموز معلوم ہو جائیں گے۔ اور اگر جس عورت سے مواصلت کرے وہ جوان ہو جاوے۔ اگر عامل پترہ نحاسی پر پیشاب کردے تو نحاس

ذہب خالص ہو جاوے لیکن عامل کو چاہیے کہ جب تک سفوف استعمال کرے بطور غذاء آٹا اور مونگ کی دال کا دلیہ استعمال کرے۔

آئینہ میں اپنی شکل کتیا نظر آئے

رحم یا فرج مادہ کلب کی حاصل کر کے اس کو جس آئینہ کے پشت پر چپکا دے پھر جو مرد یا عورت اس آئینہ میں اپنی صورت دیکھے اس کی اپنی صورت مثل مادہ کلب نظر آ دیگی اس طلسم میں شک کی گنجائش نہیں۔

آئینہ میں اپنی شکل مثل کلب نظر آئے

خنزیر، بکری، شتر، تینگا، پچھت پر م باندرا۔
مندرجہ بالا کل پانچ اجزاء ہیں چاہیے کہ شروع کے چہار جانوروں کے کھر حاصل کرکے آخری جز بھی حاصل کرے اور یہ جملہ اجزاء ہانڈی گلی میں ہموزن رکھیں اور ہانڈی کو معمولی گلی حکمت کرکے زنجبیل اور نرکچور دونوں پانچ پانچ کلو لیکر دونوں کو آپس میں ملاکر زمین میں ایک گڑھا کھودیں جس کا قطر دو فٹ اور گہرائی تین فٹ ہوگی چنانچہ زنجبیل اور نرکچور پانچ کلو گڑھے میں ڈالکر اوپر ہانڈی رکھکر مزید زنجبیل اور نرکچور بقایا پانچ کلو ہانڈی کے اوپر گڑھے میں ڈالکر اس میں آگ لگادیں تاکہ زنجبیل و نرکچور جلکر راکھ ہو جاویں اور ہانڈی کے اندر کا تمام مواد مثل راکھ ہو جاوے الغرض جب آگ بالکل سرد ہو جاوے تو ہانڈی کے اندر کا مواد نکالکر کھرل کریں جب باریک ہو جاوے تو اس میں شحم غوک ملاکر کھرل کر کے رکھلیں جس آئینہ کی پشت پر اس طلسمی مواد کو لگاکر جو شخص بھی اس آئینہ کو دیکھے گا اس کی شکل اپنی کلب کی دکھائی دیگی بے خطا طلسم ہے۔

گونا گوں اشکال دکھائی دیں

چاہیے کہ حیوان خمسہ کے شعر چھ چھ ماشہ حاصل کرے اوہ وہ حیوان خمسہ یہ ہیں۔
خنزیر، گوسفند، شتر، حسان، قرد۔
اب ایک عدد مٹی کی ہانڈی میں پانچوں اجزاء کو ڈالیں اور ہانڈی کو آگ پر سوار

کریں اور نیچے سے ہلکی آگ دیں حتی کہ تمام شعر جلکر راکھ ہو جاویں۔ اب اس راکھ میں بھیڑ کی شحم ملاوے اور ایک عدد آئینہ لیکر اس پر مندرجہ بالا مواد اچھی طرح لیپ کرے۔ تاکہ آپکا عکس اس میں بخوبی نظر آوے چنانچہ آپ اپنی نگاہ اس آئینہ کے لیپ کے اندر رکھیں تو آپ کو اپنی شکل مختلف قسم کی نظر آویگی یہ نہایت درجہ سریع التاثیر عمل آزمودہ ہے ہر شخص کو اجازت عام دی جاتی ہے۔

چراغ کی روشنی میں جو آئے رقص کرنے لگے۔

چھپکلی کی دم، ملق آبی، خراطین۔ تینوں ہموزن لیکر باریک کریں اور پارچہ احمر کے فلیتہ میں لپیٹ کر چراغ گلی میں روغن ڈالکر فلیتہ، کو روشن کردیں پس اس فلیتہ کی روشنی جہاں تک پہنچے گی وہاں تک جو مرد یا عورت ہو فی الفور رقص کرنے لگے عجب اسرار ہے

چراغ کی روشنی میں جو آئے برہنہ رقص کرے

دودم والی چھپکلی کو بروز نوچندی اتوار کو ہلاک کر کے روئی میں لپیٹ کر چراغ گلی میں روغن ڈالکر روئی کا فلیتہ روشن کردے اس کی روشنی کے اندر جو بھی آئیگا برہنہ ہو کر رقص کرنے لگے گا۔ عجیب و غریب عمل ہے۔

اندھیری رات میں دیکھے

اس سے قبل بھی میں نے اسرار عجیبہ حصہ اول میں بھی ایک عمل اسی عنوان سے صفحہ پچانبیس پر تحریر کیا ہے جو نہایت مجرب ہے۔

یہ عمل بھی بالکل بے خطا ہے طریقہ یہ کہ بروز نوچندی اتوار گربہ سیاہ کو ہلاک کر کے اسکا آب زہرہ حاصل کر کے خشک کر کے آنکھوں میں لگاکر رات میں اندھیری جگہ پر نگاہ کریں تو مثل دن کے نظر آئیگا اگر کہیں پر سوئی بھی اندھیری جگہ پر پڑی ہوگی تو وہ بھی صاف نظر آئیگی۔

☆☆☆

دن میں بھی آسمان پر ستارے نظر آئیں

اس سے قبل بھی اسرار عجیبہ کے حصہ اول میں بھی اسطرح کا ایک عمل تحریر کر چکا ہوں لیکن میرا خیاں ہے کہ یہ عمل اب تک کسی نے تجربہ نہیں کیا ورنہ مجھے اس عمل کے صداقت کے بارے میں ضرور تحریر کرتے لہٰذا مؤدبانہ عرض ہے کہ میرے تحریر کئے ہوئے اعمال آپ تجربے کی کسوٹی پر ضرور پرکھیں انشاء اللہ کامیابی آپ کے قدم چومے گی۔

بظاہر یہ بات بڑی عجیب سی معلوم ہوتی ہے کہ دن کے وقت ستارے نظر آتے ہیں۔ حالانکہ سب لوگ صرف رات ہی کے وقت ستاروں کا نظارہ کرسکتے ہیں۔ نوامیس کے اعمال سے جو کچھ بھی ظہور پذیر ہو جائے کم ہے اس لیے میری نظر میں دن کے وقت ستاروں کا نظر آنا کوئی تعجب خیز بات نہیں اسلئے آپ لوگ بھی زیادہ حیرت زدہ نہ ہوں۔

طریقہ یہ ہے کہ سرمہ سفید کو خوب باریک مثل غبار کھرل کریں بعدہ سات یوم تک اس میں عرق گل اگست ڈالکر رکھیں پھر اس سرمے کو اپنی دونوں آنکھوں میں لگائیں اور آسمان پر نگاہ کریں ستارے دن کو نظر آنے لگیں گے۔ سرمہ دن کو لگانا چاہیے۔

سورج کا رتھ دکھائی دے

روغن تخم بجورا لیموں لیکر ایک عدد برتن نحاسی پر خوب اچھی طرح روغن لگائے تاکہ برتن میں چمک پیدا ہو اب بوقت زوال آفتاب برتن کو کھلے میدان میں رکھے تاکہ سورج کا عکس برتن میں پڑے۔ چنانچہ جب آپ برتن میں سورج کے عکس کی طرف دھیان کریں گے تو آپ کو سورج نہیں بلکہ رتھ نظر آئیگا اور سورج نظر نہ آئیگا اگر آپ نے اب تک اس کی آزمائش نہیں کی ہے تو آج ہی اولین فرصت میں اس طلسم کی ضرور آزمائش کریں میں یقین دلاتا ہوں کہ آپ کی محنت رائیگاں نہیں جائیگی۔ زیادہ تعریف فضول ہے۔

تمام انسانی بدن آگ سے نہ جلے

شاید آپ نے کبھی کسی مداری کو گرم لوہے کو ہاتھ سے اٹھاتے ہوئے دیکھا ہوگا یا

آگ میں جاتے ہوئے دیکھا ہو لیکن اس مداری کو آگ نے نہ جلایا ہو گا۔ دراصل یہ شعبدہ گری ہے اس کا راز میں فاش کرنے لگا ہوں۔ عرق بلتمنگڑا اور اصل السوس کو اپنے پورے جسم پر خوب اچھی طرح لگا کر سائے میں بدن خشک کریں بعدہ آپ بے خوف و خطر گرم لوہے یا گرم زنجیر یا پھر آگ میں چلے جائیں آگ سے آپ کو کوئی ضرر نہ پہنچے گا۔

سبزی فروش یا مالی کی ٹوکری سے سبزیاں اچھال دینا

ماہ بھادوں یا کنوار کے منگل یا اتوار کے دن ایک عدد غوک پکڑ کر لاوے اور اس کے منہ میں مٹی بھر کر اس میں سات دانے ارد کے رکھے اور اس طرح زمین میں دفن کرے کہ منہ اسکا اوپر کو کھلا رہے اور آب باراں یا آب دریا سے سینچتا رہے حتی کہ اس میں درخت قائم ہو جائے اور پھلی لگ کر خشک ہو جائے تب اتوار کے دن پھلی توڑ کر دانہ نکالکر رکھ چھوڑے پھر ان میں سے سات دانے لیکر کسی سبزی فروش یا مالی کی ٹوکری وغیرہ میں ڈالدے بحکم خدا حیرت انگیز طور پر سبزیاں یا پھول وغیرہ خود بخود اچھل کر زمین پر آکر گریں گے۔

دو برتن آپس میں لڑیں تیسرا چھڑائے گا

پکھ پچھتر میں اتوار یا منگل کے دن دو دانت کلب اسود کے' دو دانت گربہ اسود کے لائے اور چاروں دانتوں پر سیندور لگا کر ایک پیالہ میں رکھکر اوپر ڈھکنا ڈھانک دے۔ پھر دو دانت مینڈھے کے اور دو دانت گوسفند کے لائے اور سیندور لگا کر دونوں جانوروں کے دانت علیحدہ علیحدہ پیالہ میں رکھے پھر ڈھکنا ڈھانک دے۔ اب گربہ سیاہ و کلب سیاہ والا پیالہ بیچ میں رہیگا جبکہ مینڈھے والا پیالہ شمال کی سمت میں اور گوسفند والا پیالہ جنوب کی سمت میں ایک گز کے فاصلے پر رہیگا پھر چمڑے کے بخور کی دھونی دے تو دو پیالے آپس میں لڑیں گے جبکہ تیسرا ان دونوں کو لڑنے سے روکے گا۔ بہت مجرب طلسم ہے بنا کر لطف اٹھائیں۔

☆☆☆

چار موصل آپس میں لڑیں

سب سے پہلے یہ جاننا ضروری ہے کہ موصل کیا شے ہے۔ دراصل کسان لوگ اپنے گھروں میں تقریباً دو تین فٹ لمبا ڈنڈا مثل چارپائی کے پائے کی شکل کا کوں اپنے استعمال کے لیے رکھتے ہیں۔ اس کے بیچ میں ہاتھ سے پکڑنے کی جگہ جو پتلی ہوتی ہے۔ کسان لوگ اس سے اناج کوٹتے ہیں یا پھر اناج کا چھلکا اتارتے ہیں یہی موصل کہلاتا ہے۔ عمل ہذا میں یہی موصل استعمال میں آئیں گے۔

طریقہ یہ ہے کہ بروز نوچندی سنیچر علی الصبح قبل طلوع آفتاب کھیت میں جاکر کاسنی کے پودے کو نیوتہ دے آئے اور دوسرے دن اسی وقت نوچندی اتوار کو پودا معہ بیخ و برگ اکھاڑ لائے گھر آکر بیخ کاٹ کر علیحدہ رکھ لے اور چار عدد موصل لیکر چاروں سمت رکھ کر بیچ میں بیخ کاسنی رکھدیں چاروں موصل آپس میں لڑنا شروع ہو جائیں گے۔ یہ کھیل دیکھکر لوگ حیرت زدہ رہ جائیں گے۔

گھر پانی سے بھرا نظر آوے

شحم حوت اور شحم ذئب۔ دونوں ہموزن لیکر روئی کی بتی میں لپیٹے اور فلیتہ بناکر چراغ میں رات کے وقت روشن کرے جہاں تک روشنی فلیتہ کی پہنچے گی وہاں تک پانی ہی پانی بھرا ہوا نظر آئیگا اور جب فلیتہ بجھادیں گے تو اس طلسم کا اثر باطل ہو گا۔

کمرے میں سانپ ہی سانپ نظر آئیں

ایک عدد چراغ خالی لیکر اس میں روغن ڈالکر کینچلی مار سیاہ کا فلیتہ شب کو کمرے میں روشن کرے جہاں تک روشنی جائیگی سانپ ہی سانپ لہراتے ہوئے نظر آئیں گے۔ آپ حضرات اس طلسم کو صرف مطالعہ تک محدود نہ رکھیے گا بلکہ تجربے کی کسوٹی پر پرکھیے گا۔

☆☆☆

کمرے میں خرگوش ہی خرگوش نظر آئیں

نادن بن کی روئی میں دم خرگوش ملادے اور اسکا ایک عدد فلیتہ بناوے اور چراغ میں روغن گل ڈالے اور بوقت شب فلیتہ کو چراغ میں ڈالکر کمرے میں روشن کرے اور فلیتے کی روشنی جہاں تک پہنچے گی خرگوش ہی خرگوش نظر آئیں گے۔

گھر میں مار سیاہ نظر آئیں

اس روئی کو جو آپ نے پنبہ دانہ کے تخم سے جدا کیا تھا۔ اس کو لیکر ایک عدد فلیتہ تیار کرے اور چراغ گلی لیکر اس میں روغن تلخ ڈالے اور فلیتہ کو روغن میں تر کر کے بوقت شب روشن کرے تو گھر میں جہاں تک اس کی روشنی جائیگی مار سیاہ ہی مار سیاہ نظر آئیں گے۔ اگر چراغ بجھا دیا جائے تو اس طلسم کا اثر باطل ہو گا۔

گھر میں بچھو ہی بچھو نظر آئیں

بروز اتوار تخم پنبہ دانہ ایک عدد لیکر سیاہ بچھو کے منہ میں رکھیں اور اس کو زمین میں دبادیں اور روزانہ اس پر آب ڈالتے رہیں حتی کہ پودا نکل کر جوان ہو جائے اور اس میں روئی نکل آئے پھر آپ اس روئی کو کمال احتیاط سے نکالکر فلیتہ بنائیں اور چراغ گلی میں روغن بید انجیر ڈالکر فلیتہ کو چراغ میں رکھکر روشن کریں اور یہ کام شب کو کریں حیرت انگیز طور پر جہاں تک روشنی فلیتہ کی پہنچے گی وہاں تک بچھو ہی بچھو نظر آئیں گے اور یہ تماشہ اس وقت تک ہوتا رہے گا جب تک فلیتہ روشن رہیگا۔ اور جب آپ فلیتہ بجھادیں گے تو اس طلسم کا اثر باطل ہو گا۔

گھر میں نیولا ہی نیولا نظر آئیں

طریقہ یہ ہے کہ بروز منگل ایک عدد مردہ نیولا لیکر اس کے منہ میں ایک عدد تخم پنبہ دانہ مٹی کے ساتھ رکھے اور اس کو زمین میں دبادے اور روزانہ آب اس پر ڈالتا رہے جب اس میں پودا نکل آئے اور جوان ہو کر اس میں روئی نکل آئے تو اس روئی کو کمال

تیاط —— سے نکال لے اور اس کا ایک عدد فلیتہ بناوے اور ایک عدد چراغ لیکر اس میں دغن بید ——— انجیر ڈال کر فلیتہ روشن کردے لیکن یہ کام شب کو کرے اب جہاں تک فلیتہ کی وشنی پہ ——— بچے گی وہاں تک نیولا ہی نیولا نظر آئیگا۔ اور جب آپ چراغ بجھادیں گے تو اثر جاتا ہیگا۔

زمین یا چوکی پر آدمی کو چپکا دینا

بروز ——— ہفتہ جنگل میں جاکر شجر بید انجیر میں سرخ رنگ کا دھاگہ باندھ کر نیوتہ دے آوے ن سورج ——— ج طلوع ہونے سے قبل یہ کام کرے دوسرے دن عین اسی وقت اس دھاگے کو خت ——— سے کھول لاوے اور پیچھے مڑکر نہ دیکھے اور ایک دھاگہ زمین پر گرادے جبکہ سرے ——— وا اپنے ہاتھ میں رکھے۔ اب آپ جس کو بھی چپکانا چاہتے ہیں فوراً چپکا سکتے ہیں۔ یقہ یہ ——— ہے کہ جب آپ کسی کو چوکی یا زمین پر بیٹھا دیکھیں تو وہ دھاگہ جس کو آپ نے خت ——— کے پاس گرادیا تھا اس کو بیٹھے ہوئے شخص پر لگادیں وہ شخص ہرگز ہرگز نہ اٹھ سکیگا قتیکہ آ ——— پ وہ دھاگہ جس کو آپ نے ہاتھ میں رکھا تھا وہ نہ لگائیں چنانچہ آپ جیسے ہی اگہ ہاتھ ——— والا اس شخص کو چھوادیں گے فوراً اٹھ کھڑا ہوگا۔ یہ بہت زبردست بے خطا ل ہے جس ——— س میں شک کی گنجائش نہیں۔ ایک بات کا دھیان رکھیں کہ آتے جاتے وقت پ کو کوئی ——— ٹوکے نہیں۔

کمہار کے آوہ کے برتن کودنے لگیں

یہ طلسماتی عمل بڑا ہی کمال کا ہے آزمائیں اور لطف اندوز ہوں۔ طریقہ یہ ہے کہ تخم نج، اکلیل ——— اسپ ان دونوں چیزوں کو کمہار کے آوہ میں اس وقت ڈالے جبکہ آوہ میں برتن ——— پختہ کرنے کیلئے رکھے گئے ہوں اور اتوار کے دن اماوس ہو چنانچہ جب آپ یہ ن اجز ——— ء آوہ میں برتن کے آس پاس ڈالیں گے اسی لمحہ حیرت انگیز طور پر تمام آوہ برتن ا ——— چھلنا شروع کردیں گے۔ آزمائش شرط ہے۔

☆☆☆

پستان غائب کرنے کی ترکیب

دوستو یہ نوامیس کا ایک چلتا ہوا طلسم ہے اور ہرگز ہرگز خطا نہیں کرتا اس عمل کو غلط ثابت کرنے والوں کو میں منہ مانگا انعام دوں گا۔

برگ لاجونتی تازہ کو بروز اتوار اپنے دونوں ہاتھوں پر خوب اچھی طرح مل کر عورت کو اپنا کف دست دکھا کر اپنی مٹھی بند کریں حیرت انگیز طور پر پستان غائب ہو جائیگا اور اگر اپنا الف چپ بھی دکھا کر مٹھی بند کریں تو پستان چپ بھی عورت کا غائب ہو جائیگا۔ آزمالے جس کا دل چاہے۔ یقیناً آپ حضرات نے اور بھی بہت سی دوسری کتابوں میں یہ عمل پڑھا ہو گا للہذا آپ حضرات ضرور سوچ رہے ہوں گے کہ ڈاکٹر منظور صاحب نے یہ کوئی نیا عمل تو نہیں لکھا۔ ہاں بیشک یہ کوئی نیا عمل نہیں ہے لیکن کیا آج تک آپ جیسے عقلمند عامل کامل کبھی اس عمل سے کامیاب کیوں نہ ہوئے؟ یقیناً آپ لوگوں کو استاد بننے کا بڑا شوق ہے لیکن آپ لوگ روحانیت کی ابجد سے بھی واقف نہیں۔ حیرت کی بات تو یہ ہے کہ جب آپ لوگوں کے پاس علم کی کمی ہے تو کیوں نہیں کسی استاد کامل کی خدمت کر کے علم حاصل کرتے؟ دراصل میں اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ آپ حضرات کسی صاحب علم کی شاگردی کرنا اپنی توہین سمجھتے ہیں۔ جس کی خاص الخاص وجہ یہ ہے کہ عوام الناس پر یہ ظاہر کیا ہوتا ہے کہ آپ روحانی علوم کی معراج تک پہنچ چکے ہیں للہذا آپ کسی کامل استاد کی جب شاگردی کریں گے تو آپ کی انا کو اس سے شدید ٹھیس پہنچے گی۔

میری باتیں آپ کو بہت ناگوار خاطر گزری ہوں گی لیکن اگر آپ کسی بزرگ کامل سے علم حاصل کریں تو کوئی برائی اس میں نہیں ہے نہ ہی یہ کوئی آپ کیلئے باعث توہین ثابت ہوں۔ بحث کافی طویل ہوئی آمدم بر سر مطلب۔ عمل ہذا کیلئے اس لاجونتی کے پودے کی ضرورت ہے جس پر انسان کا سایہ پڑنے سے یا بھاری آواز سے اس کے پتے بند ہو جاتے ہیں۔ عام طور پر لاجونتی سے مراد لوگ اس پودے کو سمجھتے ہیں۔ جس پر ہاتھ لگانے سے اس کے پتے بند ہو جاتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ بہت سے لوگ آج تک اس عمل میں کامیاب نہ ہو سکے۔

فیل قابو میں آوے

اللہ رب العزت نے انسان کو اشرف المخلوقات پیدا کیا اور اسکو عقل سلیم عطا کر کے تمام مخلوقات کو اس کے لیے مسخر کر دیا حتیٰ کہ رات و دن سورج و چاند و ستاروں تک کو اس کے لیے مسخر کر دیا یہی وجہ ہے کہ انسان ہر قسم کے حشرات الارض خواہ وہ ضرر رساں ہو یا بے ضرر اپنے قابو میں کر سکتا ہے۔ یہاں پر ایک عمل فیل کو قابو کرنے کا تحریر کر رہا ہوں جو کہ مہابت حضرات کیلئے بڑا کار آمد ثابت ہو گا عام انسان بھی اس سے فائدہ اٹھ سکتا ہے۔ یہ عمل پالتو ہاتھی کیلئے اس وقت کار آمد ثابت ہو گا جبکہ وہ قابو سے باہر ہو اور بہت غصے میں ہو۔

طریقہ یہ ہے کہ بھرنی نچھتر میں آملہ کے درخت کو گوگل کی دھونی دیکر آملہ توڑ کر آملہ کو بھی گوگل کی دھونی دیکر رکھ لے اور بوقت ضرورت ڈوری سے باندھے اسی وقت ہاتھی قابو میں آجائیگا۔

جنگلی جانور گزند نہ پہنچا سکیں

اگر آپ چاہتے ہیں کہ کوئی جنگلی جانور آپکو گزند نہ پہنچائے اور آپ کو دیکھکر حیوانات خائف ہوں تو اس کے لیے یہ طلسماتی عمل اتنا زبردست ہے کہ اسکی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے مگر تجربہ شرط ہے۔

طریقہ یہ ہے کہ ایک عدد کلب اسود کو اتوار کے پکھ نچھتر کے وقت ہلاک کریں اور اسکی مکمل لسان معہ بیخ تک کاٹ کر خشک کریں اور اسکو اپنے جوتے یا چپل کے اندر تلے میں رکھیں اور اس جوتے یا چپل کو اگر آپ پہن کر جنگل میں چلے جائیں تو کوئی جانور آپ کو نہ گزند پہنچائیگا اور نہ ہی آواز نکالے گا اگر کتنا ہی خوفناک کتا ہو اور ہر شخص پر حملہ کر دیتا ہو لیکن آپکو دیکھنے کے بعد بالکل سہم جائیگا اور بالکل آواز نہ نکالے گا۔ اسی طرح دیگر حیوانات پر بھی یہ طلسماتی عمل خوب کام کرتا ہے۔

☆☆☆

درخت کی شاخیں زمین پر جھک جائیں

دوستو یہ بڑا عجوبہ عمل ہے اور نہایت ہی آسان ہے جس کے اجزاء سہل الحصول بھی ہیں اور کسی قسم کا خوف و خطر بھی نہیں ہے۔ لہٰذا ہر خاص و عام کو اجازت دی جاتی ہے کہ اس کو تیار کرے اور حقیقت طلسمات کا بچشم خود مشاہدہ کرے۔ دراصل یہ ایک قسم کا بخور ہے جس کی قوت سے درختوں کی شاخیں زمین پر جھک جاتی ہیں۔

استخوان کرگس' استخوان مار سیاہ' استخوان آدم یہ تینوں استخوان ہموزن حاصل کر کے کسی کوزہ گلی میں رکھکر منہ بند کر کے بوقت شب بروز اتوار رات کے ٹھیک بارہ بجے کسی چوراہے پر دفن کردے بعد چہل یوم کے نکال لاوے اور اسکو کوٹ پیس کر سفوف بناوے۔ بوقت ضرورت کسی درخت کے نیچے اس سفوف کا بخور جلاوے تو جہاں تک اس درخت پر بخور کا دھواں پہنچے گا وہاں تک کی اس درخت کی شاخیں زمین پر جھک جائیں گی آزمودہ ہے۔

فی الفور پودا اگ آئے

غائط خرگوش' برگ زقوم' کنگی' پوست درخت بیہڑہ' تمام اجزاء ہموزن لیکر خوب باریک سفوف کرکے بول گوسفند نر سے حبوب بقدر جنگلی بیر بنائے ایک گولی آب میں گھس کر تمام اقسام کے اناج پر لیپ کرکے زرد مٹی میں یہ تمام اناج کے دانے بووے اور اس پر ندی کا آب ڈالے تو اسی وقت پودے اگ کر پھل پھول دیویں۔ اگر ناگر بیل کے پان کے رس میں ان چیزوں کی حبوب بناوے اور آدمی اپنی انگلی پر لیپ کرے تو غائب ہو۔ اگر ایک گولی گھس کر پر کوے پر لگادیں اور وہ پر جو شخص رکھے گا تو روپوش عامل کو دیکھ سکیگا۔

انسان کی شکل شیر میں تبدیل کرنا

اساڑھ کے مہینے میں سنیچر کے دن اندھیالی پاکھ میں شیر کی کھوپڑی میں مٹی بھر کر اس میں تخم پنبہ دانہ بووے اور اسکو ایسی جگہ دفن کرے جہاں کسی کا پاؤں نہ پڑے اب آپ

روزانہ اس کو آب سے سینچتے رہیں اور بہت زیادہ اس کی حفاظت کریں جب اس میں پھل نکل کر پک جاوے تو روئی علیحدہ اور تخم علیحدہ رکھے اگر اس تخم کو آدمی اپنے دہن میں رکھے تو لوگوں کو شیر نظر آئیگا۔

اگر روئی کی بتی یا فلیتہ بنا کر چراغ روشن کرے تو بھی مطلب حاصل ہوگا اور اگر اس فلیتہ سے کاجل حاصل کرکے جو شخص اس کاجل کو آنکھ میں لگاویگا سب کو شیر کی شکل میں نظر آویگا۔

انسان کی شکل سگ میں تبدیل کرنا

بروز شنبہ پور باد پختہ جب اساڑہ کے ماہ میں پڑے تو اس دن سگ اسود مردہ لیکر اس کے دہن میں مٹی بھر کر اس میں تخم سن بودے اور زمین میں سگ کو دفن کردے اور روزانہ اس پر آب ڈالتا رہے حتی کہ اس میں سن کا پودا پیدا ہو کر اس میں تخم نکل آئیں چنانچہ اس پودے کا پہلا تخم توڑ کر عامل اس کو اپنے گلے میں باندھے لیکن تخم بروز اتوار توڑنا چاہیے۔ جب تک یہ تخم گلے میں بندھا رہیگا لوگوں کو سگ اسود نظر آویگا اور جب اس کو کھولدیگا تو انسان کی شکل میں نظر آنے لگے گا۔

انسان کی شکل گربہ میں تبدیل کرنا

مری ہوئی گربہ سیاہ کے منہ میں تخم بید انجیر مٹی کے ساتھ رکھکر گربہ کو کسی کھیت میں دفن کردیں اور اس بات کا انتظار کریں کہ اس میں پودا نکل کر پھل نکل آئے الغرض جب پھل نکل کر اچھی طرح خشک ہو جائے تو اس کو مقشر کرکے تخم کو اپنے دہن میں رکھے بحکم خدا دوسرے لوگ اس کو گربہ سمجھیں گے جب اس تخم کو دہن سے نکالدیں گے انسان نظر آئیگا۔ ایک بات قابل ذکر ہے وہ یہ کہ جب تک پودا نہ نکل آئے روزانہ اس گربہ کے منہ پر آب ڈالکر سینچتا رہے اور بڑی حفاظت کرتا رہے۔ ورنہ آپکی محنت رائیگاں جائیگی۔

☆☆☆

انسان کی شکل سیار میں تبدیل کرنا

چاہیے کہ ایک عدد سیار بروز نوچندی سنیچر ہلاک کرکے اس کے منہ میں مٹی بھر کر اس میں تخم تنب بودے اور اس سیار کو کسی کھیت میں دفن کردے اور روزانہ آب سے سینچتا رہے جب پودا نکل کر اس میں پہلا تخم لگے تو کمال احتیاط سے اس کو توڑ کر اپنے دہن میں رکھے بحکم خدا دگوں کو سیار نظر آئیگا اور جب تخم دہن سے نکالدیگا اس طلسم کا اثر باطل ہوگا۔

انسان کی شکل بندر میں تبدیل کرنا

بروز شنبہ ایک عدد مردہ بندر حاصل کرے اور اس کے دہن میں تخم سفید چرمٹی اور مٹی بھر کر اسی دن کسی کھیت میں دفن کردے اور روزانہ آب سے سینچتا رہے۔ حتی کہ اس میں پودا نکل کر پھل لگ کر پک جاوے تو آپ تخم کو کمال احتیاط سے توڑ کر بحفاظت اپنے پاس رکھیں جب تماشہ دکھانا مقصود ہو تو اپنے دہن میں رکھیں لوگوں کو آپ کا روپ بندر نظر آئیگا۔ خیال رہے کہ تخم کو بروز اتوار پودے سے توڑنا چاہیے اور اتوار ہی کے روز دہن میں رکھکر تماشہ دکھانا چاہیے اور جب دہن سے تخم نکال دیں گے تو اثر اس طلسم کا باطل ہوگا۔ یہ تخم جب تک آپ کے پاس ہوگا اس کے طلسی اثرات برقرار رہیں گے۔

انسان کی شکل مارسیاہ میں تبدیل کرنا

ایک عدد مارسیاہ کو ہلاک کرکے اس کے دہن میں مٹی بھر کر دانہ تخم پنبہ بودے اور اس کو کسی کھیت میں دفن کرے اور روزانہ اس کو آب سے سینچتا رہے حتی کہ اس میں تخم نکل آئے چنانچہ جب پہلا تخم نکلے اور پک جائے تو کمال احتیاط سے اس کو صاف کرکے اپنے دہن میں رکھے تو عامل مارسیاہ کی شکل کا لوگوں کو نظر آئیگا۔ اور جب اپنے دہن سے تخم جدا کریگا تو انسان نظر آنے لگے گا۔

اسکی روئی بھی طلسماتی خواص کی حامل ہے لہٰذا اس کا طریقہ اگلے عمل میں بیان کیا جاتا ہے۔

انسان کی شکل گھوڑے میں تبدیل کرنا

ایک عدد مرا ہوا گھوڑا حاصل کرے اور اس کے منہ میں بروز اتوار مٹی بھر کر اس میں ایک عدد تخم سن بودے اور گھوڑے کو زمین میں دبادے جہاں پر لوگوں کا گزر نہ ہو اور روزانہ اس پر آب ڈالتا رہے اور اس بات کا خاص خیال رکھے کہ سایہ کسی کا اس زمین پر نہ پڑے جہاں پر آپ نے گھوڑا دبایا ہے ورنہ تمام محنت رائیگاں جائیگی الغرض جب اس میں سن کا پودا نکل کر مکمل جوان ہو جاوے تو آپ اسکی چھال حاصل کریں اور اسکو مثل ڈوری بٹ لیں اور اسکا گنڈا بنا کر جس آدمی یا عورت کے گلے میں ڈالیں تو لوگوں کو مثل گھوڑا نظر آئیگا اور جب گنڈا گلے سے نکال دیا جائیگا تو آدمی یا عورت نظر آوے۔ یہ کوئی مشکل عمل نہیں ہے کیونکہ آپ کو گھوڑا خرید کر ہلاک کرنے کی ضرورت نہیں بلکہ جو گھوڑا اپنی طبعی عمر پوری کر کے مرگیا ہو وہ بھی اس عمل میں کامیاب رہتا ہے۔

انسان کی شکل ہرن میں تبدیل کرنا

ایک عدد مرے ہوئے ہرن کو حاصل کرے اور اس کے منہ میں مٹی بھرے اور تخم انگور ایک عدد اس میں رکھ کر بودے ا ر روزانہ آب سے سینچتا رہے حتی کہ اس میں پودا نکل کر انگور کا جوان پیڑ ہو جائے اور اس میں تخم نکل آئے اب اس کا پہلا تخم لیکر اس کو ترلوہ کے تعویذ میں رکھکر جس کے منہ میں رکھے تو وہ وگوں کو ہرن دکھائی دیگا اور جب منہ سے نکالدیں گے تو انسان کی شکل میں نظر آنے لگے گا۔

عقرب پیدا کرنا

اگر تخم نرگنڈی میں روغن لگا کر زمین میں دفن کردیں تو تقریبا اکیس یوم میں اس میں عقرب پیدا ہو جائیں گے یہ بالکل سچ ہے۔ آزمالے جس کا دل چاہے۔

طلسمی روغن عجوبہ

روغن کنجد میں تخم انگور ڈالے پھر اس روغن میں اور کچھ نہ ڈالے اور اس کو

دھوپ میں رکھے جب اچھی طرح تخم انکوں کا روغن نکل آوے یعنی تخم گل جاویں تو آپ تخم کنوں کو روغن سے اچھی طرح تر کریں اور تخم کنوں کو تالاب یا جھیل میں ڈالے تو۔ فوراً کنول پیدا ہو اور اسی وقت پھول اور پھل پیدا ہوں۔ اگر آم کی گٹھلی کو اچھی طرح تیل سے تر کرکے زمین میں بودے اور آب ڈالے تو اسی وقت آم کا پیڑ نکل آوے اور اس میں برگ، پھول اور پھل نکل آویں گے لیکن آم کافی چھوٹا نکلے گا۔

طیور پکڑنے کی ترکیب

یہ پرندوں کو پکڑنے کی ایک بہت مجرب ترکیب ہے جو کہ میری آزمودہ ہے اس سے فائدہ اٹھانا اب آپکا کام ہے۔

طریقہ یہ ہے کہ حلتیت ۵ تولہ خالص کو آب خالص ۲۰ تولہ میں اچھی طرح حلکریں بعدہ دانہ گندم یا کوئی اناج اس میں تر کرکے خشک کریں اب اس اناج کو زمین پر بکھیر دیں تو جو بھی پرندہ اس اناج کو کھائیگا فی الفور بے ہوش ہو جائیگا آپ اس کو آسانی سے پکڑ سکتے ہیں۔ جب آپ پرندے کو ہوش میں لانا چاہیں تو گرم آب سے پرندے کو نہلا دیں فوراً ہوش میں آجائیگا۔

مچھلی کا شکار

برگ عنب الثعلب کا سفوف کرکے خر کے خون کے ساتھ کھرل کرکے حبوب بقدر جنگلی بیر بنائیں اور اس میں سوراخ کرکے دھاگہ ڈالکر تسبیح کی طرح بناکر رکھ لیں اور بوقت ضرورت اس کو دریا یا نہر وغیرہ میں ڈوری سے باندھکر پھینک دیں اور وہیں پر کانٹا ڈوری پھینک دیں تمام مچھلیاں تسبیح کے آس پاس کھچی چلی آئیں گی اور آپ باآسانی مچھلیوں کا شکار کرلیں گے۔

روہو مچھلی کا شکار کرنا

آپ حضرات نے اکثر مچھلی کے ایسے شکاریوں کے نام سنے ہوں گے جو کہ صرف روہو مچھلی کا شکار کرتے ہیں اور تعجب کی بات یہ ہوتی ہے کہ صرف روہو مچھلی ہی ان کے

کانٹے یا جال میں پھنستی ہے اگر ان حضرات سے اس راز کو دریافت کیا جائے تو ہرگز ہرگز آپ کو کبھی نہ بتائیں گے شاید آپ لوگوں کو کبھی اس کا تجربہ ہوا ہو ورنہ آپ ان سے بخوبی دریافت کر سکتے ہیں دیکھیے اور سنیے گا کہ آپ کو کتنا خشک جواب دیں گے۔ دراصل یہ مچھلی کے شکاری بہت چھوٹے ذہن اور دل کے مالک ہوتے ہیں یہ نہیں چاہتے کہ کسی دوسرے شخص کو ان کی ذات سے نفع پہنچے حتیٰ کہ اگر آپ ان سے یہ دریافت کریں کہ وہ کس گھاٹ سے شکار کرتے ہیں تو یہ بھی آپ کو نہ بتانا چاہیں گے انہیں باتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے میں نے سوچا کہ یہ راز طشت ازبام کردوں۔ بلاشبہ نام نہاد شکاریوں کے لیے یہ تازیانہ ثابت ہوگا۔

بحث کافی طویل ہوگئی ہے اب ہم اصل مقصد کی طرف آتے ہیں۔ دراصل قدرت نے عقاقیر میں بے پناہ خوبیاں رکھی ہیں جہاں ان سے امراض کا شافی علاج ہوتا ہے تو ساتھ ساتھ ان میں طلسماتی قوت بھی پوشیدہ رکھیں ہیں مخصوص قسم کی جڑی بوٹیاں مخصوص حیوانات کو اپنی طرف متوجہ کر سکتی ہیں مثلاً میں نے اس کتاب کے حصہ اول میں گربہ سیاہ کو تسخیر کرنے کا ایک طلسمی عمل درج کیا ہے جو کہ ایک معروف بوٹی ہے اسی طرح یہاں پر بھی چند مخصوص جڑی بوٹیاں درج کر رہا ہوں جس سے روہو مچھلی اس طرف دیوانہ وار بھاگتی ہوئی آتی ہے جہاں پر پانی میں اسکی من پسند بوٹیاں موجود ہوتی ہوں۔

اجزاء:۔ کھلی سرسوں ۲ کلو' عصارہ ریوند ا چھٹانک' ناگر موتھہ ا چھٹانک' سنبل الطیب ا چھٹانک' کباب خنداں ا چھٹانک' ثناء مکی ا چھٹانک' تخم سفید ا چھٹانک' السی ا چھٹانک' میتھی دانہ ا چھٹانک

ترکیب تیاری:۔ کھلی سرسوں کو باریک کر کے اس کو کڑاہی میں بھونیں جب آدھی پکی اور آدھی کچی بھن جائے تو اتار کر رکھ لیں اب باقی اجزاء کو خوب باریک کوٹ پیس کر بھنی ہوئی کھلی میں خوب اچھی طرح ملائیں اب اس میں قدرے آب تازہ ملا کر تقریباً ایک ایک پاؤ کے لڈو بنالیں جب تمام لڈو تیار ہو جائیں تو خشک کر کے رکھ لیں اب آپ کے پاس روہو مچھلی پکڑنے کا طلسمی گولا تیار ہے۔

طریقہ استعمال:۔ اب آپ جب بھی شکار پر جائیں تو تمام طلسمی گولوں کو اپنے ساتھ لے جائیں اور اس دریا یا تالاب میں ان گولوں کو تھوڑے تھوڑے فاصلے پر پانی میں

ڈالدیں جہاں پر آپ کانٹے یا جال ڈالیں گے چنانچہ جیسے جیسے یہ گولا پانی میں گھلے گا رو ہو مچھلی اسطرف کھنچی چلی آئے گی لہٰذا آپ اسی مقام پر اپنے کانٹے یا جالی ڈالکر بڑی آسانی سے مچھلیاں پکڑ سکتے ہیں۔ تقریباً دو گھنٹے میں تمام گولے گھل جائیں گے۔

سبزی جلد گلانا

پوست خربوزہ خشک کر کے اس کا باریک سفوف کرلیں اور کسی ڈبے یا بوتل میں بند کر کے رکھیں اب اگر کسی بھی قسم کی سخت ترین سبزی ہو تو اس پر دو چار چٹکی سفوف خربوزہ ڈالدیں فی الفور گل جائیگی لیکن سفوف سبزی پکاتے وقت ہانڈی میں ڈالے مجرب ترین ہے۔ اگر سخت قسم کے گوشت گلاتے وقت بھی یہ سفوف استعمال کریں تو گوشت جلد گل جائیگا۔

بغیر کنجی قفل کھولنا

اس سے قبل بھی ایک عمل اسرار عجیبہ حصہ اول میں تحریر کرچکا ہوں یہاں پر اب دوسرا عمل تحریر کررہا ہوں جو پہلے والے عمل سے زیادہ زود اثر ہے لیکن اس میں کچھ محنت زیادہ ہے۔

بروز نوچندی اتوار زاغ سیاہ و چیل کا گھونسلا بوقت دوپہر ٹھیک بارہ بجے برہنہ ہو کر درخت پر سے اتار لائے پھر اس کو گوگل کی دھونی دیکر مسان گھاٹ میں کسی مٹی کے برتن میں جلاکر راکھ کرے اور تمام راکھ کو بحفاظت اپنے پاس محفوظ رکھے جب بھی تالا کھولنا مقصود ہو ایک چٹکی قفل پر مارے فی الفور کھل جائیگا۔

لیموں سے خون نکالنا

اکثر جعلی پیر فقیر یا نام نہاد عامل اس قسم کا شعبدہ عوام الناس کو دکھاکر متاثر کرنا چاہتے ہیں لہٰذا میں اس راز کو طشت ازبام کرتا ہوں تاکہ آپ کبھی ان حضرات سے دھوکہ نہ کھائیں ایک بات قابل ذکر ہے وہ یہ کہ اور بھی کچھ ایسے اجزاء ہوتے ہیں جس سے لیموں سے سرخ رنگ مثل خون نکالا جاسکتا ہے۔ یہاں پر ایک طریقہ درج کرتا ہوں ملاحظہ

فرمائیں۔

طریقہ یہ ہے کہ عرق کٹھل ایک چھری پر اچھی طرح لگائے اور چھری کو اچھی طرح بالکل خشک کرلے پھر ایک عدد تازہ لیموں لیکر اس چھری سے لیموں کو کاٹے تو عرق لیموں سرخ رنگ کا نکلے گا اور چھری بھی سرخ رنگ کی ہو جائیگی یہ کرشمہ دیکھ کر لوگ تعجب کریں گے۔

سرخ پھول کو سفید کرنا

اس قسم کا تماشہ اکثر شعبدہ گر پیر فقیر یا عامل کامل حضرات کرتے ہیں اور سیدھے سادھے لوگوں کو بیوقوف بناتے ہیں لہٰذا آپ بھی یہ شعبدہ سیکھ لیں لیکن مخلوق خدا کو دھوکہ مت دیجئے گا۔ کیونکہ یہ سخت ترین گناہ عظیم ہو گا۔

گل کنیر سرخ ایک پاؤ تازہ لیکر اس کو کسی اونچی جگہ پر کسی ڈوری وغیرہ سے باندھ کر لٹکا دے یا پھر گل کنیر کا ایک یا دو عدد ہار بنالیں اور اس کو لٹکا دیں اور پھر گوگرد ڈنڈا ایک چھٹانک لیکر اسکا بخور گل کنیر کو دیں اور چند منٹ توقف کریں انشاء اللہ چند منٹ میں تمام گل سفید ہو جائیں گے لیکن بخور گوگرد کو آپ اپنے منہ یا ناک میں نہ جانے دیں کیونکہ اس سے دم گھٹنے لگتا ہے اور بہت زبردست کھانسی اٹھنی شروع ہو جاتی ہے۔

کانچ چبانا

بظاہر یہ کام بڑا ہی مشکل معلوم ہوتا ہے حالانکہ اس عمل کے ذریعے یہ نہایت آسان کام ہو جاتا ہے شائید آپ نے بھی کبھی کسی مداری کو کانچ چباتے ہوئے دیکھا ہو اور اسکا منہ بالکل زخمی نہ ہوا ہو گا۔

طریقہ یہ ہے کہ کانچ کے ٹکڑے لیکر اس کو آگ پر اتنا گرم کریں کہ وہ بالکل سرخ ہو جائے لیکن پگھلے نہیں الغرض جب سرخ ہو جائے تو اس کو عرق زنجبیل تازہ میں بجھاؤ دیکر تقریباً ایک پہر تک رکھ چھوڑے لیکن عرق اتنا ہونا چاہیے کہ کانچ اس میں ڈوبا رہے بعد ایک پہر کے ان کانچ کے ٹکڑوں کو آب تازہ سے دھوکر خشک کرکے رکھ چھوڑے اب جب بھی تماشہ دکھانا مقصود ہو تو ان کانچ کے ٹکڑوں کو منہ میں رکھ کر چبائے ہرگز ہرگز منہ

میں زخم نہ ہوگا۔

حشرات الارض کے عجیب و غریب طلسمی خواص

(چھے بندا) یہ ایک بردار کیڑا ہے مثل بھونرے کے ہوتا ہے اور اسکی پشت پر چھے سنہری بندکیاں ہوتیں ہیں یہ جس شخص کو کاٹ لیتا ہے اگر وہ نامرد ہو یا پیر صد سالہ کی عمر کا ضعیف العمر ہو تو فی الفور مرد ہو جاتا ہے اور ساتھ ہی اس کے جسم کے تمام روئیں کھڑے ہو جاتے ہیں۔ جس شخص کو چھے بندے نے کاٹا ہو اس کو چاہیے کہ ایک چوڑے اور بڑے گڑھے میں بیٹھ جائے اور اس کے گرد چند اوپلے دہکا کر رکھدے تاکہ متاثرہ شخص کو گرمی محسوس ہو اور وہ گرمی لگنے پر باہر گڑھے سے نکل آئے چنانچہ وہ مریض بالکل صحتیاب ہو جائیگا اور ضعف باہ کی تمام شکایات رفع دفع ہو جائیں گی اور استاد گی اتنی زبردست ہوا کریگی کہ قضیب کی شریان و اعصاب وغیرہ پھٹتے ہوئے محسوس ہوں گے اس طریقہ علاج کے سامنے کشتہ طلاء و کشتہ اماس بھی ہیچ ہے۔

کرم ڈھاک یہ کرم گھریلو مکھی کے برابر ہوتا ہے اور ڈھاک کے درخت پر ہوتا ہے اور کٹی ہوئی لکڑی جو ڈالکر پھینک دی جاتی ہے اس میں سے نکلتا ہے۔ یہ کرم پانچ عدد لیکر مغز بادام شیریں میں کھرل کرکے دو عدد گولیاں بنائیں اور خشک کرکے رکھ لیں اگر ایک گولی نہار منہ ہمراہ شیر گاؤ تازہ کلو پیئے تو باہ اس قدر پیدا ہوگی کہ تاب نہیں لاسکتا۔ اور جو ضعیف العمر ہمیشہ کیلئے مایوس ہو گیا ہو اس کیلئے تیر بہدف ہے۔

شاہ دیمک میں نے اپنی کتاب اسرار عجیبہ کے حصہ اول میں بھی اسکا ایک عمل دفینہ دیکھنے کا تحریر کیا ہے زیر نظر کتاب میں اسکا دوسرا طلسمی عمل نہایت موثر ترین پیش کررہا ہوں۔ اس کتاب کے حصہ اول کے مطابق عامل شاہ دیمک کو حاصل کرلے اور جتنا وزن شاہ دیمک کا ہو اس سے پانچ حصے زیادہ روغن مالکنگنی لیکر نہایت دھیمی آگ پر پکائیں حتی کہ جب شاہ دیمک جلکر سیاہ ہو جاوے تو روغن کو ٹھنڈا کرکے چھان لیں یہ روغن اگر قضیب پر طلاء کریں تو نامرد مرد ہو جائیگا اور وجع المفاصل وجع الاعصاب' صداع مزمن اور اورام کیلئے تیر بہدف ہے۔ چنانچہ مندرجہ بالا امراض کے مریضوں کو متاثرہ جگہ اسکی مالش چند یوم کرنا چاہیے۔ اگر روغن مالکنگنی دستیاب نہ ہو تو روغن تلخ کام میں لائیں۔

دکن کا اوشلو اوشلو دراصل ایر اوہے ممالک دکن میں پایا جاتا ہے اس کی قطع گرگٹ سے بہت مشابہ ہوتی ہے لیکن اوشو کا رنگ سبز ہوتا ہے اس کی تاثیر یہ ہے کہ جس کو اس کے لحم کا ایک ٹکڑا کھلا دیا جائے وہ شخص روز بروز گھلنا شروع ہو جائیگا اور امراض صدر و پیٹ مثل مدقوق کے شروع ہو جاتے ہیں خاص بات یہ ہے کہ یہ کبھی بھی ہضم نہیں ہوتا بلکہ مہینوں شکم کے اندر موجود رہتا ہے۔ چنانچہ جب ایک برگ سے اس کو نکالا جاتا ہے جس کو گوسفند نہیں کھاتی اس برگ کو شیر میں پیس کر پلانے سے مریض کو قے ہوتی ہے اور لحم اوشو ثابت نکل جاتا ہے اور مریض صحتیاب ہو جاتا ہے۔

گولر کے بھنگے گولر کے بھنگے کسی ایسی تدبیر سے حاصل کیے جائیں کہ گولر کا دودھ نکلنے نہ پاوے اور کوئی بھنگا گولر سے نکلنے نہ پائے اور یہ محبوس کر دیئے جائیں۔ یہ تھوڑی دیر میں مرجائیں گے کیونکہ وہ اسی وقت تک زندہ رہ سکتے ہیں جب تک کہ وہ گولر کے ثمر میں ہیں چنانچہ ان تمام بھنگوں کو لیکر سرمہ اصفہانی کے ساتھ کھرل کر کے آنکھ میں لگائیں تو آنکھ کی روشنی میں غیر معمولی سرعت ہوگی اور عجب معنی خیز خواب نظر آئیں گے اگر اس کی تعبیر سمجھ میں آجائے تو کسی دوسرے شخص سے ویسا علم یا فائدہ نہیں حاصل ہو سکتا۔

خراطین وہ مٹی جو خراطین اپنے پیٹ سے نکالتا ہے اگر اس کو اکٹھا کر کے اس کے استنجے کے ڈھیلے بنالیے جائیں اور ان ڈھیلوں سے اگر کوئی شخص کم از کم چہل یوم استنجا کیا کرے تو جائے بول چاہے کتنا ہی بڑھ گیا ہو بحکم خدا تنگ ہو جائیگا اور ضعف باہ کی شکایات بھی جاتی رہیگی۔ اور اگر خراطین، کرم مخمل، روغن مالکنگنی میں جلا کر چھان لے تو یہ روغن ضعف باہ کیلئے اکسیر ہے۔ چنانچہ اس روغن کو چہل یا اکیس یوم قضیب پر طلاء کریں ضعف باہ بھی ختم ہو جائیگی نیز درازی و سطری بھی پیدا ہوگی۔ بنائیں اور فائدہ اٹھائیں۔

کرم مغز گوسفند کرم مغز گوسفند جو کہ مثل کھلے کے نکلتے ہیں اور ہر چوپایہ اور انسان کے دماغ سے نکلتا ہے چنانچہ کرم مغز گوسفند لیکر ان کو استخوان زانوئے خوک کے ہموزن لیکر ان کو خوب کھرل کریں کہ مثل مرہم ہو جائے ان کو خشک کر کے رکھیں اور آب کی مدد سے مبروص کے داغوں پر لگائے تو چند یوم میں داغ کا نام و نشان تک نہ ہو گا لیکن جب تک دواء لیپ کی جائے ان دنوں لیموں کا استعمال مریض زیادہ رکھے اس سے بہتر برص کا مجرب ترین بے خطا طلسم ملنا محال ہے۔ اور دوران لیپ مچھلی دودھ اور دودھ

سے بنی ہوئی اشیاء اور گائے کے گوشت سے پرہیز رکھے۔ میں ان خواتین و حضرات کو دعوت دیتا ہوں جو کہ مبروص ہیں اور ہر طرح سے مایوس ہوگئے ہیں ان کو چاہیے کہ اولین فرصت میں اس عجیب و غریب نسخہ کو آزمائیں اور مرض سے نجات پائیں۔

کملا چاہیے کہ سات عدد کملا درخت بید انجیر سے حاصل کرکے روغن کنجد خالص میں ڈالکر جلائیں اور روغن کو چھان کر بحفاظت کسی کانچ کی شیشی میں محفوظ رکھیں۔ یہ روغن سرعت انزال کے مریضوں کیلئے اکسیر اعظم ہے چنانچہ جماع سے کوئی تین ساعت قبل اس اسراری روغن کو اپنے ہاتھ پاؤں کے بیسوں ناخنوں پر لگائیں اور بعد تین ساعت مشغول کار ہوں جب تک یہ روغن ناخنوں پر لگا رہیگا ہرگز ہرگز انزال نہ ہوگا اور جب چاہیں انزال ہو اپنے ہاتھ پاؤں کے ناخنوں کو صابن سے دھوئیں۔

روہو مچھلی روہو مچھلی کے کانٹے نکالکر اس کے نصف وزن قرطاطیس لیکر مچھلی کا باریک قیمہ کرکے قرطاطیس کو اس میں ملاکر کسی چینی یا مٹی کے ظرف میں رکھکر اوپر سے باریک ململ وغیرہ کا کپڑا باندھ دیں اور ظرف کو ایسی جگہ رکھیں جہاں پر نہ ہوا بہت تیز ہو اور نہ حبس ہو۔ چنانچہ ایسی سے چالیس یوم کے اندر اس میں کیڑے پڑ جائیں گے۔ چنانچہ عامل اس وقت ان کیڑوں کی دیکھ بھال کرتا رہے لیکن ان کو کوئی غذا نہ دے جب ان کو غذا نہ میسر ہوگی تو وہ ایک دوسرے کو کھانا شروع کردیں گے اور بالآخر ایک کیڑا رہ جائیگا اگر کئی کیڑے ہوں تو ان کا طلاء عجیب و غریب بنتا ہے جس کا طریقہ یہ ہے کہ ایک کانچ کی شیشی میں ان کیڑوں کو ڈالکر کھچڑی یا چاول کو جب دم پخت لیا جاوے اس وقت اس شیشی کو چاولوں کے بیچ میں گاڑ دے بحکم خدا روغن ہو جائیں گے ایک سے زیادہ کیڑوں کے روغن کو بطور طلاء کام میں لائیں۔ [illegible] استعمال کریں [illegible] قسمتی سے ایک ہے اور اسکے روغن کو تانبے [illegible] طرفۃ العین میں تانبہ ذہب خالص بن جائیگا۔

بوم جب یہ پرندہ [illegible] اتوار یا منگل کو لی وغیرہ سے ہلاک کیا جاوے تو یہ پرندہ مرنے کے بعد ایک آنکھ کھلی اور ایک آنکھ بند رکھتا ہے۔ چنانچہ آپ کھلی اور بند دونوں آنکھیں اس کی نکال لیں اور دونوں آنکھوں کو علیحدہ علیحدہ الگ الگ برتنوں میں جلائیں اور بند آنکھ اور کھلی آنکھ کے ساتھ علیحدہ علیحدہ چھ چھ ماشہ سرمہ ملا کر کھرل کریں اگر بند آنکھ کا

سرمہ لگائیں گے تو مستقل نوم کی حالت میں رہیں گے اور اگر کھلی آنکھ کا سرمہ لگائیں تو حالت بیداری میں رہیں گے اور ہرگز نیند نہ آئیگی۔ لیکن زیادہ عرصہ تک یہ سرمہ لگانا مضر چشم ہے۔

عقرب روغن بیر بہوٹی میں طفل عقرب جلا ڈالے اور روغن چھان کر قضیب پر طلاء کرکے جس عورت سے جماع کریگا کوئی غیر مرد اس پر قادر نہ ہو سکیگا اور نہ وہ عورت کسی دوسرے مرد سے جماع کرائیگی۔ نہایت زود اثر اور مجرب ترین عمل ہے۔

حب سیماب نوامیسی

معزز قارئین آپ نے سیماب کی گولی کے بہت سے من گھڑت قصے کہانیاں سنیں ہوں گی کہ یہ گولی جب تک منہ میں رکھی رہے ہرگز انزال نہیں ہوتا چاہے گھنٹوں جماع کرتے رہیں لیکن آج تک مجھے ایسی سیمابی گولی بناکر کسی شخص نے نہیں دکھایا اور میں وثوق سے یہ بات کہہ سکتاہوں کہ آپ حضرات نے بھی شاید نہ دیکھی ہو۔ دوران سیاحت میں ہندوستان کے شہرالہ آباد ۱۹۸۰ء میں روحانی علوم کی تعلیم حاصل کرنے کی غرض سے اپنے پیرو مرشد حضرت مولانا شیخ احمد الفاروقیؒ کی خدمت میں پہنچا تھا اسی دوران ایک دن میں اپنے ایک عزیز کے غریب خانہ پر پہنچا تھا۔ جہاں پر میرے دادا رہا کرتے تھے اور بہت زبردست عامل تھے ان کا نام بشیر تھا میں نے ان سے سلام دعا کے بعد روحانی علوم حاصل کرنے کا شوق ظاہر کیا تو انھوں نے مجھے چند اعمال تعلیم کرنے کے بعد تاکید کی کہ ان کو جائز مقاصد میں استعمال کروں نیز انھوں نے سیمابی گولی بنانے کا خاص الخاص طریقہ بھی عنایت کیا وہ اب اس دنیا میں نہیں ہیں لہٰذا آپ حضرات سے گزارش ہے کہ ان کے لیے دعائے مغفرت کریئے گا جن حضرات کو سیمابی گولی بنانے کا شوق ہو وہ بڑی خوشی سے بناسکتے ہیں یہ طریقہ میرے استاد حاجی خلیل الدین قریشی مرحوم کا عطا کردہ ہے۔ اسی سے ملتا جلتا طریقہ محترم میرے دادا بشیر صاحب مرحوم کا ہے جن حضرات کو اس طریقہ سے گولی بنانے کا شوق ہو تو وہ مجھ سے بالمشافہ ملاقات کرکے طریقہ معلوم کرسکتے ہیں۔

سیماب ۱ تولہ، بیضہ چیل ۲ عدد۔ ان دونوں چیزوں کو کھرل میں ڈالکر خوب زوردار ہاتھوں سے رگڑیں حتی کہ گولی بننے کے قابل ہو جائے اب اس کو خشک کرکے محفوظ رکھیں

اور مشغول جماع ہوں جب تک یہ سلیمانی گولی آپ کے منہ میں رہیگی ہرگز کسی بھی صورت میں انزال نہ ہوگا جب آپ اس کو اپنے منہ سے نکالیں گے پھر انزال ہو جائیگا۔

قوت باہ و امساک

بروز نوچندی اتوار کشائی کلاں کو صبح سورج طلوع ہونے سے قبل اکھاڑ کر لاوے اور اس پر سایہ نہ پڑنے دے پھر اس کے انگشت برابر کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے رکھ لے اب جماع سے قبل ایک ٹکڑے کو اپنے منہ میں رکھ کر چبایئے اور لعاب کو نگل جایئے جس وقت لعاب معدے میں پہنچے گا اسی وقت بہت زبردست انتشار ہوگا۔ پس مشغول کار ہوں۔

امساک

دم نیوسہ، دم خرگوش جنگلی۔ یہ دونوں چیزیں بموزن لیکر لعاب دہن میں ملاکر دونوں ہاتھ کی ہتھیلی اور دونوں پاؤں کے تلوے نیز ناف پر بھی لیپ لگاوے پھر دو گھڑی کے بعد جماع کرے بہت امساک پیدا ہوگا شاید انزال بھی نہ ہو بہت آسان عمل ہے ہر شخص کر سکتا ہے۔

امساک

عشر کی روئی کا ایک عدد فلیتہ بناکر اس کو چراغ گلی میں رکھکر اس میں شحم خچر ڈالکر فلیتہ کو روشن کرے چنانچہ اس وقت اگر عامل مشغول جماع ہو تو جب تک فلیتہ روشن رہیگا اس وقت تک ہرگز انزال نہ ہوگا۔ مجرب ہے۔

امساک

چمگاڈر صغیر ایک عدد حاصل کر کے اسکا خصیہ حاصل کرے اور پارچہ میں لپیٹ کر بازو پر باندھے اور مشغول جماع ہو جب تک یہ طلسم بازو پر بندھا ہوگا ہرگز انزال نہ ہوگا۔

امساک

دوستو آج میں نوامیس کا ایک ایسا طلسماتی عمل پیش کر رہا ہوں جو اسرار خفیہ سے ہے اور کبھی بھی خطا نہیں کرتا اسی لیے آپ حضرات کے لیے کتاب ہذا میں درج کر رہا ہوں للذا آپ حضرات سے پر زور التماس ہے کہ ایک مرتبہ اس کو ضرور تیار کریں۔ انشاء اللہ آپ کو کسی امساک کی دواء کی حاجت نہ رہیگی جو لوگ سیماب کی اکسیر کی حب کے متلاشی ہیں ان کو بھی دعوت دی جاتی ہے کہ وہ اس کو ضرور بنا میں انشاء اللہ ان کو سیماب کی اکسیری حب کی حاجت ہوتی رہے گی۔ للذا مصنف و مؤلف کو آپ اپنی دعاؤں میں شامل کر لیجئے گا۔

طریقہ یہ ہے کہ برادر موش نر کو آپ کسی طرح پکڑ کر اس کے دونوں خصیے حاصل کر لیں اور اس کو دھوپ میں خشک کر لیں اور بوقت ان دونوں خصیوں کے حاصل کرتے ہوئے کسی سے گفتگو نہ کرے جب یہ دونوں خشک ہو جائیں تو پارچہ پاک میں لپیٹ کر تعویذ بنا لیں اور بوقت جماع ان دونوں خصیوں کے تعویذ کو اپنی کمر میں باندھے لیکن تعویذ پشت کمر پر ہو گا۔ چنانچہ جب تک تعویذ کمر سے بندھا ہو گا ہرگز ہرگز کسی طرح بھی انزال نہ ہو گا۔ اور جب تعویذ کمر سے کھول کر جسم سے علیحدہ کیا جائیگا تب ہی انزال ہو گا۔

امساک

اگر کوئی شخص ہر قسم کی ادویات استعمال کر چکا ہو اور اس کو کسی بھی تسلی بخش دوا سے نتیجہ و حصلہ افزاء برآمد نہ ہوا ہو تو اس شخص کو چاہیے کہ ایک مرتبہ اس طلسم کو تیار کرے انشاء اللہ امید سے بڑھ کر فوائد میں گے۔ طریقہ یہ ہے کہ ایک عدد بزباکل حاصل کرے اور اس کو ذبح کرکے اس کا دم و مغز حاصل کرکے ان دونوں کو خوب اچھی طرح کھرل کرکے لیپ تیار کرے اب اس لیپ کو اپنے دونوں پاؤں کے تلوے پر خوب اچھی طرح تقریباً پندرہ منٹ ملیں بعد تین ساعت مشغول جماع ہوں بے انتہا امساک پیدا ہو گا۔

☆☆☆

امساک

آجکل بہت سے لوگ امساک کے متلاشی ہیں اور اکثر مختلف قسم کی دوائیاں کھاتے رہتے ہیں پھر بھی ان بیچاروں کو ناکامی کا منہ دیکھنا پڑتا ہے چنانچہ اسی چیز کو مد نظر رکھتے ہوئے ایک بہت زبردست طلسماتی عمل تحریر کر رہا ہوں بحکم پاک پروردگار مقصد بر آئیگا۔

شعر فیل زیر لب' شعر حسان زیر ب' شعر نساء راس۔ مندرجہ بالا تمام اجزاء لیکر ان کو سرخ سوت میں لپیٹ کر مرد اپنی کمر میں باندھے اور مشغول جماع ہو جب تک یہ گنڈا کمر میں بندھا رہیگا ہرگز ہرگز انزال نہ ہوگا۔

اگر شعر شتر کوہان بھی اس میں شامل کرلے تو زیادہ بہتر ہے۔

مرگی

دنیائے نوامیس میں دنیا کے تمام مسائل کا حل قدرت نے پوشیدہ رکھا ہے یہ الگ بات ہے کہ فی زمانہ اس علم کے جاننے والے تقریباً آٹے میں نمک کر برابر ہیں۔ قدرت نے دنیا میں کوئی شے بے مقصد تخلیق نہیں کی۔ چنانچہ نباتات' جمادات' معدنیات اور حیوانات میں دو قوتیں پوشیدہ ہیں۔ ایک وہ قوت ہے جس سے عام جسمانی امراض کا علاج کیا جاتا ہے جبکہ ان میں دوسری قوت طلسی ہے جس سے بڑی سے بڑی مشکل کا حل فی الفور پورا کیا جاسکتا ہے۔ قدیم سے جدید دور تک اگر آپ ایک نگاہ کریں تو آپکو معلوم ہوگا کہ زیادہ تر لوگ ادویاتی تاثیر سے باخبر تھے جبکہ بہت کم لوگ ان کی طلسماتی قوت سے باخبر تھے۔ رفتہ رفتہ زمانہ گزرتا گیا اور نوامیس کا علم ناپید ہوتا گیا پھر بھی خدا کے فضل و کرم سے تھوڑا بہت لوگ اس علم کے جاننے والے اس سرائے فانی میں موجود ہیں۔ مصنف و مؤلف کتاب بھی عرصہ دراز سے اس علم کو سمجھنے کی کوشش میں شب و روز کوشاں ہے۔ دعاگو ہوں کہ آپ حضرات پر بھی اسرار و رموز منکشف ہوجائیں۔ گلہری کو پکڑ کر ذبح کرکے اس کا تازہ خون حاصل کرکے مرگی کے مریض کے دونوں نتھنوں میں ڈالے لیکن جب مریض کو دورا پڑے اسوقت خون نتھنے میں ڈالنا چاہیے۔ چنانچہ چند لمحے بعد مریض ہوش میں آجائیگا۔ اور دوبارہ زندگی میں کبھی بھی اس مرض کا دورا نہ پڑیگا۔ لحم گلہری کھلانا

بھی فائدہ مند ہے۔

مرگی

یہ مرض ایک نہایت ہی مہلک امراض میں شمار ہوتا ہے اور یہ مرض چار اقسام کا ہوتا ہے۔ اس مرض میں مریض کو شدید قسم کے جھٹکے کے ساتھ دورے پڑتے ہیں اور مریض بیہوش ہو کر گر پڑتا ہے اور دانت بھینچ جاتے ہیں اور اکثر مریضوں کی زبان دانت سے کٹ جاتی ہے عام طور پر مریض ساری زندگی دوا کھاتا رہتا ہے اور ایلو پیتھک طریقہ علاج میں اس مرض کا کامیاب علاج نہیں لہٰذا اپنے استاد مرحوم حاجی خلیل الدین قریشی صاحب کی بیاض کا ایک مستند طلسماتی عمل پیش کر رہا ہوں امید ہے جو صاحب محنت کریں گے کامیاب ہوں گے۔

جاننا چاہیے کہ ابابیل پرندے کے گھونسلے میں دو پتھر پائے جاتے ہیں ایک کا رنگ سرخ ہوتا ہے جبکہ دوسرے کا سفید ہوتا ہے ان دونوں پتھروں کا فعل جداگانہ ہے۔ چنانچہ اگر سفید پتھر کسی مرگی والے مریض کے گلے میں ڈالے تو مرض مرگی کا دورہ کبھی نہ پڑیگا۔ آئندہ میں سرخ پتھر کی خصوصیات بیان کرونگا۔

مرگی

یہ مرگی کا ایک زبردست طلسماتی عمل ہے اور ہرگز ہرگز کبھی خطا نہیں کرتا آزمائے جس کا دل چاہے یہ میرے ایک کرم فرما دوست جناب محمد حسین صاحب کا عطا کردہ ہے۔ کرم مغز شتر ایک عدد حاصل کر کے اس کو سائے میں خشک کریں اور کھرل میں پیس کر کانچ کی شیشی میں بند کر کے محفوظ رکھیں اس سفوف کی ایک ایک چٹکی بیک وقت مرگی کے مریض کے ناک کے دونوں نتھنوں میں بطور نسوار سنگھائیں۔ ناس لینے کے بعد مریض کو زبردست چھینکیں آنا شروع ہو جائیں گی جس کے نتیجے میں مریض کی ناک سے چند عدد کرم برآمد ہوں گے ان کرموں کے نکل جانے کے نتیجے میں مریض بالکل صحتیاب ہو جائیگا اور دوبارہ اس کی بیماری لوٹ کر نہ آئیگی۔ جو کرم مریض کے دماغ سے برآمد ہوں ان کو کمال احتیاط سے خشک کر کے سفوف بنالیں یہ سفوف بھی مرگی کے مریض کو بطور ناس استعمال

کرائیں گے تو مرگی کا مرض جاتا رہیگا۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ ایک مرتبہ کرم شتر حاصل کرنے کے بعد دوبارہ اس کو حاصل کرنے کی ضرورت نہ پڑیگی کیونکہ جو کرم مریض کے دماغ سے برآمد ہوں گے وہ دافع مرگی ہیں گویا یہ اکسیر در اکسیر دافع مرگی ہے۔ یہ طلسماتی عمل صدری ہے نہ کہ کتابی۔ ایسے راز عام طور پر اساتذہ کتاب میں درج نہیں کرتے لیکن میں نے فن طلسمات کے فروغ کے لیے اس راز کو طشت ازبام کیا ہے۔ للذا جو حضرات اس سے فیض حاصل کریں تو مجھ عاصی کو اپنی دعاؤں میں شامل کرلیں۔

مرگی

یہ نوامیس کا طلسماتی عمل میرے استاد مرحوم حاجی خلیل الدین قریشی کے معمولات میں سے تھا اور وہ اس کو اکثر بنایا کرتے تھے اور مرگی کے مریضوں کو دیا کرتے تھے للذا عوام الناس کی بھلائی کے لیے درج کر رہا ہوں۔

طریقہ یہ ہے کہ اکلیل الحمار کو جلاکر راکھ کرلیں لیکن برتن مٹی کا ہونا چاہیے اور برتن پر ڈھکنا بھی مٹی کا ہو اور گل حکمت کرکے آگ اوپلوں کی دیں ٹھنڈا ہونے پر نکالکر سفوف بناکر رکھ لیں اور روزانہ ایک رتی مریض کو صبح نہار منہ ہمراہ شیر گاؤ استعمال کرائیں کم از کم چہل یوم استعمال کرانا ضروری ہے۔ انشاء اللہ مرض جاتا رہیگا اور دوبارہ کسی علاج کی ضرورت نہ پڑیگی۔ ایک بات قابل ذکر ہے وہ یہ کہ اکلیل الحمار سیاہ جانور کا ہو تو بہت بہتر ہے ورنہ بحالت مجبوری کسی بھی رنگ کے جانور کا لے سکتے ہیں۔ سیاہ جانور زیادہ قوی تاثیر رکھتا ہے۔

مرگی

یہ بھی نوامیس کا طلسماتی عمل خصوصی اثرات کا حامل ہے اور اس عمل کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ صرف ایک مرتبہ مریض کو استعمال کرایا جاتا ہے۔ جس کے نتیجے میں مرگی کا دورہ مریض کو دوبارہ زندگی میں کبھی نہیں پڑتا۔ طریقہ یہ ہے کہ بروز نوچندی اتوار کی صبح سورج طلوع ہونے سے قبل عامل و مریض ستیاسی کے پودے کے پاس چلے جائیں اور اس پودے کی ایک ٹہنی عامل توڑے گا تو اس جگہ سے جہاں سے ٹہنی ٹوٹی ہے

وہاں سے زرد رنگ کا دودھ نکلنا شروع ہو جائیگا۔ چنانچہ عامل کو چاہیے کہ ایک عدد سرمچو دودھ میں لگا کر مریض کی سیدھی آنکھ میں لگائے اور دوبارہ سرمچو دودھ میں بھگو کر الٹی آنکھ میں لگائے اور مریض تقریباً پانچ منٹ آنکھ بند رکھے اس کے بعد آنکھ کھولکر گھر واپس آجائے انشاء اللہ دوبارہ مریض کو مرگی کا دورہ زندگی میں کبھی نہ پڑیگا۔

مرگی

گزشتہ اوراق میں بھی اس کا عمل و تفصیل بیان کر چکا ہوں۔ یہاں پر صرف اتنا عرض کرتا ہوں کہ یہ ایک بے خطا تیر ہے جس کا نشانہ کبھی خطا نہیں کرتا اور اس مرض کا دشمن یہ طلسم ہے۔ لہٰذا آپ حضرات اس سے مخلوق خدا کو فائدہ پہنچائیں اور دعائیں لیں۔
حمار اسود کے کان کا ایک چھوٹا سا ٹکڑا لیکر اس کو پیس کر اس میں قند سیاہ ملا کر حبوب نخودی بنا کر روزانہ تین دن تک مریض کو ایک حب کھلائیں انشاء اللہ ہمیشہ کیلئے اس مرض چھٹکارا مل جائیگا۔

مرگی

یہ عمل بھی محترم جناب شفیع احمد صاحب کا عطا کردہ ہے اور ان کا تجربہ شدہ ہے۔ گزشتہ اوراق میں اس مرض کی تفصیل بیان کی جا چکی ہے یہاں پر صرف علاج کا طریقہ واضع کیا جاتا ہے۔ بوقت شق الارض ایک مٹھی زمین سے مٹی اٹھالیں یا اگر آپ زیادہ بھی اٹھالیں تو کوئی ہرج نہیں۔ اب اس مٹی کو آپ اپنے پاس بحفاظت رکھیں اور اس کو پانچ سو ملی گرام والے کیپسوں میں بھر کر رکھ لیں اور مرگی کے مریض کو صرف ایک کیپسول پانی کے ساتھ کھلائیں انشاء اللہ دوسرا کیپسول ہرگز ہرگز کھلانا نہ پڑیگا۔ دوستوں یہ عجیب و غریب نوامیس کے طلسمات کا ایک ادنیٰ سا کرشمہ ہے اب آپ اسکی قدر کریں یا نہ کریں۔
میں پورے پاکستان کے نوامیس کے عاملوں کو چیلنج کرتا ہوں کہ اگر ان کے پاس اس سے بہتر اور سریع التاثیر مرگی کا کوئی طلسماتی عمل ہے تو وہ میرے سامنے آئیں اور میرے عمل ہذا کا مقابلہ کریں۔ یقیناً ان کو شکست فاش ہوگی۔

ضیق النفس

دمہ یا سانس کا مرض فی زمانہ بہت تیزی سے پھیل رہا ہے اور ابھی تک اسکا شافی علاج دریافت نہیں ہو سکا یہ اتنا مہلک مرض ثابت ہوا ہے کہ یہ مریض کا پیچھا مرتے دم تک نہیں چھوڑتا لہٰذا میں ان مریضوں کو دعوت دیتا ہوں کہ وہ ایک مرتبہ اس طلسماتی عمل کو آزمائیں ہرگز ہرگز آپ کو کبھی یہ مرض دوبارہ نہ ہوگا۔

طریقہ یہ ہے کہ ایک عدد خرگوش کو ذبح کر کے مریض تقریباً سو گز سے دوڑتا ہوا آکر اسکا دم اپنے حلق سے اتارلے پس انشاء اللہ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے آپکو اس مرض سے چھٹکارا مل جائیگا۔ زیادہ تعریف فضول ہے آزما کر نتیجے سے ہمیں آگاہ کریں۔

ضیق النفس

یہ عمل بھی مندرجہ بالا عمل سے کچھ کم نہیں اس سے بھی کئی مریض شفایاب ہو چکے ہیں۔ طریقہ یہ ہے کہ زہرہ خرگوش کو قیمہ میں پکا کر روزانہ ہفت یوم تک بطور خوراک استعمال کریں۔ ایک ہفتہ کے اندر یہ مرض رفتہ رفتہ جاتا رہیگا۔

اختلاج قلب

ایک عدد گوہری کو پکڑ کر ہلاک کر کے اس کا دل نکال کر دھوپ میں خشک کریں پھر اسکا سفوف بنا کر رکھ لیں اور اختلاج قلب کا ایسا مایوس مریض جو ہر قسم کے علاج کرا کر تھک ہار گیا ہو ایسے ہی مریض کے لیے یہ نوامیس کا طلسم پیش کیا جارہا ہے۔ چنانچہ ایک ایک رتی کی سات پڑیاں بنا کر روزانہ مریض کو ایک پڑیا کھلا دیا کریں لیکن شیر گاؤ کے ہمراہ استعمال کرایا جانا چاہیے انشاء اللہ ہفت یوم میں مرض اختلاج کا نام و نشان تک نہ ہوگا۔

رتوندی یعنی شب کو نظر نہ آنا

اس عمل کے متعلق اتنا جان لیں کہ آزمودہ طلسماتی عمل بیان کر رہا ہوں جو ہرگز خطا نہ کریگا۔ لہٰذا بنا کر فائدہ اٹھائیں۔ حالانکہ اکثر طبیب و ڈاکٹر اس مرض کا علاج نہیں

کر سکتے۔

طریقہ یہ ہے کہ غاڑ حسان جو رات کے وقت تازہ کرے اس کو لیکر ململ کے باریک کپڑے میں ڈالکر نچوڑے تاکہ اس میں سے عرق نکلے اس کو شیشی میں رکھ لے اب بوقت ضرورت ایک عدد فلفل سیاہ باریک مثل سرمہ کرکے اس میں تین چار قطرہ عرق ڈالکر مریض کی آنکھوں میں لگاوے اس سے مریض جلن محسوس کریگا لیکن کچھ دیر بعد جلن ختم ہو جائیگی۔ تین دن تک روزانہ عرق و فلفل سیاہ ڈالنا چاہیے انشاءاللہ دوبارہ اس مرض کا دورہ کبھی نہ پڑیگا۔

رتوندی

مرض رتوندی بڑا ہی نامراد مرض ہے اور بمشکل ہی ٹھیک ہوتا ہے اس مرض میں مریض کو رات میں اشیاء نظر نہیں آتیں اور سورج ڈوبنے کے ساتھ ساتھ جیسے جیسے رات گزرتی جاتی ہے مرض شدت اختیار کرتا جاتا ہے۔

یہ عمل میرے کرم فرما دوست محترم جناب شفیع احمد صاحب کا عطا کردہ ہے آجکل وہ واہ فیکٹری کے نزدیک قیام پذیر ہیں۔ انہوں نے چند اعمال اپنے تجربہ شدہ مجھے عطا کیے ہیں لہٰذا انکے تمام اعمال آئندہ تحریر کیے جائیں گے۔

کبد گوسفند تقریباً سوا پاؤ لیکر اس کے ٹکڑے کرلیں اور بروز نوچندی اتوار یا منگل یا جمعرات کو صبح کے وقت مریض کی آنکھوں اور سر وغیرہ پر کبد گوسفند کو اچھی طرح لگا کر چیل اور کوؤں کو کھلا دیں انشاءاللہ دوبارہ یہ مرض واپس نہ لوٹے گا بصورت دیگر سات ہفتہ تک ہفتہ میں صرف ایک مرتبہ یہ عمل کریں تو ہمیشہ ہمیشہ کیلئے اس مرض سے چھٹکارا مل جائیگا۔

بال عمر بھر دوبارہ نہ اگے

میرے پاس اب تک کئی خطوط آچکے ہیں جس میں لوگوں نے مجھ سے ایسے کراماتی و طلسماتی عمل کی فرمائش کی ہے جس سے انسانی جسم کے اوپر کے اگے ہوئے بال دوبارہ پیدا نہ ہوں ایسے ہی لوگوں کے لیے یہ عمل پیش کیا جارہا ہے جو کہ بے خطا ہے لیکن ایک بات

قابل ذکر ہے وہ یہ کہ اللہ تعالی نے انسان کے جسم میں جو بھی چیز پیدا کی ہے وہ بے مقصد نہیں چاہے وہ بظاہر فضول نظر آتی ہوں ایسے اجزاء جن سے بال ہمیشہ ہمیشہ کے لیے اگنا بند ہو جاتے ہیں اکثر یہ نہایت خطرناک ثابت ہوتے ہیں کیونکہ اکثر بال زیر جلد عضلات میں بڑھنا شروع ہو جاتے ہیں جو نہایت تکلیف دہ ثابت ہوتے ہیں لہٰذا سوچ سمجھ کر اس کو استعمال کریں کیونکہ مصنف و مؤلف نے ہر خطرے سے آپ کو آگاہ کر دیا ہے۔

طریقہ یہ ہے کہ بال صاف کر کے اس جگہ دم غوک اچھی طرح مل دیں چند مرتبہ یہ عمل کریں بال عمر بھر نہ اگیں گے۔

بال دوبارہ عمر بھر نہ اگے

یہ بھی ایک کراماتی و طلسماتی عمل ہے جس کے استعمال سے بال دوبارہ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے اگنا بند ہو جاتے ہیں۔ خواہش مند حضرات اسکا تجربہ کر سکتے ہیں۔

طریقہ یہ ہے کہ زہرہ گوسفند لیکر اس میں نوشادر ٹھیکری ملا کر خوب اچھی طرح حل کر کے اس کو خشک کریں بعدہ جس جگہ کے بال ہمیشہ کے لیے ختم کرنا مطلوب ہو اس جگہ کے بال مونڈ کر مطلوبہ جگہ پر خشک دواء ملیں آب حلکر کے ملیں تاکہ دوا اچھی طرح جذب ہو جائے اسی طرح چند روز بعد بھی یہ عمل دھرائیں انشاء اللہ چند بار کے استعمال سے بال اگنا بند ہو جائیں گے اور دوبارہ پھر کبھی نہ اگ سکیں گے۔ تجربہ شرط ہے۔

درد رحم

اسکا تعلق بھی شعر آدم سے ہے طریقہ یہ ہے کہ شعر آدم خشک لیکر اس کو کوئلے پر جلا کر عورت اسکی دھونی رحم میں لے چند یوم یہ عمل اگر روزانہ صبح شام دھرایا جائے تو ایک ہفتہ کے اندر رحم کا درد بالکل جاتا رہیگا۔ نہایت مجرب ہے۔

ام الصبیان

یہ مرض شیر خوار بچوں کو اکثر ہوا کرتا ہے اور اکثر بچے اس مرض کا شکار ہو کر موت کی آغوش میں چلے جاتے ہیں زیر نظر عمل خصوصیت سے علمائے نوامیس نے اس مرض

کیلئے مجرب الجرب بیان کیا ہے۔
لحم کلب اسود میں حسب ذائقہ نمک لاہوری ملا کر دھوپ میں خشک کریں بعدہ اس کا سفوف بنا کر رکھ چھوڑیں۔ اگر کوئی بچہ یا بچی اس مرض کا شکار ہو تو روزانہ صبح شام ایک ایک رتی ہمراہ شیر مادر اس سفوف کو کھلائیں بحکم خدا حیرت انگیز طور پر روز بروز بچہ صحت مند ہونا شروع ہو جائیگا۔ بعدہ جب بچہ صحت مند ہو جائے تو سفوف دینا بند کر دیں۔

مسان یا سوکھا پن

یہ عمل بھی محترم جناب شفیع احمد صاحب کا عطا کردہ ہے اور نہایت مجرب ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ پیاز جنگلی ایک پاؤ لیکر روغن تلخ آدھ کلو میں ڈالکر آگ پر پکائیں جب تمام پیاز جل جائے تو روغن کو کسی کپڑے سے چھان لیں اور پھوک کو پھینک دیں۔ روغن مرض مسان کیلئے اکسیر اعظم ہے۔ طریقہ استعمال یہ ہے کہ مسان کے مریض کو عمر کے لحاظ سے کھلایا کریں اور روغن کی مالش بھی روزانہ کرنا چاہیے۔ انشاء اللہ چند یوم میں مریض مکمل صحتیاب ہو جائیگا۔

بعض حضرات اس مرض سے ناواقف ہوں گے لہذا اسکی مختصر تفصیل بیان کی جاتی ہے۔

دراصل یہ مرض معصوم بچوں کو ہوا کرتا ہے اور مریض اس مرض میں بالکل سوکھ جاتا ہے اور صرف ہڈی کا ڈھانچہ اور جلد باقی رہ جاتی ہے۔ ایسے مریضوں کو دست عام طور پر لگے رہتے ہیں اور دودھ دلیا وغیرہ بالکل ہضم نہیں ہوتا۔ کیونکہ نظام ہضم بالکل کمزور ہو جاتا ہے۔ اگر مناسب علاج نہ کیا جائے تو موت یقینی ہوتی ہے۔ یہ اسقدر خطرناک مرض ہے کہ ہزاروں معصوم بچے ہر سال دنیا میں اس کا شکار ہو جاتے ہیں۔

سوتا بچہ بستر پر پیشاب نہ کرے

اکثر معصوم بچوں کو یہ عارضہ ہوتا ہے اور عام طور پر علاج اسکا ممکن نہیں ہوتا لیکن بفضل خدا اس کی برکت سے یہ عارضہ ہمیشہ کیلئے ختم ہو جاتا ہے۔
طریقہ یہ ہے کہ ایک عدد مرغ سفید ذبح کرکے اسکا تاج حاصل کرے اور خشک کرکے

یا تازہ بچے کو کھلاوے انشاء اللہ ایک ہفتہ استعمال کرانا کافی ہوگا۔ مقدار خوراک کا تعین عمر کے لحاظ سے کرنا چاہیے۔ نہایت کامیاب علاج ہے۔

کانچ نکلنا۔

عمل ہذا محترم جناب شفیع احمد صاحب کا آزمودہ و مجرب ہے۔ صرف ایک مرتبہ کے استعمال سے اس نامراد مرض سے ہمیشہ کیلئے چھٹکارا مل جاتا ہے۔ آپ بھی اس طلسمی علاج سے مخلوق خدا کو فیض پہنچائیں۔ انشاء اللہ خطانہ ریگا۔

سب سے پہلے یہ جان لینا ضروری ہے کہ یہ مرض کیا ہے؟ اگر مقعد کا اندرونی حصہ مستقل طور پر باہر نکل آئے اور اندر کی طرف نہ جائے بلکہ اسکو انگشت سے اندر کرنا پڑے اور پھر وہ مقعد پر زور پڑنے سے باہر نکل آئے اس مرض کو کانچ نکلنا کہتے ہیں یہ مرض بچوں اور بڑوں دونوں کو ہو سکتا ہے۔

اگر کسی بھی بچے یا بڑے آدمی یا عورت کو یہ مرض لاحق ہو تو ایک عدد اولا چھالیہ ثابت کے برابر لیکر مقعد کے اندر ڈالدیں اگر چھوٹا بچہ ہو تو اولا چھوٹا لینا چاہیے تاکہ آسانی سے مقعد میں چلا جائے بحکم پاک پروردگار ایک مرتبہ کے استعمال کے بعد اس مرض سے نجات مل جائیگی حالانکہ یہ ایک ہٹیلا مرض ہے۔

دانت کا درد کافور ہو

دور حاضر میں بیشمار اس مرض کی ادویات ایجاد ہو چکی ہیں ان میں بیرونی اور اندرونی استعمال کی ادویات سر فہرست ہیں فی الوقت میں نوامیس کا ایک حیرت انگیز طلسماتی عمل آپ لوگوں کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں امید قوی ہے کہ جو حضرات اس کو استعمال کریں گے بے خطا پائیں گے۔ سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ اس کو نہ آپکو دانت میں لگانا ہے اور نہ کھانا پینا ہے بلکہ صرف آپکو خرگوش کی داڑھ یا دانت کو بازو پر باندھنا ہے لیکن آپکے جبڑے کے جس حصے میں درد ہے اسی حصے کے طرف کا داڑھ یا دانت آپکو اسی طرف کے بازو پر عظم العضد پر باندھنا ہوگا۔

شیر خوار بچے کے دانت آسانی سے نکلیں

جب شیر خوار بچے کے دانت نکلتے ہیں تو عموماً دیکھا جاتا ہے کہ اس وقت معصوم بچہ کئی طرح کے امراض میں گھر جاتا ہے۔ مثلاً دست' بخار اور رانی وغیرہ لہٰذا دانت نکلنے کے زمانے میں سرسوں کی مالا بچے کے گلے میں ڈالے سرسوں چالیس یا ایک سو ایک عدد ہوگی۔ انشاء اللہ دانت سکھ سے نکلیں گے اور بچے کو کوئی پریشانی نہ ہوگی۔

تسخیر مؤکل چراغ

حضرات میں نوامیس کے ایک ایسے اسرار کو آپ لوگوں کے سامنے طشت ازبام کررہاہوں جو اسرار عجیبہ و فوائد غریبہ رکھتا ہے اور میں پورے وثوق سے یہ کہنے پر مجبور ہوں کہ آپ نے اس سے قبل یہ عمل کبھی بھی کسی کتاب میں ملاحظہ نہ کیا ہوگا۔ چونکہ یہ عمل نہایت زبردست ہے اور اکثر چراغ کے روشن کرتے وقت دل ہلا دینے والے مناظر سامنے آتے ہیں لہٰذا کمزور دل حضرات سے گزارش ہے کہ بلا اجازت اس عمل کو کرنے کی جرأت نہ کریں۔

طریقہ یہ ہے کہ سبع کواکب کی ہفت دھاتوں کو لیکر عین تحویل آفتاب کے وقت چرخ دیں تمام دھاتیں ہموزن ہونا چاہیے کم از کم ہر دھات ایک ایک تولہ ہونا لازم ہے بعدہ اسکی تختی بناکر ایک عدد چراغ بنائے اور ہفت کواکب کے عطریات اس میں ہموزن ڈالکر نادن بن کی روئی کا ایک فلیتہ بناوے اسکو چراغ میں رکھکر عطریات کو اس میں ترکرکے روشن کرے لیکن اذان مغرب کے وقت یہ کام کرنا چاہیے اور روزانہ اسی وقت چراغ روشن کرنا چاہیے اور اس وقت عامل اسلام علیکم کہے چراغ کے موکل کو۔ اور بخور بھی چراغ جلانے سے پہلے ہفت کواکب کا روشن کرنا چاہیے یہ تمام کام کسی علیحدہ کمرے میں قبلہ رو ہوکر کرنا چاہیے لیکن اس کمرے میں چہل یوم تک کوئی نہ جائے بوقت چراغ و بخور روشن کرتے وقت عامل باوضو ہوگا۔ آخری دن یعنی چالیسویں دن ایک روحانی ہستی یکایک چراغ سے نمودار ہوگی۔ پس اس روحانی بزرگ ہستی کی بہت تعظیم و تکریم کرے اور ان سے وعدہ لے کہ جب بلائیں فوراً حاضر ہونا اور جو کام کہیں اس کو پورا کرنا چنانچہ

وہ اقرار کریگی لیکن عامل اس سے اسکی حاضری کا طریقہ کار ضرور دریافت کرلے۔

تسخیر خادم عشر

میرے دوستو و بزرگو! یہ ایک نادر و نایاب و کمیاب عمل ہے اور اس کے اثرات دوسرے دن سے ہی ظاہر ہونا شروع ہوجاتے ہیں۔ یہ عمل میرے ایک کرم فرما دوست و شاگرد محترم جناب مولانا انوار صاحب کا عطا کردہ ہے اور انکا آزمودہ بھی ہے۔ یہ عمل ہرگز ہرگز کسی بھی صورت میں خطا نہیں کرتا اگر آپ اس عمل کے عامل ہونگے تو پھر آپ کو کسی دوسرے عمل کی حاجت نہ ہوگی کیونکہ آپ خادم عشر کے ذریعے ہر قسم کی معلومات بھی حاصل کرسکتے ہیں نیز ہر قسم کا جائز کام بھی کرواسکتے ہیں۔ جو کہ فی الفور پورا ہوجائیگا۔ چونکہ یہ ایک زبردست خطرناک عمل ہے لہٰذا مصنف و مؤلف کتاب سے اس عمل کی اجازت ضرور حاصل کرلیجئے کیونکہ کہیں لینے کے دینے نہ پڑجائیں۔ اگر کسی شخص نے بغیر اجازت اس عمل کو کرنے کی جرات کی اور اسکو کسی قسم کا نقصان پہنچا تو مصنف و مؤلف کتاب ڈاکٹر محمد منشور عالم صدیقی ذمہ دار نہ ہوگا۔

طریقہ یہ ہے کہ بروز نوچندی اتوار سے عامل ترک جلالی کرے اور صبح سورج طلوع ہونے سے قبل جنگل میں چلا جائے اور ایک عدد پانی سے بھرا ہوا لوٹا اپنے ساتھ لے جائے اور حاجت سے وہیں فارغ ہوکر آب دست کرے اور کچھ آب لوٹے سے بچالے اور کسی درخت عشر کے اوپر سے بیخ میں آب کو ڈالدے اور سورج طلوع ہونے سے قبل اپنے گھر واپس آجائے اور واپسی پر پیچھے مڑکر نہ دیکھے ورنہ نقصان کا احتمال ہے اسی طرح وقت مقررہ پر روزانہ سورج نکلنے سے قبل جنگل میں جاکر آب دست سے فارغ ہوکر آب دست کا پانی اسی درخت عشر کی بیخ میں ڈالدیا کرے اسی طرح چہل یوم تک یہ عمل روزانہ وقت مقررہ پر کرتا رہے۔ آخری دن جس وقت آپ آب کو درخت عشر کی بیخ میں ڈالیں گے یکایک ایک مرد بیخ عشر سے برآمد ہوگا اور اس کے سر پر ایک ٹوپی ہوگی اور وہ بھاگنے کی کوشش کریگا پس عامل کو چاہیے کہ بڑی پھرتی سے اسکی ٹوپی اتار لے اور دوڑ کر بھاگ آئے اور کسی نزدیک کی مسجد میں چلا جائے خادم عشر آپ سے ٹوپی چھیننے کی بہت کوشش کریگا لہٰذا آپ کو چاہیے کہ کسی بھی صورت میں اس کو ٹوپی نہ دیں ورنہ آپکا عمل ضائع

ہو جائیگا۔ چنانچہ آپ مسجد آکر وضو کر کے نماز پڑھیں پھر باہر آکر اپنے گھر کی طرف روانہ ہو جائیں راستے میں خادم عشر آپ سے ٹوپی حاصل کرنے کی بہت کوشش کریگا لیکن آپکو چاہیے کہ اس کو ٹوپی نہ دیں اور گھر آجائیں وہ بھی آپ کے ساتھ آجائیگا اور بہت خوشامد کریگا تو عامل کو چاہیے کہ اس سے قول و قرار لے کر جس وقت بلاؤں حاضر ہونا اور جو کام کہوں اسے پورا کرنا اور اس سے بلانے کا طریقہ بھی دریافت کرلینا چاہیے نیز اس سے کوئی نشانی بھی طلب کرنا چاہیے کہ جس کے ذریعہ سے عامل اس کو جب چاہے حاضر کرلے جب وہ اپنی کوئی نشانی آپکو دے دے تو پھر آپ اسکی ٹوپی واپس کردیں تو کوئی مضائقہ نہیں۔ لیکن بغیر معاہدہ کے اگر آپ نے اس کو ٹوپی دی تو پھر آپکے پاس دوبارہ کبھی بھی واپس نہیں آئیگا۔

جب بھی آپ کو کوئی بات معلوم کرنا ہو یا کوئی کام کروانا ہو تو اس کے بتائے ہوئے طریقے کے مطابق بلانا چاہیے تو چشم زدن میں حاضر ہوگا اور ہر قسم کی صحیح معلومات آپکو فراہم کریگا نیز آپ جو بھی کام کہیں گے فوراً پورا کردیگا۔ جاننا چاہیے کہ خادم عشر بہت زبردست روحانی قوت کا مالک ہے اور بہت بڑا لشکر اپنے ساتھ رکھتا ہے اور ہر کام یا تو خود کرتا ہے یا پھر اپنے لشکر سے کرادیتا ہے۔ عامل پر واضع ہو کہ اگر اس سے کسی ناجائز کام کرانے کی کوشش کی گئی تو عامل کو سخت ترین نقصان ہوگا۔ ممکن ہے کہ جان سے عامل کو ہاتھ دھونا پڑے۔

جاننا چاہیے کہ درمیان عمل کے بڑے بڑے خوفناک مناظر دل ہلادینے والے عامل کے ساتھ رونما ہوتے ہیں اور دوسرے تیسرے دن ہی سے جب آپ بستر پر لیٹے گے تو آپ کی آنکھ جیسے ہی بند ہوگی کچھ لوگ آپکی چارپائی کے گرد کھڑے ہوں گے اور کہہ رہے ہوں گے کہ "اس کو اٹھا کر لے چلو" اور آپ کو چارپائی اوپر کی طرف اٹھتی ہوئی محسوس ہوگی۔ لہٰذا عامل کو چاہیے کہ اپنا دل قوی رکھے اور اپنی چارپائی کے گرد حصار کر کے سویا کرے تاکہ بلاؤں سے امن میں رہے۔ میں نے یہ ایک چھوٹی سے بات بتائی ہے۔ ورنہ اور بھی بہت کچھ آپ لوگوں کے ساتھ واقعات پیش آئیں گے۔ عام طور پر شب کے وقت جب عامل بستر پر لیٹتا ہے۔ اس وقت حالات و واقعات رونما ہوتے ہیں۔ اکثر بہت زور زور سے چارپائی ہلنا شروع ہو جاتی ہے۔ اس عمل کیلئے ضروری ہے کہ عامل چالیس یوم تک

علیحدہ چارپائی پر سوئے اور جب چلہ کشی سے فارغ ہو جائے تو پھر جہاں چاہے سو سکتا ہے۔

یہ عمل انتہائی صدری ہے اور عام طور پر علمائے طلسمات و روحانیات عام لوگوں کو نہیں سکھاتے کیونکہ یہ انتہائی زود اثر اور سب سے بڑی خوبی اس میں یہ ہے کہ عمل انتہائی آسان ہے جس میں کسی عبارت کو پڑھنے یا لکھنے کی ضروری نہیں اور عمل کے اثرات ایک ہفتہ کے اندر لازمی ظاہر ہوتے ہیں۔ جس شخص کو اس عمل کی صحت پر کامل یقین نہ ہو تو وہ بیشک عمل ہذا کی آزمائش کر سکتا ہے۔

اب تک میرے پاس ہزاروں افراد حصول مؤکلات' جنات یا پھر ارواحوں کی تسخیر کے اعمال کے لیے آچکے ہیں اور تقریباً سبھوں نے یہ خواہش ظاہر کی کہ کوئی بے خطا اور انتہائی زود اثر عمل ہو جس سے مؤکلات' جنات یا پھر مختلف قسم کی ارواحوں کو تسخیر کیا جا سکے"۔ ان افراد سے میری یہ گزارش ہے کہ اس عمل کی ضرور آزمائش کریں انشاء اللہ انکی دیرینہ خواہش ضرور پوری ہو گی۔

مصنف و مؤلف کی طرف سے تحفہ (تسخیر بنوٹ)

دوستو یہ عمل مجھے محترم جناب نواب علی شاہ قادری نے عطا کیا ہے نیز بہت سے لوگوں نے بھی اس عمل کی صداقت کی یقین دہانی کی اور محترم جناب نواب علی شاہ قادری اس عمل کے عامل سے بالمشافہ ملاقات کر چکے ہیں۔ جو کہ بہت بڑی روحانی قوت اس عمل کی وجہ سے رکھتا تھا اور ہر کام چشم زدن میں پورا کر دیتا تھا۔

یہ عمل انتہائی صحیح ہے اور کسی بھی طرح خطا نہیں کرتا لہٰذا جن حضرات کو اس عمل کے کرنے کا شوق ہو تو پہلے وہ عمل ہذا کی اجازت مصنف و مؤلف کتاب ڈاکٹر محمد منشور عالم صدیقی سے لیں پھر عمل کرنے کا قصد کریں۔ بصورت دیگر نقصان کی صورت میں مصنف و مؤلف کتاب ہذا کی کوئی ذمہ داری نہ ہو گی لہٰذا سوچ سمجھ کر قدم اٹھایئے گا۔

مجھے کامل یقین ہے کہ لفظ "بنوٹ" آپ نے پہلی مرتبہ کسی طلسماتی یا روحانی علوم کی کتابوں میں اس سے قبل نہیں دیکھا ہو گا۔ ہاں شاید یہ لفظ آپ نے کسی لاٹھی چلانے والے کے منہ سے سنا ہو کیونکہ یہ فن سپہ گری کا ایک فن ہوتا ہے اور ایک چھوٹی سی لکڑی کی مدد سے ایک شخص پچاسوں آدمیوں کا لکڑی سے مقابلہ کر سکتا ہے۔ بشرطیکہ وہ

اسکا ماہر ہو۔ نوامیس کے علوم کے سلسلے میں اس سے مراد سحر کی ایک قسم ہے جو کہ براز سے برآمد ہوتا ہے اور اہل ہنود کے سادھو جوگی فی زمانہ اس کے ماہر نظر آتے ہیں اور سحر بنوٹ کی قوت سے فی الفور سیکنڈوں میں بڑا سے بڑا کام کر گزرتے ہیں۔ میرے مشاہدے میں ایسے سادھو، جوگی اور اوگھڑ آچکے ہیں جو کہ ان علوم کے ماہر ہیں ہمارے ملک پاکستان میں شاید چند حضرات سحر بنوٹ سے واقف ہوں۔ ایک سب سے خاص بات یہ ہے کہ اس قسم کا سحر بمشکل ہی کوئی عامل اتار پاتا ہے۔ دراصل معمولی قسم کے عامل سحر بنوٹ کو ہرگز ہرگز نہیں اتار سکتے۔

زیر نظر عمل سحر بنوٹ کے تمام اعمال کا سرتاج ہے لہٰذا اس عمل کا عامل بننے کے بعد سحر بنوٹ کے کسی دوسرے عمل کی حاجت آپکو باقی نہ رہیگی کیونکہ دنیا کا مشکل سے مشکل کام آپ اس عمل کے ذریعے فوراً پورا کر سکتے ہیں۔

زیر نظر عمل میں کسی بھی عبارت کو عمل کے طور پر آپکو ورد کرنے کی ضروری نہیں نہ ہی کسی قسم کا پرہیز یعنی ترک جلالی و جمالی کرنے کی عمل کے دوران عامل کو ضرورت پڑتی ہے اور بمشکل عامل کو صرف پانچ منٹ روزانہ تسخیر بنوٹ کے عمل کیلئے صرف کرنا پڑتا ہے۔ عام طور پر تسخیر جنات یا موکلات یا ارواحوں کی تسخیر کے عملیات کے دوران عامل کا بہت ہی خوفناک اور دل ہلا دینے والے حالات و واقعات سے واسطہ پڑتا ہے لیکن عمل ہذا میں عامل کے ساتھ ایسا کچھ بھی نہیں ہوگا اور نہ ہی عامل کو کسی قسم کا جانی یا مالی نقصان کا اندیشہ ہوگا۔

طریقہ عمل: یہ عمل عروج ماہ قمری میں بروز نوچندی اتوار سے ماہ ثابت میں شروع کیا جاتا ہے اور عطارد یا مشتری رجعت میں عمل کے دوران نہ ہونا چاہیے اور نہ ہی عمل کے شروع کے دنوں میں یہ دونوں ستارے رجعت میں ہوں ورنہ عمل مؤثر ثابت نہ ہوگا۔

گو کہ اس عمل میں ترک جلالی یا جمالی کی کوئی قید نہیں تاہم دوران چلہ کشی ترک جلالی کرنا ہر لحاظ سے بہتر ہوتا ہے۔ چلہ کشی کرنے سے قبل سوائے اپنے استاد کے کسی سے اس عمل کا اظہار نہ کرنا چاہیے۔ اس عمل کے لیے ضروری ہے کہ ایک علیحدہ کمرہ ہو اور ایک ہی کلیا ہو اور چالیس یوم تک اس کمرہ و کلیا میں عامل کے سوا کوئی دوسرا شخص نہ جائے ورنہ عامل کا عمل باطل ہو جائیگا۔ عامل کو چاہیے کہ کمرہ و کلیا کو اپنے استعمال میں لیتا

رہے ورنہ اگر غلطی سے بھی کوئی دوسرا شخص اس میں داخل ہو گیا تو آپ کی ساری محنت پر پانی پھر جائیگا۔ جاننا چاہیے کہ اگر اس مکان میں کوئی اور بھی شخص رہتا ہو تو عمل ہذا کی تاثیر میں کوئی فرق نہ پڑیگا لیکن دوسرا شخص علیحدہ کمرہ یا کلیا وغیرہ استعمال کرے۔

عامل کو چاہیے کہ دوران چلہ کشی ہر وقت پاک صاف رہے اور نوچندی اتوار کو رات کے ٹھیک بارہ بجے کلیا میں جاکر کہے کہ "آپ پر سلامتی ہو" یہ کہہ کر اپنے کمرے میں آجائے اور سو جائے نیز اس کے بعد کسی سے گفتگو نہ کرے۔ اسی طرح روزانہ رات کے ٹھیک بارہ بجے مندرجہ بالا الفاظ کہکر اپنے کمرے میں آکر سو جایا کرے اور صبح اٹھکر اپنے کام کاج میں مشغول ہو اور پھر جس سے چاہے گفتگو کرے عمل کی تاثیر پر کوئی فرق نہیں پڑیگا۔ چالیس یوم تک رات کے ٹھیک بارہ بجے عامل کو روزانہ بلاناغہ مندرجہ بالا الفاظ دہرانا چاہیے۔ اور بغیر کسی سے گفتگو کیے ہوئے کمرے میں آکر سو جانا چاہیے۔ انشاء اللہ تیسرے یا ساتویں یا گیارہویں یا اکیسویں یا چالیسویں روز یکایک ایک شخص کلیا سے نکل کر آپ کے پاس کمرے میں آئیگا اور بہت شفقت سے عامل سے دریافت کریگا کہ "مجھے کیوں یاد فرمایا ہے" پس اسوقت عامل کو چاہیے کہ اسکی بہت تعظیم و تکریم کرے کیونکہ اللہ رب العزت نے اسکو بہت زبردست روحانی و باطنی قوت عطا کی ہے۔ عامل کو چاہیے کہ اسے اپنے بستر پر بیٹھائے اور نہایت اطمینان سے اس سے کہے کہ "عندالحاجت جب بھی میں آپ کو جہاں بھی حاضر کروں حاضر ہونا اور جو بھی جائز کام کراؤں کرنا اور جو بھی بات معلوم کروں صحیح صحیح جواب دینا اور آپ کو جب میں اپنے پاس حاضر کرنا چاہوں تو کس طرح حاضر کروں چنانچہ جب وہ اقرار کرلے تو پھر اس سے کوئی نشانی طلب کرے تو اپنی کوئی نشانی آپ کو عطا کریگا پھر عامل کو چاہیے کہ اس کو اجازت دے تو وہ فوراً آپ کی نظروں سے اوجھل ہو جائیگا۔ اب تسخیر بنوث کے عمل کے عامل ہو گئے۔ جب بھی آپ کو کوئی پوشیدہ بات معلوم کرنا ہو یا کوئی مشکل سے مشکل کام ہو تو فوراً اس کے بتائے ہوئے طریقے کے مطابق حاضر کریں فی الفور حاضر ہو گا اور آپ جو بھی بات معلوم کریں گے صحیح معلومات آپ کو فراہم کریگا اور کوئی کام کہیں گے تو فوراً پورا کریگا۔ بعدہ اس کو جانے کی اجازت دے دینا چاہیے۔

عامل کو چاہیے کہ ہرگز ہرگز اس عمل سے کوئی ناجائز کام نہیں لینا چاہیے ورنہ عمل

ضائع ہو جائیگا اور عامل کو سخت ترین نقصان پہنچے گا۔

تمت بالخیر - آج مورخہ ۳۰ مئی ۱۹۹۵ء بروز منگل بوقت دوپہر ۱۱ بجکر ۳۰ منٹ پر یہ کتاب اسرار عجیبہ حصہ دوئم مکمل تحریر ہوئی۔

ڈاکٹر محمد منشور عالم صدیقی کی شہرہ آفاق تصانیف

(۱) اسرار عجیبہ حصہ اول (۲) اسرار عجیبہ حصہ دوم (۳) اسرار عجیبہ حصہ سوئم
(۴) بحرالحاضرات (۵) تسخیرالارواح (۶) ہیبت سلیمانی
(۷) الواح محفوظ (۸) سیف اللہ (۹) برق العملیات
(۱۰) سحرالھنود (۱۱) منشورالرمل حصہ اول (۱۲) منشورالرمل حصہ دوئم
(۱۳) منشورالرمل حصہ سوئم (۱۴) شمس و قمر (۱۵) عملان

شائقین علوم روحانی کیلئے پیغام مسرت

الحمد للّٰہ رب العٰلمین والعاقبۃ للمتقین والصلوٰۃ والسلام علٰی رسولہٖ الکریم

امابعد۔ یہ حقیر پر تقصیر حافظ، قاری، حکیم، ڈاکٹر محمد منشور عالم صدیقی نے حال ہی میں روحانی علوم کا ایک ادارہ قائم کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ اس ادارے کے قیام کا مقصد روحانی علوم کو زیادہ سے زیادہ فروغ دینا ہے لہٰذا اس نیک مقصد کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کیلئے ہم نے شائقین روحانی علوم کیلئے خصوصی تعلیم و تربیت کا اہتمام کیا ہے۔ جہاں پر طلبہ کو نجوم، جفر، رمل، علم الاعداد، تسخیرالاروح، عملیات و طلسمات کی تعلیم دی جاتی ہے بیرونی حضرات کو ڈاک کے ذریعہ تعلیم دی جاتی ہے۔ ان حضرات پر خصوصی توجہ دی جائیگی جنھوں نے برسوں پیروں فقیروں عاملوں و استادوں کے پاس اپنا قیمتی وقت ضائع کیا اور ہنوز گوہر مقصود تک نہ پہنچ سکے۔

لہٰذا خواہش مند حضرات سے التماس ہے کہ ادارہ عجائبات العلوم کے بانی ڈاکٹر محمد منشور عالم صدیقی کے نیک مقاصد کے لیے دعائے خیر کریں۔

مطبوعہ [illegible]